OLX

68

# زنجانی جنتری ۲۰۱۵ء

®

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

معلم 2+0+1+5 = 8 سال

مسلم امہ کیلئے آزمائش کا سال ثانی؟

24

2015 یا علیم

شرفِ مشتری کا تحفہ

تعمیر وطن کا سال

افادیات

شہزادہ سید افتخار حسین شاہ زنجانی

چیف ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت

ASTROLOGY FOR ALL

تبارک الذی جعل فی السماء بروجا وجعل فیھا سراجا وقمرا منیرا

GOLDEN YEARS 68 سالہ مسلسل اشاعت

# زنجانی جنتری ® 2015ء

aienaeqismat@gmail.com

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور

2015

معلم 2+0+1+5 = 8 سال

مسلم امہ کیلئے آزمائش کا سال ثانی؟

تعمیرِ وطن کا سال

2015 یا علیم کا اسم اعظم

24

شرفِ مشتری کا تحفہ

شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی
چیف ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت

انٹرنیٹ افادیات
www.astrologyavenue.com & www.aienaeqismat.com.pk

ہر ماہ 3 لاکھ سے زائد لوگ علم نجوم کی اس ویب سائٹ پر وزٹ کرتے اور روحانی استفادہ کرتے ہیں

ASTROLOGY FOR ALL

بیادحضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

بانی ادارہ عجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور 2015®

# زنجانی جنتری®

جلد نمبر 67 جنوری 2015 شمارہ نمبر 10

چیف ایڈیٹر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
ایڈیٹر
شہزادہ سید مصور علی زنجانی
سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی
منیجنگ ایڈیٹر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی
اعزازی ایڈیٹر
ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ

مجلس مشاورت
مخدوم سید چن پیر قادری
مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی
چوہدری واجد علی خان
کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ
میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی
ڈاکٹر اجمل نیازی
شجاعت ہاشمی (آرٹسٹ)
وسیم جعفری
افتخار احمد (جیو)
علامہ صمصام الدین
پروفیسر توفیق بٹ
محمد سلیم تشنہ شہدی

مشیر قانونی
طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ
محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

گرافکس لے آؤٹ
شہزاد شاکر

سرکولیشن منیجر
منظور علی (لاہور) 0345-4063375

معاون
غلام مصطفےٰ (کراچی) 0301-2632369

زنجانی جنتری کاپی رائٹ ایکٹ حکومت پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے کوئی پریس یا ناشر اس کا جعلی ایڈیشن نکالے گا تو خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی

| | |
|---|---|
| حمد۔ نعت۔ منقبت | 2 |
| اداریہ | 3 |
| نوروز عالم افروز 2015ء | 4 |
| شجرہ طیبہ معصومین | 9 |
| عرس شاہ زنجانی 2014ء | 10 |
| شجرہ خاندان زنجانیہ عالیہ | 11 |
| لوح محفوظ | 12 |
| 2015ء کا اسم اعظم | 13 |
| آسمانی کونسل کا سپریم ـــــ | 14 |
| شرف مشتری کا کائناتی شدہ ہوٹ | 17 |
| لوح مصطفائی | 18 |
| اشتہارات | 19 |
| تعمیر وطن کا سال 2015ء | 20 |
| کیلنڈر کہانی 2015ء | 22 |
| جنتری پیش گوئیاں | 23 |
| زائچہ نواز شریف | 24 |
| زائچہ طاہر القادری | 26 |
| زائچہ عمران خان | 27 |
| چار عظیم گرہن | 28 |
| ملکی پیش گوئیاں 2014ء | 29 |
| عالمی وسیاسی پیش گوئیاں 2015ء | 30 |
| ہر کام قمر کے مطابق | 39 |
| تقویم 2015ء | 40 |
| اک سال اور سہی ـــــ | 52 |
| دربار مصطفائی کا روحانی فیض | 53 |
| کی نمبر دی پاسٹر باؤنڈ | 62 |
| طلسم و نقوش بروج سیارگان | 63 |
| صدقہ سے شفا | 65 |
| آپ کا صدقہ بمطابق الفورساک | 66 |
| صدقہ خصوصی رجعت و بروج | 67 |
| یکسالہ زائچہ (برج حمل تا حوت) 2015ء | 68 |
| مجرب عمل ہمزاد نورانی | 152 |
| آداب عملیات ۔ رجال الغیب | 153 |
| عملیات کیلئے سیاروں کی باہمی نظرات | 154 |
| اہم اوقات عملیات و وظائف 2015ء | 155 |
| احرام مشتری (اشتہار) | 159 |
| نظرات سیارگان 2015ء | 160 |
| انجمن شرفات کواکب | 168 |
| تقویم سیارگان 2015ء | 169 |
| جدول تسویۃ البیوت | 175 |
| [illegible] | 176 |
| طالع [illegible] | 179 |
| سیارگان [illegible] وہبوط، اوج و حضیض | 180 |
| داخلہ سیارگان 2015ء | 181 |
| کسوف و خسوف 2015ء | 182 |
| سورج و چاند گرہن نماز آیات | 183 |
| شجرہ و منازل قمری | 184 |
| بارہ بروج کے ابجد، ساعی، گھر، مہینے ـــــ | 186 |
| گمشدہ مال، چور کا نام | 187 |
| کتب فہرست | 188 |
| سوال و جواب | 189 |
| کوپن زائچہ | 190 |
| کتب اشتہارات | 191 |
| کوپن تحفہ ✦ کوپن نگینہ ✦ کوپن سوال | 192 |

24
زائچہ نواز شریف
زائچہ عمران خان
26
27
زائچہ طاہر القادری
52
2015
اک سال اور سہی
181
داخلہ سیارگان
HAPPY
NOROOZ
نوروز عالم افروز
4
2015
182
کسوف و خسوف
40
تقویم
152
68
یکسالہ زائچہ

قیمت فی شمارہ 300 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبر شپ 9000 روپے
بیرون ممالک
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر
For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ، انڈیا، کویت، سری لنکا
6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ
7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا
8500 روپے

ہیڈ آفس کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II لاہور
فون: 042-35872277, 042-35752277 فیکس: 042-35756253
موبائل: 0300-9483758 Email: aienaeqismat@gmail.com
کراچی آفس کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200
فون: 021-32217544

بیرون ملک نمائندگان
علامہ صمصام الدین (شکاگو)، فیض احمد (نیویارک)
ارشد محمود ناز (لندن)، عمران علی (دبئی)

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

www.Digestreader.COM

## حمد

قمر زیدی

شایانِ شان تری کر سکیں بیاں
اتنی مجال معنی و الفاظ میں کہاں
میں بندہ فقیر و گنہگار اور تو
غفار و پروردگار و مددگار و مہرباں
پروردگار قادر مطلق ہے تیرا نام
اک حرف کن سے تو نے بنائے ہیں دو جہاں
یکتا ہے تیری ذات، دوامی تری صفات
قلب بشر میں ہے جو ہے تجھ پر عیاں
سوچوں تو اردگرد دیکھوں تو آس پاس
محسوس گر کروں تو دل و جان میں ہے نہاں
مالک تری ثنا ہے مرکزِ خیال
ہوتا ہے ہر کرن سے مرے فن کی تو عیاں

## نعت

تابش دہلوی

تمام شکل محمد ﷺ میں جلوہ آرا ہے
وہ حسن ذات جو ہر آئینہ سے پیدا ہے
یہ راز مجھ پہ تری رحمتوں سے فاش ہوا
کہ یہ وجود تو محرومیوں کی دنیا ہے
احد نہیں مگر احمد ہیں کیا یہ کیا معلوم
حجاب میم یہاں کب کسی سے اٹھا ہے
میرے وجود کی تشنگی بجھائے گا
سراب جس کے سحاب کرم سے دریا ہے
کبھی حرم ہے مدینہ کبھی مدینہ حرم
نگاہِ شوق یہ عالم بھی دیکھنے کا ہے
بہت ملا ہے رؤف و رحیم سے تابش
بتاؤں کیا کہ مرے دامن میں آج کیا کیا ہے

## منقبت

بنے ہیں صبر کا پیکر حسین ابن علیؑ
پیام حق کا سنا کر حسین ابن علیؑ
نگاہیں فخر سے ہوتی ہیں انبیاء کی بلند
کریں جو سجدہ آخر حسین ابن علیؑ
نہ کوئی ٹھہر سکا آپ کے مقابل میں
مٹائیں ظلم کے لشکر حسین ابن علیؑ
نشان ظلم و ستم بھی مٹا دیے تم نے
پہاڑ غم کے اُٹھا کر حسین ابن علیؑ
نگاہ سب کی ہٹاتے رہے کھلے سر سے
قرآن سب کو سنا کر حسین ابن علیؑ
سکھا گئے ہیں طریقہ وہ بندگی کا مظہر
جبیں کو اپنی جھکا کر حسین ابن علیؑ

اے احمد! زہد قیمتی لباس کا زیور کھانے میں جیسے روٹی ایمان کا سر دین کا ستون اور سفینہ نجاۃ ہے۔ حدیث قدسی

اے احمد! خاموشی کو اختیار کر کیونکہ نیک اور خاموشی رہنے کے دل آباد اور فضول باتیں کرنے والوں کے دل برباد۔ حدیث قدسی

**عید** **منگل کے دن شاہراہِ دستور اسلام آباد پر قربانی نیک فال** **قربان**

# معلم سال 2015ء

**انقلاب — نیا پاکستان**

**آزادی — بدلتا پاکستان**

## زائچہ پاکستان میں دس سالہ دورِ اکبر قمر (ماں) کی ابتداء 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء

ماں اور پھر دھرتی ماں کی محبت سے دنیا کا کوئی بھی شخص انکار نہیں کر سکتا، ان کے لیے ہمہ وقت قربانی دینے کے لیے بھی تیار رہتا ہے۔ سچی محبت ہمیشہ ایثار و قربانی پر مبنی ہوتی ہے۔ آج کل ملک بھر میں انقلاب اور آزادی کے نعرے گونج رہے ہیں۔ جناب عمران خان اور جناب ڈاکٹر طاہر القادری انصاف کے حصول اور ظلم کے خلاف سینہ سپر ہیں۔ پاکستان میں جاری 67 سالہ ناانصافی، ظلم کے نظام کو بدلنے کے لیے کوشاں ہیں۔ پاکستان کی تاریخ جب بھی لکھی جائے گی، 2014ء کا سن عوامی سیاسی شعور و ادارک بیداری کا سال قرار پائے گا۔ "فلسفہ محبت" نامی کتاب جناب الطاف حسین بھائی کے قلم سے عوام میں محبت پھیلانے کے لیے بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ کاش سبھی سیاست دان اپنی دھرتی ماں کے لیے محبت ایثار و قربانی کے لیے راضی ہو جائیں اور اپنی انا کے خول سے باہر آ جائیں۔ عزیزم بلاول زرداری بھٹو کی قوم سے معافی بھی ہوا کا ٹھنڈا جھونکا ہے۔

اُدھر جناب میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم پاکستان کی تقاریر سنیں تو وہ بھی قوم، ملک، سلطنت کی خدمت کے جذبہ سے سرشار نظر آتے ہیں۔ T.V شوز کے مہمانوں، اینکرز حضرات نے مجبور مہنگائی کے مارے عوام کی جہاں بھڑاس نکالنے اور عوام میں سیاسی شعور بیدار کرنے کا کارنامہ انجام دیا ہے، وہاں کم علم رکھنے والے عوام کی مت بھی ماردی ہے۔ معصوم عوام ہر کسی کو اپنا مسیحا سمجھ لیتے ہیں، اس کا سبب غالباً 1947ء تا 2015ء آج تک عام عوام کے مسائل ہی بڑھے ہیں۔ ہر کوئی اپنے وطن اور گھر میں سکھ دیکھنا چاہتا ہے، مگر یہ سب کب اور کیسے ہوگا؟ یہ کوئی نہیں جانتا۔ ہم اسے علوم مخفیہ، علم الاعداد، علم نجوم کی روشنی میں جاننے کی مختصر کوشش کرتے ہیں۔

2015ء کا مفرد نمبر 8، ستارہ زحل سے منسوب ہے۔ یہ التواء، رکاوٹوں کا ستارہ بھی مگر یہ معلم زمانہ بزرگ ستارہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ قدرت نے ستاروں میں جو خواص رکھے ہیں، زحل اپنے اندر ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھ کر آئندہ مستقبل میں ان کو نہ دہرانے کا عہد کراتا ہے۔ اندازے کے مطابق پاکستان کی آبادی 20 کروڑ ہے، اس میں ساٹھ فیصد یوتھ، 12 کروڑ پاکستانیوں کے دو ہاتھ، 24 کروڑ ہاتھ ملک کی تعمیر و ترقی کے منتظر ہیں، معلم ستارہ قربانی کی نصیحت نہیں کرتا بلکہ خود لے لیتا ہے۔ ہر شخص فطرتی جذبہ کے تحت اپنی ماں سے بہت محبت کرتا ہے۔ ہمارا وطن، ہماری دھرتی بھی ہماری ماں ہے، ماں کے بعد دھرتی ماں اور پھر 70 ماؤں جتنی محبت کرنے والی ذات بھی ہمہ وقت ہمارے ساتھ رہتی ہے۔ جو قوم بھی نیچر کی خلاف ورزی کرتی ہے، تنزلی، مصائب و دکھ کا شکار ہوتی ہے۔ سیاسی لیڈرز قوم کے ہیرو ہوتے ہیں، جب وہ کرپشن ناانصافی، جھوٹے پولیس مقابلے کراتے ہیں تو قوم کا مزاج میں کچھ ایسا ہی ہو جاتا ہے اور کبھی اس وقت آتی ہے جب نزاع کا عالم طاری ہوتا ہے۔ غالباً پاکستان بھی اپنے قیام کے بعد سے آج اپنے مشکل ترین آزمائش کے دور سے گزر رہا ہے۔ 2015ء مظلوم پاکستانیوں کی قبولیت دعا کا سال معلوم ہوتا ہے۔ ہر حکومت زوال پذیر ہوتی ہے جبکہ صدا بادشاہت اللہ کی ہے۔ صاحب حکومت اس بات کو سمجھ نہیں پاتے، ہماری عدلیہ انصاف نہ بھی کرے، اُس کی عدلیہ میں سب کو انصاف ملتا ہے۔ زائچہ پاکستان دیکھ کر یوں لگتا ہے کہ قدرت کو پاکستان اور پاکستانیوں پر رحم آ گیا ہے۔ پاکستان اپنے قیام سے دس سالہ دورِ اکبر ستارہ قمر (ماں) 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء داخل ہو رہا ہے۔ قمر زائچہ میں وتد الارض چوتھے اپنے فطرتی اور ماں کے گھر میں ہے۔ زائچہ پاکستان کے تحت یہ دس سالہ دور تعمیر وطن کا دور دکھائی دیتا ہے۔ دھرتی ماں اپنی محبت کی خوشبو، جذبہ حب الوطنی ہم سب میں اُجاگر کرے گی، جس طرح ہم سب اپنی ماں سے محبت کرتے ہیں، اس طرح دورِ قمر میں ایسی مخلص محب وطن قیادت اُبھر کر سامنے آئے گی جو ملک کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہوگی۔ انقلاب اور آزادی کے نعرے جو آج لگائے جا رہے ہیں، ان خوابوں کی تعبیر ہمیں آئندہ دس سالوں میں بتدریج یقیناً مل جائے گی۔ موجودہ حکومت بھی عوامی مزاج دیکھ کر اپنا رویہ بھی مثبت کر لے اور ملک میں بلدیاتی نظام جلد لانے کا اعلان کر دے اور منگل کا ناغہ ختم کر کے تمام ذبیحہ خانے کھول دے اور اس دن خون بہتا رہے تو یہ (قربانی) پاکستان اور پاکستانیوں پر آئی نحوستیں دور ہونے کا صدقہ ہے۔ قربانی جب بھی دی جاتی ہے تو پھر ایثار و محبت دلوں میں پیدا ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ قربانی اللہ کو پسند ہے، قربانی دینے والی قومیں زندگی کے ہر شعبہ میں ترقی پاتی ہیں، تبھی قانون و انصاف کی بالادستی ممکن ہے۔ پاکستانی قوم اپنی حالت بدلنا چاہتی ہے تو یقیناً خدا بھی ہماری قوم کا حامی و ناصر بن جائے گا۔ **دعا گو شاہ زنجانی** یوم حج 9 ذوالحجہ 1435ھ

اے احمد! خاموشی کو اختیار کرو کیونکہ نیک اور خاموشی رہنے سے دل آباد اور فضول باتیں کرنے والوں کے دل برباد۔ حدیث قدسی

عید منگل کے دن شاہراہِ دستور اسلام آباد پر قربانی نیک فال قربان

انقلاب نیا پاکستان

# معلم سال 2015ء

آزادی بدلتا پاکستان

## زائچہ پاکستان میں دس سالہ دورِ اکبر قمر (ماں) کی ابتداء 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء

ماں اور پھر دھرتی ماں کی محبت سے دنیا کا کوئی بھی شخص انکار نہیں کر سکتا، ان کے لیے ہمہ وقت قربانی دینے کے لیے بھی تیار رہتا ہے۔ سچی محبت ہمیشہ ایثار و قربانی پر مبنی ہوتی ہے۔ آج کل ملک بھر میں انقلاب اور آزادی کے نعرے گونج رہے ہیں۔ جناب عمران خان اور جناب ڈاکٹر طاہر القادری انصاف کے حصول اور ظلم کے خلاف سینہ سپر ہیں۔ پاکستان میں جاری 67 سالہ ناانصافی، ظلم کے نظام کو بدلنے کے لیے کوشاں ہیں۔ پاکستان کی تاریخ جب بھی لکھی جائے گی، 2014ء کا سن عوامی سیاسی شعور و ادراک بیداری کا سال قرار پائے گا۔ "فلسفہ محبت" نامی کتاب جناب الطاف حسین بھائی کے قلم سے عوام میں محبت پھیلانے کے لیے بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ کاش سبھی سیاست دان اپنی دھرتی ماں کے لیے محبت ایثار و قربانی کے لیے راضی ہو جائیں اور اپنی انا کے خول سے باہر آ جائیں۔ عزیزم بلاول زرداری بھٹو کی قوم سے معافی بھی ہوا کا ٹھنڈا جھونکا ہے۔

اُدھر جناب میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم پاکستان کی تقاریر سنیں تو وہ بھی قوم، ملک، سلطنت کی خدمت کے جذبہ سے سرشار نظر آتے ہیں۔ T.V شوز کے مہمانوں، اینکرز حضرات نے مجبور مہنگائی کے مارے عوام کی جہاں بھڑاس نکالنے اور عوام میں سیاسی شعور بیدار کرنے کا کارنامہ انجام دیا ہے، وہاں کم علم رکھنے والے عوام کی مت بھی ماردی ہے۔ معصوم عوام ہر کسی کو اپنا مسیحا سمجھ لیتے ہیں، اس کا سبب غالباً 1947ء تا 2015ء آج تک عام عوام کے مسائل ہی بڑھے ہیں۔ ہر کوئی اپنے وطن اور گھر میں سکھ دیکھنا چاہتا ہے، مگر یہ سب کب اور کیسے ہوگا؟ یہ کوئی نہیں جانتا۔ ہم اسے علوم مخفیہ، علم الاعداد، علم نجوم کی روشنی میں جاننے کی مختصر کوشش کرتے ہیں۔

2015ء کا مفرد نمبر 8، ستارہ زحل سے منسوب ہے۔ یہ التواء، رکاوٹوں کا ستارہ بھی مگر یہ معلم زمانہ بزرگ ستارہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ قدرت نے ستاروں میں جو خواص رکھے ہیں، زحل اپنے اندر ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھ کر آئندہ مستقبل میں ان کو نہ دہرانے کا عہد کراتا ہے۔ اندازے کے مطابق پاکستان کی آبادی 20 کروڑ ہے، اس میں ساٹھ فیصد یوتھ، 12 کروڑ پاکستانیوں کے دو ہاتھ، 24 کروڑ ہاتھ ملک کی تعمیر و ترقی کے منتظر ہیں، معلم ستارہ قربانی کی نصیحت نہیں کرتا بلکہ خود لے لیتا ہے۔ ہر شخص فطرتی جذبہ کے تحت اپنی ماں سے بہت محبت کرتا ہے۔ ہمارا وطن، ہماری دھرتی بھی ہماری ماں ہے۔ ماں کے بعد دھرتی ماں اور پھر 70 ماؤں جتنی محبت کرنے والی ذات بھی ہمہ وقت ہمارے ساتھ رہتی ہے۔ جو قوم بھی نیچر کی خلاف ورزی کرتی ہے، تنزلی، مصائب و دکھ کا شکار ہوتی ہے۔ سیاسی لیڈرز قوم کے ہیرو ہوتے ہیں، جب وہ کرپشن ناانصافی، جھوٹے پولیس مقابلے کراتے ہیں تو قوم کا مزاج میں کچھ ایسا ہی ہو جاتا ہے اور کچھ اس وقت آتی ہے جب نزاع کا عالم طاری ہوتا ہے۔ غالباً پاکستان بھی اپنے قیام کے بعد سے آج اپنے مشکل ترین آزمائش کے دور سے گزر رہا ہے۔ 2015ء مظلوم پاکستانیوں کی قبولیت دعا کا سال معلوم ہوتا ہے۔ ہر حکومت زوال پذیر ہوتی ہے جبکہ صدا بادشاہت اللہ کی ہے۔ صاحب حکومت اس بات کو سمجھ نہیں پاتے، ہماری عدلیہ انصاف نہ بھی کرے، اُس کی عدلیہ میں سب کو انصاف ملتا ہے۔ زائچہ پاکستان دیکھ کر یوں لگتا ہے کہ قدرت کو پاکستان اور پاکستانیوں پر رحم آ گیا ہے۔ پاکستان اپنے قیام سے دس سالہ دورِ اکبر ستارہ قمر (ماں) 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء داخل ہو رہا ہے۔ قمر زائچہ میں وتد الارض چوتھے اپنے فطرتی اور ماں کے گھر میں ہے۔ زائچہ پاکستان کے تحت یہ دس سالہ دور تعمیر وطن کا دور دکھائی دیتا ہے۔ دھرتی ماں اپنی محبت کی خوشبو، جذبہ حب الوطنی ہم سب میں اُجاگر کرے گی، جس طرح ہم سب اپنی ماں سے محبت کرتے ہیں، اِس طرح دورِ قمر میں ایسی مخلص محب وطن قیادت اُبھر کر سامنے آئے گی جو ملک کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہوگی۔ انقلاب اور آزادی کے نعرے جو آج لگائے جا رہے ہیں، ان خوابوں کی تعبیر ہمیں آئندہ دس سالوں میں بتدریج یقیناً مل جائے گی۔ موجودہ حکومت بھی عوامی مزاج دیکھ کر اپنا رویہ بھی مثبت کر لے اور ملک میں بلدیاتی نظام جلد لانے کا اعلان کر دے اور منگل کا ناغہ ختم کر کے تمام ذبیحہ خانے کھول دے اور اس دن خون بہتا رہے تو یہ (قربانی) پاکستان اور پاکستانیوں پر آئی نحوستیں دور ہونے کا صدقہ ہے۔ قربانی جب بھی دی جاتی ہے تو پھر ایثار و محبت دلوں میں پیدا ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ قربانی اللہ کو پسند ہے، قربانی دینے والی قومیں زندگی کے ہر شعبہ میں ترقی پاتی ہیں، تبھی قانون و انصاف کی بالادستی ممکن ہے۔ پاکستانی قوم اپنی حالت بدلنا چاہتی ہے تو یقیناً خدا بھی ہماری قوم کا حامی و ناصر بن جائے گا۔ **دعاگو شاہ زنجانی** یوم حج 9 ذوالحجہ 1435ھ

اے احمد عبادت کے دس حصے ہیں ان میں سے نو طلب رزق حلال ہے اگر تم اپنا کھانا پینا پاک کر لو تو تم میری پناہ میں ہو۔ حدیث قدسی

# 2015

# نوروز عالم افروز

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

نوروز نو بہار وہ روز سعید ہے
سلطان علیؑ کے زمانے کا ہے نشاں
جو مومنوں کے واسطے اک روز عید ہے
اور آمد امام زمنؑ کی نوید ہے

## 2015 بادشاہ سال ستارہ زحل ہونے سے عالمی سیاست (U.N.O) کا بازار گرم رہے

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پرنور سید النور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز 21 مارچ 2015ء بروز بدھ 3 بجکر 46 منٹ شب اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 22 بجکر 46 منٹ شب اور نیو یارک، واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) 20 مارچ 17 بجکر 58 منٹ شام ہو گا۔ مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق و المغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظامِ شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادرِ فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی ہر شے کو چندھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

**نوٹ:** چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 21 مارچ 3 بجکر 46 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 22 بجکر 46 منٹ گرینوچ کا وقت نکل آئے گا اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آ رہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز اور نہایت اہم ہوتا ہے۔ تاہم نے چاروں نوروز کے (اسلام آباد) پاکستان کا زائچہ کشید کیا ہے لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ یہ زائچے سبھی اوتاد کہلاتے ہیں یعنی زائچہ سال نوروز اوتاد اول حمل سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در سرطان، سوم اوتاد تحویل شمس در میزان، چہارم اوتاد تحویل شمس در جدی جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو حمل کی [illegible] کو [illegible] بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف [illegible] کے اصول کے تحت [illegible] بھی عجیب و غریب [illegible] سیدھے سادھے

اے عیسیٰ "ارحم کرنے والے بن جاؤ تم بھی ویسے ہو جاؤ جیسے تم چاہتے ہو کہ لوگ تیرے ساتھ ہوں۔ حدیث قدسی

مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔ یہ سب محض اہل ہند کے طریق کے تحت ہوتا ہے۔ نوروز 2015 بمطابق اہل یونان صدی کا 40958 واں اور 115 واں نوروز ہوگا۔ اس نوروز عالم افروز کی قوت بحساب علم الاعداد سات گنا زیادہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ نمبر مولا علی مشکل کشاہ کے عدد 110+5=115 ہیں۔ اس میں واحد ایک اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب مصطفیٰ جناب سیدہ خیر النساء کا اور ایک نمبر امام حسنؑ جمع کریں تو 115 بنتا ہے۔ پھر ایک نمبر امام حسینؑ کا اس کا اسم اعظم اسمائے حسنیٰ سے معلوم کیا، جو اسم اعظم یَا اَوَّلُ یَا حَکِیْمُ ہے۔ بروز نوروز یَا اَوَّلُ یَا حَکِیْمُ کثرت سے پڑھنا بھی آپکو بلندی و سرفرازی عطا کرے گا، مؤمنین نوٹ فرمالیں۔

فنظر نظرۃ فی النجوم o فقال انی سقیم o

**ترجمہ:** پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

## احکامات نوروز عالم افروز

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) بادشاہ سال | زحل | ♄ | 21 مارچ 2015 |
| (2) وزیر اعظم سال | شمس | ☉ | 21 جون 2015 |
| (3) سپہ سالار سال | مریخ | ♂ | 22 ستمبر 2015 |
| (4) مشیر سال | مریخ | ♂ | 22 دسمبر 2015 |

نوروز عالم افروز 2015ء آسمانی کونسل پر سبع کواکب کا دربار لگنے پر اس سال نحس اکبر ستارہ زحل کو بادشاہ سال کا تاج پہنایا جائے گا۔ یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ چاروں زائچہ نوروز میں تین مرتبہ برج دلو اور ایک مرتبہ برج جدی طلوع ہوگا۔ ان دونوں بروج کا مشترکہ حاکم ستارہ بھی زحل ہی ہے۔ سبع کواکب میں جہاں زحل کا نام آتا ہے تو وہاں عام لوگ اس ستارہ کی نحوست کے سبب خوف زدہ ہو جاتے ہیں، یہ التواء رکاوٹوں کا ستارہ ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ یہ ایک معلم سخت سکھانے والے استاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ پوری دنیا میں سیاست، منافقت، سیاست چھائی رہے گی۔ غریب غیر ترقی یافتہ ممالک خصوصاً مسلم امہ جس کے لیے 2014ء آزمائش کا سال تھا، 2015ء بھی اسی کا تسلسل دکھائی دیتا ہے۔ ابھی عشق (قربانی) کے امتحان اور بھی ہیں۔

زائچہ نوروز عالم افروز 1   11 دلو 10   بحساب یونانی

12
1
شمس 0.0
قمر 7.46
ذنب 9.57
یورانس 16.30
مریخ 21.59
عطارد 12.12
نیپچون 8.7
11
پلوٹو 18.21
10
9
زحل R 4.53
2
8
زہرہ 4.14
3
5
7
مشتری R 13.5
4
6
راس 9.57

بتاریخ 21 مارچ 2015ء بوقت 3 بجکر 46 منٹ، بمقام اسلام آباد

**زائچہ اول نوروز:** طالع (پہلا گھر) برج دلو سیاسی نجوم میں پوری قوم کی عمومی حالت کا اظہار مالک ستارہ زحل منسوبات حکومت اور سیاست، التواء، مزاحمت اور ممانعت اس کی فطرت اور یہ گیارہویں (پارلیمنٹ اور ایوان سینٹ) کے گھر حالت رجعت میں بیٹھ کر ساتویں رجعت یافتہ مشتری سے بنظر تثلیث بنائے ہوئے ہے۔ قومی اسمبلی اور سینٹ میں ملکی سیاست، عوامی عدم تحفظ اور تحفظ پاکستان کے لیے بنائے گئے قوانین اور ان پر عمل درآمد پر بحث و مباحثہ خاصی سرگرمی رہے گی۔ راس کے نویں موجودگی قوانین میں ردوبدل تبدیلی بہتری کا عندیہ، پلوٹو کی بارہویں حکومت اور ملکی امن وامان کو خراب کرنے کے لیے متشددانہ واقعات کا اندیشہ، انقلابی اور جنونی لوگ حکومت کی کایا پلٹ اور انقلاب جھپٹ کرنے جیسے خفیہ ہاتھ، بار عدلیہ اقدامات کر سکتے ہیں۔ جنسی بے راہ روی، عریانی، فحاشی کی کثرت، بینک فراڈ، ڈکیتیاں، ریس جواء سٹہ دیگر منشیات فروش کے اڈوں کو فروغ ملے۔ نیپچون عطارد کا دوسرے ناجائز دولت کے سبب آوارہ گردی میں فروغ کے لیے بعض حکومتی اداروں کے کرپٹ سرپرستی کریں۔ تیسرے اجتماع کواکب شمس، قمر، ذنب، یورانس اور مریخ کے سبب جہاں مواصلاتی اداروں کو فروغ حاصل ہو وہاں ٹریفک حادثات کی شرح میں اضافہ، 2015ء بھی 2014ء کی طرح ملکی نازک دور کا تسلسل تاہم حکومت اور ملک کے دفاع کے ضامن اداروں کو انتہائی چوکنا رہ کر ملکی حالات کو صحیح سمت گامزن کرنا ہوگا۔ چوتھے زہرہ اپنے ہی گھر عروج یافتہ ہونے سے ملکی حالات میں انجام کار بہتری خصوصاً اندرون ملک نئی کالونیوں، نئے شہر بسائے جائیں۔ I.DP مہاجرین کی مکمل بحالی و خوشحالی کے لیے مثبت اقدامات غیر آباد زمینوں کو قابل کاشت بنانے کے لیے حکومتی اقدامات اور کسانوں اور دوست ممالک کی کمپنیوں کو آسان شرائط پر زمینیں دی جائیں گی۔ اس

زائچہ نوروز موسم بہار میں ملکی زرعی ادارے توجہ دیں تو زہرہ مشتری کی زائچہ میں مشترکہ سعادت سے ملکی زراعت کے شعبہ میں سائنسی انقلابی تبدیلیاں سبز انقلاب کا پیش خیمہ بن سکتی ہیں۔ تیل، گیس، بجلی یا دیگر انرجی کے ذخائر میں حکومتی کوششوں سے اضافہ ہو۔ نئے تیل، گیس کے ذخائر دریافت ہوں، دیگر مفید معدنیات کی تلاش میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہونے سے انرجی کرائسس میں قدرے بہتری آئے۔

زائچہ نوروز عالم افروز 2 — 12 دلو 07 — بحساب یونانی



بتاریخ 21 جون 2015ء بوقت 21 بجکر 39 منٹ، بمقام اسلام آباد

## زائچہ دوم نوروز:

زائچہ نوروز پہلے والے زائچہ کا تسلسل وہی برج دلو، وہی مالک زحل اپنے فطرتی گھر میں طاقتور۔ ساتویں قران سعدین زہرہ مشتری پارلیمنٹ میں سیاست دانوں کی رسہ کشی کسی منتہی پر پہنچ سکتی ہے۔ چھٹے کا مالک قمر یہاں بیٹھ کر خفیہ اداروں کو دباؤ دے۔ حکومت اپوزیشن میں جاری سیاسی جنگ جمہوریت کو بچانے اور قائم رکھنے کے لیے سیاست دان کسی سمجھوتہ پر مجبور ہوں۔ خارجہ تعلقات میں تبدیلیاں آئیں، ایسے ممالک جہاں سفیر کی جگہیں خالی ہیں انہیں پُر کیا جاسکے۔ دوست ممالک سے تجارت اور ثقافت میں اضافہ ہو، اندرون ملک شادیوں کی بھرمار رہے۔ حکومت نے قوم سے جو وعدے کر رکھے ہیں، انہیں نبھانے کے لیے حکومت سرگرم رہے۔ ساتویں کا مالک شمس اپنے گھر سے بارہویں چھٹے کا مالک ساتویں بیٹھ کر حکومت کی نیک نامی کو بدنامی میں بدلنے کا اشارہ ہے۔ حکومت کو طرز حکومت بدلنے کی ضرورت، سیاست نو میں داخل ہو کر سمجھداری سے سیاسی امور کو چلانے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ پانچویں گھر عطارد عروج یافتہ جو آٹھویں کا بھی مالک ہمراہ تیسرے دسویں کا مشترکہ حاکم مریخ کی یہاں موجودگی، یہ گھر میڈیا، قومی تفریحات، سٹاک شیئرز، سوسائٹی اور معاشرتی منصوبات میں تیزی لائے گا۔ سٹاک مارکیٹ "بازار حصص" میں تیزی رہے گی۔ نئے اخبارات کی اشاعت اور نئے میڈیا چینلز متعارف ہوں، جو عوام کے ذہنوں کو تسخیر کرنے کے لیے نت نئے طریقے اختیار کریں۔ اخبارات، الیکٹرانک میڈیا، سوشل میڈیا پر سیاسی بحث و مباحثے جاری رہیں۔ حکومت سیاست دانوں اور میڈیا کی آپس میں ٹرائی اینگل میڈیا سیاسی وار جاری رہے۔ عوامی ردعمل اور عوام میں سیاست دانوں کی سمجھ بوجھ کا شعوری معیار بلند ہونے لگے اور وہ با آسانی اچھے برے اور منافق سیاست دانوں میں تمیز کر سکیں۔ عوام کی سیاست دانوں کی بابت خاموشی بھی معنی خیز ہو۔ راس نویں ہونے سے اندرون ملک مذہبی تقریبات، رسومات میں اضافہ، روحانی مراکز، مزارات اور آستانوں پر پریشان حال عوام کا رُخ بڑھے اور وہ روحانی مراکز، درگاہوں، عبادت گاہوں میں امن و سکون کی تلاش میں زیادہ سے زیادہ رجوع کریں۔ دیگر عبادت و ریاضت میں عوامی طبقہ نفاست سکون و سکھ کی تلاش میں سرگرداں رہے۔ اعلیٰ دنیاوی، مذہبی، تعلیمی مراکز میں معیار تعلیم کو بلند کیا جائے۔ مذہب سے متصادم قوانین کی اصلاح سپر پاور سے تعلقات میں نظر ثانی سے بہتری، دوست ممالک خصوصاً ہمسائیہ ملک چین سے مل کر مشترکہ ترقیاتی و مواصلاتی شعبوں میں بھرپور تعاون رہے اور جاری منصوبوں میں تیزی آئے۔ مواصلات خصوصاً ریلوے اور انرجی کرائسس میں مشترکہ توجہ رہے۔

زائچہ نوروز عالم افروز 3 — 27 جدی 03 — بحساب یونانی



بتاریخ 23 ستمبر 2015ء بوقت 13 بجکر 22 منٹ، بمقام اسلام آباد

## زائچہ سوم نوروز:

چاروں نوروز میں یہ واحد زائچہ نوروز برج جدی لے کر طلوع ہو رہا ہے۔ اس میں ستاروں کی نشست نہایت ناقص ہے۔ ہر زائچہ کے 12،8،6،3 گھر ناقص شمار کیے جاتے ہیں۔ اول تو طالع کا مالک زحل بارہویں نحس طالع میں قمر وبال کا ہمراہ نیپچون قدامت پرستی اور اسکینڈل کا ستارہ بیٹھ کر اندرون ملک بے پناہ عوامی بے چینی اور عدم احساس تحفظ کا اشارہ چوتھے گھر ذنب، یورانس اندرون ملک تخریب کاری، آٹھویں نحس گھر میں پانچویں دسویں کا مالک زہرہ

اے عیسیٰؑ! اپنے ظاہر کو پانی دھو ڈالو اور اپنے باطن کو نیکیوں کے ساتھ صاف رکھو۔ حدیث قدسی

اور اس گھر میں چوتھے گیارھویں کا حاکم مریخ بھی حالت قران میں نحوست خصوصاً حکومتی اور بڑے سیاسی لوگوں کی تنزلی کا اشارہ ہے۔ مشتری نویں اگرچہ امید کی کرن کا آخری سہارا ہے۔ یہ اپنے فطرتی گھر میں موجود مگر یہاں وبال یافتہ ہے۔ دسویں شمس ہبوط یافتہ ہمراہ راس عطارد بیٹھ کر زائچہ کی نحوست میں اور اضافہ کر رہا ہے۔ پھر ملک میں حکومت نام کی کوئی چیز ہے؟ یہ سوال لوگ ایک دوسرے سے پوچھتے پھریں۔ ملکی سرحدوں پر عسکری تنازعے، جھگڑے، مہنگائی، کرپشن، لوٹ مار میں اضافہ، اندرونِ ملک مہنگائی، بیروزگاری میں اضافہ، سٹاک شیئرز مارکیٹ کریش کر جائے۔ روزمرہ عوامی مسائل میں اضافہ، عوام میں بے چینی، بیچارگی اور خواص میں عدم احساس تحفظ حکومت کے چلے جانے کا ڈر، خوف و خدشہ، کرپٹ لوگوں کا احتساب اور مجرموں کو سزائیں کون دے گا؟ فرمان مولاؑ ہے کہ کفر کی حکومت قائم رہ سکتی ہے مگر ظلم اور بے انصافی کی نہیں۔ کیا اس دور میں حکومت چلی جائے؟ مڈٹرم الیکشن کا اعلان ہو؟ یہ آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ آسمانی کونسل پر ستارے ناقص ثمرات دے رہے ہیں۔ اشارۂ باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے آسمان پر چاند، سورج، ستارے کھیل تماشے کے لیے نہیں بنائے، عقل مند لوگوں کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔ 2014ء سے 2015ء متصل سال میں ملکی سیاست دانوں کا ایثار محبت قربانی کا جذبہ ایک دوسرے کے لیے صفر ہوگا۔ دعا ہے کہ کچھ ایسے دانشور نیک روحانی بزرگوں کی دعاؤں سے ملک چلتا رہے اور عوام میں سکھ کا سانس آئے۔ صدقات سے نحوستیں دور ہوتی ہیں۔ عوام کو انفرادی طور سے صدقہ و خیرات بڑھانا چاہیے۔ حکومت کو پاکستان اور پاکستانی عوام کے صدقہ کے طور سے ملک بھر سے منگل کے دن قربانی پر لگی بندش کھولنے کی اپیل ہے، تاکہ منگل کو ملک کے تمام ذبیحہ خانے اس دن کھلے ہوں۔ خون بہتا رہے اور پاکستانی عوام اور پاکستان ہر خطرہ سے محفوظ رہے۔

زائچہ نوروز عالم افروز 4 دلو 20 11 بحساب یونانی



بتاریخ 22 دسمبر 2015ء بوقت 09 بجکر 49 منٹ، بمقام اسلام آباد

**زائچہ چہارم نوروز:** برج دلو حاکم ستارہ زحل کا یہ آخری زائچہ نوروز بادشاہ زحل ہونے سپہ سالار اور مشیر سال ستارہ مریخ ہونے سے جبکہ زحل سیاست پر سے اور مریخ عسکری اداروں، اسٹیبلشمنٹ سے تعلق رکھتے ہیں اور یوں بھی زائچہ پاکستان میں ستارہ مریخ ہی پاکستان کا حاکم ستارہ ہے۔ تینوں زائچوں میں مریخ تیسرے اور دسویں گھر کا مالک ہے۔ 2014ء میں افواجِ پاکستان نے جو ملکی اندرونِ ملک دہشت گردی کے خاتمہ اور ملکی سرحدوں کے دفاع کو موثر اقدامات کیے۔ یہ 2015ء کے آخر تک جاری رہیں۔ ملکی دفاع اور سلامتی کے لیے افواج پاکستان کا کردار اور بھی گہرا ہو جائے گا۔ اس زائچہ میں بھی مشتری زہرہ شمس کمزور اور نحس گھروں میں مریخ نویں وبال یافتہ تاہم نو بہرہ میں اپنے گھر کا طاقتور ہو کر ملک میں عسکری حکمرانی کا اشارہ ہے تو پھر کیا جمہوریت کی ساکھ لپیٹ دی جائے گی؟ طالع اور بارھویں کا مشترکہ حاکم ایک بار پھر گیارھویں پارلیمنٹ کے گھر بیٹھ کر طالع کے درجات سے بنظر تسدیس متصل ہے۔ ہماری پارلیمنٹ کا کردار اس صورت قائم رہے گا، جب وہ اپنے وجود کو قائم رکھنے کے لیے ملکی تعمیر و ترقی میں فی الحال کردار ادا کرے گی۔ زائچہ کے آٹھویں گھر ملکی معیشت دوسرے اور گیارھویں پارلیمنٹ کا مالک ستارہ مشتری ہو کر آٹھویں نحس گھر میں وبال یافتہ ہمراہ راس کمزور ملکی معیشت کا اشارہ جس سے مہنگائی بڑھے۔ ہمارے وزیر خزانہ نے اعلان کر رکھا ہے کہ وہ سوئس بینکوں میں پاکستان کی لوٹی ہوئی 200 ارب ڈالر کی دولت ہر قیمت پر پاکستان لائیں گے، ان کا جذبہ نہایت نیک ہے۔ حکومت اور وزیر خزانہ صاحب کو اپنا مقصد واضح اور اپنے قیام حکومت میں ممکنہ کوشش کرنی ہوگی۔ 1.5 ارب ڈالر آنے سے ڈالر سو روپے کا ہو گیا اور اگر 200 ارب ڈالر پاکستان آجائیں تو ملک کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ حکومت پاکستان کو عوام سے زبردستی ٹیکس وصول کرنے سے بھی چھٹکارا مل جائے۔ راس (راہو)، ذنب (کیتو) کی آٹھویں دوسرے پوزیشن ہمراہ کمزور مشتری ہی سہی۔ پاکستان کی کھوئی ہوئی یا لوٹی ہوئی دولت کے حصول کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ ستارے اثرات دیتے ہیں۔ اب انتخابی نعروں کے وعدوں کو وفا کرنا حکومت وقت کا کام ہے۔ مخلص ہو کر حکومت اپنا مقصد ممکنہ بھی پا لے تو یہ اس کی ملک و قوم کے لیے بہت بڑی خدمت ہوگی۔ چھٹے کے مالک قمر کا چوتھے ہونا ملکی 18 کروڑ کی آبادی کا حجم 20 کروڑ کے برابر اور ملکی وسائل میں کمی کا اشارہ حکومت وقت کو ملکی بڑھتی ہوئی آبادی، ان کے وسائل اور آبادی کے متوقع مسائل کے لیے 2015ء میں پلاننگ کرنی ہوگی۔ شرفِ قمر ملک میں بے پناہ وسائل چھٹے کا حاکم ہونے کے سبب ان کی پلاننگ اور تقسیم

سے غفلت کا اشارہ ہے۔ حکومت وقت اور ہر باشعور پاکستانی کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے۔

**اعمال نوروز:** تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ومسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت ودعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر وصندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دستر خوان پر سرخ وسپید وسبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم 46 مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُقَلِّبَ

اللہ کے نام سے جو رحمن ورحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنے والے اسباب کے اور اے پھیرنے والے

الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا مُفَرِّجَ

دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت

الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّيْ وَفَوَّضْتُ اِلَيْكَ

دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سُن میری فریاد سُن بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا

اَمْرِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا كَرِيْمُ

اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزاق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول وآخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد وحاجات کے مطابق پڑھیں۔

**اعمال دیگر:** مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نمازِ ظہرین 4 رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ، اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ سورہ قل یاایھا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر 2 رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

**نوروز کی شرعی حیثیت:** حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال وافعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات وکوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق 18 ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی 18 مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (18) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق 17 مارچ تھی)۔ نوروز عموماً 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے۔ 10ھ کی 18 ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الی مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

**نوٹ:** خصوصی تحفہ نوروز سب کے لیے مہر نبوتؐ بمعہ ذاتی طلسماتی نقش صفحہ 64,63 سے کاٹ لیں۔ ترکیب استعمال صفحہ 64 پر درج ہے۔

**نوروز نوبہار روز کا خاص طلسم**

ا لا // 9||| 9||| // ||| یُحطے

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

اے عیسیٰ! میری طرف اس طرح بھاگ کر آؤ جس طرح شعلوں والی آگ سے بھاگنے والے بھاگتے ہیں۔ حدیث قدسی

مصدقہ: ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

# شجرہ طیبہ معصومین علیہم السلام

مصدقہ: آقائے علامہ مولانا سید محمد الحسن صاحب قبلہ کراروی، پشاور

| اسمائے معصومین | مشہور لقب | کنیت | اُمہات | تعداد اولاد | تاریخ و ماہ و سن ولادت | جائے ولادت | تاریخ وفات | مدت حیات | بادشاہ وقت | سبب شہادت | جائے دفن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ | مصطفےٰؐ | ابوالقاسم | حضرت آمنہ بنت وہب | فاطمہ، زہرا، طیب، طاہر، قاسم و ابراہیم | ۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل | شعب ابی طالب (مکہ معظمہ) | ۲۸ صفر ۱۱ھ | ۶۳ سال | و۔ نوشیرواں عادل ش۔ ہرقل بادشاہ قیصر روم | زہر۔ یہودیہ بمقام خیبر | مدینہ طیبہ |
| اُم الائمہ جناب فاطمہؑ | زہراء | ام الحسنین سیدۃ النساء | حضرت خدیجۃ الکبریٰ | حسن و حسین، محسن، زینب و ام کلثوم | ۲۰ جمادی الثانیہ ۴۵ عام الفیل | مکہ معظمہ | ۳ جمادی الثانیہ ۱۱ھ | ۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ یوم | و۔ یزدجرد ش۔ حضرت ابوبکر | افتادن در و پہلو شکستن | جنت البقیع (مدینہ) |
| ابوالائمہ حضرت علیؑ | امیرالمومنین | ابوالحسن ابوتراب | حضرت فاطمہؑ بنت اسد | ۱۱ پسر ۱۶ دختران | ۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل یوم جمعہ | درمیان خانہ کعبہ | ۲۱ رمضان ۴۰ھ | ۶۳ سال | و۔ شہریار ش۔ معاویہ | ضرب عبدالرحمن ابن ملجم سازش امیر شام بمقام مسجد کوفہ | نجف اشرف (عراق) |
| حضرت امام حسنؑ | مجتبیٰ | ابومحمد | حضرت فاطمہ زہراؑ | ۸ پسر ۷ دختران | ۱۵ رمضان ۳ھ | مدینہ منورہ | ۲۸ صفر ۵۰ھ | ۴۷ سال | و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ | زہر دادن جعدہ بنت اشعث [illegible] | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام حسینؑ | سیدالشہداء | ابوعبداللہ | حضرت فاطمہ زہراؑ | ۶ پسر ۴ دختران | ۳ شعبان ۴ھ (بنا بر مشہور) | مدینہ منورہ | ۱۰ محرم ۶۱ھ | ۵۷ سال | و۔ یزدجرد ش۔ یزید | ذبحائے بیشار بمقام کربلا بجبر ظالمین | کربلائے معلیٰ (عراق) |
| حضرت امام علیؑ | زین العابدین | ابومحمد | حضرت شہربانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران | ۱۱ پسر ۴ دختران | ۱۵ جمادی الاول ۳۶ھ | مدینہ منورہ | ۲۵ محرم ۹۵ھ | ۵۷ سال | و۔ بعہد خلافت امیرالمومنین حضرت علی ش۔ ولید | زہر دادن ولید بن عبدالملک | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام محمدؑ | باقر | ابوجعفر | فاطمہ بنت امام حسن | ۵ پسر ۲ دختران | یکم رجب ۵۷ھ | مدینہ منورہ | ۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ | ۵۷ سال | و۔ معاویہ ش۔ ہشام | زہر ابراہیم بن ولید بن عبدالملک | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام جعفرؑ | صادق | ابوعبداللہ ابواسمٰعیل | ام فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی | ۷ پسر ۳ دختران | ۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ | مدینہ منورہ | ۱۵ شوال ۱۴۸ھ | ۶۵ سال | و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ منصور | زہر منصور دوانقی | جنت البقیع (مدینہ) |
| حضرت امام موسیٰؑ | کاظم | ابوالحسن ابوابراہیم | حمیدہ خاتون | ۱۹ پسر ۱۸ دختران | ۷ صفر ۱۲۸ھ | ابواء (مابین مکہ مدینہ) | ۲۵ رجب ۱۸۳ھ | ۵۵ سال | و۔ مروان الحمار ش۔ ہارون رشید | زہر ہارون رشید عباسی بذریعہ سندی ابن شاہک | کاظمین (عراق) |
| حضرت امام علیؑ | رضا | ابوالحسن | ام البنین | امام محمد تقی فقط | ۱۱ ذی قعدہ ۱۴۸ھ | مدینہ منورہ | ۲۳ ذی قعدہ ۲۰۳ھ | ۵۵ سال | و۔ منصور عباسی ش۔ مامون رشید | زہر مامون رشید | مشہد مقدس (خراساں) |
| حضرت امام محمدؑ | تقی | ابوجعفر | خیزران خاتون (ریحانہ) | ۲ پسر ۲ دختران | ۱۰ رجب ۱۹۵ھ | مدینہ منورہ | ۲۹ ذی قعدہ ۲۲۰ھ | ۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم | و۔ امین عباسی ش۔ معتصم باللہ | زہر معتصم باللہ بذریعہ ام الفضل بنت مامون رشید | کاظمین (عراق) |
| حضرت امام علیؑ | نقی | ابوالحسن | سمانہ خاتون | ۵ فرزند | ۵ رجب ۲۱۴ھ | حوالی مدینہ منورہ | ۳ رجب ۲۵۴ھ | ۴۰ سال | و۔ مامون رشید ش۔ معتمد باللہ | زہر معتمد باللہ | سر من رائے (عراق) |
| حضرت امام حسنؑ | عسکری | ابومحمد | حدیثہ خاتون | حضرت صاحب الامر | ۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ | مدینہ منورہ | ۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ | ۲۸ سال ۲ ماہ | و۔ واثق باللہ ش۔ معتمد باللہ | زہر معتمد باللہ | سر من رائے (عراق) |
| حضرت امام محمدؑ | مہدی (الحجۃ القائم صاحب الزمان) | ابوالقاسم | نرجس خاتون | العلم عنداللہ | ۱۵ شعبان ۲۵۶ھ | سر من رائے عراق | بحکم خدا زندہ ہیں | ماشاءاللہ | و۔ معتمد باللہ | بحکم خدا زندہ ہیں | جائے غیبت سر من رائے |

نوٹ: بادشاہ وقت کے خانہ میں "و" سے ولادت اور "ش" سے شہادت مراد ہے۔ (شاہ زنجانی)

اے عیسیٰ ! نیکی کر کے خوش ہوا کرو کیونکہ اس میں میری رضا ہے اور برائی سے بھاگو کیونکہ اس میں میری ناراضگی ہے۔ حدیث قدسی

# جشن عید میلاد النبیؐ کے زیر سایہ 17 واں عرس

# پیر سید ناظر حسین شاہ زنجانی "بتاریخ 11 ربیع الاول" منایا گیا

## "درگاہ شاہ زنجانی" بھماں جھگیاں، براستہ عامر روڈ، شاد باغ، لاہور سادگی سے منایا گیا

عزت و عظمت ہو اس پروردگار کی جس کے قبضہ قدرت میں سب کی جان ہے۔ "کل نفس ذائقۃ الموت" موت کا ذائقہ سب چکھیں گے۔ مگر موت کسی کو نہیں آتی جسم سے روح نکل کر حکم الٰہی سے عالم برزخ میں پرواز کر جاتی ہے اور مٹی میں دبا دیا جاتا ہے۔ روز جزا کا مالک اس دنیا اور آخرت میں بھی ہر کسی کو اس کے اعمال کی جزا ضرور دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہندو پاک کے علاوہ دنیا بھر میں خصوصاً آئمہ معصومینؑ، اولیاء اللہ کے مزارات تجلیات مرکز ہوتے ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ جو شخص بھی میری قبر کی زیارت کے لیے آئے گا، وہ ایسے ہی ہے جسے اس نے مجھ سے بالمشافہ ملاقات کی ہو اور جو بہن بھائی زاد راہ نہ ہونے کے سبب فی الوقت مکہ مدینہ نجف و کربلا نہیں جا سکتے، وہ اپنے اپنے علاقہ کے لیے اولیاء اللہ کی درگاہوں پر حاضری دے کر اپنے مسائل کے حل کے لیے اللہ سے دعا ان اولیاء اللہ کے وسیلوں سے مانگتے ہیں اور پروردگار عطا کرتا ہے۔ اسی طرح عبداللہ شاہ غازی کراچی، سخی شہباز قلندر سیہون شریف، شاہ شمس تبریز ملتان، بلکہ شہر ملتان تو مدینۃ الاولیاء ہے۔ بابا فرید شکر گنج پاکپتن، امام بری اسلام آباد، حضرت داتا گنج بخش لاہور اور حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی لاہور کی درگاہیں صبح و شام مرجع خلائق ہیں۔ اس خانوادے کے بزرگ میرے دادا پیر سید ناظر حسین شاہ زنجانی کی "درگاہ شاہ زنجانی" سے بھی صبح و شام زائرین فیض پاتے ہیں۔

آپ کا 17 واں سالانہ عرس 10، 11 ربیع الاول کو سادگی سے منایا جاتا ہے۔ 10 ربیع الاول چراغاں، قرآن خوانی کی گئی اور 11 ربیع الاول بمطابق 13 جنوری 2014ء مہمان خصوصی جناب عزیز الرحمٰن چن (صدر پاکستان پیپلز پارٹی)، جناب پیر سید ناظم حسین شاہ کے ہمراہ تشریف لائے۔ دیگر مہمان گرامی جو پہلے درگاہ پر پہنچ چکے تھے۔ ان میں جناب مظہر مرغاب، چوہدری واجد علی خان، حافظ عتیق گوجرانوالہ، پیر ایس اے جعفری (مصور قرآن)، جناب سید ظہور حسین کاظمی المشہدی، سید عابد حسین شاہ، بابا غلام محی الدین، سید شہزاد شاہ، سید اختر علی شاہ، سیٹھ ندیم اور ان کے فرزند سیٹھ حافظ بلال، پیر سید طاہر سجاد زنجانی، پیر سید عمران سجاد زنجانی، علامہ صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ چشتی سیالوی، ملک نسیم رضا، سید اشتیاق شاہ بخاری، عاصم بخاری، سید طاہر حسین زنجانی، سید اقرار حسین زنجانی، سید سلطان شاہ (اسلام آباد)، ڈاکٹر سید نوازش علی شاہ، مبارک مونگا، سید مشتاق حسین شاہ زنجانی، صاحبزادہ پیر سید علی رضا گیلانی ابن سید حسن پیر (سجادہ نشین درگاہ میاں میر)، سعید چاند، سلیم نقشبندی، محمد افضل، محمد علی زرگر، سید ریاض علی شاہ گیلانی، سید ریاض علی شاہ، چوہدری سجاد، محمد امین کے علاوہ (گاؤں کے تین چار سو بچوں کو عرس عیدی دی گئی)۔ پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے دوستوں نے شرکت کی اور میڈیا کوریج دی۔ جن میں ڈان نیوز، دنیا نیوز، سٹی 42، رائل ٹی وی، ابتک نیوز چینل شامل تھے۔ میں اپنے برادران سید مسرور علی زنجانی، سید محمد علی زنجانی، متولی درگاہ سید علی رضا بخاری کے ہمراہ سب آنے والے زائرین کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے عرس میں شامل ہو کر عرس کی رونق بڑھائی۔ آخر میں محفل سماع اور لنگر تقسیم کیا گیا۔

نعلین پاکؐ کی چوری کیخلاف عرصہ 12 سال
سے سراپا احتجاج پیر ایس اے جعفری
0322
4762157

دعا گو شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

شیخ محمد حسین نیوز ایجنسی، فوارہ چوک، جھنگ صدر

اے موسیٰ! دنیا کے ساتھ لمبی امیدیں وابستہ نہ کرو اس سے دل سخت ہو جاتے ہیں اور سنگ دل مجھ سے دور ہے۔ حدیث قدسی

# شجرہ خاندانِ زنجانیہ عالیہ درگاہ پیر شاہ زنجانی

داماد رسولؐ خدا شیر خدا مولائے کائنات پارہ نور اولیس نور ختم المرسلین باب مدینۃ العلم امام اول حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام

- ☆......امام حضرت علی مرتضیٰ داماد رسول مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- ☆......سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام ابن
- ☆......حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ابن
- ☆......حضرت امام باقر علیہ السلام ابن
- ☆......حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ابن
- ☆......حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ابن
- ☆......حضرت امام علی رضا علیہ السلام ابن
- ☆......حضرت امام علی تقی علیہ السلام ابن
- ☆......سید موسیٰ المبرقع شاہ زنجانی ابن (آمد زنجان 225ھ)
- ☆......سید احمد پاک کبیر شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید محمد الاعرج شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید شاہ احمد ثانی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید موسیٰ اصغر شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید میر احمد ابو عبداللہ شاہ ابن
- ☆......سید محمد میر عالم نور شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید میر علی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید میر جعفر نظام الملت زنجانی ابن
- ☆......سید میر عالم ابی محمد شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید امیر علی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید اخی ابو الفرح شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید ابو جعفر شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید علی شاہ جہانیاں زنجانی ابن
- ☆......سید میراں حسین شاہ زنجانی ابن (مدفون لاہور)
- ☆......سید میر حسن شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید میر علی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید اسمٰعیل شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید میر احمد شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید شاہ ابی زید زنجانی ابن
- ☆......سید جلال الدین شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید کمال الدین شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید بابو شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید سلیمان شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید اسمٰعیل شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید عبد الوہاب شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید پیر علی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید شاہ محمد زنجانی ابن
- ☆......سید معظم شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید غلام علی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید مراد شاہ لقب باقر شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید غلام نبی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید کرم علی شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید محمد شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید سکندر شاہ زنجانی ابن
- ☆......سید بابا جیون شاہ زنجانی ابن
- ☆......الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی ابن
- ☆......شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی ابن

درگاہ پیر
شاہِ زنجانی لاہور

## جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

- ☆......شہزادہ سید منصور علی زنجانی
- ☆......شہزادہ سید محمد علی زنجانی
- ☆......شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی
- ☆......شہزادہ سید محمد اذان علی زنجانی

شہزادگانِ زنجانی کا 48ویں پشت سے شجرہ جا ملتا ہے

## شجرہ خاندان زنجانیہ عالیہ

اہلِ خاندان سادات متوجہ ہوں شجرہ نسب خاندانِ زنجانیہ عالیہ 112 صفحات پر مشتمل مرتب کیا گیا ہے۔ دیگر مشائخ عظام پاکستان بھی اپنے بزرگوں کے سالانہ عرس کی تواریخ اس میں شامل کروا سکتے ہیں۔ یہ شجرہ بھی سادات عظام کیلئے شائع کیا گیا ہے۔ روحانیات کا شوق رکھنے والے خاندانِ زنجانیہ کے عقیدت مند اس شجرہ کو ادارہ "آئینہ قسمت" سے ہدیۂ لنگر پانچ صد روپے یا مفت طلب کر سکتے ہیں۔ حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

03004303429

تحفتاً ادارہ سے مفت طلب کریں

# لوح محفوظ

**روحانی فوائد لوح محفوظ** ان کو پڑھنے سے یا پاس رکھنے سے حفاظت از شر شیطان' سر دشمنان' شر حسد دین' شر بدخواہان' شر اشرار' زبان بندی بدگویان' حفظ آبرو' حفاظت آفات' حفاظت بلیات' حفاظت نظر بد' وسعت رزق' رفع پریشانی' رفع بندش' کور چشم دشمن' دوستی' اخوت' محبت' عزت' احترام' شہرت اور نظر خلائق' باطل السحر' تیر بند' تیغ بند' حفاظت ساحران' رفع خرابی کار ہا' کشائش کار ہا' حفاظت ناگہانی موت' حفاظت حادثات' خاندان میں اتفاق اتحاد' محبت زن و شوہر' بیماریوں سے حفاظت' شفائے امراض' حفاظت جانکنی سختی' رفع عداوت' تسخیر ظالم' ہول اور وحشت کی دوری' حفاظت موذی جانور' حفاظت درندہ' موت کے وقت چہرہ نورانی' برے خیالات سے حفاظت۔ آپ اس زمانہ میں تنگی اور مشکلات کی زندگی بسر کر رہے ہیں خواہ کوئی وجہ ہو قرض نے نیند حرام کردی ہو باوجود محنت اور کوشش کے روزگار نہ ملتا ہو پیسے میں برکت نہ ہو' ترقی نہ ہوتی ہو' ملازمت نہ ملتی ہو یا اور کسی بھی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی ہو کاروبار دن بدن نقصان میں ہو۔ کسی دشمن کا خفیہ ہاتھ کام کر رہا ہو تو **لوح محفوظ** تحفتاً شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے لیکر اپنے پاس رکھیں یا فریم کروا کر گھر میں لٹکائیں فوائد بے بہا مشاہدہ ہونگے۔ یہ دعویٰ نہیں حقیقت ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح محفوظ ہوگی اس شخص کے سب کام قدرت الٰہی سے درست ہوتے جائینگے۔ دوسرا یہ کہ اس شخص پر آفت' مصیبت' اذیت اور ناگہانی موت نہ آسکے گی۔ آگ تیر تلوار اور گولی بھی اس شخص پر اثر انداز نہ ہوسکے گی۔ گویا کہ یہ ایک قسم کی بلٹ پروف جیکٹ ہی ہوگی مقصد یہ ہے کہ جب آپکے پاس لوح محفوظ ہوگی آپ کا اپنا تحفظ خود بخود ہوگا مختصر یہ کہ نہایت ہی مجرب اور کامیاب لوح ہے آپ استعمال کر کے دیکھیں فوائد بے شمار ظاہر ہونگے۔ انشاء اللہ

**یہ لوح محفوظ** مجموعہ احراز **150** مختلف دعاؤں قرآنی آیات اور ایک ہزار اسمائے حسنیٰ پر مشتمل ہے۔ ان کی تفصیل یہ ہے۔
**(1)** حرز جواد علیہ السلام **(2)** حرز یمانی **(3)** حرز ابو دجانہ **(4)** دعائے معراج **(5)** دعائے الامان **(6)** دعائے نادعلی کبیر
**(7)** دعائے نور کبیر **(8)** دعائے جوشن کبیر **(9)** ایک ہزار اسمائے حسنیٰ **(10)** آیت الکرسی **(11)** چار قل **(12)** حرز یا من تحمل
**(13)** حروف مقطعات **(14)** حرز خدیجۃ الکبریٰؑ (2 عدد) **(15)** 4 عدد حرز النبیؐ **(16)** حرز فاطمۃ الزہرا **(17)** حرز علی علیہ السلام
(دو عدد) **(18)** حرز حسن و حسین علیہ السلام **(19)** حرز حسن علیہ السلام **(20)** حرز حسین علیہ السلام **(21)** حرز زین العابدین علیہ السلام
(تین عدد) **(22)** حرز باقر علیہ السلام (دو عدد) **(23)** حرز صادق علیہا السلام (دو عدد) **(24)** حرز موسیٰ کاظم علیہ السلام (چھ عدد)
**(25)** حرز امام رضا علیہ السلام (تین عدد) **(26)** حرز محمد تقی علیہ السلام **(27)** حرز علی نقی علیہ السلام **(28)** حرز حسن عسکری علیہ السلام
(دو عدد) **(29)** حرز ولی عصر علیہ السلام (دو عدد) ان کی بزرگ علمائے متقدمین نے انبیاءؑ و آئمہ اطہارؑ سے نسبت بیان فرمائی ہیں۔

**نوٹ: لوحِ محفوظ** (مفت) منگوانے کیلئے مقامی و غیر مقامی بہن بھائی پتہ لکھا رجسٹرڈ لفافہ ابھی سے جمع کروا کر اپنی لوحِ محفوظ ملنے کو یقینی بنالیں۔
ایک بار پھر وضاحت ہے کہ یہ **لوح تحفتاً** (مفت) خوشنودی خدا اور رسولؐ و چہاردہ معصومینؑ کیلئے دی جا رہی ہے، ہدیہ آپ خود 14,12,5 سائلین کو کھانا کھلائیں۔ UK اور USA والے صرف پوسٹ خرچہ بنک اکاؤنٹ میں جمع کروا کر بذریعہ خط یا ای میل اپنا پتہ روانہ کریں۔ E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

الحاج شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی۔ کاشانہ زنجانی۔ D-125، گلبرگ 2، لاہور، فون: +924235872277

خواجہ مظاہر حسین بک سیلرز، مین بازار، اوچ شریف

# 2015ء کا اسمِ اعظم

# یا علیمُ بحق اللّٰھم صلِ علی محمدٍ و آلِ محمد

از تحریر: شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی

**2015ء کے اسم اعظم کی برکات**

قدرت کا ہر در علم سے کھلتا ہے، خواہ وہ دنیا ہو یا آخرت، دولت ہو یا من کی مراد یا پھر عشقِ حقیقی کی جستجو، مندرجہ بالا اسم اعظم بمعہ درود شریف 1500 یا 150 مرتبہ پڑھنا کسی نماز کے بعد معمول بنالیں، زندگی کا ہر روشن پہلو آگاہی علم حقیت بن کر آجائے گا اور اپنی منزل مراد اسی سال پالیں گے۔ سال کی کسی بھی جمرات یہ عمل شروع کریں، پھر 2015-12-31 تک ناغہ نہ کریں۔

**درود کے فضائل اور تاکید:** قرآن مجید میں آیا ہے کہ خدا اور فرشتے رسولِ خداؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے مومنین تم بھی اُن پر درود و سلام بھیجو۔ اول یہ واضح ہو کہ حضرت محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام پر جو درود بھیجی جاتی ہے۔ اِس کے معنی یہ ہیں کہ (بارِ خدایا محمدؐ و آلِ محمدؐ کے درجے اور بھی زیادہ بلند کر اور ان کو اور بھی زیادہ اپنی درگاہِ اقدس میں معزز و مقرب فرما) پس جس وقت اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ زبان سے کہیں۔ اس کے معنی بھی دل میں گزریں۔

جنابِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو کوئی مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، حق تعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر دس بار درود بھیجے، خدا اُس پر سو بار درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر سو بار درود بھیجے خداوند رحیم اس پر کبھی جہنم میں عذاب نہ کرے گا اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے، خدائے تعالیٰ اس پر ایک درِ عافیت کا کھول دے گا اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے، اس پر ذرّہ بھر گناہ نہ رہے گا اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ یا علیؑ جو ہر روز یا ہر شب مجھ پر درود بھیجا کرے، اس کے لیے مجھ کو شفاعت واجب ہوگئی، اگر چہ اس نے گناہِ کبیرہ کیے ہوں۔

حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص کسی ایسے عمل پر قادر ہو جو اس کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے تو وہ محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام پر درود بھیجا کرے، کیونکہ درود گناہوں کو منہدم کر دیتی ہے اور حضرت رسولِ خداؐ فرماتے ہیں کہ جو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درود بھیجے خدائے تعالیٰ اس کو بہتر شہیدوں کا ثواب عطا فرمائے گا اور گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا جیسے کوئی بچہ ماں کے پیٹ سے بے گناہ پیدا ہوتا ہے۔ یہ بھی فرماتے ہیں کہ کوئی ایسا بندہ نہیں جو مجھ پر درود بھیج کر اپنے دونوں فرشتوں کو سنائے مگر یہ کہ اس کے گناہ تین روز تک نہ لکھیں گے۔ یہ بھی فرمایا کہ جو مجھ پر روز جمعہ سو بار درود بھیجے خدا اس کے اسی برس کے گناہوں کو بخش دیں گے اور جو کوئی روز جمعہ مجھ پر ہزار دفعہ درود بھیجا کرے، مرتے نہیں پائے گا کہ اپنی جگہ بہشت میں دیکھ لے گا۔ یہ بھی فرمایا کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درود بھیجنا خدا کے نزدیک تسبیح و تہلیل و تکبیر کے برابر ہے۔ یہ بھی فرمایا کہ جو مجھ پر درود بھیجتا ہو، وہ ہرگز جہنم میں جانے نہ پائے گا اور جو مجھ پر درود بھیجنا بھولا وہ بہشت کے راستے سے بھٹک گیا اور جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے تو وہ البتہ بہشت کے راستہ سے بھٹک گیا اور یہ بھی فرمایا کہ جو بھی دعا ہو اس کے اور آسمان کے بیچ میں حجاب اور رکاوٹ رہتی ہے جب تک کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درود نہ بھیجا جائے، مگر جب درود بھیجیں تو وہ حجاب ہٹ جاتا ہے اور دعا داخل ہو جاتی ہے اور اگر درود نہ بھیجا جائے تو دعا نہیں ابھرنے پاتی۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک روز جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یا علیؑ کیا میں تم کو خوشخبری دوں۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہاں یا حضرت میرے ماں باپ آپ پر فدا، آپ تو ماشاء اللہ ہمیشہ ہر خیر و خوبی کی خوشخبری دیتے ہی رہتے ہیں۔ پس فرمانے لگے کہ جبرائیلؑ نے تعجب کے ساتھ مجھ کو ایک خبر دی ہے۔ حضرت امیرؑ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا خبر دی؟ فرمایا کہ یہ خبر دی کہ میرا اُمتی جب مجھ پر درود بھیج کر میرے اہلبیت پر بھی درود بھیجتا ہے تو حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیتا ہوں اور فرشتے اُس پر ستر درود بھیجتے ہیں اگر وہ گنہگار و خطاوار ہوگا تو گنہگاریاں اس پر سے اس طرح جھڑ جائیں گی جس طرح درخت سے پتے جھڑتے ہیں اور حق تعالیٰ فرمائے گا کہ لبیک و سعدیک یعنی ہاں اچھا اے میرے بندے۔ اے فرشتو! تم اس پر ستر ہی درود بھیجتے ہو میں سات سو (700) درود اس پر بھیجتا ہوں اور جبکہ **میرا اُمتی مجھ پر درود بھیجے مگر میرے اہلبیت علیہ السلام کو ملا کر ان پر درود نہ بھیجے تو اُس کی درود اور آسمان کے درمیان ستر حجاب یعنی رکاوٹ ہوں گی** اور حق تعالیٰ فرمائے گا لَا لبیك ولَا سعدیك۔ اے فرشتو! اس کی دعا کو ابھرنے مت دو جب تک کہ یہ نبیؐ سے اُن کی عترت کو نہ ملاوے اور اسی طرح اِس کی دعا رُوکی رہے گی جب تک کہ مجھ سے میری آل کو نہ ملائے۔

البیرونی تقویم ✲ بارہ امامیہ جنتری ✲ آج قیمت ... ✲ ولی العصر بک ڈپو، پنجابی بازار، پاراچنار ✲ خیبر سٹیشنری مارٹ، سکول روڈ، پاراچنار

آسمانی کونسل کا سپریم اور قسمت یاوری کا ستارہ مشتری
24
شرفِ مشتری کا تحفہ
JUPITER
THE GIANT PLANET

کائنات کی خوبصورت تخلیق میں آسمانی کونسل پر قدرت کا ایک عظیم روحانی شاہکار ستارہ مشتری جسے بارہ منطقۃ البروج میں بارہ سال بعد برج سرطان بحساب یونانی 15 اور بحساب ویدک 5 درجہ پر شرف ہوتا ہے۔ 2013/2014 میں دو مرتبہ یونانی اور ایک مرتبہ ویدک حساب سے شرف رہا ہے۔ لاکھوں ہزاروں بہن بھائین جن کو اس ستارے کے خواص کی معرفت ہے۔ انہوں نے از خود یا کسی عامل کی خدمات مستعار لے کر اس بابرکت وقت سے فیض پایا، جو بہن بھائی کسی سبب فیض نہ پا سکے یا پھر انہیں اس ستارہ کے خواص کی معرفت نہیں، ان کے لیے بھی 2015ء میں آخری مرتبہ قدرت کی مہربانی سے منجم زنجانی برادرز نے شرفِ مشتری کا عین شرف مشتری کے بابرکت ایام میں پرنٹ شدہ رنگین نقش آپ کی خدمت میں تحفۃً پیش کرنے کا عزم کیا ہے۔ قارئین زنجانی جنتری، 12 امامیہ جنتری، البیرونی تقویم کی خدمت میں شرفِ مشتری کا تحفہ پیش خدمت ہے۔ اس سے بہ آسانی فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

پہلے اس ستارہ کی سعادت کو جانیں۔ یہ وہ روشن ستارہ ہے جس کی زمانہ قدیم میں پوجا کی جاتی رہی ہے۔ قدرت نے اس ستارے میں تخلیق خیر و برکت کی بے پناہ صلاحیت رکھی ہے۔ یہ الہامی کیفیات، پر اسرار علوم، علومِ مخفیہ، علم نجوم کا ستارہ ہونے کے ساتھ ساتھ یہ روحانیات، کلی طور سے دولت کا بھی ستارہ ہے۔ اس سے منسوب نمبر 3 اور دن جمعرات ہے۔ ہر کوئی جانتا ہے کہ جمعرات اولیاء اللہ کا دن ہے، ملک بھر کے مزارات پر زائرین کا رش اولیاء اللہ اور ہمارے گذشتگان، بزرگوں کی ارواح کی اس دن آمد ہوتی ہے۔ ارواح سے رابطہ اور ان سے مدد و راہنمائی کی وسیلہ محمد و آلِ محمد ﷺ دعائیں کی جا سکتی ہیں۔ مشتری دین اسلام کا بھی ستارہ ہے۔ (بعض کے نزدیک زہرہ) اولیاء اللہ، انبیاء اور خود قدرت کا بھی میرے نزدیک یہی ستارہ ہو سکتا ہے، جو 70 ماؤں سے بھی زیادہ محبت کرنے والا ہے۔ مزید کچھ آگاہی کے لیے ستارہ مشتری کے وہ خواص جو علم نجوم کی قدیم و جدید کتب میں لکھی ہیں۔

دولت کے ستارہ مشتری کے خواص و افعال میں تفصیل سے لکھوں تو کتاب بن جائے گی۔ تسخیر سلطنت، فتوحات، ناموری، خلقت پر بزرگی، ستارہ مشتری میں روحانیت، جذبہ انسانیت، ترقی رزق فراوانی، حصولِ علم، تسخیر خلق اور بھی نیک مقاصد حل کیے جاتے ہیں اور ان خصوصی مقاصد کے لیے شرفِ مشتری اعمال ہم تیار کرتے ہیں۔ مختصراً یہ افزائش دوستی خلق، خوش قسمتی، تکمیل امید آرزو، حب، تسخیر، حصولِ دولت، روحانیت، جذبہ انسانیت، ترقی، فراوانی، رزق، رہائی از قید، چھٹکارا از مصائب و تفکرات، حصولِ علم، تاثیر تحریر، سیاسی استحکام، فتح یابی ہر مقابلہ، افادہ زمیندار، بانڈ کا انعام نکلنا، ویزہ، بیرونِ ملک سفر سے خوش بختی، خوشحال شادی، حفظ و امان، تحفظ از جادو و سحر ٹونہ، تحمل مزاجی، شفائے امراض، حصولِ اولاد، حوصلہ جرأت، تجاویز میں مثبت و تاثیرات، خرید و فروخت، جائیداد میں نفع، فرحت و سکون قلب، سخاوت و تواضع، استحکام حکومت، علوم و مرتبت، قیام امن و بیع مال اس کے ادنیٰ اثرات میں سے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ستاروں میں ضرور خدا نے خاص تاثیر رکھی ہے، ورنہ ان کو مسخر کرنے کا فائدہ ہی کیا۔ دولت کے ستارہ مشتری کو دائرۃ البروج میں برج قوس اور برج حوت کا حاکم ہے۔ نظامِ قدرت سے حصولِ خوش بختی کی قوی توقع رکھنے والوں کو گذشتہ 12 برس سے شرفِ مشتری کا انتظار تھا، جو 12 برجوں کا دور 12 سال میں مکمل کر لیتا ہے۔ یعنی ہر برج میں 13 ماہ رہتا ہے، اس کا دن جمعرات عدد 3 ہے۔

اے موسیٰؑ! توبہ کرنے میں جلدی جبکہ گناہ میں تاخیر کرو نماز میں میرے سامنے گریہ کرو۔ حدیث قدسی

## شرفِ مشتری کے تحفہ سے فیض یابی کا ذریعہ

نماز فجر بروز جمعرات قبل از وقت طلوع آفتاب کے بعد شرفِ مشتری کے رنگین نقش کو قبل ازیں ڈبل شیشہ کا فریم کروا کر دو نفل حاجت ادا کر کے خلوصِ دل سے دعائیں کر کے اپنے گھر یا آفس جنوب کی سمت لگائیں تاکہ شمال سے آنے والی شعاعیں اس پر پڑتی رہیں۔ روزانہ ہمراہ صندل کی اگربتی روشن کریں۔ جس مقصد کے لیے شرف مشتری کا نقش گھر میں لگائیں گے وہ نیک حاجت جلد یا سال کے اندر اندر بر آئیں گی۔ (دعاگو: شاہ زنجانی)

# حصول سعادت مشتری خدمت سب کے لیے

## مشتری اور ویدک آسٹرالوجی

### اپنے زائچہ کی روشنی میں حصولِ خیر و برکت کے اُپائے

مشتری کو ایک عظیم وقف مذہبی سمجھا جاتا ہے، جس کا مطلب ہے مذہب عام توسیع اور دولت مندی۔ مضبوط مشتری کے لوگ منظم مذاہب کی پیروی، تعلیم یافتہ اور ہر کام کو اچھے طریقے سے کرنا جانتے ہیں۔ اگر مشتری کی نشست زائچہ میں اچھی نہ ہو تو یہ آپ کے ذہن کو بھی متاثر کرتی ہے اور مادی دولت سے بھی محروم رکھتی ہے۔ تو یہ آسمان کا سپریم اُستاد کہلاتا ہے جو زندگی میں عقل، دانائی، دانش، فہم، دور اندیشی، علم اور حکمت پیدا کرتا ہے۔

ویدک نجوم میں مشتری کو سب سے زیادہ مہربان سمجھا جاتا ہے، جو ہمیں حکمت، عزت، طاقت، سخاوت، انصاف، فلسفہ، مذہب، دولت، خوشحالی، ذہنی سکون، تعلیم، فوائد اور روحانیت دیتا ہے۔ زائچہ میں مشتری کی اچھی پوزیشن زندگی میں بہت سے اچھے مواقع فراہم کرتی ہے۔

مشتری نظام شمسی کا سب سے بڑا سیارہ ہے۔ اس کا نمبر پانچواں اور شمس سے 501 ملین میل دور ہے۔ اس کا قطر 142986 کلومیٹر ہے۔ یہ اپنے مدار میں تقریباً 10 گھنٹے میں گھومتا ہے۔ شمس کے گرد اس کا چکر 12 سال میں مکمل ہوتا ہے۔ مشتری کی جسامت زمین کے مقابلہ میں 317.7 گنا بڑی ہے۔ تمام سیاروں کے درمیان اس کی کشش سب سے زیادہ مضبوط ہے۔

کمزور اور خراب مشتری زائچہ میں بہت سی خرابیاں پیدا کرتا ہے۔ جیسا کہ خود غرضی، غیر ضروری اخراجات، جنگ، شادی کے مسائل، لڑائی جھگڑا، بد نصیبی، بولنے کے مسائل اور خاندانی مسائل

انسانی جسم میں یہ جگر، ٹیومر، کان، پیٹ کا نچلا حصہ، کولہے، خون، بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتا ہے۔ جبکہ اسی خراب نشست کی وجہ سے یرقان، گیسٹرک، دائمی قبض، کھانسی، سردی، دمہ، ناک سے خون بہنا، جگر کی کمزوری، کان کا مسئلہ اور ہائی بلڈ پریشر جیسی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔

ہر سیارے کی اپنی طاقت ہوتی ہے۔ خراب سیاروں کی نحوست کی وجہ سے زندگی میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ سیاروں کی نحوست کو کم کرنے کے لیے آسٹرالوجی ہمیں ریمیڈیز دیتی ہے۔

مشتری تمام سیاروں کا استاد ہے۔ اس کی نحوست کو دور کرنے کے لیے چینی، کیلے، زرد رنگ کے کپڑے، کیسر، نمک، ہلدی، پیلے پھول اور کھانے کی اشیاء کا صدقہ دیں۔ مشتری سے منسوب جواہرات کا صدقہ بھی دیا جاسکتا ہے۔ جمعرات کا دن صدقہ اور عطیہ کے لیے بہترین ہے۔ کسی ضرورت مند یا مذہبی افراد کو دی جانی چاہیے۔

متاثرہ شخص جمعرات کا روزہ رکھے اور غریب لوگوں کو پیلے رنگ کی مٹھائی کھلائے اور کیلے بانٹے اور پرندوں میں خاص طور پر کوؤں کو کھلائے۔ غریب لوگوں کو دہی چاول سے خدمت کرے۔ اتوار اور جمعرات کے علاوہ تمام دنوں میں برگد کے درخت کو پانی دے۔

چونکہ مشتری تمام سیاروں کا استاد ہے۔ اس لیے مذہبی افراد اور اساتذہ کی خدمت کرنے سے بھی اس کی نحوست کم ہوگی۔

### مشتری کے گھروں میں اثرات اور ریمیڈیز

**پہلا گھر:**

**اچھا:** پیدائشی اچھا ایڈمنسٹریٹر، نڈر، صاف دل، مذہبی اچھی نظر والا ہوگا۔

**بُرا:** مشتری عام طور پر 14 سال کی عمر تک برا ہے۔ والد کو دمہ کی شکایت اور ذہنی خرابی ہوسکتی ہے۔

**ریمیڈی:** خواتین کا احترام کرنا چاہیے۔

## دوسرا گھر:

**اچھا:** معاشرہ میں احترام، زراعت، تعمیر کا کام فائدہ مند ہوگا۔ عورت سے متعلق چیزوں میں کاروبار سے بھی فائدہ دے گا۔ سونے اور زیورات سے متعلق کاروبار اچھے نتائج نہیں دے گا۔

**بُرا:** اپنی اور بیوی کی بیماری، خاندانی زندگی کافی دشوار گزرے گی۔

**ریمیڈی:** مہمان نوازی میں کوئی کسر نہ چھوڑیں اور کبھی مہمانوں کی توہین نہ کرے۔

## تیسرا گھر:

**اچھا:** اسکالر، امیر، بہادر، اچھی صحت، لمبی زندگی، اپنے بہن بھائیوں کا خیال رکھنا۔

**بُرا:** ڈرپوک، اشوب، خراب صحت، دوست اور دشمن مشکلات پیدا کریں گے۔

**ریمیڈی:** کبھی اپنے آپ کو بدزبانی نہ کریں اور ہمیشہ صدقہ چھوٹی بچیوں (لڑکیوں) کو دیں۔

## چوتھا گھر:

**اچھا:** بادشاہ کی طرح مشہور، خوش نصیب، روحانی طاقت کے حامل، مذہب سے قائم رہنا، ہمیشہ دوسروں کی مدد کرنا، طویل زندگی ملتی ہے۔

**بُرا:** اپنی بربادی کا خود ذمہ دار، اگر عمر کے 34 سال بعد محبت میں گرفتار ہوتا ہے تو فیملی بری طرح متاثر ہوگی۔

**ریمیڈی:** بڑوں کی عزت اور جنس مخالف سے تعلقات سے باز رہے۔

## پانچواں گھر:

**اچھا:** ایماندار، قابل احترام، مختصر غصہ کرنے والا۔

**بُرا:** اگر مذہب کے نام پر کماتا ہے تو اس سے بچوں کے نقصان کا خطرہ ہے۔

**ریمیڈی:** گوشت سے پرہیز کرے اور غیر ازدواجی معاملات سے بچنا چاہیے۔

## چھٹا گھر:

**اچھا:** قدرتی ولی یا بزرگ، اگر جد کے نام پر صدقہ و خیرات کرے گا تو کامیاب ہو جائے گا۔

**بُرا:** مشتری عموماً 34 سال کی عمر میں برا ہوتا ہے۔

**ریمیڈی:** کتے کو میٹھی روٹی اور کتا پالتو جانور نہ ہو۔

## ساتواں گھر:

**اچھا:** بیوی خوبصورت، مددگار اور خوش قسمتی کی بنیاد ہوگی۔ 45 سال کی عمر میں بیٹے کی پیدائش ہوگی۔ مذہبی جسمانی طور پر مضبوط، بیرون ملک کمائی کرنے کی کوشش بے کار رہے گی۔

**بُرا:** مجرم ہو سکتا ہے یا بڑھاپے میں پیشہ اور خوشی کے لیے کوشش کر سکتے ہیں۔

**ریمیڈی:** مذہب کی تشہیر نہ کرے اور گمراہ کرنے والوں سے بچے۔

## آٹھواں گھر:

**اچھا:** اچھی صحت، لمبی زندگی، زندگی خوشیوں سے بھرپور اور روحانی طاقت۔

**بُرا:** بدنام

**ریمیڈی:** اگر دادا زندہ نہیں ہے تو گلے میں سونے کی چین پہنے۔ زندہ ہو تو سالگرہ پر ہم وزن باجرہ کا صدقہ دیں۔

## نواں گھر:

**اچھا:** باتوں کا پکا، اس کے بڑے امیر اور بااخلاق ہوں گے، شراب سے نفرت، سنار یا زیورات کا کاروبار کر سکتا ہے، اپنی صلاحیتوں کی وجہ سے مشہور۔

**بُرا:** غریب، مذہب کی مخالفت، خدا پر یقین نہ رکھنا۔

**ریمیڈی:** اپنے مذہب کی عزت کرے اور روزانہ عبادت گاہ جائے۔

## دسواں گھر:

**اچھا:** خود ساختہ، چالاک، عورتوں یا مردوں سے تعلقات

**بُرا:** کامیاب ہوگا اگر ایمانداری سے کام کرے، اس کے خاندان میں ہر قسم کی مشکلات ہوں گی۔

**ریمیڈی:** کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے اپنے ناک کی صفائی کرے۔

## گیارہواں گھر:

**اچھا:** اس طرح کا شخص تمام خوبیوں اور خصوصیات کا حامل ہوتا ہے۔ اگر تمام خاندان کے ممبران متحد ہیں تو اچھی خاندانی زندگی گزارتا۔

**بُرا:** بہن اور چچی کے لیے برا ہے۔ والد کی موت کے بعد ان کی پوزیشن بگڑ جائے گی۔

**ریمیڈی:** وعدہ کا پکا ہو، اپنے خاندان کے ساتھ رہے اور ان کی مدد کرے، شراب اور گوشت سے پرہیز کرے۔

## بارہواں گھر:

**اچھا:** اس طرح کا شخص اچھائی کا کام کرتا ہے۔ ولی، بزرگ، دانشور اور روگی ہوتا ہے۔ اگر کوئی اس کو تنگ کرے تو یہ بدلے میں اس کو تنگ کرتا ہے اور اگر کوئی بھلائی کرے تو یہ فائدہ دیتا ہے۔

**بُرا:** طویل زندگی جو دوسروں کے لیے بری ہے۔ بچہ کی پیدائش میں مسائل، برے فعل موت کی وجہ بنتے ہیں۔

**ریمیڈی:** اپنے سر کو زعفرانی رنگ کے کپڑے سے ڈھانک کر رکھے، گلے میں کچھ مت پہنے اور اپنے اُستادوں کو عزت دے۔

شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ

**12 سال بعد کائناتی خیر و برکت خوش بختی**

**حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا، تو اُسے حق ہوگا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو**

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔(ارشاد امام علی رضاؑ)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کے لیے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ قبل ازیں پانچ روپے کے شرفِ مشتری کے نوٹ **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کر کے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیض یاب کیا۔ 12 سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق و دولت لاتی ہیں۔ انہی ساعتوں کو عامل **شاہ زنجانی** نے آپ کے لیے سمیٹ لیا ہے۔ شرفِ مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔ اس نوٹ کی، کی (Key) اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔ تبھی شرفِ مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔ جس طرح **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** کے ابجد قمری **786** ہیں اور مفرد عدد 3 ہے۔ اسی طرح **اللہ** کے ذاتی نام کے اعداد **66** جس کا مفرد بھی **3** ہے۔ سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ روحانی تحقیق کے مطابق مشتری اللہ، اولیاء اللہ، انبیاء، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر 3 سے رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ شرفِ مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کے لیے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لے کر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔ آپ اللہ سے تجارت کر کے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔

نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں، بہن بھائی **2 ہزار** روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ انکی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں **1900** روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرفِ مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائے گا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کیساتھ **50** روپے کے علاوہ **50** روپے ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔ بیرونِ ملک رہنے والے، بہن بھائی اپنے رہائشی ملک کا نوٹ بھی بنوا سکتے ہیں۔ (**رابطہ: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی 0300-9483758**)



**شرفِ مشتری کا تحفہ:** سبع طلسمات مشتری کا رنگین پرنٹ شدہ نقش 4 x 6 انچ سب قارئین کے لیے 100% مفت تحفۃً حصولِ خیر و برکت کے لیے اپنے آفس، دکان، فیکٹری یا سو یٹ ہوم میں لے کر شمال کی سمت لگائیں اور اگلے بارہ سال سکھ پائیں۔

**ھدیہ الواح** | سونا ہدیہ: ... | ... ہزار روپے | کاغذ، مشک، زعفران ہدیہ: پانچ ہزار روپے

اے موسیٰؑ! بہرحال موت کا تمہیں سامنا کرنا ہے لہٰذا زادِ راہ زیادہ سے زیادہ جمع کرو جو روزِ قیامت کام آئے۔ حدیث قدسی

# لوحِ مصطفائی

یارب تری رحمت سے مایوس نہیں فانی
لیکن تری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے



مصائب اور
انبساط غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کسی کو زیادہ اور کسی کو کم۔ درحقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی۔ قہقہوں کی سمندر بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردشِ ایام کے کوڑے سہتا ہے۔

**سکون محال ہے قدرت کے کارخانے میں**
**ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں**

آفت و بلا درست، تکلیف اور دکھ بجا، لیکن خداوند تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے اپنے کلام بلاغت نظام میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل اور مصائب بھی اس کلام پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے، چنانچہ ماہر فلکیات و عامل عملیات و تعویذات قبلہ منجم اعظم شاہ زنجانی صاحب نے نوروز 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوحِ مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے حضور کا یہ فیض حلقہ خاص تک تھا، اب آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوحِ مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔

☆ بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہوں گے ☆ افسرانِ بالا مہربان ہوں گے ☆ ہر شخص آپکا احترام کریگا ☆ قرضہ ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہوں گے ☆ مقدمات میں کامیابی ہوگی ☆ حسب منشاء ملازمت ملے گی ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہوسکے گا ☆ کاروبار میں کشادگی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوگی ☆ مایوس مریضوں کو شفاء منجانب اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ دور ہوگی ☆ جائیداد حسب منشاء فروخت ہوسکے گی ☆ محبوب کو آپ سے والہانہ محبت ہوگی۔ غرضیکہ لوحِ مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی جملہ شکایات دور ہوں گی۔

پس لوحِ مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں وہ تفصیل سے لکھیے اور سائل کی والدہ کے نام بھی تحریر فرمائیے۔ لوحِ مصطفائی آپ کو عمر بھر کام دے گی۔

ہدیہ 751 روپے۔ نوٹ: ایک وقت میں صرف 2 مقاصد لکھیں۔

## خاندان زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف

| | | |
|---|---|---|
| نقش اسم اعظم | حصولِ خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں | ہدیہ-/500روپے |
| نقش نادِ علیؑ | نادِ علیؑ کا وِرد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اسکا نقش دشمن کے ہوار کو بے اثر کرکے حرزِ جاں بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے | ہدیہ-/500روپے |
| نقش تخلیص | بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کرکے انسان کو تباہی و بربادی سے بچالیتا ہے | ہدیہ-/500روپے |
| نقش انقلاب عظیم | تبادلہ حسب منشاء کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانہ تحفہ نہیں ہے | ہدیہ-/500روپے |
| نقش یوسفؑ | گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ | ہدیہ-/500روپے |
| نقش محافظ | یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے | ہدیہ-/500روپے |
| نقش ولادت | دردِ ولادت میں کمی کرکے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے | ہدیہ-/500روپے |

مینیجر شعبہ روحانیات آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ)، لاہور
بیرونِ ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پونڈ ہے
فون لاہور: 042-35752277 - 35872277
فون کراچی: 021 - 32217544
0300 - 9483758

اے موسیٰ! مجھ سے میرے فضل اور میری رحمت کا سوال کرو کیونکہ دونوں میرے پاس ہیں کسی اور کے پاس نہیں۔ حدیث قدسی

## توشہ اصحاب کہف

کی پر نور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورہ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگان دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان مصیبت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت کو ان ہستیوں کے صدقے دور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیر نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلاف شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف تین سو روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک دو یا تین۔ زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

## روحانی مشاورت

Understanding DUA

خوشی و غمی سے مرقع اور روحانی و جسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علمِ نجوم اور دیگر علوم مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لمحہ متاثر ہوتے ہیں۔ مصروفیات زندگی مثلاً ذاتی مسائل، مال و اسباب، عزیز و اقارب، گھریلو مسائل، معاملات عشق و محبت، غیر متوقع آمدن، انعام وغیرہ، صحت و قرض کے مسائل، شادی اور شراکت، وراثت اور حادثات، سفر، روحانیات، ترقی و روزگار، خواہشات، خفیہ امور، مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے منجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

## لوح امساک

نوٹ: پامسٹری کے شائقین بھی ذاتی طور پر مل کر لائف پُر اسرار علم سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

چاند و سورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندان عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آ رہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیر ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنا لیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے اکسیر قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو منتوی سے منتوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح مبلغ پانچ صد روپے ہے۔ گزشتہ سال چھ لوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند لوح باقی رہ گئی

| | | |
|---|---|---|
| ٣٦٤ | ٣٥٨ | ٣٦٦ |
| ٣٦٥ | ٣٦٣ | ٣٦٠ |
| ٣٥٩ | ٣٦٧ | ٣٦٢ |

## عطر تسخیر محبوب

آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم و لباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کر لیں۔ واللہ المستعان علی ما تصفون یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ بس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اسکے بعد عروج ماہ تک عمل جاری کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائیں گے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و الفت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں

ہدیہ پانچ صد روپے

## طلسماتی دھاگہ

چھوٹے بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندان زنجانی عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آ رہا ہے ایسے والدین جن کے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو آئینہ قسمت کے دفتر سے منگوا کر بچوں کو دس سال کی عمر تک گلے میں ڈالے رکھیں بچے نظر بد سے محفوظ رہیں

اے موسیٰؑ دنیا سے اپنے آپ کو پاک رکھو کیونکہ نہ تو دنیا تیرے لیے ہے اور نہ تو دنیا کیلئے۔ حدیث قدسی

ایک فلکیاتی جائزہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کے قلم سے
بدلتا پاکستان
1947 تا 2015
نیا پاکستان
تعمیر وطن کا سال
naya pakistan

## زائچہ پاکستان میں تعمیر و ترقی کے دس سالہ دورِ اکبر قمر کی ابتداء 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء؟

# کیا پاکستان میں مارشل لاء ریٹائر ہو چکا ہے؟

### بدلتا نیا پاکستان 1947ء تا 2015ء

علم نجوم سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے خاص طور سے اور عمومی دلچسپی رکھنے والے قارئین کے لیے پاکستان کے حوالے سے یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ پاکستان کے ستارے دنیا کے ساتھ بدل رہے ہیں اور اس کے اثرات پاکستانیوں پر پڑ رہے ہیں۔ ہمارے عالمی اقوام کے ساتھ رشتے کیسے بنتے اور ٹوٹتے رہتے ہیں، یہ سب جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔

سبع کواکب میں ستارہ زحل ہی ایک ایسا ستارہ ہے جو ½29 سال میں بارہ منطقۃ البروج کا ایک چکر مکمل کرتا ہے۔ عام زندگی میں جب یہ دو چکر مکمل کرتا ہے تو ہماری بیالوجیکل لائف تقریباً 60 سال ریٹائرمنٹ کی عمر ہو جاتی ہے۔ 60 سالہ دور 1947ء تا 2007ء کی عمر تک پاکستان میں جیسے ہی سیاسی حالات خراب ہوئے فوراً مارشل لاء لگتا رہا۔ وہ بھی منگل کے دن چونکہ پاکستان کا ستارہ ہی منگل (مریخ) ہے۔ اب تک پانچ مارشل لاء منگل کے دن اور چھٹا جوڈیشل مارشل لاء بھی منگل ہی کے دن لگا۔ یہ کیسا اتفاق ہے؟ یہ زائچہ پاکستان بار بار کیوں بول رہا ہے، اس کی آواز منجمین کے ساتھ اب پاکستانی عوام، پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا بھی سننے لگی ہے۔

اب جبکہ اگست 2014ء میں اسلام آباد کا ریڈ زون تک متاثر ہو گیا، مگر مارشل لاء پھر بھی نہ لگا۔ جبکہ آسمانی کونسل پر زائچہ پاکستان میں ستاروں کی جنگ (قران نحسین زحل مریخ) اپنے عروج پر تھی مشترکہ نحس ایام میں ستارہ مشتری وتد الارض پر قانون و مذہب اور مثبت تبدیلیوں کا ستارہ ہو کر 19 جون 2014ء تا 14 جولائی 2015ء شرف یافتہ ہے۔ اسی سبب فی الحال مارشل لاء رک گیا اور ایک نیا نعرہ وجود میں آیا "**نیا پاکستان**"۔

**بدلتا نیا پاکستان 2014ء/2015ء** کو اس مرتبہ بھی ستارہ مشتری کی سعد کرنوں نے مارشل لگنے سے بچا لیا۔ ادھر زائچہ پاکستان میں دورِ اکبر ستارہ شمس 4 ستمبر 2009ء تا 4 ستمبر 2015ء جاری ہے۔ شمسی زائچہ پاکستان میں پانچویں گھر کا مالک شمس فطرت میں روشن حرارت جوش و جذبہ، بادشاہوں، سربراہ مملکت، ڈکٹیٹروں خصوصاً صاحب اقتدار لوگوں کی نمائندگی دستوری قوانین پر حکمران ہے۔ دورِ اکبر شمس میں دورِ اصغر ستارہ زہرہ 4 ستمبر 2014ء تا 5 ستمبر 2015ء جاری ہے۔ زہرہ زائچہ میں دوسرے ملکی معیشت اور ساتویں خارجہ تعلقات و قانونی امورِ حکومت کا عوام سے وعدوں کا گھر اس دور میں ملکی معیشت مضبوط ہوئی۔ ڈالر کی قدر روپے کے مقابلہ میں کم ہوئی مگر زائچہ پاکستان کے ساتویں قران مریخ و زحل کے سبب ملکی سیاسی تصادم، دھرنوں، سیلاب کی تباہ کاریوں اور حکومت کی حکومت بچاؤ مہم کے دوران جہاں پاکستان کی دنیا میں جگ ہنسائی ہوئی وہاں معیشت پر بھی بُرا اثر پڑا۔ کچھ انقلابی ذہنوں کے مطابق تخریب کے بعد تعمیر شروع ہوتی ہے۔

**2014/2015** میں اتنا ضرور ہوا کہ جہاں مارشل لاء ریٹائر ہوا وہاں پرانا فرسودہ جمہوری نظام بھی ریٹائر ہو رہا ہے۔ اپوزیشن میڈیا اور عوامی دباؤ کے نتیجے میں آئندہ الیکشن صاف و شفاف ہونے کی اُمید کی جا سکتی ہے، اس کا کریڈٹ بلاشبہ جناب عمران خان و جناب ڈاکٹر طاہر القادری کو جاتا ہے۔

زائچہ پاکستان میں شمس کے بعد دس سالہ دورِ اکبر قمر 5 ستمبر 2015ء سے شروع ہو رہا ہے۔ قمر زائچہ میں چوتھے اپنے ہی گھر کا حاکم اور نہایت اعلیٰ **Pushya** (پشیا) نچھتر یعنی منزل نثرہ پر ستارہ زحل کے چرن پر ہے۔ زحل زائچہ میں دسویں سربراہِ مملکت اور گیارھویں پارلیمنٹ کا مشترکہ حاکم ستارہ ہے۔ فلکی اعتبار سے معلوم ہوتا ہے کہ 2014/2015 میں ملکی سیاسی نظام میں ریفارم مثبت تبدیلیاں ہوں۔ 2015ء میں مڈٹرم یا بلدیاتی الیکشن ہوں۔ پاکستانی قوم کی سیاسی، اخلاقی، علمی، روحانی تربیت کا دور نہ صرف بلکہ تعمیر وطن کا

✻ محمد عامر تونسوی، بکسٹال نمبر 2، میزان چوک، کوئٹہ

...ستی کو دنیا کے بیٹے اور دنیا دار فتنہ و فساد ہیں جن میں بعض بعض کو مزین کر کے دھوکہ دیتے ہیں۔ حدیث قدسی

...شروع ہو جائے گا۔ پاکستان کی موجودہ آبادی ایک اندازے کے مطابق 20 کروڑ ہے، جن میں 60% یوتھ (ینگ) افراد کی ہے۔ دنیا کے بیشتر ممالک اس نعمت سے خالی ہیں۔ یہی پاکستان کی خوش قسمتی ہے اور یہی پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ 12 کروڑ کے 24 کروڑ ینگ ہاتھوں کو تعمیر وطن کے کاموں میں بھرپور شامل نہیں کیا جا رہا ہے۔ ان ہاتھوں کو ہنرمند نہ بنانا ہی ہماری سابقہ و حالیہ لیڈرشپ کی ناکامی ہے، اب اس کے ازالہ کا دور آ رہا ہے۔ 5 ستمبر 2015ء سے دس سالہ دور قمر کی ابتداء ہوگئی ہے جو 4 ستمبر 2025ء تک جاری رہے گی۔ زائچہ پاکستان کے تحت قیام پاکستان سے یہ تعمیر پاکستان کا بہترین دور دکھائی دیتا ہے۔ عام پاکستانی کے لیے یہ الفاظ خوش کن مگر منجم دوست زائچہ پاکستان پر مستقبل کی ضرور تحقیق کریں۔ چند نقاط سب کے لیے ہدیہ ہیں۔

**اول** ستارہ قمر (وتد الارض) ارض پاکستان میں اپنے گھر کا مالک ہو کر طاقتور ہے۔

**دوم** قمر کا دس سالہ دور اکبر 2015ء میں شروع ہو رہا ہے۔

**سوم** قواعد ویدک نجوم میں قمر پشیا نچھتر یا منزل نثرہ کے درجات پر ہے۔ منازل قمری میں یہ چاند کی نہایت طاقتور منزل ہے۔

زائچہ پاکستان میں چاند پشیا (نثرہ) نچھتر میں ہے۔ یہ نچھتر یا منزل دولت حسن، زرخیزی کی علامت ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، مگر ہم نے اپنی دولت کو اجاگر نہیں کیا۔ ہندوستان کا پنجاب سوا ارب ہندوستانیوں کا پیٹ پال رہا ہے۔ ہمارا پنجاب بھی بلاشبہ سوا ارب دنیا کی آبادی کا پیٹ پال سکتا ہے۔ پشیا (نثرہ) نچھتر والوں کا عروج 33 سال بعد شروع ہوتا ہے۔ تب ہم ایٹمی قوت کے حامل بننے کے قریب تھے۔ اس نچھتر والوں کو خاندانی مسائل کا سامنا ہوتا ہے، اسی سبب ہمارا آدھا ملک کٹ گیا۔ جہاں ون یونٹ ٹوٹنے کے بعد چاروں صوبوں میں وسائل کی ایسی سرد جنگ شروع ہوئی جو اب تک جاری ہے۔ اسی سبب پاکستانی قوم نے اپنی ماں (ارض وطن) کو بہت دکھ دیے ہیں۔ ہم بحیثیت قوم (ماں) اپنے آپ کو پاکستانی کہلوانے کی بجائے سندھی، پنجابی، پٹھان، بلوچی، سرائیکی کہلوانے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ جذبہ حب الوطنی 66 سالوں میں کسی سازش کے تحت ختم کرا دیا گیا ہے۔ ہم جنگی محاذوں پر تو قومی ترانے گایا کرتے ہیں۔ مگر اب تو سیاسی محاذوں پر بھی قومی ترانے بجا کر کیا ہم اپنی دھرتی ماں (پاکستان) کی کوئی خدمت کر رہے ہیں؟

**چہارم** حروف ابجد میں اسی منزل سے حروف (ح) منسوب ہے۔ جو برج سرطان ستارہ قمر سے منسوب حرف ہے۔

**پنجم** یہ بارہ منطقۃ البروج کے 360 درجات میں سبع کواکب کی تقسیم ستارہ زحل کی پوزیشن پر ہے۔ زحل زائچہ میں دسویں گیارہویں گھروں سربراہ مملکت اور پارلیمنٹ سینٹ کا مشترکہ حاکم ہے۔

**ششم** ستارہ قمر کی فطرت و نسبت ارض مادر وطن آبی ذخائر، افزائش پروش ہے۔ جیسے ماں اپنی اولاد کو پالنے سے نہیں تھکتی۔

**ہفتم** قیام پاکستان سے چھٹی مرتبہ سعد اکبر ستارہ مشتری شرف یافتہ کی ابتداء ہو رہی ہے۔ زائچہ میں مشتری 9،12 گھروں سے منسوب قانون کی عملداری اور ملک دشمن خفیہ سازشوں کو بے نقاب کرائے۔ ستارہ مشتری 2015ء میں جاتے جاتے تعمیر وطن کی شمع روشن کر جائے گا۔ شمع ایک ہی جلتی ہے، پھر اس سے ہزاروں شمعیں روشن کی جا سکتی ہیں۔

**ہشتم** دور اکبر قمر میں دور اصغر قمر 5 ستمبر 2015ء تا 6 جولائی 2016ء تک جاری رہے گا۔ یہ دور جذبہ حب الوطنی اُجاگر کرنے، ملک میں استحکام و بہتری لانے کے لیے نہایت سعد دکھائی دیتا ہے۔

**نہم** 2014/2015 شرف مشتری در برج سرطان اور دس سالہ دور قمر کے اثرات ہمیں یوں اہم دکھائی دیتے ہیں کہ برج سرطان ستارہ قمر آبی ہیں۔ پاکستان میں دنیا کا بڑا نہری نظام ہے، انگریز دور کے بعد اس نہری نظام کی خاطر خواہ اصلاح نہیں ہوئی اور نہ ہی چند گنتی کے ڈیموں کے بعد مزید آبی ذخائر بنائے گئے۔ اس دور قمر میں اُمید ہے کہ نئے بڑے چھوٹے ڈیم بنائے جائیں گے۔ ہمارے دریاؤں کا پانی پہلے ہی پڑوسی ملک 65 ڈیم بنا کر کافی حد تک روک و چوری کر چکا ہے۔ پھر بھی دریاؤں میں پانی کی کمی کے باوجود ہر سال دو سال بعد سیلاب کا پانی لاکھوں پاکستانیوں کا سب کچھ بہا کر لے جاتا ہے۔ آسمانی کونسل کے دربار نے مظلوم لوگوں کی دعائیں سن لی گئی ہیں۔ دور قمر میں نہری نظام کی اصلاح اور آبی ذخائر یقینی طور سے بنا کر سیلابوں کا راستہ روکا جا سکے گا۔ سنت یوسفؑ پر عمل کرتے ہوئے وقت کے حکمرانوں کو قوم وملت کے لیے یہ ایک بڑی خدمت ہوگی۔

**دہم** دس سالہ دور اکبر قمر اندرون ملک درست آبادی کا مردم شماری کمپیوٹرز ریکارڈ ترتیب دیا جائے گا۔

**یازدہم** دور قمر میں ہی انتظامی لحاظ سے نئے یونٹ یا ضلع اور صوبے بنائے جائیں گے۔

**دوازدہم** دور قمر میں سب سے بڑھ کر محب وطن قیادت ملکی اقتدار میں آ کر پاکستان کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہوگی۔ ملکی قیادت سب سے پہلے عوام کے شعور اور جذبہ حب الوطنی کو اُجاگر کرے گی۔

اے موسیٰ! نیکی دس برابر ہوتی ہے جبکہ ایک گناہ ہلاکت کا باعث بن جاتا ہے۔ حدیث قدسی

از تحریر: شہزادہ سید مستور علی زنجانی

# 2015ء کے کیلنڈر کی کہانی تاریخ کی زبانی

یہ محاورہ آپ نے عام سنا ہوگا کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ مگر کیسے؟ صدی میں سو سال اور ہر سال کی ابتداء ہفتے کے کسی ایک دن سے ہوتی ہے۔ بس یہی کیلنڈر کہانی کا فلسفہ ہے کہ وہ ہفتہ کا دن کیا ہوگا؟ جیسے 2015ء کی ابتداء یکم جنوری 2015ء بروز جمعرات سے ہو رہی ہے۔ جمعرات کا دن پاکستان بننے کے بعد 1953ء، 1959ء، 1970ء، 1981ء، 1987ء، 1998ء، 2009ء میں آچکا ہے اور اب 2015ء میں پھر جمعرات کا کیلنڈر طلوع ہو رہا ہے۔ عالمی ملکوں کے علاوہ آپ اپنی ذاتی زندگی میں بھی گذشتہ سالوں کو سامنے رکھ کر 2015ء کی متوقع پیش گوئیاں از خود بھی کر سکتے ہیں۔ اگرچہ سو فیصد نہیں لیکن ملتے جلتے واقعات ضرور پیش آسکتے ہیں۔ یہ امتیاز صرف زنجانی جنتری کو ہی حاصل رہا ہے کہ تاریخ کے آئینہ میں ایک جیسے کیلنڈر واقعات کو پرکھتے ہوئے مستقبل کے حوالے سے قارئین کی دلچسپی کا معلوماتی سامان مہیا کرے اور بالخصوص قیام پاکستان کے بعد والے حالات و واقعات پر فوکس کرتے ہوئے نئے سال کو بہتر طور پر گزار سکیں اور تاریخ قوموں کی میراث ہوتی ہے۔ تاریخ سے ہی قوموں کے مزاج اور مستقبل کے فیصلے ہوتے ہیں، کیونکہ آج کا حال کل کا ماضی اور تاریخ بن جائے گی۔ جسے ہماری آنے والی نسلوں کی اپنی تاریخ کہلائے گی۔ آیئے کیلنڈر 2015ء کو تاریخ کے آئینہ میں پرکھتے ہیں۔ 1947ء سے اب تک Repeat ہونے والے کیلنڈرز کی روشنی میں ہم 2015ء کی کیلنڈر کہانی کا کھوج لگانے کی کوشش کرتے ہیں۔ پاکستان بننے کے بعد 1953ء میں 6 مارچ تا 14 مئی لاہور شہر پہلے کرفیو اور پھر مارشل لاء کا نفاذ ہوا، جو مذہبی جماعتوں اور علماء اور قادیانی تحریک کے سبب ہوا۔ 2015ء میں بھی پھر لاہور یا پاکستان کے کسی حساس شہر میں ایسے واقعات دہرائے جا سکتے ہیں۔ 1959ء میں روزنامہ زمیندار اور امروز پر پابندی لگی۔ 2015ء میں کون سے اخبارات پھر حکمرانوں کی زد میں آئیں گے، قارئین باآسانی جان سکتے ہیں۔ 1970ء میں متحدہ پاکستان (مشرقی پاکستان) میں قیامت خیز طوفان لاکھوں ہلاکتیں 7 دسمبر میں جنرل الیکشن ہوئے۔ مشرقی پاکستان جواب بنگلہ دیش بن چکا ہے۔ تاہم پاکستان میں ڈیم نہ بننے کے سبب ہم ماضی قریب میں سوات سے حیدرآباد تک سیلاب بھگت چکے ہیں۔ بھارت سینکڑوں ڈیم بنا چکا ہے اور ہم اب تک کالاباغ ڈیم پر جھگڑ رہے ہیں۔ حروف ابجد میں ک حساس لفظ ہے۔ اس کا نام بدل کر پاکستان ڈیم رکھ دیا جائے تو اتفاق رائے ہو سکتا ہے۔ 2013ء کے داغدار الیکشن کا ازالہ مکمل یا مڈٹرم الیکشن میں ممکن ہے۔ بلدیاتی الیکشن پر بندش ختم ہو کر بلدیاتی الیکشن بھی ہو سکتے ہیں۔ مولانا ڈاکٹر طاہر القادری صاحب بھی 1998ء میں سیاسی اتحاد بنانے میں کامیاب ہوئے، لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ وزیراعظم نواز شریف صاحب نے اسی کیلنڈر میں اپنے سیاسی سفر کا آغاز کیا اور بالخصوص اپنی مرضی کا چیف آف آرمی اسٹاف بنایا اور اُس کے بعد آپریشن "راہِ راست" ہوا اور پھر نواز شریف کو حکومت چھوڑنی پڑی۔ اس کیلنڈر سے پہلے ہی جنرل راحیل اشرف آرمی چیف بنے اور آرمی نے آپریشن "ضربِ عضب" کیا۔ اب کمزور حلف کے زائچہ کے ساتھ نواز شریف کو پھر حکومت چھوڑنی پڑ سکتی ہے، مشاورت سے روحانی تدارک ضرور کرنے چاہئیں۔ واللہ اعلم بالصواب

ہاتف نے کہا زہد جفر تاب محو خاک

حکیم سرفراز احمد زاہد (ملتان)

# ظاہر کا زہد حکمت و دانش میں فرازی
# سدھارے وہ علم و فہم منزل ادراک
# جفری پیش گوئیاں

قارئین زنجانی جنتری بارہ امامیہ جنتری البیرونی تقویم اور ماہنامہ آئینہ قسمت کے حلقوں میں یہ بات نہایت دکھ و افسوس سے سنی گئی کہ 16 اپریل 2014ء کو علامہ شاہ گیلانی ثانی حکیم سرفراز احمد زاہد ملتانی عدم کو سدھار گئے۔ آپ نے برس ہا برس علم الجفر کو تازگی بخشی۔ آپ کی کتاب "انکشافات جفر" آپ کو زندہ و جاوید رکھے گی۔ آپ علم الجفر پر متعدد کتب لکھنے کا ارادہ رکھتے تھے پر زندگی نے وفا نہ کی۔ قارئین سے التماس ہے کہ ان کے بلندیٔ درجات کے لیے ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ، تین مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کر کے دعا کریں۔ موت سے کسی کو رستگاری ہے، آج تم کل ہماری باری ہے۔ (ادارہ)

چند سوالات حضرت شاہ زنجانی مدظلہ تعالیٰ کے کہنے پر بلکہ سوالات بھی آپ نے ہی کیے، ان کے جوابات پیش خدمت ہیں۔ مستحصلہ بنانا بھی ضروری ہے، سوال کو خالص کریں۔ خالص سطر کے اعداد جمل کبیر، وسیط، صغیر اور اصغر حاصل کریں۔ ان کے حروف بنائیں، ان کو ملفوظی کریں، جو حروف تین حروف پر مشتمل ہوں یعنی مکتوبی ہو۔ مثلاً ج کا ملفوظی جیم، تو اس کا پہلا اور آخری حرف لیں گے اور ی کا ی اہوگا، اسے اسی طرح شامل کریں گے۔ ایک بار تکسیر زوجی کریں گے۔ ہر حرف کا ابجد کا مرتبہ لکھیں گے اور اس مرتبہ کے مطابق ابجد انسغ سے حروف اٹھالیں گے۔ یہی سطر مستحصلہ ہے، سادہ سا مستحصلہ ہے بڑا واضح جواب دیتا ہے۔

حکیم سرفراز احمد زاہد زنجانی جنتری 2014ء کی وہ تازہ جفری پیش گوئیاں جو حسب حال ہیں، پھر قارئین کی خدمت میں ہدیہ ہیں۔

## سوال نمبر 1: یا علیم! کیا پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے لیے خطرات ہیں؟ اگر ہیں تو کس قسم کے ہیں؟

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تخلیص | ک | ی | ا | ب | س | ت | ن | م | ر | و | ل | خ | ط | ھ | ق | | | | | |
| اساس | ج | م | ل | م | ث | ا | غ | ن | ج | م | ن | ن | ق | ف | ھ | ا | ی | ا | و | و |
| مؤخرصدر | و | و | ج | م | ی | ا | ل | م | ھ | ا | ث | ا | ق | ف | غ | ن | ن | ن | ج | م |
| مستحصلہ | ف | ف | ب | ز | ق | ا | ر | ز | ج | ا | ی | ا | ل | م | ت | ش | ش | ب | ز | ش |
| ناطق | x | ج | ب | ع | ھ | ا | ر | ز | ف | ی | خ | ا | ل | م | ت | ش | ش | ک | ک | ل |
| جواب | عجب | | | | | راز | | | خفی | | | تلاش | | | | | مشکل | | | |

ایک طریقہ سے جواب آیا: (2) کہونہ فکر پاسبان فوج

یعنی ایٹمی پروگرام کو کوئی اللہ کے فضل سے خطرات نہ ہیں۔

ایک اور طریقہ سے جواب آیا: (3) خواری ہوئے حاصل سازش

## سوال نمبر 2: یا علیم! امام زمانہ علیہ السلام کا ظہور کب تک ہو گا؟

**تخلیص:** ا م ز ن ھ ک ظ و ر ب ت **اعداد:** ۱۶۲۱

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اساس | ا | ف | ک | ف | خ | ا | غ | ن | ب | ا | س | ن | ق | ف | و | و | ی | ا | ز | ا |
| مؤخرصدر | ز | ا | ا | ف | ی | ا | ک | ف | و | و | خ | ا | ق | ف | غ | ن | س | ن | ب | ا |
| حروف مستحصلہ | د | ا | ا | م | ق | ا | و | م | ل | ل | خ | ا | ل | م | ت | ش | ن | ث | س | ا |
| ناطق | ا | ا | م | د | ظ | ھ | و | ر | x | ش | ی | ا | ل | د | ت | ۳۰۰ | ۵۰ | ل | س | ا |
| جواب | آمد | | | | ظہور | | | | | شاید | | | | | | ۳۵۰ | | سال | | |

دوسرا جواب آیا: بالکل ظہور ہو ۳۰۰

یہ سب حساب ہے۔ اصل علم تو مالک و خالق وارض و سما کے پاس ہے۔

اے ابن آدم! جب تجھے غصہ آئے تو مجھے یاد کر، جب مجھے غصہ آئے تو میں تجھے یاد کروں گا۔ حدیث قدسی

وزیراعظم
پاکستان میاں محمد نواز شریف
علم نجوم کی روشنی میں

**سابق صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب کی پانچ سالہ سیاست اور روحانی اُپاؤں سے کچھ سیکھا نہ ہی امریکی صدر باراک حسین اوبامہ سے کچھ سیکھا**

20 کروڑ پاکستانیوں میں واحد پاکستانی میاں محمد نواز شریف ایسے خوش قسمت انسان ہیں جو تیسری مرتبہ وزیراعظم پاکستان بنے۔ یہ سعادت اب تک کسی پاکستانی کے حصہ میں نہیں آئی۔ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی بھی خواہش شہادت کے سبب پوری نہ ہو سکی۔ بحیثیت منجم پاکستانی جو نواز شریف سے محبت رکھتے ہیں، بڑی معصومیت سے پوچھتے ہیں کہ آخر کیا وجہ ہے کہ یہ جب بھی اقتدار میں آتے ہیں لڈو کے کھیل سیڑھی پر تو چڑھ جاتے ہیں اور عین بامِ عروج پر پہنچ کر سانپ کے ڈسنے سے واپس پھر اسی جگہ آ جاتے ہیں اور پھر لڈو کہانی کا ایک نیا سیاسی سفر شروع ہو جاتا ہے۔ سیاسی جلسے جلوسوں میں سابقہ حکمرانوں کی ملکی لوٹی ہوئی دولت سوئٹزرلینڈ کے بینکوں سے واپس لانے کی نوید سنائی جاتی ہے۔ افسوس اس بات کا بھی ہے کہ نواز شریف صاحب کو علم نجوم سے کوئی دلچسپی نہیں، ورنہ وہ اپنے سابقہ دو مرتبہ کے عروج و زوال کو تو جان چکے ہوتے۔ علم نجوم نہایت ہی پیارا لطیف علم ہے جو مستقبل کی آگاہی دیتا ہے نہ صرف بلکہ ماضی کی غلطیوں کے اسباب اور آئندہ ان سے بچنے کے اُپائے بھی بتاتا ہے اور تیسری مرتبہ وزیراعظم بننے کے لیے انہوں نے جس بے چینی سے پانچ سال انتظار کیا اور فرینڈلی اپوزیشن کے طعنے بھی سنتے رہے، افسوس انہوں نے علم نجوم سے کوئی رہنمائی نہیں لی اور نہ ہی اپنے پیش رو سابق صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب کی پانچ سالہ سیاست اور روحانی اُپاؤں سے کچھ سیکھا نہ ہی امریکی صدر باراک حسین اوبامہ سے کچھ سیکھا۔ اوبامہ امریکہ کے دو مرتبہ صدر منتخب ہوئے مگر انہوں نے اپنے آسٹرالوجر کے مشورہ سے ہر بار ڈبل حلف صدارت اُٹھایا، ایک حلف آفیشلی، دوسرا نجومی (شبھ گھڑی) حلف۔ ہم ان معصوم دوستوں کے سوالوں کا جواب دینے کے لیے وزیراعظم کے ذاتی زائچہ کی جہاں قوت جان کر ان کے دورِ اقتدار کو دیکھ سکتے ہیں۔ وہاں ان کے حلف اقتدار کا زائچہ بھی نہایت اہم ثمرہ اقتدار بتاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی تیسرا زائچہ یومِ آزادی (پاکستان) میں ستاروں کی چلت پوزیشن کے ساتھ ساتھ ان کے ادوار سیارگان کی اہمیت کو بھی پرکھا جاتا ہے، یہ تو تھے علم نجوم سے آگاہی کے اصول۔ ماہرین بین الاقوامی امور دنیاوی عالمی سیاسی حالات میں سپر پاورز کی پسندیدگی اور ناپسندیدگی کو بھی اہمیت دیتے ہیں۔ میرے نزدیک سیاسی لیڈر کی اپنے ملک میں مقبولیت، پسندیدگی اس سے بھی زیادہ اہم ہے۔ نواز شریف کا قمر چترا نچھتر پر اور اس کا حاکم ستارہ مریخ آسمانی افواج کا کمانڈر انچیف ہے۔ جمہوری عمل سے تین مرتبہ وزیر اعظم بننے والے نواز شریف کا مزاج ہرگز جمہوری نہیں ہے۔ اس کی ایک مثال ان کا انتخابی نشان شیر ہے، یہ نشان بادشاہوں، ڈکٹیٹروں کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہمارے سابق صدر نے تو طنزاً کہہ بھی دیا ہے کہ میاں صاحب قوم نے آپ کو جمہوری وزیراعظم بنایا اور آپ بادشاہ بن گئے ہیں۔ پیدائشی زائچہ کے اعتبار سے میاں نواز شریف یکم نومبر 2006ء تا 3 نومبر 2014ء ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی سے گزر رہے ہیں۔ اس عرصہ میں کچھ حصہ جلاوطنی وطن آ کر الیکشن کے لیے نااہلی پھر پانچ سال انتظار، سیاسی جدوجہد میں گزر جانے پر، اقتدار ملا بھی تو 5 جون 2013ء یہ دور بھی ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی کا آخری دور چل رہا تھا۔ ستارہ زحل زائچہ میں پانچویں چھٹے کا مالک ہو کر بارہویں اور زائچہ نوبہرہ میں چھٹے ہے۔ یہ دونوں گھر نحس خفیہ سازشوں اور ظاہری مخالفین مقدمات، پریشانیوں، خرابی صحت اور پیشہ ورانہ امور ملازمت کے گھر ہیں۔ وزیراعظم ہوتے ہوئے بھی زحل اپنے آخری پانچ درجات پر نہایت بداثرات دے گیا۔ علم نجوم سے معمولی واقفیت رکھنے والے بھی جانتے ہیں کہ ستارہ زحل کی نحوست کیا ہوتی ہے، اُدھر تیسرا زائچہ حلف وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف بروز بدھ 5 جون 2013ء شام 5 بجکر 37 منٹ، اسلام آباد کا ہے۔ زائچہ حلف کے مطابق برج عقرب کے دو درجے طلوع ہیں اور طالع کا مالک سیارہ مریخ ساتویں گھر میں وبال یافتہ اور شمس کی قربت سے غروب ہے لہٰذا طالع یا لگن کا مالک مریخ کمزور ہے، پلوٹو زائچے کے دوسرے گھر میں بحالتِ رجعت ہے، نیپچون چوتھے گھر میں، یورینس پانچویں گھر میں، قمر اور کیتو چھٹے گھر میں، مریخ اور شمس ساتویں، مشتری، زہرہ اور عطارد آٹھویں گھر میں جب کہ زحل اور راہو بارھویں گھر میں بوقت حلف براجمان تھے۔

ہماری نظر میں نواز شریف صاحب نے ایک نہایت کمزور اور نحس وقت میں

[illegible] عبادت کیلئے فرصت پیدا کرو اپنے دل کو میری یاد اور میرے خوف سے پر کرلو۔ حدیث قدسی

[illegible] شریف — 33 سنبلہ 5 — بحساب ویدک

7
ذنب
10.2
6
R زحل 11.0
8
زہرہ
12.24
قمر
نیپچون
21.53
29.33
9
3
9.44 شمس
مریخ 28.17
R
یورانس
5.10
10
16.33 عطارد
مشتری
15.33
12
11
1
راس 10.2

[illegible] 25 دسمبر 1948ء، بوقت 00:06، بمقام لاہور

[illegible] کا حلف اٹھایا ہے۔

[illegible] صاحب زائچہ کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں کو متاثر کر دیتی [illegible] سے وہ جس کام کو اچھا سمجھ کر انجام دیتے ہیں، دوسروں کی نظر [illegible] جاتا ہے۔ صحیح روحانی مشاورت نہ ملنے سے جو بھی دانشمندانہ [illegible] کیے جاتے ہیں، وہ بھی اُلٹے پڑ جاتے ہیں۔

[illegible] نحوست ہی ہے کہ اپنے دور وزیر اعظم میں بھائی وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز [illegible] صاحب [illegible] کے خلاف سانحہ ماڈل ٹاؤن FIR کٹی اور آپ ان کو [illegible] مگر ثابت ہوا کہ ریڈ زون سانحہ اسلام آباد میں خود وزیر اعظم [illegible] کے خلاف بھی FIR کٹ چکی ہے۔ جگہ جگہ، ملکوں ملکوں گو نواز گو [illegible] ہیں۔ خزاں میں بوئی گئی فصل پر کبھی بہار نہیں آتی۔ ستمبر سے ستمگری [illegible] اقتدار کی تکمیل کی طرف ہرگز نہیں جاتی۔ سابقہ اقتدار تنزلی 12 [illegible] 1999 [illegible] کے تحت مہادشا زحل انتر دشا مریخ اور جلاوطنی کے وقت انتر دشا راہو [illegible] آٹھویں کا مالک اور یہاں راہو بیٹھا ہے، اب پھر مہادشا عطارد میں انتر دشا [illegible] 2015ء تک پھر انتر دشا راہو 5 جنوری 2015ء تا 25 جولائی [illegible] تک رہے گی۔ اس عرصہ میں اقتدار کو خطرہ، مارشل لاء نہ سہی جوڈیشل مارشل [illegible] پریشانیوں کا اندیشہ نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ 2015ء بلدیاتی یا مڈٹرم

زائچہ حلف وزیر اعظم — 32 عقرب 01 — بحساب ویدک



بوقت 17 بجکر 37 منٹ، بتاریخ 5 جون 2013ء، بمقام اسلام آباد

الیکشن کروا دینا بہترین آبرومندانہ حل ہے، ورنہ آئینی ایمرجنسی سیاسی بحران مزید شدت اختیار کرے۔ ملکی سیاسی معاملات افہام و تفہیم سے حل نہ کیے گئے تو مارشل لاء کی دبی چنگاری پھر بھڑک سکتی ہے۔ جناب نواز شریف صاحب کے دورِ حکومت اور اب پھر سوم حکومت میں 21 رمضان 2014ء کو ذاتی طور سے خواجہ سعد رفیق صاحب کو تفصیل سے مشورہ دیا تھا کہ وہ ملک بھر میں منگل کے دن ذبیحہ (قربانی) کی پابندی کھول دیں، ورنہ اس نحوست کے سبب نواز حکومت خطرہ میں ہے۔ پاکستان کی سابقہ چھ حکومتیں منگل کو ہی ختم ہوئیں۔ ساتویں حکومت کو منگل کے بداثرات سے تو بچالیں۔ سی پی این ای کے صدر جناب مجیب الرحمٰن شامی صاحب نے بھی میری اس گزارش کا اپنے پروگرام نقطہ نظر میں تذکرہ فرمایا۔ تب کوئی سیاسی بحران نہ آیا تھا، مگر یہ بات مشیر وزیر اعظم محترم خواجہ سعد رفیق نے بھی نہ مانی اور اب 7 اکتوبر 2014ء بروز منگل کو شاہراہِ دستور اسلام آباد میں دھرنے والوں نے قربانی دے کر مستقبل میں اسلام آباد سے ہی سیاسی تبدیلیوں کا آغاز کر دیا ہے۔ جو بھی حکومت فطرت کے برعکس اس قربانی کو کھول دے گی، وہ ثمرہ پائے گی۔ پاکستان میں بندش قربانی کے خاتمہ کے ثمرات قوم، ملک، سلطنت اور سلطنت کے سپہ سالار بھی پائیں گے۔ یہی پاکستان اور پاکستانی قوم کا بہترین صدقہ (قربانی) ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

**دعاگو شاہ زنجانی**

[illegible] یہ تجزیہ محض زائچہ حلف کی روشنی میں ہے، ساتھ ہی ایک مشورہ بھی ہے جو ہمیں معلوم ہے کہ قابل عمل نہیں ہوگا بلکہ ارباب حل [illegible] کرے بھی نہیں گزرے گا مگر ہم نیک و بد حضور کو بتلائے جاتے ہیں۔ امریکہ میں ایک خاص موقع پر دوبارہ حلف اٹھانے کی [illegible] ہے۔ یہ روایت پاکستان میں بھی دہرائی جاسکتی ہے لیکن اس سلسلے میں مستند ماہرین نجوم سے مشورہ کر کے سعد اور مبارک [illegible] کا اہتمام کیا جائے تو یقیناً اس نحس زائچہ حلف کے اثرات تبدیل ہو سکتے ہیں۔ یوں عمران خان صاحب کی فرمائش بھی [illegible] ہے۔ آئین میں اس کی کیا گنجائش ہے ماہرین آئین ہی بتا سکتے ہیں، ہم تو علم نجوم سے روحانی مشورہ ہدیہ کر رہے ہیں۔

اے ابن آدم! تجھ پر افسوس ہے تو قبر کو کیوں یاد نہیں کرتا جب کہ تجھے وہاں تنہا رہنا ہے۔ حدیث قدسی

زائچہ طاہر القادری
41 جوزا 20
بحساب ویدک
بوقت 14 بجکر 48 منٹ، بتاریخ 19 فروری 1951ء، بمقام جھنگ

# علامہ طاہر القادری علم نجوم کی روشنی میں

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

ترتیب نو: سید مسعود علی زنجانی

پہلے ایک نظر علامہ طاہر القادری صاحب کی تاریخ پیدائش 19 فروری 1951ء جھنگ دوپہر 2:48PM ہے۔ علامہ صاحب کا طالع پیدائش یعنی برتھ سائن برج جوزا ہے جب کہ شمسی برج دلو ہے، برج جوزا کا مالک ذہانت کا ستارہ عطارد ہے، سیمابی کیفیات و خصوصیات برج جوزا سے وابستہ ہیں، اعلیٰ درجے کی سیکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت اور ورسٹائل خصوصیات بھی برج جوزا کا خاصہ ہیں۔

علامہ صاحب کا مون سائن سرطان ہے، گویا اپنی فطرت میں وہ نہایت حساس طبیعت کے مالک، مادرانہ شفقت و محبت کے حامل، اپنی زمین، اپنے گھر اور اپنے وطن سے گہری وابستگی و محبت کرنے والے انسان ہیں، ان کی پیدائش چاند کے پچھتر "پشیامی" میں ہوئی ہے جس کا مطلب ہے "تقویت دینے والا" اس کا حاکم زحل ہے لہٰذا ابتدائی زندگی میں بڑی سخت محنت، مشقت اور جدوجہد کی نشان دہی کرتا ہے، اس کے بعد ہی زندگی میں کامیابی حاصل ہوتی ہے، مولانا صاحب فطری طور پہ پُرخلوص، محنتی، انتہائی صابر و شاکر، ذہنی طور پہ پرسکون، دل کش خدوخال کے مالک، باوقار، عقل مند، تعلیم یافتہ، قابل، دولت مند، مذہبی اور مخیر انسان ہیں، ایسے لوگ یقیناً کسی اعلیٰ مرتبے پہ فائز ہوتے ہیں، جوزا اور سرطان کا کمبی نیشن اور اس کے ساتھ جدت پسندی، اختراع و ایجادات، روایت شکنی کا برج دلو ہے، یہ خوب صورت امتزاج ایک ایسی ڈائنامک شخصیت کو جنم دیتا ہے جو روایت سے بھی جڑی ہوئی ہے اور جدت طراز بھی ہے، شاید اسی لیے مولانا اپنے مذہبی اور فقہی رجحانات کے ساتھ جدید علوم و نظریات کو بھی نظر انداز نہیں کرتے اور وقت کے تقاضوں کے مطابق خود کو ہم آہنگ رکھتے ہیں۔

زائچے میں طالع کا مالک آٹھویں گھر میں موجود ہے جو صحت کی خرابیوں کی نشان دہی کرتا ہے مگر چندر لگن سے ساتویں ہونے کی وجہ سے ایک باقوت یوگ بنا رہا ہے، چاند زائچے کے دوسرے گھر میں اپنے گھر کا ہو کر نہایت طاقت ور اور سعد ہے، مزید یہ کہ عروج ماہ کا ہے، پانچویں، ساتویں، آٹھویں، نویں، دسویں، گیارھویں اور بارھویں گھروں کے مالکان یعنی شمس، زہرہ، مریخ اور مشتری راہو کے ساتھ نویں گھر میں ہیں جب کہ آٹھویں، نویں گھر کا مالک زحل چوتھے گھر میں نہایت باقوت پوزیشن رکھتا ہے اور سیارہ عطارد یعنی طالع اور چوتھے کے حاکم کے ساتھ "پری ورتن یوگ" بنا رہا ہے، کیتو زائچے کے تیسرے گھر میں رہتے ہوئے ذہنی میلان روحانیت کی طرف موڑ دیتا ہے، خیال رہے کہ کیتو کو "ایک روحانی جسم" کہا جاتا ہے لیکن اس کی روحانیت میں جمال کے بجائے جلال نمایاں ہے جو علامہ کے زور خطابت میں نمایاں ہوتا ہے، خطابت اور قوت گویائی کا تعلق زائچے کے دوسرے گھر سے ہے جہاں دوسرے گھر کا مالک قمر نہ صرف یہ کہ اپنے گھر میں ہے بلکہ زحل کے پچھتر میں ہے۔

زائچے میں تمام سیارگان چار گھروں میں ہیں۔ یہ "کیدار یوگ" ہے جس کا تعلق پیدائش اور کاشت کاری سے ہے، یعنی ایسے لوگ لازمی طور پہ اپنا ایک بڑا حلقہ اثر رکھتے ہیں، وہ معاشرے میں دوسروں کو اپنے کام اور عمل سے متاثر کرتے ہیں، ایک نئی فصل بوتے ہیں اور اس کی آبیاری میں زندگی گزار دیتے ہیں۔

زائچے کے منفی پہلوؤں میں طالع کے مالک عطارد کا آٹھویں گھر میں ہونا اور تین سیارگان مشتری، زہرہ اور مریخ کا راھو، کیتو کے محور میں ہونا ہے یہ صورت حال علم و روحانیت کے ساتھ مادیت کی طرف بھی راغب کرتی ہے گویا بقول غالب۔

ایماں مجھے روکے ہے تو کھینچے ہے مجھے کفر
کعبہ میرے پیچھے ہے کلیسا میرے آگے

عزیزان من! علامہ صاحب کے زائچے پر زیادہ تفصیلی روشنی ڈالنے کا وقت نہیں ہے، مختصراً یہ کہ وہ یقیناً ایک طاقت ور زائچے کے مالک ہیں، ان کے زائچے میں دور اکبر قمر 19 مارچ 2014ء تا 18 مارچ 2024ء جاری ہے اور یہ زائچہ میں ہر اعتبار سے طاقتور ہے۔ وطن عزیز پاکستان کا بھی 2015ء میں دور اکبر قمر شروع ہو رہا ہے۔ علامہ صاحب جن انقلابی تبدیلیوں کا اشارہ دے رہے ہیں۔ یہ بتدریج اپنے مذہبی، اخلاقی، سیاسی مشن میں کامیاب ہو جائیں گے۔ ملکی کرپشن جو ہر سطح پر ملک کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے، اس کی نشاندہی اور اصلاح احوال میں آپ کا کردار ملکی تاریخ میں نہایت اہم اور کامیاب دکھائی دیتا ہے۔

لیاقت برادرز جنرل سٹور، عیدگاہ روڈ، ایبٹ آباد ☼ اتحاد نیوز ایجنسی، ایبٹ آباد

اے ابن آدم! اگر تو اپنے رب کی طرف سے رزق قلیل پر راضی ہوا تو وہ تیرے قلیل اعمال کو قبول فرمالے گا۔ حدیث قدسی

از تحریر: شہزادہ سید محمد علی زنجانی
عمران خان
کا مستقبل

زائچہ عمران خان 25میزان24 بحساب ویدک



بوقت 8بجکر52منٹ، بتاریخ 5اکتوبر1952، لاہور

پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ جناب عمران خان کے زائچہ پر تبصرہ کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ طالع میزان کا حاکم سیارہ زہرہ اپنے برج میں نہایت طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے۔ برج میزان کا نشان ترازو ہے۔ جو عدل و انصاف کا مظہر ہے اور یہی نعرہ لے کر عمران خان صاحب میدانِ عمل میں نکلے ہیں۔ ویدک علم نجوم میں اسے "ملاویا یوگ" کہا جاتا ہے، زائچے کے پہلے گھر میں اس کی موجودگی خوش بختی کا نشان ہے جب کہ زائچے کے ساتویں گھر میں قمر اور مشتری برج حمل میں ہیں، قمر دسویں گھر کا مالک ہے اور زہرہ پہلے گھر کا، دونوں کے درمیان پوری نظر قائم ہے، یہ درجہ اول کا "راج یوگ" ہے جو اقتدار کی منزل تک پہنچنے میں مددگار رہتا ہے۔ K.P.K میں آپ کی حکومت ہے، اس کے علاوہ بھی زائچے میں مزید راج یوگ موجود ہیں۔ ساتویں گھر میں قمر اور مشتری کی پوزیشن "گج کیسری یوگ" بنا رہی ہے، یہ بھی ایک خوش قسمت یوگ ہے، ایسے لوگ فلاحی کاموں میں دلچسپی لیتے ہیں اور شہرت حاصل کرتے ہیں، ساتویں گھر کا مالک سیارہ مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں ہے اور مشتری کے ساتھ گھر کی ادلا بدلی کے سبب "کھالا پری ورتن یوگ" بنا رہا ہے، یہ پری ورتن یوگ کی بہت اچھی قسم نہیں ہے، زندگی میں اُتار چڑھاؤ لاتی ہے اور زندگی کے کسی اہم موڑ پر سمجھوتوں کے لئے مجبور کرتی ہے۔

سیارہ شمس زائچے کے گیارھویں گھر کا مالک ہے جس کا تعلق کاروباری [illegible] اور خواہشات کی تکمیل سے ہے، زیرِ نظر زائچے کے مطابق عمران خان کے زائچے میں مہادشا سعدِ اکبر ستارہ مشتری کی 27 جنوری 2015ء سے شروع ہو رہی ہے۔ مشتری تیسرے ایکشن اور حصول کامیابی کے لیے آگے [illegible] کے ساتھ ساتھ چھٹے ظاہری حاسدین و مخالفین کا بھی گھر ہے۔ مشتری زائچہ میں ساتویں کرتکا نچھتر میں شمس کے قدم پر شمس گیارہویں تکمیل خواہشات کا گھر کرتکا عظمت حاصل کرنے کی استقامت اور عزم کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ سماجی کاز کے لیے لڑنے والا روحانی جنگجو ہے، یہ نچھتر ویدک نجوم میں مقدس دیوتا کا مقام رکھتا ہے۔ یہ ذاتی اور سماجی زندگی میں بنیادی تبدیلی کی شدید آرزو کا اظہار ستارہ مشتری بارہ سال بعد ان دنوں وتد السماء پر 19 جولائی 2015ء تک نہایت سعد پوزیشن شرف یافتہ دورِ اکبر مشتری میں پہلا دور اصغر مشتری 27 جنوری 2015ء تا 17 مارچ 2017ء تک رہے گا۔ اس دور میں عمران خان کو متعدد اخلاقی، سماجی، سیاسی کامیابیاں ملیں، عوامی اور بین الاقوامی شہرت میں اضافہ عوام کو ان کے مسائل اور پھر ان کے حل کا شعور دینے میں سیاسی لحاظ سے خاصے کامیاب ہوں۔ تاہم مشتری چھٹے کا بھی مالک اور شمسی زائچہ میں بارہویں ہونے سے ظاہراً و خفیہ سازشوں کا بھی سامنا کرنا پڑے، جیسے PTI میں رہ کر جاوید ہاشمی صاحب نے ان کے ساتھ کیا۔ آپ کی سیاسی جدوجہد کا رسپانس طالع میں زہرہ خصوصاً خواتین میں مقبولیت کے سبب بہت ملے، گھر گھر چرچے رہیں، مگر اس ساری جدوجہد، محنت کے بعد زائچہ میں شمس کی کمزوری (شمس سیاسی نجوم میں صدر و وزیر اعظم کا ستارہ) کے سبب وزیر اعظم بننے کی خواہش کسی سبب التواء میں رہ جائے۔ وزیر اعظم بننا چاہیں تو روحانی تدارک از بس ضروری ہے۔ جیسے وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے مذہب کے مطابق کیا۔ روحانی لوگوں سے روابط آپ کے پہلے بھی ہیں، انہیں مزید مضبوط کریں، فقیروں کی دعاؤں سے بدل جاتی ہیں تقدیریں یا پھر آپ روزانہ طلوعِ آفتاب کی روشنی کو صبح 10 منٹ دیکھ کر سورۃ شمس پڑھا کریں، ہمراہ ایک 10 قیراط یاقوت دائیں ہاتھ میں شمس کی انگلی میں پہنیں۔



# پاکستان اور چار خونی گرہن

از تحریر: شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

**بہار عرب سے داعش تک کی صورت حال کے بعد اُن کا اصل ہدف پاکستان کے وہ ایٹمی اثاثے ہیں، جن کا ذکر معروف کتاب "اوباما وار" میں ہو چکا ہے کہ کس طرح سال 15-2014 کے دوران پاکستان کو ان ایٹمی اثاثوں سے محروم کرنا ہے**

چاند کا یہ خونی نظارہ ہمیشہ سے یہودیوں کے مذہبی تہواروں کے دوران ہی وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس سے قبل یہ چاند گرہن دو یہودی مذہبی تہواروں کے دوران مسلسل رونما ہوئے، 2014 میں دوبار اور 2015 میں بار دگر دوبار ان ہی دنوں میں رونما ہونے والے ہیں۔ گزشتہ پانچ صدیوں میں تین مرتبہ ایسا ہوا کہ جب کسی ایک سال میں دو خونی چاند گرہن لگے تو اس سے اگلے برس بھی دو ایسے ہی خونی چاند چڑھے۔

پہلی مرتبہ 93-1492 میں جب اسپین کو ملکہ ازابیلا اور فرڈینڈ نے فتح کیا تو یہودیوں اور مسلمانوں پر افتاد پڑی اور انہیں جبراً عیسائی بنایا گیا۔ جو نہیں ہوئے انہیں بہت بڑے پیمانے پر تہ تیغ کیا گیا اور غلام بنایا گیا۔ یہودیوں کو خاص طور پر ہفتے کے دن کاروبار کرنے اور سؤر کھانے پر مجبور کیا گیا۔ دوسری بار چار خونی چاند گرہنوں کی سیریز، 50-1949 میں شروع ہوئی تو اسرائیل کی ریاست قائم ہوئی اور ڈیوڈ بن گوریاں کی حکومت بنی مگر عرب ممالک نے مل کر اسرائیل پر حملہ کیا۔

تیسری مرتبہ 68-1967 میں چار سرخ چاند چڑھے تو عرب اسرائیل جنگ چھڑ گئی۔ اس جنگ میں اسرائیل کی مدد امریکا نے کی اور یوں دو ہزار سال بعد بیت المقدس (یروشلم) پر یہودیوں کا قبضہ ہو گیا۔ گزشتہ کئی سال سے چار خونی چاند کی سیریز کا انتظار والے اب پھر پر اُمید ہیں کہ دنیا پر ان کی بادشاہت قائم ہونے والی ہے۔ یوں سرخ چاندوں کے حوالے سے یہودیوں کا عقیدہ خاصا پیچیدہ ہے، ان چاند گرہنوں کے برسوں میں جہاں انہیں المیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہاں وہ اسے اپنے مالی استحکام اور اقتدار کے لیے باعثِ برکت بھی قرار دیتے ہیں۔ یہ ان محاوروں کے عین مصداق ہے جن میں ہر غم کے بعد خوشی کی نوید دی جاتی ہے۔

نئے سال میں تیسرا خونی چاند 4۔اپریل 2015 کو طلوع ہوگا اور یہ "[...]یدش" کے دنوں میں آرہا ہے۔ اس کے بعد چوتھا خونی چاند 28 ستمبر 2015 کو نمودار ہوگا اور یہ اسکوٹ کے دنوں میں آئے گا۔ اس پس منظر میں عالمی منظر نامہ کیا ہوگا؟ اس پر جہاں دیگر اقوام سوچ رہی ہیں تو وہیں یہودی بھی یہ تصور کیے بیٹھے ہیں کہ اس دوران اسرائیل کے ساتھ کسی جنگ کا آغاز ہوگا اور اس کے آخر میں فتح اسرائیل کی ہوگی۔ اس وقت جہاں اسرائیل بھر کے معبدوں میں دعاؤں اور دیوار گریہ پر روایتی گریے کا سلسلہ جاری ہے وہیں دوسری جانب ان کے زیر سایہ کام کرنے والا عالمی میڈیا اس سارے عمل کو Tragedy and then Triumph کے نام سے یاد کر رہا ہے یعنی پہلے اندوہ پھر کامیابی۔

آج یہ بات سب جانتے ہیں کہ پاکستان کے ایٹمی دھاکوں کے بعد اہلِ یہود کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں، اس لیے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ بہارِ عرب سے داعش تک کی صورت حال کے بعد اُن کا اصل ہدف پاکستان کے ایٹمی اثاثے ہیں، جن کا ذکر معروف کتاب "اوباما وار" میں ہو چکا ہے کہ کس طرح سال 15-2014 کے دوران پاکستان کو ان ایٹمی اثاثوں سے محروم کرنا ہے۔ اب اسرائیلی اور امریکی میڈیا میں ان آنے والے دنوں کے بارے میں جو عجیب وغریب پیش گوئیاں پیش کی جارہی ہیں، اُن کے کار فرما عوامل کو فوری طور پر سمجھنے کی اشد ضرورت ہے۔

ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے "اندوہ کے بعد کامیابی" کے فلسفے پر گزشتہ چار سال سے کام شروع کر رکھا ہے اور بہار عرب اس کا شاخسانہ ہے۔ اگر یہ بات سچ ہے تو پھر پاکستان کی تیزی سے بدلتی سیاسی، سماجی، اقتصادی اور عسکری صورت حال کے پس منظر اور پیش منظر کو سامنے رکھ کر بہت کچھ کرنے کی اشد ضرورت ہوگی۔

جو تھوڑے رزق حلال پر راضی ہوا اس کا بوجھ ہلکا ہوگا، کاروبار پاکیزہ ہوگا اور حد فسق و فجور سے نکل جائے گا۔ حدیث قدسی



# پاکستان اور چار خونی گرہن

از تحریر: شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

**بہار عرب سے داعش تک کی صورت حال کے بعد اُن کا اصل ہدف پاکستان کے وہ ایٹمی اثاثے ہیں، جن کا ذکر معروف کتاب "اوباما وار" میں ہو چکا ہے کہ کس طرح سال 2014-15 کے دوران پاکستان کو ان ایٹمی اثاثوں سے محروم کرنا ہے**

چاند کا یہ خونی نظارہ ہمیشہ سے یہودیوں کے مذہبی تہواروں کے دوران ہی وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس سے قبل یہ چاند گرہن دو یہودی مذہبی تہواروں کے دوران مسلسل رونما ہوئے، 2014 میں دو بار اور 2015 میں بار گردو بار ان ہی دنوں میں رونما ہونے والے ہیں۔ گزشتہ پانچ صدیوں میں تین مرتبہ ایسا ہوا کہ جب کسی ایک سال میں دو خونی چاند گرہن لگے تو اس سے اگلے برس بھی دو ایسے ہی خونی چاند چڑھے۔

پہلی مرتبہ 1492-93 میں جب اسپین کو ملکہ ازابیلا اور فرڈیننڈ نے فتح کیا تو یہودیوں اور مسلمانوں پر افتاد پڑی اور انہیں جبراً عیسائی بنایا گیا، جو نہیں ہوئے انہیں بہت بڑے پیمانے پر تہ تیغ کیا گیا اور غلام بنایا گیا۔ یہودیوں کو خاص طور پر ہفتے کے دن کاروبار کرنے اور سؤر کھانے پر مجبور کیا گیا۔ دوسری بار چار خونی چاند گرہنوں کی سیریز، 1949-50 میں شروع ہوئی تو اسرائیل کی ریاست قائم ہوئی اور ڈیوڈ بن گوریاں کی حکومت بنی مگر عرب ممالک نے مل کر اسرائیل پر حملہ کیا۔

تیسری مرتبہ 1967-68 میں چار سرخ چاند چڑھے تو عرب اسرائیل جنگ چھڑ گئی۔ اس جنگ میں اسرائیل کی مدد امریکا نے کی اور یوں دو ہزار سال بعد بیت المقدس (یروشلم) پر یہودیوں کا قبضہ ہو گیا۔ گزشتہ کئی سال سے چار خونی چاند کی سیریز کا انتظار والے اب پھر پر اُمید ہیں کہ دنیا پر ان کی بادشاہت قائم ہونے والی ہے۔ یوں سرخ چاندوں کے حوالے سے یہودیوں کا عقیدہ خاصا پیچیدہ ہے، ان چاند گرہنوں کے برسوں میں جہاں انہیں المیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہاں وہ اسے اپنے مالی استحکام اور اقتدار کے لیے باعثِ برکت بھی قرار دیتے ہیں۔ یہ ان محاوروں کے عین مصداق ہے جن میں ہر غم کے بعد خوشی کی نوید دی جاتی ہے۔

نئے سال میں تیسرا خونی چاند 4۔ اپریل 2015 کو طلوع ہوگا اور "یہ پدش" کے دنوں میں آ رہا ہے۔ اس کے بعد چوتھا خونی چاند 28 ستمبر 2015 کو نمودار ہوگا اور یہ اسکوٹ کے دنوں میں آئے گا۔ اس پس منظر میں عالمی منظرنامہ کیا ہوگا؟ اس پر جہاں دیگر اقوام سوچ رہی ہیں تو وہیں یہودی بھی یہ تصور کیے بیٹھے ہیں کہ اس دوران اسرائیل کے ساتھ کسی جنگ کا آغاز ہوگا اور اس کے آخر میں فتح اسرائیل کی ہوگی۔ اس وقت جہاں اسرائیل بھر کے معبدوں میں دعاؤں اور دیوار گریہ پر روایتی گریے کا سلسلہ جاری ہے وہیں دوسری جانب ان کے زیر سایہ کام کرنے والا عالمی میڈیا اس سارے عمل کو Tragedy and then Triumph کے نام سے یاد کر رہا ہے یعنی پہلے اندوہ پھر کامیابی۔

آج یہ بات سب جانتے ہیں کہ پاکستان کے ایٹمی دھماکوں کے بعد سے اہلِ یہود کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں، اس لیے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ بہار عرب سے داعش تک کی صورت حال کے بعد اُن کا اصل ہدف پاکستان کے ایٹمی اثاثے ہیں، جن کا ذکر معروف کتاب "اوباما وار" میں ہو چکا ہے کہ کس طرح سال 2014-15 کے دوران پاکستان کو ان ایٹمی اثاثوں سے محروم کرنا ہے۔ اب اسرائیلی اور امریکی میڈیا میں ان آنے والے دنوں کے بارے میں جو عجیب و غریب پیش گوئیاں پیش کی جا رہی ہیں، اُن کے پیچھے کارفرما عوامل کو فوری طور پر سمجھنے کی اشد ضرورت ہے۔

ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے "اندوہ کے بعد کامیابی" کے فلسفے پر گزشتہ چار سال سے کام شروع کر رکھا ہے اور بہار عرب اس کا ایک شاخسانہ ہے۔ اگر یہ بات سچ ہے تو پھر پاکستان کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی، سماجی اقتصادی اور عسکری صورت حال کے پس منظر اور پیش منظر سامنے رکھ کر بہت کچھ کرنے کی اشد ضرورت ہوگی۔

اے موسیٰ! جن پر میں نے تمہیں اختیار دیا ہے ان پر غصہ کنٹرول رکھو میں تجھ سے اپنے غضب کو روک لوں گا۔ حدیث قدسی

تبصرہ نگار: چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

# منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

Suzanne White

منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی بانی ادارہ آئینہ قسمت کے علمی و روحانی وارث حاجی شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی وارث علم آل محمدؐ وارث علوم میراں [illegible] زنجانی پیر بھائی داتا گنج بخشؒ کے لائق فرزند کی سچی پیش گوئیوں پر سالہا سال سے تبصرہ کرنے کی سعادت حاصل کیے ہوئے ہوں۔ 2014ء ضرب عضب، جناب [illegible] طاہر القادری صاحب کے انقلاب مارچ اور جناب عمران خان صاحب کے آزادی مارچ اور گو نواز گو کے نعروں سے گونجتا رہا۔ بقول منجم شاہ زنجانی صاحب کوئی بھی واقعہ [illegible] میں نہیں ہوتا۔ پہلے آسمانی کونسل پر ستاروں کے اثرات اور رونما ہو کر زمین پر پڑتے ہیں تو فن پیش گوئی جنم لیتی ہے۔ زنجانی جنتری 2014ء ٹائٹل صفحہ نمبر 15، 16، 19، 22، 28، 32، 33، 52، 53، 54 پیش نظر ہیں۔ جبکہ ماہنامہ آئینہ قسمت کے بارہ شماروں کی پیش گوئیوں کا ذکر کمی جگہ کے سبب ممکن نہیں۔

[illegible] پر نمایاں تحریر تھا خصوصاً مسلم امہ کے لیے آزمائش کا سال؟ آسمانی کونسل پر جو نظرات سیارگان بنیں اس کے نتیجہ میں اچانک داعش ISIS "دولت [illegible] اسلامیہ" قائم ہوئی۔ حدیث رسولؐ ہے کہ وہ شخص مسلمان نہیں ہو سکتا جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ نہ ہو۔ داعش کی یہودیوں، عیسائیوں کے خلاف نہ صرف [illegible] کر کے مسلمانوں کے خلاف کارروائیوں [illegible] خصوصاً مسلم امہ کے [illegible] کر دی۔ امریکہ، یورپ نے [illegible] ممالک (مڈل ایسٹ) کو ساتھ [illegible] آغاز کر چکے ہیں۔ شاہ زنجانی [illegible] مسلم امہ کے لیے [illegible] پیش گوئی سے لگتا ہے کہ پورا سال [illegible] پسندوں کے خلاف امریکی قیادت [illegible] ہے۔ صفحہ نمبر 19 پر درج ہے کہ [illegible] مارشل لاء ضرور لگے گا، مگر اس مرتبہ [illegible] دہشت گردوں کے خلاف مارشل

نے شاہ زنجانی کی پیش گوئی "دنیا [illegible] لیے آزمائش کا سال" اسے القاعدہ سے بھی بڑا خطرہ قرار دیا اور ملا کر شدت پسندوں کے خلاف فضائی [illegible] صاحب نے 2015ء کو بھی "آزمائش کا سال ثانی" قرار [illegible] عین العرب میں دولت اسلامیہ کے [illegible] میں اتحادی ممالک کی جنگ جاری رہ [illegible] 2014ء میں پھر مارشل لاء لگ [illegible] افواج پاکستان بیرونی سرحدوں کے [illegible] لاء لگا کر سول ایڈمنسٹریشن کے ساتھ ملک [illegible] امن و امان کی صورت حال کو بہتر بنائے گی، یہ ضرب عضب کی سچی پیش گوئی ہے۔

**2014ء دنیا خصوصاً مسلم امہ کے لیے آزمائش کا سال؟** — دنیا

2014ء بین الاقوامی امن کانفرنس مشترکہ خاطر پر ہوں۔ عالم اسلام کا مرکز سعودی عربیہ صیہونی سازشوں کی یلغار سے سعودی حکمرانوں کی حکمرانی کمزور پڑے

2014ء جولائی عالمی ماحولیاتی تبدیلیاں، آسمانی کونسل پر پلوٹو، یورانس، مشتری، مریخ ہمہ تعمل تربیعات مقابلے، نتیجہ گلیشئرز پگھلنے سے سمندری مدوجزر، طوفانات، نئے جزائر ابھریں، کچھ ڈوب جائیں۔ سپر پاور ہائیڈروجن بموں سے زیادہ طاقتور زیر زمین تجربات کرے، زلزلے اور جغرافیائی تبدیلیاں

2014ء پاکستان میں دستور حکمرانی میں بہتری، آئین کی بالادستی، [illegible] سنگین مقدمات میں مجرموں کو سزائیں ملیں، حکومت پر اپوزیشن عوام کا سخت دباؤ، مارشل لاء کا خطرہ۔ 2013/2014ء پاکستانی طاقتور میڈیا، مارشل لاء کی راہ میں حائل۔ [illegible] الیکٹرانک ماہرین I.T کو وفاقی تدابیر کی اہمیت [illegible] ملکی سلامتی کے استعمال کا رواج [illegible] (دہشت گردی) کے [illegible] پاکستان کا مستقبل ہے۔ [illegible] طالبان اور حکمرانوں میں مذاکرات کامیاب ہوں [illegible] آئین اور قانون کی بالادستی کے لیے اہم سال ملک میں یکساں نصاب تعلیم کے لیے کوششیں ہوں۔ باشعور لوگ ملک کی سلامتی [illegible] آئین کے عملی نفاذ اور [illegible] حصول انصاف کے لیے کوشاں۔ انٹرنیٹ پر غیر حقیقی مجالات [illegible] سے عالمی [illegible] مسائل بڑھنے کا خطرہ

2014ء [illegible] سرحدی علاقوں کے علاوہ ملک میں قیام امن کی کوشش میں حکومت سے تعاون کر کے عوام کا اعتماد بحال کریں، [illegible] آئین قائم کرنے کے لیے [illegible] کے تحفظ کیلئے خصوصی حقوق [illegible]

2014ء پاکستان کو اندرونی بیک وقت چاروں صوبوں میں خطرات سے نکالنے کا سال

2014ء پاک بھارت دوستی، تجارت، ثقافت، تصفیہ کشمیر نرم ویزا پالیسی پر عمل پیرا، کانگریس کا مستقبل تاریک

2014ء دنیا میں امریکن امپیریل ازم کے خلاف نفرت بڑھے۔ ایران کوریا جوہری تنصیبات پر حملہ کا خطرہ بدستور

2014ء [illegible] مسلم مسیحی پیشوا پریشان۔ اقدس [illegible] کیلئے OIC/UNO مشترکہ کوششیں

صفحہ نمبر 32 پر درج ہے کہ امن و امان کی بحالی کے لیے مؤثر کوششیں نہ صرف [illegible] کو سخت سزاؤں کی سفارشات کے لیے سیاسی و انتظامی ہم آہنگی پیدا کی جائے گی، قانون تحفظ پاکستان بنایا جا چکا ہے۔ صفحہ نمبر 33 پر درج ہے کہ یوم آزادی [illegible] اگست کا مہینہ نہایت اہم ہو گا۔ 24، 25، 26 اگست ساتویں اوتار کے گھر قران نحسین مریخ زحل نہایت ناقص ثمرات کا حامل دکھائی دیتا ہے۔ ساتواں گھر [illegible] قوم سے کیے گئے وعدوں کا بھی گھر ہے، حکومت نے عوام کو ریلیف دینے میں کمزوری دکھائی تو عوام کے ساتھ اپوزیشن پارٹیوں کا بھی حکومت کے خلاف دباؤ [illegible] بڑھ جائے، اداروں کے مابین اصولوں کے تحت تصادم غیر یقینی صورت حال کا سامنا، اہم شخصیات کو جلد بازی، افعال اور اقوال، بے اصولی، بیانات کی بجائے [illegible] بندی سے کام لینا چاہیے۔ صفحہ نمبر 52، 53، 54 زائچہ الیکشن وحلف وزیر اعظم جناب نواز شریف کے سلسلے میں درج ہے کہ یہ زائچہ کمزور ہے۔ سابق وزیر [illegible] رضا گیلانی کی طرح انہیں بھی وقت سے پہلے فارغ کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعظم، استعفیٰ اور گو نواز گو کے نعرے ہر جگہ گونج رہے ہیں۔ راہو کا منحوس دور 14 ستمبر [illegible] سے شروع ہو گا۔ اسلام آباد میں جاری انقلاب اور آزادی مارچ تا حال تحریر جاری ہے۔ یہ پیش گوئیاں کب اور کیسے پوری ہوتی ہیں، ہم سب کو انتظار رہے گا!!!

چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے) جنڈیالہ کلساں (نارنگ منڈی) کالا خطائی روڈ ضلع شیخوپورہ
Phone Res: 056-2215005
Mob: 0300-4259249

جو موت کو اکثر یاد کرتا ہے تھوڑے مال دنیا پر راضی ہو جاتا ہے اس کیلئے بڑے بڑے کام آسان ہو جاتے ہیں۔ حدیث شریف

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی ماہر علم النجوم فی الفلکیات

# عالمی و سیاسی حالات 2015

آسمانی کونسل پر خونی گرہن 2014/2015ء۔ پاک ایٹمی اثاثے خطرہ۔ میں مسلم اُمہ کے لیے آزمائش کا سالِ ثانی۔ جنگ عظیم عرب مقدس مقامات کو خطرہ۔ داعش کی عالمی سرکوبی سے جنگ کا دائرہ بڑھے۔ تعمیر وطن نئے بدلتے پاکستان کا آغاز، ملکی مفاد میں وسیع نئے سیاسی اتحاد۔ زائچہ پاکستان میں دس سالہ دورِ اکبر قمر (دھرتی ماں) کی ابتداء 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء۔ الیکشن ریفارمز یا کالعدم، آئینی ایمرجنسی، ریفرنڈم، مڈٹرم بلدیاتی الیکشن کے لیے سیاسی فضاء، اسٹیبلشمنٹ کی جمہوری نگرانی، حکمرانی، کرپشن، احتساب، سرحدوں پر محاذ آرائی کا

یہ اس صدی کا پندرھواں سال 2015ء جس کا مفرد نمبر 8 بنتا ہے ہمارے نظام شمسی "شمس" سمیت سات ستارے (سبع کواکب) ہیں۔ انہی سے ہفتہ کے سات دن نمبرز بھی منسوب ہیں۔ مثلاً Sunday سورج کا دن اتوار، Monday چاند کا دن پیر علیٰ ہذا دیگر (انگلش، یونانی، مصری، ہندی) دنوں کے نام بین الاقوامی زبانوں سے منسوب ہیں۔ علم نجوم میں گذشتہ ایک دو صدی میں نیپچون، یورانس، پلوٹو کی دریافت نے نمبرز کی ترتیب بھی بدل دی ہے، قدیم اور جدید نجوم کی ترتیب حسب ذیل ہے۔

| ستارے | شمس | قمر | مریخ | عطارد | مشتری | زہرہ | زحل | نیپچون | یورانس | پلوٹو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایام | اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ | جمعرات | ہفتہ | منگل |
| نمبرز | 4-1 | 2 | 9 | 5 | 7-3 | 6 | 8 | 7 | 4 | 0 |

2015ء کا مفرد نمبر 8 جو ستارہ زحل سے منسوب، اسی سبب، ہم اس سال کو معلم سال قرار دے رہے ہیں۔ دنیا کے فطرتی زائچہ میں زحل بارہ منطقۃ البروج میں سے 10، 11 گھروں کا مشترکہ حاکم اور فطرت میں عروج و زوال کا ستارہ ہے۔ سیاست میں حفاظت، اندیشے، التواء، مزاحمت اور ممانعت کے ثمرات اپنے 30 سالہ آسمانی گردش کے اعتبار سے عطا کرتا ہے۔ سیاسی نجوم میں یہ ستارہ عالمی سیاست کا حکمران خصوصاً بزرگ سیاست دانوں کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ زراعت، معدنیات، بڑے بڑے اداروں کا قیام یا تعمیر جو کائنات میں سائنسی اصولوں پر تحقیقات کریں۔ مزدوروں کے لیے قانون سازی، سیاست میں احتساب، سخت جابرانہ قوانین کا اطلاق، متعدی امراض، سیلاب اور زلزلوں کے سبب اکثر ملکوں میں پریشانی، سیاسی بے چینی رہے۔ حکمرانوں کے عزت و وقار اور ان کے اعمال اور ان کی کارکردگی پارلیمنٹ مشترکہ ایوان سینٹ کے کاروباری حکومت میں بہتری اور احتساب کا عمل دخل بڑھے۔ دوست ممالک کی تہذیب و ثقافت، تجارتی ترقی، مستقبل کے منصوبہ جات، خوشحالی کے پروگراموں کے لیے 2015ء عالمی سطح پر نمایاں سرگرمیوں کا سال رہے گا۔ اپریل 2015ء سے دنیاوی اکانومی پر بڑے اثرات پڑنا شروع ہوں گے جس میں نومبر 2015ء اور 2016ء اکانومی کے لیے خاصے مشکل ترین سال رہیں گے۔ معدنیات اور دھاتیں، فصلیں، بجلی، تیل اور گیس کے وسائل کے لیے بنیادی طور پر حکمت عملی تیار کرنی ہوگی۔ خاص طور پر قوموں کے دفاع اور سلامتی کے حوالے سے مواصلات کا نظام، زلزلے سمندر میں سونامی، علاقائی تنازعات اور صنعتوں، کاروبار یا آواز سے متعلق اشیاء۔ جن ملکوں کے نام ا، ب، پ، ن، و، ی سے شروع ہوتے ہیں وہ زیادہ متاثر ہوں گے۔

**2014ء دنیا خصوصاً مسلم امہ کے لیے آزمائش کا سال تھا۔ 2015ء بھی مسلم امہ کے لیے آزمائش کا سال ثانی ہے۔** اسرائیل نے ہمیشہ سے پاکستان کے جوہری منصوبے پر نظر رکھی ہے کیونکہ پاکستان کے جوہری اثاثے اسرائیل اور اس کے عوام کے مستقبل کے دشمن تصور کیے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ امریکہ پاکستان میں جو کردار ادا کر رہا ہے وہ درحقیقت اسرائیل کے سر پر منڈلاتے اس خطرے کو ختم کرنے کے لیے کر رہا ہے۔ دوسری جانب کچھ عرصہ قبل اسرائیلی وزیراعظم کا یہ بیان بھی منظر عام پر آیا تھا کہ ایران کے ایٹمی قوت بن جانے سے کہیں زیادہ خطرناک مصر میں اسلام پسندوں کا دوبارہ اقتدار میں آجانا ہے۔

اسرائیل کی حکومتی شخصیات کے خیالات اور اخبارات کے تجزیات کی اس ہلکی سی جھلک سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جنوبی ایشیا سے لے کر مشرقِ وسطیٰ تک کیا کھیلا جانے والا ہے۔ پاکستان میں پاک فوج اور آئی ایس آئی کے خلاف شروع کی جانے والی مہم کے تانے بانے کہاں جا کر ملتے ہیں اس کا اندازہ لگانا مشکل کام نہیں ہے۔ ہم بہت پہلے سے یہ کہتے آرہے ہیں کہ مشرقِ وسطیٰ کا کھیل پاکستان کے جوہری اثاثوں سے جڑا ہوا ہے۔ ان جوہری اثاثوں کی حفاظت ضامن سب سے زیادہ پاک فوج اور آئی ایس آئی ہے۔ دشمن کے دفاع کو کمزور کرنے کے لیے اور پاکستان کو بے یار و مددگار بنانے کے لیے ان دیواروں کو ڈھا چاہتا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان میں ہونے والی سیاسی ہلچل بھی کسی سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ نظر آتی ہے، کیونکہ عالمی سیاسی صورتحال پر گہری نگاہ رکھنے والے حلقوں کے مطابق 2014ء، 2015ء میں خطے کی صورتحال یکسر تبدیل ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ اسرائیل کے صہیونی لیڈروں نے منصوبہ بندی سے یہ فضا قائم کر لی ہے کہ پاکستان کے جوہری اثاثے اور عالم عرب میں عوامی بیداری اسرائیل کے وجود کے لیے خطرہ ہے، اس تاثر کو اچھال کر اسرائیل، مشرقِ وسطیٰ میں پیش قدمی کرے گا اور کسی بھی ممکنہ ردعمل سے نمٹنے کے لیے عراق اور افغانستان میں امریکی فوجی اڈے اس کی راہ میں آنے والی رکاوٹیں دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس تناظر میں پاکستان کی صورتحال انتہائی نازک ہو جاتی ہے۔ بدقسمتی سے وطن عزیز میں ایسی لیڈر شپ کا فقدان ہے جو اپنے سیاسی مفادات سے آگے بڑھ کر دور تک دیکھنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔ اب تیسری کوشش 2014ء سے جاری ہے اور بڑی تبدیلی کا سبب شام قرار پایا ہے۔

جنوبی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ ایک کھیل کے دو رخ ہیں۔ 2014ء کے بعد خطے کی صورتحال بدل جائے گی۔ 2015ء مسلم امہ کی بیداری کا سال، مگر انہیں کون کرے گا۔ شام عالمی نظام میں تبدیلی کا ایک سبب بن جائے گا۔ مسلم امہ کی 2014ء میں شام کی خانہ جنگی سے عدم دلچسپی نے اب دلچسپی اس سبب لینی شروع کر دی ہے کہ اسلام دشمن قوتوں کی دستک سعودی عربیہ کے ایوانوں تک پہنچ گئی ہے۔ پہلے صرف ایران شام اور بشار الاسد کی حمایت کر رہا تھا۔ اب جب سے امریکہ نے ISIS کے خلاف عسکری آپریشن کا اعلان کیا ہے، مشرقِ وسطیٰ کا عسکری نقشہ بدلتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اب سب شام کی حمایت اور اسرائیل کی طرف بڑھتے ہوئے خطرہ کو روکنے میں کوشاں مگر اس داعش (دولت اسلامیہ) کے خلاف اتحاد میں ایران کی مشاورت اور جگہ دینے سے اعتراز کرنا مناسب نہ ہوگا۔ اسلامی دنیا میں خلافت علی منہاج النبوۃ کی دعویدار تنظیم دولت اسلامی "داعش" کو جہاں عالمی برادری کی جانب سے جنگ کا سامنا ہے، وہیں اسے اعتدال پسند اسلامی دنیا کے علمائے اکرام کی جانب سے بھی کسی قسم کی حمایت نہیں ملی۔ اہل سنت والجماعت کے 126 علماء نے اپنے متفقہ اور مشترکہ پیغام میں داعش کا فلسفہ جہاد و خلافت رد کرتے ہوئے کہا ہے کہ داعش جہاد کے نام پر دنیا میں فتنہ و فساد پھیلا رہی ہے۔ 2015ء میں پاک افواج کو بھی اس جنگ میں شمولیت کی دعوت دی جا سکتی ہے، غالباً ایسا سعودی عربیہ کی فرمائش پر ہوگا۔ 2014ء پاکستان میں اندرونی سازشوں کی کڑی 2015ء میں پاکستان کے ایٹمی اثاثوں پر امریکہ اور اس کے ہم خیال دوست ممالک کے تحفظات اچانک بڑھ جائیں گے۔ یوں لگتا ہے کہ افغان جنگ کا سارا ڈرامہ ہار اس مقصد کے لیے تھا۔

**زائچہ پاکستان پر ستاروں کی کاسمک شعاعوں کے بد اثرات کا صدقہ:** 2014ء عمران، قادری سیاسی و عوامی و حکومتی آزمائش کا سال ایوانِ بالا اور اسمبلی ممبران نے مشترکہ اجلاس اگست/ستمبر 2014ء میں حکومت کی حمایت، آئین کی بالادستی اور وزیراعظم کو استعفیٰ نہ دینے کا مشورہ دیا۔ کیا سابقہ و موجودہ حکمران اپنی الیکشن کی دھاندلی کے تحفظ کے لیے اکٹھے ہو گئے؟ بحیثیت منجم ہم آج زائچہ آئین پاکستان پر بھی بحث کریں گے،



کہ کیا یہ کمزور زائچہ ہے؟ 14 اگست 1973ء صفر بجکر ایک منٹ اسلام آباد کا یہ زائچہ اپنے آئین کے خالق اور پیپلز پارٹی کے بانی جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو بھی تحفظ نہ دے سکا۔ 2014ء کی طرح 1977 میں قبل از وقت کرائے گئے عام الیکشن میں دھاندلی کا شور مچا، تحریک چلی، مارشل لاء لگا اور بھٹو صاحب کو پھانسی دے دی گئی۔ تب سے اب تک آئین میں 17 ویں ترمیم، 18 ترمیم اور نجانے اب تک کون کون سی ترامیم ہو چکی ہیں۔ آئین کے جس تقدس کا آج قوم کو بار بار یاد دلایا جا رہا ہے کہ کہیں مارشل لاء نہ لگ جائے۔ کیا 12 اکتوبر 1999ء کو مشرف مارشل لاء نہیں لگا تھا؟ کیا این آر او معاہدہ آئین کی واضح خلاف ورزی نہیں تھی؟ جن کی فریق محترمہ بے نظیر بھٹو اور جنرل مشرف بنے، امریکہ اور برطانیہ کیوں اس بدنام زمانہ این آر او کے بین الاقوامی ضامن بنے اور پھر اسی قانون کے تحت نواز شریف قبل از وقت پاکستان آئے اور اسی قانون کے تحت تین ہزار سے زیادہ سیاسی لوگوں کو سزائیں معاف کی گئیں۔ جنرل مشرف نے نواز شریف حکومت کو برطرف کیا اور پھر خود ہی یا سپر پاورز کے افغان ایجنڈے کی تکمیل کے لیے انہی کے کہنے پر N.R.O کا عجیب وغریب قانون متعارف کرایا جس کی دنیا کے کسی بھی آئین میں گنجائش نہیں، اب کہا جاتا ہے کہ وہ آمریت کو جمہوریت تبدیلی کا معاہدہ بھٹو صاحب کی شہادت بلکہ جوڈیشل کلنگ کے بعد N.R.O دوسرا منفرد قانون سامنے آیا۔ 15 اگست 1947ء یوم آزادی کے دن اس وقت کے دارالخلافہ کراچی کے افق پر برج حمل طلوع تھا، جس کا مالک ستارہ مریخ ہے اور دن اس سے منگل منسوب ہے۔ مریخ آسمانی کونسل میں سپہ سالار فلک کمانڈر انچیف کی حیثیت کا حامل ہے۔ اسی سبب پاکستان میں اب تک پانچ مارشل لاء منگل کے ہی دن لگے اور چھٹا جوڈیشل مارشل لاء میں یوسف رضا گیلانی کی حکومت کی قربانی کا 19 جون 2012ء کو لگا، اس دن بھی منگل تھا۔

علم نجوم کی روشنی میں زائچہ آزادی وزائچہ آئین پاکستان کو دیکھتے ہوئے بڑے ادب کے ساتھ ماہرین آئین ممبران پارلیمنٹ اور بھی سیاست دانوں، سیاسی پارٹیوں کو مشورہ ہے کہ وہ پاکستان میں فوج کے سیاسی کردار کا تعین کریں تاکہ لولی لنگڑی جمہوریت کی دھکا اسٹارٹ گاڑی جب پٹری سے اترنے لگے تو اسے آئین اور قانونی حدود میں فوجی سہارا دیا جا سکے۔ اس کے علاوہ کرپٹ سیاست دانوں اور بیوروکریسی کی حد سے تجاوز کرتی ہوئی لوٹ مار نا جائز خواہشات پر بھی کنٹرول کیا جا سکے، ورنہ جب تک دنیا کے ساتھ پاکستان قائم ہے۔ (ہماری دعا ہے کہ ہمارا پیارا وطن پاکستان ہمیشہ شاد وآباد رہے)۔ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ جیسے 1958، 1969، 1971، 1977، 1999 سے آج تک دہرائی جا رہی ہے۔ یہ سب مارشل لاء کے سال ہیں، ہم خیال منجمین پاکستان اور ہمارے خیال میں اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ زائچہ پاکستان اول 15 اگست 1947ء کے مطابق اس میں سیارہ مریخ تیسرے گھر پر قابض ہے۔ مریخ کا تعلق فوج سے ہے اور تیسرا گھر ہمت، جرات اور ایکشن سے متعلق ہے۔ آئین پاکستان کا دوسرا زائچہ 14 اگست 1973ء کا ہے۔ اس میں بھی مریخ بارہویں گھر پر براجمان ہے اور اس طرح وہ زائچے کے تیسرے، چھٹے اور ساتویں گھروں پر اثر انداز ہے۔ اگر فوج کے آئینی کردار میں ایسے مواقع کی گنجائش نہ نکالی گئی تو غیر آئینی گنجائش (مارشل لاء) کا راستہ بھی نہیں روکا جا سکے گا۔ بار بار مارشل لاء لگنے سے بین الاقوامی برادری میں عدم استحکام جمہوریت کے سبب پاکستان کی سبکی ہوتی ہے۔ ہماری افواج پاکستان کو ملکی دفاعی عسکری ذمہ داریوں آج کل تو خصوصاً دہشت گردی سے نمٹنے کا ٹاسک افواج پاکستان نے لے رکھا ہے۔ جس سے پاکستانی عوام نے گذشتہ کئی سالوں کے بعد سکھ کا سانس لیا ہے۔ ادھر نحوست میں اضافہ نہلے پہ دہلا مریخ سے دن منگل منسوب ہے۔ پورے ملک میں تمام ذبیحہ خانے بھی بند کر رکھے ہیں۔ اس دن خون نہیں بہتا، نتیجۃً پھر بے گناہ شہریوں، دیگر دفاعی اداروں کے اہل کار نہ صرف بلکہ ہماری بہادر افواج کا بھی خواہ مخواہ خون بہتا ہے۔ مریخ یا منگل پاکستان کا ستارہ ہے۔ پاکستان اور پاکستانی عوام کے تحفظ حکومت وقت سے اپیل ہے کہ وہ منگل کا ناغہ کھول دے۔ اس غیر محسوس صدقہ (قربانی) سے ہمارا ملک پاکستان بہت سارے خطرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ قرآن کریم کی سورۃ توبہ آیت نمبر 103 ہر پاکستانی کو پڑھنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ہم سب منگل کو انفرادی طور پہ بھی قربانی یا گوشت یا پھر کلیجی پھیپھڑوں کا صدقہ دے کر اپنے اہل خانہ ملک کا تحفظ کر سکتے ہیں۔

...کی وجہ سے کی اس کا دو تہائی دین ختم ہو گیا۔ حدیث قدسی

## پاکستان:

زائچہ پاکستان اپنے قیام سے اب تک آسمانی ... نئے دور میں داخل ہو ... مشتری ہی ہے جو

زائچہ پاکستان
42 حمل 24
بحساب ویدک

بتاریخ 15 اگست 1947ء، بوقت صفر بجکر 01 منٹ، کراچی

زائچہ ورش پھل
55 سرطان 02
بحساب ویدک

بتاریخ 15 اگست 2014ء، بوقت 3 بجکر 14 منٹ، اسلام آباد

... کے درجات کو مکمل ناظر ہے۔ مشتری مذہب، قانون کا ستارہ پاکستان دنیا کے نقشہ پر مذہب کے نام پر 1947ء میں قائم ہوا۔ زائچہ کے ... قمر، عطارد، زہرہ، زحل اور پلوٹو کا قیام پاکستان میں صوبائی، لسانی، مذہبی، تعصبات، مختلف الخیال سیاسی پارٹیاں ہمہ وقت آپس میں دست و گریباں ... ہیں اور ہمیشہ حکومتی موقف عوام کو درست لگتا اب آزاد میڈیا نے عوامی سیاسی مزاج ہی بدل دیا ہے۔ جیسا کہ گذشتہ سال عرض کیا گیا تھا کہ سعد اکبر ... 19 جون 2014ء تا 14 جولائی 2015ء وتد الارض پر نوس میں مذہب و قانون اور باہوس میں ملک دشمن سازشوں، خفیہ و مخفی خطرات کا حاکم ہو کر شرف ... 2014ء (سانحہ لاہور) سے پاکستان میں جو احتجاجی تحریکوں کا سلسلہ شروع ہوا (ہماری گذشتہ سال کی زنجانی جنتری 2014ء میں صفحہ نمبر 33 پر درج تھا کہ:

... اگست کا مہینہ نہایت اہم ثابت ہوگا۔ 24، 25، 26 اگست 2014ء، ساتویں گھر قران نحسین مریخ زحل نہایت ناقص ... ہے۔ حسن اتفاق سے زحل 30 سال بعد شرف یافتہ ہے، یہ بھاری رکاوٹوں اور تکالیف میں مدد دے گا۔ ساتواں گھر ... وعدوں کا بھی گھر ہے۔ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے میں کمزوری دکھائی تو عوام کے ساتھ اپوزیشن سیاسی پارٹیوں کا ... پلڑا بڑھ جائے۔ اسلام آباد سیاسی طویل دھرنے حکومت کے خلاف پاکستان کی سیاسی تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں۔

**... سالانہ ورش پھل کی روشنی میں:** 17 دسمبر 2014ء تا 3 فروری 2015ء ورش پھل میں مشتری کا دور رہے ... جب چوتھے شرف یافتہ ورش پھل میں نہ صرف شرف یافتہ بلکہ قران سعدین زہرہ، مشتری حالت قران میں ہوں گے۔ حکومت اپوزیشن کے ... سے پاکستانی قوم تب مایوسی سے نکل آئے گی۔ بنائے گئے جوڈیشل کمیشن کے نتائج کی روشنی میں الیکشن ریفارمز ہوں، ملت وطن کی بقا و ... جذبہ حب الوطنی اجاگر کیا جائے گا۔ حکومتی سیاست دان قوم کو اعتماد میں لیں۔ شرف یافتہ ستارہ مشتری 9 دسمبر 2014ء تا 8 اپریل 2015ء ... 2، 3 جنوری شرف یافتہ مریخ سے مقابل حکومت اور حزب اختلاف کی پارٹیوں میں اپنے فلسفہ اصولوں کی جنگ رہے۔ اخلاقی آئینی ... کی جدوجہد کا عمل جاری رہے۔ 14، 15، 16 جنوری مریخ زحل تربیع مایوس سیاستدانوں حکومتی پارلیمانی تبدیلی کے لیے کوششیں ... 2 اپریل ورش پھل میں زحل کا دور رہے گا۔ زحل مریخ ورش پھل میں چوتھے حالت قران زحل مریخ کا ہونا حکمرانوں کی سیاسی حیثیت ... 24 تا 27 فروری زحل مریخ اور 9 تا 11 مارچ مریخ مشتری تثلیث رہے۔ کچھ مخفی قوتیں قوم کو میڈیا کی نظروں سے ہٹانے کی کوشش کریں۔ ... میں رجعت میں ہونے کے سبب سیاسی پارلیمانی نظام پر اثر انداز ہوگا۔ 2 اپریل تا 24 مئی ورش پھل میں عطارد کا دور رہے گا۔ یہ ... معاملات سے مہنگائی، افواہوں، سٹاک شیئرز میں تیزی سے اُتار چڑھاؤ ہونے، سونے چاندی کی قیمتوں میں رد و بدل خصوصاً 16، ... آئینی بحران یا آئینی ایمرجنسی ان امور کے لیے ناقص ثمرہ ہے۔ 24 مئی تا 14 جون دور ذنب، ذنب نویں ہونے ہمراہ قمر، یورانس ... ممالک سپر پاورز سے اختلاف، خارجہ امور کے حل کے لیے مثبت کوششیں، ایکسپورٹ میں اضافہ اور نئی منڈیاں تلاش کی جا سکیں۔ ... افہام و تفہیم سے جمہوری عمل کی راہیں بلدیاتی انتخابات یا عام الیکشن کو مستقبل میں شفاف بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں گے۔

زائچہ پاکستان میں ستارہ مشتری کا وتد الارض پر قیام ملکی دفاع مضبوط ہو یہ گھر ملکی ارض پاک تعلیمی ادارے اسکول، کالجز، یونیورسٹیوں، ملکی تعمیرات، زراعت، باغبانی، فشری، بحالیات، حب الوطنی بحری اور بری راستوں، ملکی دفاع اور حزبِ اختلاف کا حکومت کے چیک اینڈ بیلنس کا گھر ہے۔ زائچہ پاکستان کا چوتھا گھر برج سرطان ہے، جہاں ستارہ مشتری کو بارہ سال بعد شرف ہوتا ہے۔ ادوار سیارگان پاکستان میں 5 ستمبر 2015ء سے دس سالہ دور قمر شروع ہو رہا ہے۔ سبع کواکب میں قمر کے سیاسی اثرات آئندہ 2025ء تک رہیں گے۔ پاکستان میں جو بھی حکومت ہو گی وہ ماضی کی حکومتوں کی غلطیوں کا ازالہ کرے گی۔ خصوصاً مرکزی صوبائی حکومتوں کے علاوہ بلدیاتی نظام کی اصلاح عوام کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ قمر کے سیاسی اثرات اژدھام خلقت سے پاکستان کی آبادی نئی مردم شماری دورِ قمر میں ہو گی۔ عام آدمی کی بہتری علاقائی سماجی، سیاسی رسم و رواج میں ایثار و محبت کی پھر سے شمع روشن کی جائے گی۔ قمر دریاؤں، سمندروں پر بھی حکمران ہے۔ زراعت اور دریائی منصوبے خصوصاً سیلابوں کی روک تھام کے لیے آبی ذخائر ڈیم اور بندوں کو مضبوط کیا جائے، تمام سرکاری ضابطے جو کہ وسعت و ترقی کے لیے ممکن ہو سکیں، ان کا استعمال کیا جائے گا۔ لوکل گورنمنٹ بلدیاتی اداروں کی ضرورت کی اہمیت کو اجاگر اور اسے فعال بنایا جائے گا۔

2014ء۔ 2015ء میں دو اہم کواکب زحل اور مشتری بروج تبدیل کریں گے۔ زحل ساتویں سے آٹھویں اور مشتری چوتھے سے پانچویں آنے سے اندرونِ ملک اہم سیاسی تبدیلی متوقع ہوں گی۔ مشتری زائچہ پاکستان میں نویں عدلیہ انصاف بارہویں سزا کے بعد نظر بندی، قید و بند کا مشترکہ ستارہ ہے۔ 14 جولائی 2015ء تا 11 اگست 2016ء پانچویں رہنے سے اندرونِ ملک بچوں کی شرح پیدائش میں اضافہ، فلمی اور کھیلوں کی دنیا میں نامور ہستیوں کے فن کا اعتراف اعلیٰ ایوارڈز سے انہیں نوازا جائے، سٹاک شیئرز اور حکومتی انعامی اسکیمیں متعارف ہوں اور ان میں عوامی دلچسپی۔ ستارہ زحل زائچہ پاکستان میں دسویں سربراہ مملکت صدر، وزیراعظم، ان کی کابینہ، گیارہویں پارلیمنٹ، ایوان بالا سینٹ کا مشترکہ حاکم ہو کر 2 نومبر 2014ء تا 26 اکتوبر 2017ء آٹھویں نحس گھر رہے گا، زحل کی آٹھویں نشست نہایت منحوس ہے۔ بڑی عمر کی اہم سیاسی شخصیات میں غیر اخلاقی حرکات اور انہیں دیکھ کر قوم کے اخلاقیات میں انحطاط پیدا ہو، معاشرتی برائیاں دھوکہ دہی، حیا سوز واقعات، رشوت، منشیات، اسمگلنگ آوے کا آوا بگڑے۔ حکومت میں شامل سرکردہ افراد ملکی خزانے کی لوٹ کھسوٹ کریں، ملک کی نظریاتی سیاسی تنزلی ملک کے کچھ حصہ کی علیحدگی کے سیاسی نعرے یا حریت پسندی، شورش انقلاب برپا ہو، سیلاب، دھماکے، کچھ شر پسند عناصر تخریب کاری، لوٹ مار، انارکی پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ معاشی حالات مزید خراب ہو جائیں، عوام کو حقوق سے محروم کر دیا جائے۔ حساس شہروں میں ایمرجنسی یا مارشل جیسے حالات ہوں۔ قانون کے غلط استعمال کے سبب آئینی حقوق کی جزوی معطلی، اسٹیبلشمنٹ اداروں کی حکمرانی بڑھے، ملکی سرحدوں پر فوجی نقل و حمل بڑھے، سرحدی جھڑپیں کسی آئندہ زبردستی جنگ کو دعوت دے سکتی ہیں۔ قبل اس کے وہ سب کچھ ہو جائے جو نہیں ہونا چاہیے، سعادت مشتری کے سبب حکومت و محافظ اداروں اور خصوصاً میڈیا کے آپس کے مقابلے کی سمت درست کر کے 14 جولائی 2015ء تک بھی آنے والے بد اثرات کا اپائے کیا جا سکتا ہے۔ 2015ء میں جنوری، اپریل، مئی، جون، جولائی اور ستمبر حساس ماہ 2 جنوری شرف یافتہ مریخ شرف یافتہ مشتری مقابل حکومت اپوزیشن میں اصولوں کے تصادم کی لڑائی میں کئی قانونی اسکینڈلز کے انکشافات سے سیاسی حکومت کی شہرت کو نقصان پہنچے۔ 14، 15، 16 جنوری مریخ زحل تربیع پارلیمنٹ کی حیثیت اور ممبران پارلیمنٹ کے لیے آزمائش اور مشکلات کا اندیشہ ہے۔ 16، 17، 18 اپریل مریخ مشتری تربیع اندرونِ ملک عوامی جان و مال کے تحفظ کے لیے افواج کی سرگرمیوں میں اضافہ سیاسی لیڈروں، عوام میں جنون کی فضا کو روکنا حکومت وقت کے لیے ضروری ہو۔ 14، 15، 16 مئی مریخ زحل اور 14، 15، 16 جولائی مریخ پلوٹو مقابل حکومتی سیاسی شخصیات کے احتساب ان کے مالی اسکینڈل کے سبب ان کی حیثیت و شخصیت متاثر ہو۔ 24، 25، 26، 27 ستمبر مریخ زحل تربیع افواہوں کی گردش سٹاک شیئرز میں زبردست اُتار چڑھاؤ، سونے چاندی، کرنسی قیمتوں میں رد و بدل، الیکٹرانک پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات آزمائش اسکینڈلز کی زد میں رہیں۔

**2015ء میں زائچہ پاکستان میں گرہنوں کے اثرات:** 20 مارچ سورج گرہن بارہویں لگنے خفیہ ملک دشمن اور تخریب

بک پیلس، اُردو بازار، بھکر ٭ کتاب محل، اُردو بازار

تحریکوں میں انتشار کے سبب تحفظ کرنے والے اداروں کی کارکردگی فعال ہوگی۔ 4 اپریل چاند گرہن چھٹے لگنے سے ملکی سروسز کے اداروں کو منظم کرنے کی ضرورت، عوام الناس میں متعدی امراض، ناقص ادویات کی بھرمار سے بھی امراض بڑھیں۔ موسمی تغیر و تبدل سے کاشت کاری، باغبانی متاثر ہو، مزدوری میں بیروزگاری، مہنگائی سے بے چینی بڑھے۔ 13 ستمبر سورج گرہن پانچویں لگنے سے جرائم، افواہوں کی تعداد میں اضافہ، غیر ذمہ داری سے غیر مصدقہ خبروں کی الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا پر اشاعت اور پھر اُن کی تردید سے اندرونِ ملک بے چینی بڑھے۔ 28 ستمبر چاند گرہن بارہویں لگنے سے ملک دشمن عناصر بے نقاب، ہسپتالوں، جیلوں کے حالات ناقص، مذہبی فسادات کرانے کی کوشش، حکومتی سیکیورٹی اداروں کو چوکس رہنے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔

**کشمیر:** قائداعظم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا، اُن کی بات درست ثابت ہو رہی ہے۔ کشمیر سے پاکستان آنے والے سبھی پانیوں پر بھارت اب تک کئی ڈیم بنا چکا ہے۔ ماہرین آئندہ جنگ کو پانی کی جنگ قرار دے رہے ہیں۔ کشمیری اپنی آزادی کی جنگ میں اب تک مسلسل قربانیاں دیتے چلے آرہے ہیں۔ پاکستان کی کل فوج سے بھی زیادہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں اپنی افواج رکھی ہوئی ہیں۔ پاکستان کو اندرونی اور بیرونی طور سے کئی عالمی سیاسی دہشت گردوں نے کئی محاذوں پر الجھا دیا ہے کہ پاکستانی لیڈر اب کچھ عرصہ سے کشمیر مسئلہ پر اقوام عالم میں کھل کر بات نہیں کر رہے تھے۔ حالیہ دورہ امریکہ وزیراعظم نواز شریف نے کشمیر کے مسئلہ کو پھر اٹھایا ہے۔ U.N.O اگر بے بس ہے تو پاک بھارت تعلقات اس سبب کبھی جنگ کے بادلوں سے خالی نہیں ہو سکتے۔ 2015ء میں بھارتی زائچہ کے حوالہ سے امید ہو چلی ہے کہ کشمیر پر دونوں ممالک کی سطح پر اہم مذاکرات پھر سے شروع ہوں اور سال کے آخر تک امید افزا نتائج کے حامل ہوں۔

**بھارت:** چین کے وزیراعظم نے پاکستان آکر فرمایا تھا کہ ہمسائے بدلے نہیں جاسکتے۔ UNO میں تقریر کرتے ہوئے وزیراعظم ہند نے بھی اسی بات کی اپنے انداز میں تائید کی ہے۔ بے شک بھارت پاکستان کا ایک ایسا ہمسایہ ملک ہے جو ہماری ہر خوشی کو کم کرنے اور ہمارے ہر غم کو بڑھانے میں لگا رہتا ہے۔ بھگوان سب کا بھلا کرے ہماری گزشتہ درست پیش گوئی کے مطابق وزیراعظم ہند نریندر مودی بن چکے ہیں۔ ذاتی زائچہ کے اعتبار سے آپ ایک نہایت اعلیٰ درجے کے ہندو مت ہیں۔ اپنے مذہب، اپنے وطن سے آپ کو عشق جنون ہے۔ اس مقصد کے لیے آپ کو انتہائی قدم بھی اٹھانا پڑے تو آپ اٹھا سکتے ہیں۔ گجرات میں مسلمانوں کے قتل عام کا الزام بھی آپ پر ہے۔ آپ کے دورِ اقتدار میں قوم پرستانہ جذبائیت کو مزید ابھارا جائے گا، اقلیتوں کے حقوق دبانے اور انہیں زیر کرنے کے لیے عزت، غیرت اور مذہب کے نام پر سیکولر ملک کا چیک اینڈ بیلنس کیا UNO کر سکتی ہے، جیسے 65 سال سے مقبوضہ کشمیر کا ہو رہا ہے۔ مزید کسی تمہید کے بغیر ہم زائچہ بھارت کی طرف آتے ہیں۔ 2014ء الیکشن نتائج کے اعتبار سے اور حکومتی عظائم ملکی ترقی کے منصوبوں پر عملدرآمد کو وسعت دینے کے لیے 2015ء نہایت اہم سال ہے۔ جاری مہادشا شمس 4 ستمبر 2015ء کو ختم ہو کر مہادشا قمر کا دس سالہ دور شروع ہونے سے مودی سرکار اور اس کے بعد آنے والی بھارت سرکار کے دور میں ذرائع مواصلات، ریلوے، ٹرانسپورٹ، ہوائی اڈے، خلائی ریسرچ ملک اور اندرونِ ملک زیادہ سے زیادہ بحری رابطے بڑھیں۔ پڑوسی ممالک چین، بھوٹان، سری لنکا، تھائی لینڈ اور خصوصاً پاکستان سے اپنے مفادات کے ساتھ ثقافتی تجارتی خارجہ تعلقات میں بہتری، ویزا پالیسی نرم، سفری سہولتوں میں اضافہ، اخبارات، میڈیا، انفارمیشن ٹیکنالوجی کا تبادلہ، ہند افواج کی عسکری پیشہ ورانہ مہارت کو سپر پاور سے ہم پلہ لانے کی کوششیں کی جائیں گی۔ مہادشا قمر میں انتر دشا قمر 5 ستمبر 2015ء تا 5 جولائی 2016ء جاری رہے گی۔ اس دور میں انتظامی لحاظ سے ملک میں نئے صوبے یا ضلع بنائے جائیں گے۔ عوام اور اپوزیشن کے ترقیاتی کاموں کے مطالبات حکومت پورے کرے، جس سے حکومت پر اپوزیشن جماعتوں کا دباؤ کم رہے، ماسوائے صحت، تعلیم، پسماندگی، غربت، مہنگائی جیسے اہم ایشوز۔ 2015ء میں زائچہ میں سعد اکبر ستارہ مشتری جو تیسرے 14 جولائی تک شرف یافتہ رہتے ہوئے مودی سرکار سے عوام کی جو توقعات بڑھ گئی ہیں۔ اس پر پورا اترنے کے لیے سرکار اپنے وزراء کے ساتھ ایک نئے جذبہ کے ساتھ تعمیری کاموں میں کوشاں رہے۔ ملکی معیشت کی مضبوطی، اقتصادی حالات کو بہتر بنانے کے لیے دوست اور پڑوسی ممالک سے کئی ایک معاہدے کیے جائیں، ہنرمندوں کو بیرونِ ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی وزارت خارجہ اہم کردار ادا کرے۔ مالی خسارہ کو کم سے کم کرنے کے لیے درآمدات برآمدات کے نظام کو بہتر بنایا جائے، اندرونِ ملک غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور سرمایہ کاری کے غیر ملکی متعدد منصوبے بنائے جائیں۔

بازارِ حصص سٹاک شیئرز میں سرمایہ کاروں کا رحجان بڑھے۔ ستارہ مشتری بارہ سال بعد وتد الارض پر 14 جولائی 2015ء تا 11 اگست 2016ء تک رہے۔ اندرونِ ملک غربت، بے روزگاری، مہنگائی کو ختم کرنے کے لیے حکومتی کوششوں میں اضافہ، دوست ممالک سے زرعی ٹیکنالوجی کا حصول، زراعت، باغبانی جانوروں کی افزائش، فشری کے شعبوں میں ترقی۔ 29 جولائی تا 6 اگست مشتری زحل تربیع بننے سے کسی مالی سیاسی اسکینڈل منظر عام پر ورلڈ اکنامکس فورم پر اپنا اعتماد بحال رکھنے کے لیے سرکار بیک وقت کئی چھوٹے بڑے صنعتی منصوبے شروع کرے اور جاری منصوبوں پر کام میں تیزی لائی جائے۔

**بھارت 2015ء گرہنوں کے آئینہ میں:** 20 مارچ سورج گرہن گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر لگنے سے حکومت اپوزیشن ایک دوسرے پر کرپشن کے الزامات لگائیں جس سے ایک ہنگامہ رہے۔ دریاؤں، جھیلوں، چشموں میں پانی کی سطح میں کمی مزید ڈیم بنائے جائیں۔ سمندری ساحلی علاقوں پر طوفان، سیلاب سے املاک جانوروں اور انسانی جانوں کے نقصانات کا اندیشہ ہے۔ 4 اپریل چاند گرہن پانچویں لگنے سے اندرونِ ملک افواہوں میں اضافہ، تفریحات، میڈیا گروپ کے افراد پر سختی، الزامات آئیں۔ سٹاک شیئرز کی مارکیٹ میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہے۔ میڈیا، پریس، اخبارات تنقید کا نشانہ بنیں اور میڈیا ادارے پابندی کی زد میں آسکتے ہیں۔ ایوانِ بالا مقننہ (قانون ساز) اداروں میں غیر معمولی اچانک تبدیلی کا امکان رہے۔ 13 ستمبر سورج گرہن چوتھے لگنے سے غیر موسمی اثرات سے زراعت، باغبانی کو نقصان پہنچے۔ مذہبی مقامات کا تقدس پامال، اقلیتوں کے جذبات مجروح ہوں، عوام میں بے چینی، ہنگامے، تشدد بھڑک سکتا ہے۔ فرقہ ورانہ فسادات، مار دھاڑ، آتشزدگی کے واقعات سے جانی مالی نقصان، اغوا، ڈکیتی چوری، جرائم، لوٹ مار، مہنگائی اور فسادات سے حساس علاقوں میں حالات خراب ہونے سے قبل سرکار کو اقدامات کرنے چاہئیں۔ 28 ستمبر چاند گرہن گیارہویں لگنے سے پارلیمنٹ میں اپوزیشن پارٹیاں حکومتی کرپشن کے خلاف ہنگامہ کریں۔ معارف مذہبی، سیاسی افراد پر قاتلانہ حملے یا اُن کی موت سے سوگ کا عالم رہے۔

**امریکہ:** امریکہ اپنی آزادی کی 237 ویں سالگرہ منا رہا ہے۔ امریکہ اپنے آپ کو دنیا میں عظیم تر منوا چکا ہے۔ اپنی آزادی کی اعلیٰ اقدار اور دنیا پر حکمرانی اور قانون کے نام پر دنیا خصوصاً مشرقِ وسطیٰ کو کسی جنگ میں اسرائیل توسیع پسندانہ عظائم کے نتیجہ کے طور پر بڑی جنگ میں جھونک سکتا ہے۔ ماضی کی القاعدہ اور حالیہ داعش سے کیا امریکہ کے رابطے ہیں؟ طالع سے شرف یافتہ زحل 3 نومبر 2014ء کو نکل کر 26 اکتوبر 2017ء تک دوسرے ملکی معیشت کے خانہ میں رہے گا۔ اُدھر شرف یافتہ مشتری بھی 14 جولائی 2015ء تک وتد السماء بیت العزت کے گھر سے نکل جائے گا۔ گزشتہ دو تین سالوں سے ہر دو کواکب شرفاتِ زحل و مشتری کی مشترکہ جو سعادت ملی ہوئی تھی وہ 2015ء سے جاتی رہے گی۔ بیت الاقوامی جنگ و جدل کا بازار گرم رکھنے اور یہودیوں کی حمایت میں مشرقِ وسطیٰ اسرائیلی وسعت کے لیے داعش کے آڑ میں جو کھیل کھیلا جائے گا، اس سے ملکی ذرائع آمدن اور معیشت کو دھچکا لگے گا۔ **23 اپریل 2014ء جو آسمانی کونسل پر عظیم گرینڈ کراس کواکب پلوٹو، مشتری، مریخ، یورانس یکساں چاروں کواکب 19 درجات پر بنے تھے** اور ہم نے دنیا میں تیسری عالمی جنگ عظیم ہونے کے جو خدشات ظاہر کیے تھے، تب داعش کا نام ونشان بھی نہ تھا۔ اب امریکہ عراق میں داعش کی شکست و خاتمہ کے لیے اپنی مداخلت کو لازم سمجھ رہا ہے۔ امریکہ، نیٹو اور ہم خیال اسلامی ممالک بھی مل کر فوری طور سے اِسے ختم نہ کر پائیں گے۔ اس جنگ کی لپیٹ میں امریکہ کا چہیتا اسرائیل بھی آسکتا ہے۔ تب خدشہ ہے کہ یہ معمولی جنگ طویل جنگ میں بدل جائے اور مزید خطرہ یوں ہے کہ بعض خائف اسلامی ممالک اس جنگ کی آڑ میں استعمال ہوسکتے ہیں۔ خصوصاً سعودی عرب کو تعاون کے نام پر مزید بلیک میل کرے، امریکہ نے دنیا میں کیا چالاکی کر رکھی ہے کہ نصف صدی سے زیادہ یہ اب تک 35 سے زیادہ ممالک میں چھوٹی بڑی لڑائیاں لڑ چکا ہے۔ یہی سرمایہ عرب و امریکہ کی عوام کی خوشحالی اور اپنے دوست پسماندہ ممالک کی صحت، تعلیم پر بھی خرچ کر سکتے ہیں۔ مہنگائی، جاب کے سبب امریکی عوام نفسیاتی، روحانی، اخلاقی پریشانیوں میں مبتلا ہوں گے۔ امریکہ عوام کو بین الاقوامی سفر میں عدم تحفظ کا احساس رہے گا۔

**ایران:** انقلاب ایران نے دنیا میں امریکہ اتحادی ممالک اور عالم اسلام میں ایک حقیقی سوچ کی بنیاد رکھی۔ امریکہ اور اقوام متحدہ نے مستقبل میں ایرانی کردار کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔ امریکہ یورپی یونین، جاپان، عرب ممالک خصوصاً سعودی عربیہ سے اچانک 2014ء میں ایران کی سیاسی اہمیت کو تسلیم کرنا شروع کر دیا ہے۔ ایران پر عائد پابندیاں بھی بتدریج نرم ہو رہی ہیں۔ یہ ایران کی اخلاقی قوت اور سیاسی فتح ہے اور 2015ء میں ہونے والی عالمی سیاسی تبدیلیوں میں ایران کی مشاورت اہمیت بڑھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ ایران اپنی مہادشا زہرہ میں انتر دشا عطارد اور دسمبر 2012ء تا 10 دسمبر 2015ء گزر رہا ہے۔ عطارد زائچہ میں طالع اور ارض وطن کا مشترکہ حاکم، ادھر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 14 جولائی 2015ء ملکی معیشت کے گھر شرف یافتہ یہاں پیدائشی زائچہ کا مشتری بھی شرف یافتہ لہٰذا یہ بھی عرصہ ایران کی بین الاقوامی سیاسی اہمیت ملکی تجارت، درآمدات، برآمدات میں اضافہ، عالمی پابندیوں کا خاتمہ، ملکی معیشت میں محصول وکسٹم دیگر مالگواری روسی ریاستوں کی راہداری سے اضافہ، خورد و نوش کی قیمتوں میں استحکام بڑھتی ہوئی مہنگائی پر قابو پایا جاسکے۔ ملکی کرنسی بھی بین الاقوامی کرنسیوں کے مقابلے میں مستحکم و بہتر ہو، دوست ممالک سے مال کے بدلے مال کی ترسیل میں بھی اضافہ ہو۔ صدر روحانی کی قیادت میں پوری قوم کا حوصلہ اور جذبہ حب الوطنی بلند ہو۔ ملکی زراعت اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے لیے زرعی سائنسی اصولوں کو اپنایا جائے، معدنیات کے نئے ذخائر دریافت ہوں، پبلک عمارات، نئی کالونیاں، نئے قصبے بسائے جائیں اور دور دراز چھوٹے شہروں کا معیار زندگی اور جدید سہولتوں میں اضافہ کیا جائے گا۔ نئے پارک، تفریح گاہوں کی تعداد میں اضافہ، کھیلوں کے معیار پر خصوصی توجہ، مذہبی نسلی امتیاز کی فضا کو دور کرنے کی مثبت کوششیں، سکول، کالج اور یونیورسٹیوں کی تعداد میں اضافہ، بین الاقوامی معیار تعلیم کے مطابق نئے ریسرچ سینٹر لائق علماء، اساتذہ کی حوصلہ افزائی، لائق طلبہ کو وظائف، بری و بحری افواج کے معیار اور عسکری قوت میں اندرون ملک تیار ہونے والے اسلحہ کے معیار کو مزید بہتر بنا کر وطن کے دفاع کو مضبوط سے مضبوط تر بنایا جاسکے گا۔ آٹھویں ناگہانی مذہب و قانون کا مشترکہ حاکم زحل تمام سال چھٹے صحت عامہ، افواج، انتظامی اداروں کے گھر ہونے سے سیاست دانوں پر الزامات، اسکینڈل سامنے آئیں۔ دشمن دشمن عناصر ملک اور اس کے نیوکلیئر پراجیکٹ کو کمزور کرنے کے لیے سازشیں جاری رکھیں، جو ناکام ہوں۔ ملت ایران اپنے حقوق و تحفظ کا تحفظ کرے، ایران ٹیکنالوجی کو مضبوط بنانے میں کوشاں رہے۔ عراق کی نئی حکومت اور عرب ممالک سے روابط بڑھیں۔ ایران کو اقوام متحدہ کے دوہرے معیار پر تحفظات رہیں گے۔

**افغانستان:** 2014ء اس لحاظ سے اہم ہے کہ کرزئی طویل حکومت کا خاتمہ، نئی حکومت استحکام ملک کے لیے وسیع پیمانے پر اصلاحات کرے۔ امریکہ کا اُسے 2015ء اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ امریکی افواج شکست تسلیم کر کے اب اپنا عسکری سامان حرب داعش کے خلاف لے جا کر ایک نئی جنگ میں مصروف ہے۔ افغانستان اور پاکستان میں سرگرم جہادی تنظیمیں اکثر اوقات اپنی تقریروں میں اس حدیث کا تذکرہ کرتی ہیں جس میں اس خطے میں جنگ کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ افغانستان اپنے زائچہ کے تحت 8 اپریل 2014ء سے ذنب (کیتو) کے سات سالہ دور سے گزر رہا ہے۔ ذنب پیدائش زائچہ کے گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر میں انتر دشا زہرہ 4 نومبر 2015ء تک رہے۔ یہ گھر پارلیمنٹ مشترکہ ایوان کا ہے۔ جولائی 2015ء میں سعد اکبر ستارہ مشتری بھی ایک سال کے لیے 2014ء میں ہونے والے الیکشن کے نتیجہ میں امریکہ کے جانے کے بعد افغانستان میں حکومت کرنے کے لیے مضبوط پارلیمنٹ ابھر کر سامنے آئے، بھارت، سابقہ روسی ریاستوں، چین اور خصوصاً پاکستان سے حالات میں بہتری کر کے دونوں ممالک میں دہشت گردوں کے مشترکہ خاتمہ کے لیے اتفاق ہو، مستقبل کے بارے میں منصوبہ بندی اور اندرون ملک امن و امان، عدل و انصاف، قانون کی حکمرانی کے لیے اعلیٰ سطح پر موثر اقدامات کیے جائیں گے، قومی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے متفرق طالبان دھڑوں کو اکٹھا اور ان میں اتفاق کرنے کے لیے نئی حکومت سرگرم رہے گی۔ افغانستان کی تعمیر نو، بحالیات کے کاموں میں دوست ممالک پیش پیش ہیں۔ زراعت، صحت و تعلیم، مواصلات کے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اہم ملکی دفاعی حساس مقامات کی حفاظت سخت کی جائے۔ 2015ء میں افغانستان ایک نئے دور میں شامل ہو جائے گا۔ طالبان باغی دھڑوں کو ملک سے نکال دیا جائے یا پھر انہیں قید و بند کر کے ان پر سال کے آخر تک قابو پالیا جائے گا۔

**چین:** موجودہ دور میں چین اور چینی اقوام اپنے کمال ترقی کی معراج کو چھو رہے ہیں۔ زحل کی مہادشا کی منتہی 24 ستمبر 2019ء تک ہوگی۔ زحل ویسے میں بھی زائچہ کے دوسرے ملکی معیشت کا مالک لہٰذا اس دور میں ملکی عزت و وقار میں اضافہ، چینی اقوام اپنے محب وطن صدر شی جن پنگ کی قیادت میں مزید ترقی کے

زحل کی نشست اس گھر میں نہایت اعلیٰ زحل بزرگ معلم او مراحل طے کرے۔ 3 نومبر 2014ء تا 26 دسمبر 2017ء زحل گیارھویں پارلیمنٹ کے گھر رہے، سیاست کا ستارہ ہے۔ چین تب حسب ضرورت بین الاقوامی سیاست میں اپنا اہم کردار ادا کرے۔ 2015ء میں امریکی اور اتحادی ممالک کی جنگ و جدل انسانیت سوز مظالم کی مخالفت کرے۔ یہ گھر دوست ممالک قوموں شہروں ملک تہذیب و ثقافت تجارتی ترقی اور آمدن (امپورٹ ایکسپورٹ) دوست ممالک کے ساتھ دی بنیادوں پر تجارتی، تعلیمی ٹیکنالوجی، ثقافتی معاہدے کیے جائیں گے۔ خصوصاً ہمسایہ ممالک بھارت، پاکستان، چینی صدر بھارت کے بقول نہایت کامیاب دورہ کر چکے ہیں۔ چینی صدر کے بقول کہ ہمسائے نہیں بدلے جاسکتے ہیں۔ ہمسایہ ممالک سے مواصلات کے نظام کو مزید بہتر کیا جاسکے گا۔ چین بھارت کے مابین 2015ء میں اعتماد کی فضا بڑھے۔ 20 مارچ سورج گرہن تیسرے ہمسایہ ممالک سے کیے گئے بعض معاہدے نظر ثانی کے طالب ہوں۔ 14 اپریل چاند گرہن نویں لگنے سے ذرائع مواصلات ریل، فضائی یا پھر خلائی مشن سائنسی ایٹمی توانائی ری ایکٹر سمندری حادثات کا اندیشہ ہے۔ 13 ستمبر سورج گرہن آٹھویں لگنے سے سیلاب، زلزلے طوفانی مدوجزر، آگ، تخریب کاری سے جانی مالی نقصانات کا اندیشہ ہے۔ 20 ستمبر چاند گرہن نویں لگنے سے بین الاقوامی خارجہ تعلقات سپر پاورز کی تنقید اہم بڑی شخصیات کی علالت یا موت سے قومی صدمات، موسمی تغیرات کی وجہ نقصانات، آندھی، طوفان بادوباراں، سمندری ملحقہ علاقوں کے تحفظ، موسمی اطلاعات سے منسوبہ گرہن ہے۔

**دیگر ممالک مڈل ایسٹ عرب ممالک:** اسرائیل کی پارلیمنٹ کے سامنے یہ الفاظ لکھے ہیں "اے اسرائیل! تیری سرحدیں نیل سے فرات تک ہیں"۔ دریائے نیل تک مصر، اردن، شام، لبنان کا سارا علاقہ، عراق کا ایک بڑا حصہ، ترکی کا جنوبی علاقہ اور مدینہ منورہ تک حجاز کا پورا بالائی علاقہ شامل ہے، اصل مسئلہ فلسطین کو یہودیوں کے غاصبانہ تسلط سے آزاد کرانے کا ہے۔ مسلم امہ اپنے مشترکہ دفاعی لائحہ عمل کے لیے وقتہ وقتہ سے اہم شخصیات ممالک کے مابین مذاکرات، تعاون کا سلسلہ جاری رہے۔ عراق اور شام میں داعش کو شکست دینے کے لیے امریکہ اور اتحادیوں کا طویل آپریشن جاری رہے۔ سعودی عربیہ کے مرکز اور مقدس مقامات پر تخریب کاری کا خدشہ رہے۔ سعودی علماء کونسل قبل ازیں ہی دہشت گردی کی سرکوبی کے لیے فتویٰ جاری کر چکی ہے۔ ترکی، کرد، یمن، بحرین، عراق کرد، کویت، قطر، اردن، لبنان، مصر، لیبیا، الجزائر، تیونس دہشت گردوں کے وسیع اتحاد (دولت اسلامیہ) کی تخریبی کارروائیوں سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ یہ تخریبی کارروائیاں مسلمان ممالک میں پھوٹ ڈالنے اور جنگ عظیم کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کی سازشوں کا حصہ ہوگا۔

**فار ایسٹ:** جاپان، کوریا، تائیوان، ملائیشیا میں تجارتی مقابلے کا رجحان بڑھے۔ الیکٹرانک کی کم قیمت نئی نئی اشیاء متعارف ہوں اور مقبولیت پائیں۔ سنگا پور، ملائیشیا، جاپان، کوریا کی سٹاک شیئرز میں استحکام اور بہتری رہے۔ البتہ معدنیات سونے، چاندی میں اتار چڑھاؤ رہے۔ دیگر فار ایسٹ ممالک تھائی لینڈ، مالدیپ، سری لنکا، ہانگ کانگ، سنگاپور، ملائیشیا کی سیاحت کو مزید فروغ اور حکومت ٹورازم کے شعبہ کو مزید فعال خصوصاً سفری سہولتوں میں اضافہ کرے، سیاحوں کے تحفظ کے لیے خفیہ فورس بنائی جائے گی اور حساس مقامات پر جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

**یورپ:** اندرون ممالک تجارت، ثقافت، مواصلات، تعلیم، صحت کے شعبوں کو فروغ، آپس میں ہجرت امیگریشن کے قوانین میں نرمی، طلبہ کی حوصلہ افزائی، وظائف اور خصوصاً کھیلوں کے متعدد شعبوں کو فروغ دیا جائے گا۔ یورپی یونین، یورپ کے خلاف ہونے والی سازشوں کو بے نقاب۔ برطانیہ، سکاٹ لینڈ اتحاد کی پہلی کامیابی ہے۔ جرائم، خصوصاً بڑھتے ہوئے جنسی جرائم کی طرف توجہ دی جائے گی۔ یورپی یونین کے مقابلے میں 13 سال قبل قائم ہونے والی شنگھائی تعاون تنظیم جس میں چین، روس، خراسان، کرغزستان، تاجکستان، ازبکستان شامل ہیں، ان میں مبصر کی نمائندگی پاکستان، ایران، مصر اور ترکی کا بھی شامل ہونا مکمل رکن بننے کا خواہاں۔ 2015ء میں یورپی یونین اس تنظیم سے اپنے آپ کو خائف محسوس کرتے ہوئے دونوں ممالک کی تنظیموں میں مقابلے کا رجحان عالمی امن کے قیام کے لیے اپنی سفارتی کوششیں تیز رکھیں۔ اپنے قیام سے شنگھائی تنظیم سرحدی تنازعات، اسلامی شدت پسندی، دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے کوشاں رہے۔ اب تک نیٹو ممالک کی طرح ان میں عسکری اتحاد نہیں ہے۔ بدلتے عالمی حالات اور مشرقِ وسطیٰ میں جنگ کے بادل چھائے رہنے کے سبب شنگھائی تنظیم ممالک بھی اپنی مشترکہ عسکری رابطوں کو بڑھانے اور مشترکہ عسکری مشقیں کرنے پر ضرورت حالات کے تحت زور دیں گے۔

# ہر کام میں قمر کی سعادت و نحوست معلوم کرنا

آپ جب بھی کوئی کام کرنا چاہیں تو پہلے یہ دیکھیں کہ اس دن قمر کس برج میں اس کام کے لیے سعد ہے یا نہیں۔ اگر سعد نہ ہو تو تاریخ تبدیل کر دیں تاکہ اچھے اثرات مرتب ہوں۔ (س سے سعد، ن سے نحس، م سے مساوی مراد ہے۔) مرتبہ: نجم کلیم حجازی (مرحوم) آف حیدرآباد

| احکامات | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خاص عبادت کرنا | م | س | م | ن | م | م | م | ن | س | ن | س | ن |
| خصوصی دعا کرنا | ن | | م | م | ن | | س | س | ن | س | ن | س |
| نیک کام شروع کرنا | س | ن | س | س | ن | س | س | ن | م | ن | م | ن |
| زیارت بزرگان کرنا | ن | ن | س | ن | م | س | م | ن | س | م | ن | س |
| کسی سے سوال کرنا | م | س | س | ن | س | م | س | س | س | ن | ن | س |
| جانشین بنانا | ن | م | م | ن | س | س | ن | س | س | | س | ن |
| مخفی کام کرنا | ن | س | ن | ن | س | س | ن | س | م | ن | س | س |
| وزراء حکام سے ملاقات کرنا | | س | س | س | س | م | ن | ن | س | ن | ن | س |
| کسی عورت سے ملاقات کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م |
| کسی کام میں شمولیت کرنا | س | س | س | ن | س | س | ن | س | م | ن | س | م |
| نکاح کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | ن | س | ن | س | س |
| شب زفاف کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | ن | س | ن | س | س |
| بچہ کا نام رکھنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | ن | ن | م | س | س |
| بچہ کی خوشی کرنا | س | م | س | ن | ن | م | م | س | س | ن | ن | س |
| بچہ کا دودھ چھڑانا | ن | س | س | م | س | س | ن | س | م | م | س | س |
| ختنہ کرنا | س | س | م | س | ن | س | س | ن | ن | س | س | ن |
| مدرسہ میں داخل کرانا | ن | ن | س | م | م | س | س | ن | س | ن | ن | س |
| غسل کرنا | س | م | س | س | س | م | س | س | م | ن | س | س |
| خوشی کی مجلس کرنا | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م | ن | س | م |
| جلسہ کرنا | س | ن | س | س | ن | م | س | ن | م | ن | م | م |
| زیور خریدنا | س | س | س | س | س | س | ن | ن | س | ن | ن | س |
| کوئی عمل شروع کرنا | ن | س | س | س | م | س | س | ن | س | ن | س | س |
| خرید کرنا | س | م | س | س | ن | م | س | س | س | ن | م | س |
| حکومت شروع کرنا | س | س | ن | س | س | س | س | ن | س | ن | م | ن |
| شراکت کرنا | ن | م | س | ن | س | س | ن | ن | س | س | م | ن |
| مناظرہ کرنا | ن | ن | س | م | س | م | س | ن | س | س | م | ن |
| ضمانت لینا | س | ن | س | س | ن | س | ن | س | س | ن | ن | س |
| مقام تبدیل کرنا | س | ن | س | س | س | م | س | ن | س | س | ن | س |
| علم موسیقی حاصل کرنا | م | س | ن | م | س | ن | س | س | ن | م | س | س |
| کسی مہم پر جانا | س | س | م | س | س | س | ن | ن | س | ن | ن | م |
| قرض دینا | س | ن | م | س | ن | ن | ن | س | ن | س | س | س |
| قرض لینا | ن | ن | س | ن | م | س | ن | م | س | ن | م | س |
| …وی کرنا | ن | م | س | م | س | س | ن | س | س | ن | س | ن |
| جائیداد خریدنا | م | ن | س | م | س | ن | س | م | ن | ن | س | ن |
| مکان بنوانا | ن | ن | ن | س | س | م | س | م | ن | ن | س | م |
| …ر خریدنا | س | ن | ن | ن | م | ن | س | س | م | ن | س | س |
| تجارت شروع کرنا | م | س | ن | م | ن | س | س | ن | ن | ن | س | م |
| | ن | م | س | م | س | ن | ن | س | ن | ن | ن | ن |
| …ی کاٹنا | س | س | ن | س | س | س | س | س | س | ن | س | ن |
| | س | ن | ن | ن | س | ن | س | ن | س | ن | س | ن |
| …گانا | ن | س | ن | س | ن | س | س | ن | ن | ن | م | س |
| …کھیت بونا | ن | ن | م | س | ن | م | س | ن | ن | س | س | س |
| …کاٹنا | ن | م | س | م | س | ن | ن | س | ن | ن | ن | س |
| مویشی خریدنا | س | س | س | س | س | س | م | ن | س | س | م | ن |
| …شروع کرانا | س | س | م | س | س | ن | ن | س | ن | س | س | ن |
| …ی کرنا | | ن | س | س | ن | م | س | ن | م | ن | م | س |
| …کھنا | ن | س | س | ن | س | س | م | س | س | س | س | س |
| …کرنا | س | ن | س | س | ن | س | س | س | ن | س | س | س |
| …ت کرنا | س | ن | س | ن | س | س | ن | م | م | ن | س | س |
| …کا خط لینا | س | س | م | ن | س | م | ن | س | س | ن | س | م |
| …ن کرنا | ن | س | م | م | س | س | ن | ن | س | ن | س | م |
| …کھیلنا | س | س | س | س | ن | ن | ن | س | ن | س | ن | س |
| …کشتی میں سفر کرنا | س | ن | س | س | ن | ن | ن | س | ن | س | ن | س |

مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو یہ جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے آگاہ ہے اور وہ پھر بھی نافرمانی کرتا ہے۔ حدیث قدسی

# زنجانی جنتری جنوری 2015ء ربیع الاول 1436ھ ماگھ 2071ب دلو 1936ش

| ایام | جنوری | ربیع الاول/ربیع الثانی | پوہ/ماگھ | جدی/دلو | لاہور طلوع | لاہور غروب | کراچی طلوع | کراچی غروب | داخلہ قمر فی البروج | اوقات منازل قمری | سعد و نحس | تاریخی واقعات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جمعرات | 1 | 9 | 19 | 11 | 07-02 | 17-10 | 07-16 | 17-54 | جوزا 22/10 | ہقعہ 06/28 | نیک | عید شجاع۔ اہلبیتؑ نے سوگ بڑھایا |
| جمعہ | 2 | 10 | 20 | 12 | 07-02 | 17-10 | 07-17 | 17-55 | | ہنعہ 06/02 | نحس اکبر | وصال حضرت عبدالمطلبؓ |
| ہفتہ | 3 | 11 | 21 | 13 | 07-02 | 17-11 | 07-17 | 17-55 | | ذراعہ 05/54 | نیک | عرس منجم شاہ زنجانیؒ لاہور |
| اتوار | 4 | 12 | 22 | 14 | 07-03 | 17-12 | 07-17 | 17-56 | سرطان 06/09 | نثرہ 06/09 | نیک | عید میلاد النبیؐ۔ ہفتہ وحدت مسلمین کا آغاز |
| پیر | 5 | 13 | 23 | 15 | 07-03 | 17-13 | 07-17 | 17-57 | | طرفہ 06/41 | نحس | پیدائش معروف نعت گو شاعر قمر وارثی 1950ء |
| منگل | 6 | 14 | 24 | 16 | 07-03 | 17-13 | 07-18 | 17-57 | اسد 16/04 | جبہ 07/38 | نیک | روز مرگ یزید |
| بدھ | 7 | 15 | 25 | 17 | 07-03 | 17-14 | 07-18 | 17-58 | | زہرہ 08/58 | نیک | بنائے مسجد قبا 1ھ |
| جمعرات | 8 | 16 | 26 | 18 | 07-03 | 17-15 | 07-18 | 17-59 | | صرفہ 10/40 | نحس | عرس شاہ محمد غوثؒ لاہور |
| جمعہ | 9 | 17 | 27 | 19 | 07-03 | 17-16 | 07-18 | 17-59 | سنبلہ 03/59 | عوا 12/39 | نیک | روز ولادت جناب رسول خداؐ و امام جعفر صادقؑ |
| ہفتہ | 10 | 18 | 28 | 20 | 07-03 | 17-17 | 07-18 | 18-00 | | سماک 14/48 | نیک | ولادت باسعادت حضرت ام کلثومؑ بنت علیؑ 9ھ |
| اتوار | 11 | 19 | 29 | 21 | 07-03 | 17-18 | 07-18 | 18-01 | میزان 16/58 | غفرا 16/58 | نیک | عرس حضرت صادق حسینؒ درناسک |
| پیر | 12 | 20 | 30 | 22 | 07-03 | 17-18 | 07-18 | 18-02 | | زبانا 18/52 | نحس | عرس مولانا شاہ حسینؒ |
| منگل | 13 | 21 | ماگھ | 23 | 07-03 | 17-19 | 07-18 | 18-02 | | اکلیل 20/21 | نحس | وفات عالم دین مولانا محمد حسن ذکی 1950ء |
| بدھ | 14 | 22 | 2 | 24 | 07-03 | 17-20 | 07-18 | 18-03 | عقرب 04/45 | قلب 21/14 | نیک | پیغمبر اکرمؐ کا مدینہ میں ورود |
| جمعرات | 15 | 23 | 3 | 25 | 07-03 | 17-21 | 07-18 | 18-04 | | شولہ 21/22 | نیک | پہلے تین F-16 پاکستان پہنچے 1983ء |
| جمعہ | 16 | 24 | 4 | 26 | 07-02 | 17-22 | 07-18 | 18-04 | قوس 13/02 | نعائم 20/42 | نحس | عرس داؤد بندگی شیر گڑھ |
| ہفتہ | 17 | 25 | 5 | 27 | 07-02 | 17-23 | 07-18 | 18-05 | | بلدہ 19/14 | نحس | رضا شاہ فرار ہوا 1973ء |
| اتوار | 18 | 26 | 6 | 28 | 07-02 | 17-24 | 07-18 | 18-06 | جدی 17/05 | ذابح 17/05 | نحس | روز وفات حضرت ابوطالبؑ |
| پیر | 19 | 27 | 7 | 29 | 07-02 | 17-25 | 07-18 | 18-07 | | بلغ 14/18 | نیک | عرس شیخ پیر حسن گجراتیؒ |
| منگل | 20 | 28 | 8 | 30 | 07-01 | 17-25 | 07-18 | 18-07 | دلو 18/01 | سعود 11/07 | نیک | عرس خواجہ مخدوم نظام الدینؒ |
| بدھ | 21 | 29 | 9 | دلو | 07-01 | 17-26 | 07-18 | 18-08 | | اخبیہ 07/40 | نیک | وفات حضرت خواجہ شیخ محمد 943ھ |
| جمعرات | 22 | ربیع الثانی | 10 | 2 | 07-01 | 17-27 | 07-18 | 18-09 | حوت 17/49 | مقدم 04/07 | نحس اکبر | عرس صاحب امیر بہاولپور |
| جمعہ | 23 | 2 | 11 | 3 | 07-00 | 17-28 | 07-17 | 18-10 | | موخر 00/39 رشا 21/24 | نیک | عرس باباشاہ جمالؒ لاہور |
| ہفتہ | 24 | 3 | 12 | 4 | 07-00 | 17-29 | 07-17 | 18-10 | حمل 18/32 | شرطین 18/32 | نحس | عرس حافظ علی حسین مراد آباد۔ عرس شاہ رسول بدایون |
| اتوار | 25 | 4 | 13 | 5 | 07-00 | 17-30 | 07-17 | 18-11 | | بطین 16/04 | نیک | عرس غلام فرید کوٹ مٹھن |
| پیر | 26 | 5 | 14 | 6 | 06-59 | 17-31 | 07-17 | 18-12 | ثور 21/38 | ثریا 14/08 | نحس | عرس مخدوم تقیہ |
| منگل | 27 | 6 | 15 | 7 | 06-59 | 17-32 | 07-16 | 18-13 | | دبران 12/45 | نیک | عرس میراں شاہ کوٹ پٹن |
| بدھ | 28 | 7 | 16 | 8 | 06-58 | 17-33 | 07-16 | 18-13 | | ہقعہ 11/53 | نیک | عالمی یوم جذام |
| جمعرات | 29 | 8 | 17 | 9 | 06-58 | 17-34 | 07-16 | 18-14 | جوزا 03/37 | ہنعہ 11/32 | نیک | پاکستان دولت مشترکہ سے علیحدگی 1972ء |
| جمعہ | 30 | 9 | 18 | 10 | 06-57 | 17-35 | 07-15 | 18-15 | | ذراعہ 11/38 | نیک | عرس شیخ عبدالقادر جیلانیؒ بغداد شریف |
| ہفتہ | 31 | 10 | 19 | 11 | 06-57 | 17-35 | 07-15 | 18-16 | سرطان 12/10 | نثرہ 12/10 | نیک | ولادت حضرت امام حسن عسکریؑ |

اے فرزند آدم! جس نے قناعت کی غنی بن گیا جو دنیا کے تھوڑے مال پر راضی ہوا اس نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔ حدیث قدسی

# زنجانی جنتری فروری 2015ء ربیع الثانی 1436ھ پھاگن 2071ب حوت 1936ش

| ایام | فروری | ربیع الثانی | ماگھ/پھاگن | دلو/حوت | لاہور طلوع | لاہور غروب | کراچی طلوع | کراچی غروب | داخلہ قمر فی البروج | اوقات منازل قمری | سعد/نحس | تاریخی واقعات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | 1 | 11 | 20 | 12 | 06:56 | 17:36 | 07:15 | 18:16 | | طرفہ 13/00 | نحس اکبر | بڑی گیارہویں شریف |
| پیر | 2 | 12 | 21 | 13 | 06:55 | 17:37 | 07:14 | 18:17 | اسد 22/42 | جبہ 14/12 | نیک | نماز فرض ہوئی 1ھ |
| منگل | 3 | 13 | 22 | 14 | 06:55 | 17:38 | 07:14 | 18:18 | | زہرہ 15/42 | نحس | کوفہ میں قیام حضرت مختارؒ |
| بدھ | 4 | 14 | 23 | 15 | 06:54 | 17:39 | 07:13 | 18:18 | سنبلہ 10/47 | صرفہ 17/28 | نیک | سری لنکا آزاد ہوا 1948ء |
| جمعرات | 5 | 15 | 24 | 16 | 06:53 | 17:40 | 07:13 | 18:19 | | عوا 19/26 | نیک | عرس جاسن امام بودیاوالہ میانی صاحب لاہور |
| جمعہ | 6 | 16 | 25 | 17 | 06:53 | 17:41 | 07:12 | 18:20 | | سماک 21/33 | نحس | عرس نظام الدین اولیاء دہلی |
...کن ظاہر نہیں کرتا، اپوزیشن جماعتیں احتجاجی کیفیت میں ہوں گی، اختلاف
...رائے بڑھے گا، اندرون ملک حادثات اور سانحات میں اضافہ ہوسکتا ہے، عوام
کی پریشانیاں اور تکالیف بڑھ سکتی ہیں، ان کا آئین اور قانون سے اعتبار اٹھ سکتا
ہے، اگر وہ مدد کے لیے فوج کی طرف دیکھنے لگیں تو حیرت نہیں ہونی چاہیے، فوج
بھی ملکی سلامتی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اپنے فرائض سے غافل نہ ہوگی۔
ملکی اثاثہ جات کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ شمس کی پوزیشن سے ظاہر ہوتا ہے
اس کے علاوہ مستقبل کے خوف اور اندیشوں میں اضافہ ہوگا، آئینی ترامیم
ناگزیر ہوسکتی ہیں جن کے تحت الیکٹورل ریفارم، انتظامی طور پر نئے یونٹوں کا
قیام جیسے مسائل پر توجہ دی جاسکتی ہے، قصہ مختصر یہ کہ محو حیرت ہوں کہ دنیا
کیا سے کیا ہوجائے گی۔

## انٹرٹینمنٹ انڈسٹری

تفریحات اور فنکارانہ سرگرمیوں کا نمائندہ بنیادی طور پر سیارہ زہرہ ہے
جس کی زائچے میں حالت اچھی نہیں ہے، اگرچہ وہ پانچویں انٹرٹینمنٹ کے
گھر میں موجود ہے لیکن زحل کے تیر نظر کا شکار ہے، امکان ہے کہ اس سال
فلم اور ٹی وی سے متعلق بہت سے لوگوں کے اختلافات اور تنازعات سامنے
آئیں گے، پروگراموں میں معیار کا فقدان ہوگا، صرف زیادہ سے زیادہ
دولت کمانے کی ہوس نمایاں ہوگی، شوبزنس سے متعلق بعض خواتین ازدواجی
مسائل کا شکار ہوں گی اور بعض کے معاملات طلاق تک جاسکتے ہیں لیکن
مجموعی طور پر انڈسٹری ترقی کرے گی۔

## ملکی انتظامیہ

زائچے کا چھٹا گھر ملکی انتظامیہ، فوج، پولیس، بیوروکریسی اور عدلیہ کے فیصلوں
کے ساتھ الیکشن کمیشن کے اقدامات سے متعلق ہے، زحل اس کا حاکم ہے اور
زائچے کے تیسرے گھر میں نہایت طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے گویا تمام اقدام اور
کوششوں پر اثر انداز ہے، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ 2015ء کا سال
اسٹیبلشمنٹ کی حکمرانی کا سال ہوگا، فطری طور پر زحل لیبر کلاس کا نمائندہ ہے
لہٰذا زحل کی طاقت ور پوزیشن لیبر کلاس کے مسائل اور مطالبات کو نمایاں کرتی
نظر آتی ہے، حکومت کو کبھی ہوا سے عام آدمی کے مسائل پر توجہ دینا پڑے گی۔

ہم پہلے بھی نئے قانون ٹی پی او کے حوالے سے اپنے خدشات کا اظہار
کرچکے ہیں، اس تناظر میں سیاسی اور جمہوری قوتوں کا کردار کیا ہوگا؟
حکومت اسٹیبلشمنٹ کے سامنے بے بس نظر آتی ہے، وزیراعظم اور ان
کے رفقاء سمجھوتے کرنے پر مجبور ہوں گے، اپوزیشن کو اس صورت حال سے فائدہ
اٹھانے کا موقع ملے گا، ابھی حال ہی میں سابق صدر جناب آصف علی زرداری
نے شاید ایسی ہی کسی صورت حال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک بڑا لطیف
طنزیہ فقرہ کہا ہے "نواز شریف کو عوام نے وزیراعظم بنایا ہے، بادشاہ نہیں"۔
وزیراعظم کے زائچے کے حوالے سے ہم پہلے بھی عرض کرچکے ہیں کہ ان کا اپنا
مزاج اتنا جمہوری نہیں ہے جتنا کاروباری ہے، قصہ مختصر یہ کہ زہرہ کے دور اکبر میں
نئے سال کا آغاز زحل کے دور اصغر (Sub Period) سے ہو رہا ہے یعنی
ہم اصولی طور پر زحل کے زیر اثر (چھٹے گھر کا حاکم) نئے سال میں داخل ہوں
گے، اگر نیا سال شروع ہونے سے پہلے ہی چھٹے گھر کی منسوبات کا اثر ورسوخ
مؤثر و مقدم ہوجائے تو بھی حیرت نہیں ہونی چاہیے کیوں کہ سال کے اختتام پر
مریخ اور پلوٹو کا قران زائچے کے چوتھے گھر میں ہوگا اور 2014ء میں
ستمبر اور اکتوبر خاصے مخدوش مہینے ہیں، اس دوران میں کوئی سیاسی غلطی یا حکومت کی
کوئی محاذ آرائی جمہوری بساط کو لپیٹ سکتی ہے۔ 2 ستمبر مارشل لاء کا اندیشہ گزر گیا،
اب جولائی 2015ء میں مریخ پلوٹو مقابلہ بھی مخدوش وقت کا اشارہ ہے۔
سیارہ مریخ سال کے آغاز ہی سے چھٹے گھر میں ٹرانزٹ کررہا ہوگا، زحل فروری
سے زائچے کے تیسرے، پانچویں، نویں اور بارہویں گھر سے ناظر ہوگا، یہ نظر فروری
سے ان گھروں پر اثر انداز ہونا شروع ہوگی اور مندرجہ بالا گھروں کے معاملات کو
ڈسٹرب کرے گی، جن میں آئین و قانون اور عدلیہ بھی دباؤ میں ہوں گے۔

## اندرونی و بیرونی تعلقات

یکم مارچ سے مریخ زائچے کے ساتویں گھر میں ہوگا، یہ خاصا خطرناک
وقت ہوسکتا ہے، پڑوسی ممالک سے تعلقات میں کشیدگی اور سرحدی جھڑپوں یا
کسی بڑی جنگی مہم جوئی کے امکان کو اس وقت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔
ساتویں گھر پر یورنس اور کیتو قابض ہیں، کیتو خاص طور پر دیگر ممالک یا
پڑوسیوں سے تعلقات میں خرابی لاسکتا ہے اور اس خرابی کا آغاز 15 فروری
کے بعد ممکن ہے، بھارت اور افغانستان سے تعلقات میں کشیدگی یا کوئی جنگ جو

امام دلسوز مونس ہوتا ہے اور مہربان اور بھائی ہم اور دلسوز ہوتا ہے۔ حضرت امام رضا علیہ السلام

یا نہ مہم جوئی کا خطرہ جولائی تک رہے گا، خاص طور سے فروری کا آخری ہفتہ اور مارچ کا پہلا ہفتہ پڑوسی ممالک سے کشیدگی کا کوئی معاملہ سامنے آسکتا ہے کیوں کہ کیتو کے ساتھ مریخ بھی ساتویں گھر کے حساس درجات پر ہوگا، دونوں مارچ کے پہلے ہفتے میں قران بھی کریں گے، یہ وقت بیرون ملک تعلقات میں مسائل اور کشیدگی لا سکتا ہے، ایسی ہی صورت حال دسمبر میں بھی پیدا ہوسکتی ہے۔

## حادثات اور سانحات

زائچے کے آٹھویں گھر میں قمر موجود ہے' اچھی بات یہ ہے کہ راہو کیتو اس سال چھٹے' آٹھویں اور بارہویں گھر کو متاثر نہیں کر رہے' اسی طرح زحل کی نگاہوں سے بھی یہ گھر محفوظ ہے' البتہ مریخ مارچ کے آخر میں آٹھویں گھر میں داخل ہوگا' یہاں وہ طاقت ور بھی ہوگا' تقریباً 10 اپریل سے آٹھویں' گیارہویں' دوسرے اور تیسرے گھر کو متاثر کرے گا' زحل پر بھی اس کی نظر پڑے گی لہٰذا اپریل کا مہینہ حادثات و سانحات کے حوالے سے خاصا مخدوش ثابت ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ مارچ اپریل کے مہینے مریخ اور شمس کے نحس اثرات کی وجہ سے دیگر ایکسیڈینٹل حادثات میں بھی اضافے کا باعث ہوسکتے ہیں۔

## آئین وقانون

نئے سال 2015ء میں زحل کی زہرہ پر نظر کی وجہ سے جہاں معاشی مسائل میں اضافہ ہوگا وہیں آئین وقانون کے حوالے سے بھی صورت حال اچھی نظر نہیں آتی، زہرہ نویں گھر کا بھی مالک ہے، ایک نیا قانون منظور ہو چکا ہے، اگر اس کا غلط استعمال شروع ہوجائے تو تعجب نہیں ہونا چاہیے جس کی وجہ سے اپوزیشن جماعتیں متحد ہوکر حکومت کے مقابل آجائیں گی، فی الحال پیپلز پارٹی، اے این پی، جے یو آئی وغیرہ جمہوریت کے نام پر حکومت کے لیے نرم گوشہ رکھتی ہیں لیکن نئے سال کے آغاز میں فروری کے دوسرے ہفتے ہی سے صورت حال تبدیل ہونے لگے گی اور مارچ تک حکومت کو خاصی مشکل صورت حال کا سامنا ہوگا۔

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ فروری کے تیسرے ہفتے سے زحل نویں گھر کے حساس درجات سے ناظر ہوگا' یہ وقت کسی قانونی ایمرجنسی کی صورت حال سامنے لاسکتا ہے' عدلیہ کا کردار بھی وہ نہیں ہوگا جو گزشتہ سالوں میں نظر آیا ہے، اس دوران میں اندرون ملک آپریشن کی رفتار بھی تیز ہوگی۔

سیارہ مریخ تقریباً 14، 15، 16 مئی کو زحل کے مقابل ہوگا' یہ بہت ہی خطرناک نظر ہے جو آئین وقانون سے متعلق امور پر ناخوش گوار اثرات مرتب کرسکتی ہے' چونکہ مریخ نویں گھر میں رہتے ہوئے بارہویں' تیسرے اور چوتھے گھر کو بھی ناظر ہوگا' لہٰذا آئین کے معطل ہونے کے خطرات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

## حکومت

زائچے کا دسواں گھر حکومت اور سربراہ حکومت کے علاوہ ملکی عزت ووقار سے بھی تعلق رکھتا ہے' اس کا حاکم عطارد کمزور ہے' ہم پہلے بھی حکومت کی کمزوری کے بارے میں بتا چکے ہیں' اس پر مزید اضافہ صرف اتنا ہی کریں گے کہ جلاد فلک مریخ برج جوزا میں 16 جون تک داخل ہوجائے گا اور دسویں گھر میں قیام کے دوران حکومت کو کم از کم دو بار زوردار جھٹکے دے گا' پہلی بار 28 جون سے 13 جولائی تک کا وقت نہایت مخدوش ہے جس میں حکومت یا سربراہ مملکت کو خطرات درپیش ہوسکتے ہیں' اس وقت کابینہ میں بھی کوئی اکھاڑ پچھاڑ دیکھنے میں آسکتی ہے' تقریباً 10 جولائی ہی سے مریخ اور پلوٹو کا مقابلہ شروع ہوجائے گا اور یہ نظر تقریباً 25 جولائی تک قائم رہے گی اس کے فوراً بعد مریخ اور یورنس کے درمیان تربیع کا زاویہ قائم ہوگا جو کسی بڑی چونکا دینے والی خبر کا باعث بن سکتا ہے۔

## ملکی مفادات

گیارہواں گھر مفادات سے متعلق ہے اور اس کا حاکم قمر آٹھویں مصیبت کے گھر میں ہے' گیارہویں گھر میں مشتری شرف یافتہ لیکن رجعت میں ہے' لہٰذا کمزور ہے' سیارہ مریخ سے پوری نظر کا تبادلہ کر رہا ہے' گویا دونوں ایک دوسرے کو ناظر ہیں، یہ ایک نہایت پیچیدہ صورت حال ہے، مریخ آٹھویں مصیبت کے گھر کا حاکم اور مشتری چوتھے عوام، سکون اور آسائشات کے گھر کا مالک، دونوں کے درمیان مقابلے کی نظر اور قمر پر بھی مریخ کی نظر عوامی سکون وچین کو برباد کرتی نظر آتی ہے، ملکی مفادات کے لیے بہر حال اس سال کو اچھا نہیں کہا جاسکتا' بین الاقوامی تجارتی امور میں ہم عام دنیا سے بہت پیچھے رہ سکتے ہیں' ہمارے دوستوں اور مددگاروں سے بھی ہمیں خاطر خواہ فوائد شاید حاصل نہ ہوسکیں۔

گیارہواں گھر ملکی زائچے میں پارلیمنٹ کی بھی نمائندگی کرتا ہے' مریخ کی نظر یہ ظاہر کرنے کے لیے کافی ہے کہ پارلیمنٹ کا کردار کس معیار کا ہوگا'

جب تم پر شدید قسم کی مصیبتیں نازل ہوں تو پھر ہم سے مدد طلب کرو۔ حضرت امام رضا علیہ السلام

ممبران اسمبلی اپنے ذاتی مفادات کے لیے سرگرم رہیں گے' ان کی حیثیت ربر اسٹمپ سے زیادہ نظر نہیں آتی' جہاں تک ملکی مفادات کا تعلق ہے تو اس کے لیے ان کا کوئی کردار نظر نہیں آتا' ویسے بھی ہمارے ملک میں ہر پارٹی کے ممبران اسمبلی پارٹی ڈکٹیٹرشپ کے زیر اثر میاں مٹھو ہی ثابت ہوتے ہیں' ان کی مجال نہیں ہے کہ پارٹی پالیسی کے علاوہ کوئی بات زبان سے نکال سکیں' لہٰذا اسمبلی ممبران اور ان کی کارکردگی پر کوئی بات کرنا ہی فضول ہے۔

سیارہ مریخ برج سرطان میں یکم اگست کو داخل ہوگا اور 12 اگست سے تقریباً 27 اگست تک گیارہویں گھر کے حساس درجات سے گزرے گا' اپنے داخلے کے فوراً بعد زائچے کے پانچویں گھر میں موجود سیارہ زہرہ سے مقابلے کی نظر بنائے گا جس کے نتیجے میں معیشت کو بڑا جھٹکا، مہنگائی میں اضافہ اور حادثات کی زیادتی، کسی فلم یا ٹی وی فنکار سے متعلق کوئی ناخوش گوار واقعہ پیش آسکتا ہے۔

مریخ زائچے کے دوسرے' پانچویں اور چھٹے گھر سے ناظر ہوگا' یہ ممبران اسمبلی کے لیے بھی ایسا وقت ہوگا جس میں وہ نقصانات یا حادثات کا شکار ہوسکتے ہیں' مزید یہ کہ یہ وقت فوج' بیوروکریسی کے معاملات میں بھی کسی نئی تبدیلی کا امکان ظاہر کرتا ہے' کوئی اہم فوجی مسئلہ اس وقت نمایاں ہوگا اور بعض بڑے بیوروکریٹس زیر عتاب آسکتے ہیں، مریخ ستمبر کے دوسرے ہفتے میں پانچویں گھر میں موجود پیدائشی مریخ سے نظر مقابلہ قائم کرے گا، یہ وقت کسی بڑے حادثے کو جنم دے سکتا ہے۔

## نقصانات اور خفیہ سازشیں

بارہواں گھر خالی ہے اور اس کا حاکم ہر سال کی طرح اس سال بھی چوتھے گھر میں براجمان ہے' ماضی کے سالوں کی نسبت سے اس کا فاصلہ اب پلوٹو سے بڑھ چکا ہے' یہ اچھی بات ہے' جون کے پہلے ہفتے اور جولائی میں مریخ سے اس کی نظر قائم ہوگی جس کے نتیجے میں کسی صاحب حیثیت شخصیت یا اعلیٰ عہدے دار کی تنزلی یا کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے۔

سیارہ مشتری 15 اگست تک بارہویں گھر میں داخل ہوجائے گا اور یہ بہر حال اچھی بات نہیں ہوگی' خصوصاً عوامی مسائل میں مزید اضافہ ہوگا' حکومت کے بعض اقدامات کے نقصانات 15 اگست کے بعد سامنے آسکتے ہیں جو عوامی مفادات کے خلاف ہوں گے' ستمبر میں مشتری کے سعد اثرات عوامی سطح پر محسوس ہوں گے اور ملکی اثاثوں میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے لیکن 17 ستمبر سے مریخ بارہویں گھر میں داخل ہوجائے گا' شمس پہلے سے یہاں موجود ہوگا' اس اعتبار سے اکتوبر کا مہینہ پڑوسی ممالک سے چھیڑ چھاڑ اور جنگی مہم جوئی کا امکان ظاہر کرتا ہے' اندرونِ ملک بھی دہشت گردی کی وارداتیں اور جرائم میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

مریخ زائچے کے پہلے گھر میں 5 نومبر تک داخل ہوگا اس دوران میں سیارہ زحل بھی تیسرے' پانچویں' نویں اور بارہویں گھر کو متاثر کررہا ہوگا' مریخ اور زحل کی تربیع بھی قائم ہوگی دونوں باہم ناظر ہوں گے' لہٰذا اکتوبر نومبر کو اس سال کے آسان مہینے نہیں کہا جاسکتا' اہم تبدیلیاں ان مہینوں میں متوقع ہوں گی خصوصاً 20 نومبر سے 5 دسمبر تک کا وقت حادثات کو جنم دینے کا باعث ہوسکتا ہے' دہشت گردی کی کارروائیاں اور ان کے خلاف فورسز کے آپریشن کی رفتار بڑھے گی، تقریباً 18 نومبر سے مریخ کے نحس اثرات زحل کے نحس اثرات کے ساتھ شامل ہوکر اندرون و بیرون ملک نئے مسائل کو جنم دینے کا باعث ہوں گے' اس وقت بھی خانہ جنگی جیسی صورت حال اور دہشت گردی کی کارروائیوں کا سامنا ہوسکتا ہے، ملک کی مسلح افواج اور سیکورٹی سے متعلق اداروں کی زیادہ فعالیت نمایاں رہے گی، عدلیہ اور آئین و قانون کی اہمیت تقریباً نہ ہونے کے برابر ہوگی (واللہ اعلم بالصواب)

کتنے ہی سال مرے درپے آزار رہے
اک سال اور سہی یہ بھی گزر جائے گا

عزیزانِ من! ملک کے سالانہ زائچے کے حوالے سے یقیناً آپ یہ سوچ رہے ہوں گے کہ شاید ہم تصویر کا ایک ہی رُخ دکھانے کی کوشش کررہے ہیں اور دوسرا کوئی خوش نما یا خوش کن پہلو ہمیں نظر ہی نہیں آرہا تو اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک کی لیڈرشپ ہمیشہ سے کمزور، کرپٹ اور ملک سے غیر مخلص ہے، یہ صورت حال سیاست دانوں اور دیگر مقتدر حلقوں کے درمیان مستقل محاذ آرائی کا باعث ہے جس کے نتیجے میں سیاست داں اقتدار میں آنے کے بعد صرف اپنے اقتدار کی طوالت کے لیے معروف عمل ہوجاتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح اپنی مدت پوری کریں، اس حوالے سے

چاہے جیسے بھی سمجھوتے کرنا پڑیں، وہ کرتے ہیں اور اس کا نتیجہ ملکی عوام کے لیے اور ملک کے لیے اچھا نہیں نکلتا، اب لوگ یہ کہنے لگے ہیں کہ ملک نے اگر کبھی ترقی کی ہے اور عوام کو سکون اور چین کا سانس نصیب ہوا ہے تو وہ ڈکٹیٹرز کے دور میں ممکن ہو سکا ہے، اس خیال کی بنیادی وجہ وہی ہے جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ سیاسی اور جمہوری سیٹ اپ کو اپنی ہی بقاء کی فکر لاحق رہتی ہے، عوامی مسائل اقتدار میں آتے ہی ان کی نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں، ایسی صورت حال میں زائچے میں پیدا ہونے والے ناقص اثرات اور مشکل اوقات سے نمٹنا آسان نہیں رہتا، ایسے ہی خراب اثرات دنیا کے دیگر ممالک کے زائچوں میں بھی موجود ہوتے ہیں لیکن وہاں صورت حال مختلف ہوتی ہے، حکومت اور لیڈر اپنے اقتدار کی جنگ لڑتے نظر نہیں آتے بلکہ کسی بھی مشکل وقت میں حکومت اور اپوزیشن متحد ہو کر کام کرتی ہے اور ملکی مفادات پر کوئی کمزوری یا لچک نہیں دکھاتی۔

کیا اس سوال کا کوئی جواب ہے کہ تقریباً 2007ء سے 2014ء تک کوئی ایک سال بھی ایسا گزرا ہو جو ملک میں مہنگائی، بجلی کے بحران، پانی کے مسائل، جرائم میں کمی، دہشت گردی کے واقعات سے نجات، مجرموں کی گرفتاری اور پھر سزا کا عمل، ملکی خزانے کی زبوں حالی، ورلڈ بینک سے قرضے وغیرہ سے نجات کا سال کہا جا سکے؟ حالاں کہ اب 2008ء سے ملک میں جمہوری نظام جاری ہے، ایک اسمبلی نے اپنی مدت پوری کی ہے اور دوسری اسمبلی اپنی مدت پوری کرنے کی کوشش کر رہی ہے، اس قسم کی باتوں کے جواب میں ہمارے بعض سیکولر دانش ور یا جمہوریت کے علم بردار جواباً کہتے ہیں کہ جمہوری عمل کو پختہ ہونے میں وقت لگتا ہے، کم از کم یہ عمل 50,40 سال جاری رہے تو میٹھے پھل کی توقع کرنا چاہیے، اس پر ہمیں مرزا غالب یاد آ جاتے ہیں۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

اس حوالے سے مثالیں برطانیہ اور امریکہ کی دی جاتی ہیں کہ جناب وہاں بھی جمہوریت کے پودے کو جڑ پکڑنے اور قد آور درخت بننے میں تقریباً 100 سال لگے، ایسے تمام جمہوریت نواز ہماری نظر میں یقیناً پیٹ بھرے امراء یعنی طبقہ اشرافیہ سے تعلق رکھتے ہیں اور طبقہ اشرافیہ ہمارے ملک میں مختلف اقسام کے فیوڈلز پر مشتمل ہے جن کے بچے بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں اور وہ اپنے علاج معالجے کے لیے بھی لندن اور امریکہ کے اسپتالوں کو پسند کرتے ہیں۔

کیا اس سے بڑا مذاق کوئی اور ہو سکتا ہے کہ ایک جاگیردارانہ طبقاتی نظام میں جمہوریت کا ڈراما رچایا جائے اور دولت و طاقت کے زور پر اقتدار حاصل کیا جائے، زرداری صاحب آج نواز شریف صاحب پر طنز فرما رہے ہیں کہ وہ وزیر اعظم منتخب ہوئے ہیں، کوئی بادشاہ نہیں ہیں، کیا یہ لوگ خود آئینہ نہیں دیکھتے؟ ان کے وزیر اعظم اور فیملی کی عیاشیاں ان کے دور اقتدار ہی میں زبان زد عام تھیں اور آج تک انہیں کرپشن کے مقدمات کا سامنا ہے جب سارے سیاست داں اور ان کے ہم نوا جمہوریت پسند صحافی مل کر فوجی ڈکٹیٹروں کو صلواتیں سنا رہے ہوتے ہیں تو یہ بھول جاتے ہیں کہ اپنے اپنے جمہوری دور اقتدار میں انہوں نے ملکی اور عوامی بھلائی کے لیے کیا کارنامے انجام دیے؟ وہ لوگ جو اپنی ذاتی سیاسی پارٹیوں میں کسی جمہوریت کے قائل نہیں ہیں، اپنی تقریروں میں جمہوریت کے گیت گاتے نظر آتے ہیں، عوامی مسائل حل کرنے کا دعویٰ کرنے والے لیڈروں کا اپنا حال یہ ہے کہ انہیں رہائش کے لیے عظیم الشان قلعہ نما محلات اور سواری کے لیے بلٹ پروف گاڑیاں اور حفاظت کے لیے ذاتی یا سرکاری محافظوں کی ایک فوج ظفر موج درکار ہے، ہر ادنیٰ و اعلیٰ سیاست داں بڑے بڑے انقلابی نعروں اور تبدیلی کے وعدوں کے ساتھ میدان سیاست میں قدم رکھتا ہے اور کروڑوں یا اربوں روپے خرچ کر کے مسند اقتدار تک پہنچتا ہے پھر اور کچھ تو تبدیل ہوتا نہیں، وہ خود تبدیل ہو جاتا ہے، اس کی اپنی زندگی میں بڑا شاندار انقلاب آ جاتا ہے، چناں چہ اس ملک کا مسئلہ ہی اعلیٰ، مخلص اور دیانت دار قیادت کا فقدان ہے جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا، ملک کا زائچہ ایسی ہی تصویر پیش کرتا رہے گا جیسی 2015ء کے زائچے کی ہے، دعا کرنی چاہیے کہ اللہ رب العزت حبیب جالب مرحوم کے دعائیہ شعر کو قبولیت عطا فرمائے۔

کوئی تو پرچم لے کر نکلے اپنے گریباں کا جالب
چاروں جانب سناٹا ہے دیوانے یاد آتے ہیں

کنجوس اور بخیل کے لیے آرام و راحت نہیں جب کہ حسد کرنے والے کیلئے لذت نہیں۔ حضرت امام رضا علیہ السلام

از تحریر: عامل شاہ زنجانی

# دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

اعمال قرآنی، اسم اعظم سے فیض یابی کا سلسلہ زنجانی جنتری 2006ء میں شہزادہ حافظ سیّد محسن علی زنجانی کی فرمائش پر شائع کیا مگر اس سال کیلئے بھی مسلسل روحانی فرمائشیں ملیں۔ اس نسبت سے شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی نے 2006ء میں چہاردہ معصومینؑ سے منسوب 150 دعاؤں کے مجموعہ کو بھی آپکے لیے تین سال کی ریاضت سے اکٹھا کیا اور اس نقش کا نام ''**لوح محفوظ**'' تجویز کیا اور یہ لوح محفوظ قارئین کو تحفتاً دیا جارہا ہے۔ ابتک لاکھوں بہن بھائی نقش **لوح محفوظ** سے فیض یاب ہوچکے ہیں۔ قارئین نے پُرزور فرمائش کی کہ قرآنی اعمال اسم اعظم کو اس سال بھی ضرور شامل کیا جائے۔ تحریر مضمون رمضان المبارک کی بابرکت شب میں لکھا جارہا ہے۔ قرآن کریم کے نزول کی سب سے پہلی منزل لوح محفوظ ہے۔ شب قدر میں قرآن پاک کا نزول (**انا انزلنه فی لیلة القدر**) ترجمہ: ''ہم نے اسے شبِ قدر میں نازل کیا۔'' ہر انسان کے لیے اس کلام مقدس میں شفاء ہے۔ قرآنی سورتوں کے آگے مختصر مقاصد دیے گئے ہیں۔ آپ نظرات سیارگان 2015ء صفحہ نمبر 160 تا 167 رجال الغیب کا خیال کرتے ہوئے انہیں اپنے جائز دنیاوی روحانی مقاصد کے لیے بنا سکتے ہیں۔

**ھدایات:** نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔ ☆ طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 153 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 160 پر مل جائیں گی۔ ☆ مشک وزعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں۔ مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد دیکھے تو (9360) ملے۔ انہیں 12 پر تقسیم کیا تو 780 آیا اور 0 باقی قسمت بچا۔ اب نقش یوں پر کرینگے۔ 780 کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائینگے۔ خانہ 6 سے خارج قسمت ہر بار اگر کوئی باقی قسمت ہو تو جمع کرتے جائیں۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورہ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالمؐ سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہوجاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ 70 مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اٹھ کر زندہ ہوجائے۔ یاد رکھیں کہ جسطرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرطیکہ یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپکا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے، خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آسکتے ہیں) روحانی فیض پاکر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال 11,10 ربیع الاول کو منایا جاتا ہے۔ عرس کا مقام جنتری ہذا میں درج ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض عملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۱ |
| ۷ | چال هش | ۵ |
| ۲ | ۴ | ۶ |

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳۴۰ | ۶۲۴۰ | ۷۸۰ |
| ۵۴۶۰ | یہاں مقصد لکھیں | ۳۹۰۰ |
| ۱۵۶۰ | ۳۱۲۰ | ۴۶۸۰ |

حرص اور حسد سے بچو ان دونوں نے سابقہ امتوں کو تباہی و بربادی سے دوچار کیا۔ حضرت امام رضا علیہ السلام

## اسم اعظم سے فیض یابی

کا آسان طریقہ یوں ہے کہ اپنی شرعی ضرورت کے تحت 99 اسمائے عظائم سے اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا کسی نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر اسے بلاناغہ مقصد حل ہونے تک نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کر دیں۔

### بسم اللہ الرحمن الرحیم نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعداد قمری خواص جلالی و جمالی

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا احد<br>اے ایک<br>جلالی 13 | یاواجد<br>اے غنی بے پرواہ<br>جلالی 14 | یا وھاب<br>اے بے عوض دینے والے<br>جلالی 14 | یا حیی<br>اے زندہ<br>جلالی 18 | یا واحد<br>اے اپنی ذات میں یکتا<br>جلالی 19 | یا ودود<br>اے بہت دوست رکھنے والے<br>جمالی 20 | یا ھادی<br>اے راہ دکھانیوالے<br>جمالی 20 | یا اول<br>اے سب سے پہلے<br>جلالی 37 | یا ولی<br>اے دوست<br>جمالی 46 |
| یا والی<br>اے مالک کارساز<br>جمالی 47 | یا ماجد<br>اے صاحب بزرگ<br>جلالی 48 | یا مجیب<br>اے دعا قبول کرنیوالے<br>جلالی 55 | یا مبدی<br>اے پیدا کرنیوالے<br>جلالی 56 | یا مجید<br>اے بزرگ<br>جمالی 57 | یا محی<br>اے جلانیوالے<br>جلالی 58 | یا باطن<br>اے وہم و خیال سے پوشیدہ<br>جمالی 62 | یا حمید<br>اے تعریف کرنیوالے<br>جمالی 62 | یا اللہ<br>اے معبود<br>جلالی 66 |
| یاوکیل<br>اے بندوں کے کارساز<br>جمالی 66 | یا حکم<br>اے حکم دینے والے<br>جمالی 68 | یا باسط<br>اے کھولنے والے<br>جلالی 72 | یا جلیل<br>اے بزرگ قدر<br>جمالی 73 | یا حکیم<br>اے حکمت والے<br>جمالی 78 | یا حسیب<br>اے حساب کرنیوالے<br>جمالی 80 | یا بدیع<br>اے چیزوں کے پیدا کرنیوالے<br>جلالی 86 | یا حلیم<br>اے بردباری کرنیوالے<br>جمالی 88 | یا ملک<br>اے ظاہر و باطن کے بادشاہ<br>جمالی 90 |
| یا عزیز<br>اے غالب<br>جمالی 94 | یا عدل<br>اے انصاف کرنیوالے<br>جلالی 104 | یا حق<br>اے ثابت<br>جلالی 108 | یا علی<br>اے بلند رتبہ<br>جلالی 110 | یا باقی<br>اے ہمیشہ رہنے والے<br>جلالی 113 | یا جامع<br>اے جمع کرنیوالے<br>جلالی 114 | یا قوی<br>اے قوت والے<br>جلالی 116 | یا معز<br>اے عزت دینے والے<br>جمالی 117 | یا معید<br>اے دوبارہ پیدا کرنیوالے<br>جمالی 124 |
| یا لطیف<br>اے باریک بین<br>جمالی 129 | یا سلام<br>اے سلامت رکھنے والے<br>جمالی 131 | یا صمد<br>اے بے پرواہ<br>جمالی 134 | یا مومن<br>اے امن دینے والے<br>جمالی 136 | یا واسع<br>اے وسعت دینے والے<br>جلالی 137 | یا مھیمن<br>اے نگہبان<br>جمالی 145 | یا محصی<br>اے احاطہ کرنیوالے<br>جلالی 148 | یا علیم<br>اے ہر چیز جاننے والے<br>جمالی 150 | یا عفو<br>اے معاف کرنیوالے<br>جلالی 156 |
| یا قیوم<br>اے قائم رہنے والے<br>جلالی 156 | یا مانع<br>اے منع کرنیوالے<br>جلالی 161 | یاقدوس<br>اے بہت پاک<br>جمالی 170 | یاسمیع<br>اے سب کو سننے والے<br>جلالی 180 | یامقدم<br>اے آگے رکھنے والے<br>جلالی 184 | یانافع<br>اے نفع پہنچانے والے<br>جلالی 201 | یا بر<br>اے نیکوکار<br>جلالی 202 | یاجبار<br>اے نقصان پورا کرنیوالے<br>جلالی 206 | یامقسط<br>اے انصاف کرنیوالے<br>جلالی 209 |
| یامالک الملک<br>اے دونوں جہانوں کے مالک<br>جلالی 212 | یاباری<br>اے خلق پیدا کرنیوالے<br>جلالی 213 | یا کبیر<br>اے سب سے بڑے<br>جمالی 232 | یامصور<br>اے خلق کی صورت بنانے والے<br>جلالی 236 | یا نور<br>اے روشنی بخشنے والے<br>جمالی 256 | یا رحیم<br>اے بہت مہربان<br>جمالی 258 | یا کریم<br>اے نیکوکار<br>جمالی 270 | یا رؤف<br>اے مہربان<br>جلالی 286 | یا رحمٰن<br>اے بہت بخشنے والے<br>جلالی 298 |
| یا صبور<br>اے بہت صبر کرنیوالے<br>جلالی 298 | یابصیر<br>اے دیکھنے والے<br>جمالی 302 | یا قادر<br>اے قدرت رکھنے والے<br>جلالی 305 | یاقھار<br>اے ہر چیز پر غالب<br>جمالی 306 | یا رزاق<br>اے روزی دینے والے<br>جمالی 308 | یا رقیب<br>اے نگاہ رکھنے والے<br>جمالی 312 | یا شھید<br>اے حاضر<br>جمالی 319 | یارافع<br>اے بلند کرنے والے<br>جمالی 351 | یاتواب<br>اے توبہ قبول کرنیوالے<br>جلالی 409 |
| یاممیت<br>اے مارنے والے<br>جلالی 455 | یافتاح<br>اے کھولنے والے<br>جمالی 489 | یامتین<br>اے مضبوط<br>جمالی 500 | یا رشید<br>اے راہنمائی والے<br>جمالی 514 | یاشکور<br>اے شکر کرنیوالے<br>جمالی 526 | یامقیت<br>اے قوت دینے والے<br>جلالی 550 | یامتعالی<br>اے بہت بلند<br>جلالی 551 | یا باعث<br>اے اٹھانے والے<br>جمالی 573 | یامنتقم<br>اے بدلہ لینے والے<br>جمالی 630 |
| یامتکبر<br>اے بزرگ عظمت والے<br>جلالی 662 | یاوارث<br>اے دینے والے<br>جمالی 707 | یاخالق<br>اے پیدا کرنیوالے<br>جمالی 731 | یامقتدر<br>اے قدرت والے<br>جلالی 744 | یا مذل<br>اے خوار کرنیوالے<br>جلالی 770 | یا آخر<br>سب سے پیچھے<br>جلالی 801 | یاخبیر<br>اے خبردار ہر چیز کے<br>جلالی 812 | یا مؤخر<br>اے پیچھے ڈالنے والے<br>جلالی 846 | یاقابض<br>اے قبض کرنیوالے<br>جلالی 903 |
| یاحافظ<br>اے پست کرنیوالے<br>جمالی 989 | یا ضار<br>اے ضرر پہنچانے والے<br>جلالی 1001 | یاعظیم<br>اے ذات صفات میں بزرگ<br>جمالی 1020 | یاغنی<br>اے بے پرواہ<br>جلالی 1060 | یاذوالجلال والاکرام<br>اے بخشش اور بزرگی والے<br>جلالی 1100 | یامغنی<br>اے پرواہ کرنیوالے<br>جمالی 1100 | یاظاھر<br>اے ظاہر کرنیوالے<br>جلالی 1106 | یاغفار<br>اے بخشنے والے<br>جمالی 1281 | یاغفور<br>اے بخشنے والے<br>جلالی 1286 |

تیز چلنا مومن کی شان و شوکت کو ختم کر دیتا ہے۔ حضرت امام رضا علیہ السلام

| نام سورۃ | اعداد | حاجت |
|---|---|---|
| سورۃ فاتحہ | 9360 | شفاء کے لئے |
| سورۃ بقرۃ | 948009 | حصول خیر و برکت کیلئے |
| سورۃ آل عمران | 184956 | حصول اولاد صالح |
| سورۃ نساء | 11392923 | زوجین میں محبت |
| سورۃ مائدۃ | 848546 | جدائی منافقین کیلئے |
| سورۃ انعام | 935329 | حصول جاہ و مرتبہ |
| سورۃ اعراف | 252592 | شیطانی شر سے بچنے کیلئے |
| سورۃ انفال | 412375 | رہائی کے لئے |
| سورۃ توبۃ | 703615 | تجارتی ترقی کے لئے |
| سورۃ یونس | 550108 | اختلاج قلب کے لئے |
| سورۃ ہود | 514781 | خطرات سے بچنے کے لئے |
| سورۃ یوسف | 503980 | محبت کے لئے |
| سورۃ رعد | 244692 | قائم حملکے لئے |
| سورۃ ابراہیم | 245108 | رجعت نظر بد و جادو کیلئے |
| سورۃ حجر | 176709 | تجارت میں نفع کے لئے |
| سورۃ النحل | 520188 | مسخر دشمن کے لئے |
| سورۃ بنی اسرائیل | 245818 | حفاظت حاسدین |
| سورۃ کہف | 505517 | ہر مشکل کے لئے |
| سورۃ مریم | 289644 | واسطے حمل کے |
| سورۃ طٰہٰ | 399283 | لڑکیوں کے نصیب کشائی |
| سورۃ الانبیاء | 382219 | اولاد نرینہ کے لئے |
| سورۃ الحج | 382344 | حفاظت جان و مال |
| سورۃ مومنون | 351714 | غفلت نماز کے لئے |
| سورۃ نور | 402457 | بندش احتلام کے لئے |
| سورۃ فرقان | 209575 | تباہی ظالم کے لئے |
| سورۃ شعراء | 403738 | غلبہ سرکشوں کے لئے |
| سورۃ النمل | 340962 | ہر بھلائی کے لئے |
| سورۃ قصص | 407120 | حافظہ کی تیزی کے لئے |
| سورۃ عنکبوت | 275297 | رجعت معصیت کے لئے |

| نام سورۃ | اعداد | حاجت |
|---|---|---|
| سورۃ روم | 269977 | مابین موافقت کے لئے |
| سورۃ لقمن | 159000 | بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے |
| سورۃ سجدۃ | 113331 | نشو و نما کے لئے |
| سورۃ احزاب | 35525 | پیغام نکاح کے لئے |
| سورۃ سباء | 253419 | ناگہانی آفات سے بچنے |
| سورۃ فاطر | 242771 | حصول مراد حاکم کے لئے |
| سورۃ یٰسین | 221410 | ہر کام کے لئے |
| سورۃ الصّٰفّٰت | 264754 | رجعت آسیب کے لئے |
| سورۃ صٓ | 229337 | تسخیر خلائق |
| سورۃ زمر | 306585 | بلندی مرتبہ کے لئے |
| سورۃ مومن | 368524 | امراض چشم کے لئے |
| سورۃ حٰم السجدۃ | 245837 | مہربانی حکام بالا کے لئے |
| سورۃ شوریٰ | 201339 | زیادتی رزق کے لئے |
| سورۃ زخرف | 160697 | حفاظت شر حیوانات |
| سورۃ دخان | 97793 | درد شکم کے واسطے |
| سورۃ جاثیۃ | 150153 | حفاظت امراض کے لئے |
| سورۃ احقاف | 73774 | ہر شر سے بچنے کے لئے |
| سورۃ محمد | 180655 | عزت و عظمت کے لئے |
| سورۃ فتح | 188828 | فتح و نصرت کے لئے |
| سورۃ الحجرات | 102892 | زیادہ شیر مادہ کے لئے |
| سورۃ قٓ | 109736 | عجیب و غریب فوائد کے لئے |
| سورۃ الذٰریٰت | 119544 | آسانی وضع حمل کے لئے |
| سورۃ طور | 941383 | حفاظت سفر کے لئے |
| سورۃ النجم | 274334 | حاجت روائی کے لئے |
| سورۃ قمر | 120450 | آسانی مشکلات کے لئے |
| سورۃ الرحمٰن | 1201214 | تسخیر خلائق کے لئے |
| سورۃ واقعۃ | 102965 | فراوانی رزق کے لئے |
| سورۃ حدید | 198924 | حفاظت جنگ کے لئے |
| سورۃ مجادلۃ | 34237 | غلبہ دشمنوں کے لئے |

ادب تکلیف برداشت کرنا، جو تکلیف برداشت کرلیتا ہے وہ ادب حاصل کرلیتا ہے۔ حضرت امام رضا علیہ السلام

| نام سورۃ | اعداد | حاجت |
|---|---|---|
| سورۃ حشر | 133461 | ترقی وکامیابی کے لئے |
| سورۃ ممتحنۃ | 101350 | آسانی شادی کے لئے |
| سورۃ صف | 59060 | نافرمان اولاد کے لئے |
| سورۃ جمعۃ | 61522 | روشن ضمیری کے لئے |
| سورۃ المنفقون | 53256 | دشمنوں کی زبان بندی کیلئے |
| سورۃ تغابن | 79741 | ناخوشگواری سے بچنے کیلئے |
| سورۃ طلاق | 824012 | نجات غم کے لئے |
| سورۃ تحریم | 49232 | ادائیگی قرض کے لئے |
| سورۃ ملک | 99594 | سلامتی کے لئے |
| سورۃ قلم | 93708 | رجعت نظر بد کیلئے |
| سورۃ حاقۃ | 81719 | بچے کے رونے ضد کیلئے |
| سورۃ معارج | 73525 | نجات وسواس شیطانی |
| سورۃ نوح | 74314 | حفاظت حیرانی وپریشانی |
| سورۃ جن | 60633 | نفع حصول جن وانس کیلئے |
| سورۃ المزمل | 68766 | کشادگی رزق کے لئے |
| سورۃ مدثر | 92355 | جلد خوشحالی کے لئے |
| سورۃ القیٰمۃ | 54607 | تسخیر خلائق وحاکم کیلئے |
| سورۃ دھر | 77588 | فوائد کے لئے |
| سورۃ المرسلت | 70634 | غائب کو بلانے کے لئے |
| سورۃ نبا | 52656 | تیزی بصارت کے لئے |
| سورۃ نازعات | 67253 | غلبہ حاسدین کے لئے |
| سورۃ عبس | 51314 | رجعت سحر وجادو کے لئے |
| سورۃ تکویر | 38309 | دفعہ بلیات کے لئے |
| سورۃ انفطار | 26745 | ترقی دولت عزت مرتبہ |
| سورۃ مطففین | 48707 | حفاظت اناج کے لئے |
| سورۃ انشقاق | 28844 | بچوں کو نظر بد سے بچانے |
| سورۃ بروج | 32155 | شفاء جلدی امراض کیلئے |
| سورۃ طارق | 17765 | گمشدہ کو بلانے کے لئے |
| سورۃ اعلیٰ | 17704 | حفاظت سفر کے لئے |

| نام سورۃ | اعداد | حاجت |
|---|---|---|
| سورۃ غاشیۃ | 37457 | حفاظت وبائی امراض |
| سورۃ فجر | 89092 | اطمینان وسکون کے لئے |
| سورۃ بلد | 24283 | عزت وتوقیر کے لئے |
| سورۃ شمس | 19499 | خاتمہ مشکلات کے لئے |
| سورۃ الیل | 29666 | حفاظت مال کے لئے |
| سورۃ ضحیٰ | 13322 | حاضری غائب کے لئے |
| سورۃ الم نشرح | 12416 | برکت مال ودولت |
| سورۃ تین | 10237 | آسانی مہم کے لئے |
| سورۃ علق | 22541 | سچائی کا بول بالا |
| سورۃ قدر | 8311 | وسعت حلقہ احباب |
| سورۃ بینۃ | 31223 | حفاظت برص ویرقان |
| سورۃ زلزال | 19966 | شفائے مرض لقوہ |
| سورۃ عادیات | 13354 | سہولت ادائیگی قرض |
| سورۃ قارعۃ | 12464 | فراخی رزق کے لئے |
| سورۃ التکاثر | 103770 | دماغی امراض کے لئے |
| سورۃ عصر | 4740 | حفاظت مال کے لئے |
| سورۃ ھمزہ | 8341 | حفاظت خطرات کیلئے |
| سورۃ فیل | 5859 | زیر دشمن کے لئے |
| سورۃ قریش | 6304 | محتاجی دور کرنے کیلئے |
| سورۃ ماعون | 9293 | حفاظت نئی اشیاء |
| سورۃ کوثر | 2754 | غلبہ حاسدین کے لئے |
| سورۃ کافرون | 2832 | پاکیزگی قلب کے لئے |
| سورۃ نصر | 6124 | دوری فکر وافلاس |
| سورۃ لھب | 5826 | تباہی ظالم کے لئے |
| سورۃ اخلاص | 1002 | مفادات کے لئے |
| سورۃ فلق | 8675 | دفعہ جن وآسیب |
| سورۃ الناس | 5296 | فوائد قدرت کے لئے |
| کل قرآن | 24315849 | ہر فائدے کے لئے |

حقانی نیوز ایجنسی، نزد نیشنل بینک آف پاکستان، سانگھڑ

اے امت محمدؐ میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی میں نے تمہیں معافی مانگنے سے پہلے معاف کر دیا۔ حدیث قدسی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (اللہ اپنے فضل سے غنی کر دے)

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

# LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2015

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اس کا پرائز بانڈ نکل آئے، مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی لوح محفوظ میں لکھی ہو۔ مگر دعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات و جواہرات سے لوح محو و اثبات سے دولت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مگر کسی کو اس کا علم و آگاہی نہیں ہے، جو ذرہ جہاں ہے، آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزل مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم امت محمدی ﷺ ہیں۔ انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ ہیں۔ اسی طرح آلِ نبی ﷺ اولادِ علیؑ ہونا بھی اسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کے لیے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلے کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الٰہیہ میں گزارے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کے لیے دعائیں کرنا معمول بنالیں جسے انہوں نے تسلیم کرلیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصولِ دولت کے متمنی ہوں، وہ 5,12,14,66,72 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت و مقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کے لیے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کرسکتے ہیں۔

تعبیر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم کر سکتے ہیں۔ وظائف دعاؤں کی مدت آپ کے لیے 3 ماہ تا 3 سال ہوسکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپ کی قسمت یاوری کرے گی اور آپ کے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگا۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپ کے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی و ذاتی کاموں کے استعمال میں لائیں گے۔ تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ 2، لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-4303429 ہے) مل کر فیض یاب ہوسکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں، پھر اس کے مطابق تفصیلات لف کرکے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

## فسٹ سیکنڈ پیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2015

| 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 002 | 112 | 209 | 324 | 402 | 510 | 628 | 709 | 820 | 921 |
| 019 | 127 | 241 | 336 | 413 | 539 | 631 | 721 | 848 | 936 |
| 038 | 145 | 274 | 371 | 449 | 541 | 654 | 748 | 869 | 941 |
| 059 | 162 | 281 | 384 | 461 | 572 | 671 | 756 | 871 | 967 |
| 081 | 194 | 299 | 392 | 482 | 590 | 682 | 781 | 890 | 989 |

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں، ان میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے۔ یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ ان لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا، انہیں ملا۔ شہزادہ سید معصوم علی زنجانی شائقین لکی نمبرز کے لیے "انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں" کے اب تک مسلسل 11 ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اس کتاب کا نیا ایڈیشن 2015ء ہمراہ البیرونی تقویم 2015ء انشاء اللہ جنوری 2015ء میں پیش کردیا جائے گا جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 100,200,750,1500,7500,15000,25000 اور 40000 روپے ہے، کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائیں گے۔ اس کتاب کا مطالعہ آپ کو انعام کے بہت قریب گویا آپ کی قسمت سنوار دے گا۔ معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ کتاب اپنے قریبی بکسٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ قسمت سے براہ راست طلب کریں۔ اس کے علاوہ شوقین دوستوں کے لیے پرانے ایڈیشن بھی دستیاب ہیں۔

**کاشانۂ زنجانی D-125**، حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور کے پتے پر روانہ کریں

اے موسیٰ! مجھے بچوں کی محبت پسند ہے کیونکہ ان کی فطرت میری توحید پر ہے۔ حدیث قدسی

**حمل** ۷۸۶ ♈

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**ثور** ۷۸۶ ♉

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**جوزا** ۷۸۶ ♊

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**سرطان** ۷۸۶ ♋

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**اسد** ۷۸۶ ♌

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**سنبلہ** ۷۸۶ ♍

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**میزان** ۷۸۶ ♎

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**عقرب** ۷۸۶ ♏

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**قوس** ۷۸۶ ♐

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**جدی** ۷۸۶ ♑

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**دلو** ۷۸۶ ♒

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**حوت** ۷۸۶ ♓

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳۰۶ | ۳۷ |
| ۲۶۹ | الله رسول محمد | ۱۸۵ |
| ۷۴ | ۱۴۸ | ۲۳۲ |

**نقش نوروز عالم افروز** شائقین وقارئین زنجانی جنتری کیلئے نقش مہر نبوت اور طلسم ہر برج وستارے کا صفحہ نمبر 64,63 پر پیش خدمت ہے، یہ خاندانِ زنجانیہ عالیہ کی طرف سے آپ کیلئے روحانی تحفہ ہے۔ جو بھی [illegible] 2015 [illegible] وہ بوقت نوروز یا پھر اسی دن اپنے PTO

اے ابن آدم! میں اپنی ذات کیلئے تجھ سے راضی ہوا لیکن تو اپنے لیے میری ذات پر راضی نہ ہوا۔ حدیث قدسی











برج کا نقش نوروز کاٹ کر لیمینیشن کروا کر اپنے والٹ (پرس) میں یا پھر چاندی یا چمڑے میں مڑوا کر دو نفل حاجت ادا کر کے باپرہیز دائیں بازو یا پھر گلے میں بھی پہن سکتے ہیں۔ بفضل تعالیٰ جس جائز مقصد [illegible] گے۔ دعا گو شاہ زنجانی

اے عیسیٰؑ روح اللہ میرے ثواب کی خاطر عمل کرنے والے اپنے عمل سے خستہ نہیں ہوتے۔ حدیث قدسی

# صدقہ سے شفا

## اَلصَّدَقَةُ تَدْفَعُ الْبَلَآءَ (الحدیث)

## (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

☆ حضرت رسولِ اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ بیمار اپنا علاج صدقہ سے کرے۔ ☆ حضرت رسولِ اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ بیماری کو چار چیزیں ختم کرتی ہیں: (۱) صدقہ (۲) علاج (۳) پرہیز (۴) ٹھنڈا پانی (کپڑا تر کر کے ماتھے پر رکھنا)۔ ☆ مجمع الدعوات میں ہے کہ صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے اٹل فیصلے کو بھی بدل دیتا ہے۔ ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا، اس نے عرض کی کہ میرے گھر میں گیارہ افراد ہیں جو کہ سب کے سب بیمار ہیں۔ تو آپ نے فرمایا کہ ان کا علاج صدقہ دینے سے کرو کیونکہ صدقہ سے بہتر اور کوئی علاج نہیں۔ ☆ حضرت امام رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرضِ موت سے بچاتا ہے۔ ☆ کتاب فردوس میں شیخ مفیدؒ سے منقول ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لاحق ہوگئی ہو تو ایک جام پانی اور گندم کے پیمانے کو گندم سے بھر کر ان پر چالیس مرتبہ سورۃ حمد پڑھے۔ بعدازاں پانی کو مریض پر چھڑکے اور گندم کو کسی مستحق کو دے تاکہ وہ اس کی صحت یابی کے لیے دعا کرے۔

☆ مجمع الدعوات میں داؤد ابن زربی سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے صدقہ دینے کا یہ طریقہ ارشاد فرمایا کہ چار کلو گندم (اس کی قیمت بھی دی جا سکتی ہے) لے کر مریض کو پیٹھ کے بل لٹا کر اس کے سینے پر رکھ کر یہ دعا پڑھے۔ بعدازاں گندم کے چار حصے کر کے فقیروں میں تقسیم کر دے۔ (تحفۃ العوام مقبول)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْۤ اِذَا سَئَلَكَ بِهِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس اسم سے کہ جب بھی اس سے تجھے پریشان

الْمُضْطَرُّ كَشَفْتَ مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّمَكَّنْتَ لَهٗ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْتَهٗ خَلِيْفَتَكَ

نے پکارا تو نے اسکو اس کے ذریعہ سے کشادگی فرمائی اور تو نے اس کو زمین پر قابض فرمایا اور اس کو اپنی مخلوق پر اپنا

عَلٰی خَلْقِكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعَافِيَنِیْ مِنْ عِلَّتِیْ

خلیفہ مقرر فرمایا چاہیے کہ تو صلوات بھیجے محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات اور مجھے میری مرض سے عافیت عطا فرما

کریم پبلی کیشنز، سمیع سنٹر، اردو بازار، لاہور۔ فون: 042-37122772

# آپکا صدقہ 2015ء معہ ذاتی نافع الخوراک اور خصوصی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان

| حمل ♈ | ثور ♉ | جوزا ♊ | سرطان ♋ | اسد ♌ | سنبلہ ♍ | میزان ♎ | عقرب ♏ | قوس ♐ | جدی ♑ | دلو ♒ | حوت ♓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ارشاد رسول اکرمؐ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر 103 اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ 2015ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

## خصوصی عزیمت رجعت و نحوست سیّارگان

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ
یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ
نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَری
وَالزُّحل وَالزُّهرہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالراس وَالذَنب بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا
اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْ لَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ
خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

**خصوصی نوٹ** اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت و خاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: 042-35872277
موبائل: 0300-9483758 دعا گو: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی

| برج | نشانات بروج | ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ | نافع الخوراک | معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش |
|---|---|---|---|---|
| حمل | ♈ | مچھلیوں کو سمندر، دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر | کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار | کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔ |
| ثور | ♉ | آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ | کلونجی اور دودھ | طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔ |
| جوزا | ♊ | مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات | شہد اور دودھ | سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے، کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری، خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔ |
| سرطان | ♋ | کالا بکرا گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل | سیب یا تربوز اور دودھ | شیر یا چیتا (چڑیا گھر جا کر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے |
| اسد | ♌ | کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ | سبز الائچی ملا دودھ | چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے |
| سنبلہ | ♍ | گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ | ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ | طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر مادہ چکور کی پرورش نیک ہے |
| میزان | ♎ | آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر | دودھ اور شہد | حشرات الارض، کیڑے کوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے |
| عقرب | ♏ | ہاتھی شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار | سیب، شہد دودھ | کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا گھوڑا یا نر مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے |
| قوس | ♐ | چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں دن بدھ | بادام، شہد دودھ | بکریوں کے ریوڑ کو چارہ ڈالیں دن ہفتہ گھر میں نر مادہ بکری یا مچھلیوں کی پرورش نیک ہے |
| جدی | ♑ | کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے گائے کو پالک کھلائیں دن جمعہ | شہد، سبز الائچی دودھ | متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ گھر میں آبی جانوروں ہر قسم کی پرورش نیک ہے۔ |
| دلو | ♒ | حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو خشک میوہ جات ڈالیں دن منگل | پھلوں کے رس اور دودھ | آبی مخلوق کو اجناس ہر قسم ڈالیں دن جمعرات گھر میں مچھلیوں کی پرورش نیک ہے۔ |
| حوت | ♓ | چیل، باز، کبوتروں کو پسندیدہ خوراک ڈالیں دن جمعرات | مصری الائچی دودھ | گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک دن منگل گھر میں پسندیدہ چوپائے جانوروں کی پرورش |

صدقہ کی مزید تفصیل جاننے کے لیے جنتری ہذا کا صفحہ نمبر ... ملاحظہ کریں

اے محمدؐ مومن کا نام اپنے نام مومن سے مشتق کر کے نام مومن رکھا ہے مومن مجھ سے ہے میں اس سے ہوں۔ حدیث قدسی

21 March TO 20 April
ال ع
2015

| | |
|---|---|
| دن | منگل |
| عدد | 9 |
| عنصر | آتشی |
| رنگ | سرخ یا قرمزی |
| پتھر | یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا، اوپل |

# ARIES
# حمل
## مریخ
## حالات و واقعات کی روشنی میں

Dr. A.Q. Khan

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو **معلم سال** معلم ستارہ زحل جو آپ کے دو سعد گھروں بیت العزت، بیت الامید کا مشترکہ مالک ہو کر برج تبدیل کرے، اس کے علاوہ تین اہم کواکب سعد اکبر مشتری اور راس و ذنب کی بھی بروجی تبدیلی آپ کی معاشرتی زندگی میں مثبت تبدیلیاں خصوصاً وہ حملی جو از خود تبدیلیوں کے خواہاں ہیں، ذراسی کوشش سے اُن کا مقدر یاوری کر سکتا ہے۔ دو اہم گھروں کا ستارہ زحل سارا سال نویں رہے، ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر اور پھر استقامت کے سبب 18 ستمبر تا 31 دسمبر نویں آجائے گا۔ زحل کی بروجی تبدیلیاں آپ کی روزمرہ زندگی خصوصاً کیرئیر، کاروبار، بیرونِ ملک سفر، اعلیٰ تعلیم کا حصول، قانونی مسائل کے حل کی طرف توجہ، ترقی پسند فطرت، مذہب، فلسفہ یا مابعد الطبیعات میں دلچسپیاں بڑھیں۔ زمانہ رجعت زحل 14 مارچ تا 2 اگست اپنی اور خصوصاً بزرگوں (والد) کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ 15 جون تا 18 ستمبر زحل دوبارہ بیت الخوف میں آئے گا، تب مالی شراکتی وراثتی ممکنہ نقصانات سے بچنے کی تدابیر ضرور کر لیں۔ طبیعت میں بے چینی، خوف سے بچنے کے لیے صدقات پر خصوصی توجہ دیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری جو گذشتہ سال آپ کو متعدد سعادتیں دے کر چلا گیا ہے۔ اس سال بھی نیک ثمرات 11 اگست تک از قسم حصولِ انعامات، صاحب اولاد کے خواہاں حملی افراد کو خوشیاں عطا کرے گا۔ سماجی، سیاسی تعلقات میں اضافہ اولاد کی تعلیم و تربیت، اُن کی شادی بیاہ دیگر ذمہ داریوں پر توجہ رہے گی۔ وہ حملی جو کسی دعا یا وظیفہ کو حرز جاں رکھتے ہیں، اُن کا اسم اعظم قبولیت دعا کا باعث بنے گا۔ انعامی چانسز اور گذشتہ کی گئی محنت کے ثمرات یقیناً ملیں گے۔ ستارہ مشتری کی فطرت روحانیات ہے۔ یوں تو سبھی کو فوائد ملیں گے۔ سپیشل اُن افراد کو جو ذکر و اذکار الٰہی کرتے رہتے ہیں۔ یوں یہ سال آپ کی زندگی کا ایک بہترین سال ثابت ہوگا۔ 9 دسمبر 2014 تا 8 اپریل 2015ء رجعت مشتری کسی دامِ فریب سے بچنے کا اشارہ ہے، سبھی چمکتی چیزیں سونا نہیں ہوتیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری بیت المرض میں رہتے ہوئے مکمل میڈیکل چیک اپ کا اِشارہ ہے۔ خصوصاً بلڈ پریشر، کولیسٹرول، ذیابیطس ضرور چیک کروائیں یا پھر اپنی آتشی طبع کے سبب شفاء یابی کے لیے پانی خوب پیتے رہیں۔ جسم میں پانی کی سیرابی آپ اور سب گھرانہ کے لیے امراضِ قلب جسم میں ہریالی اور فاسد مادوں کے اخراج کا سبب بنے گی۔

**درسِ روحانیات:** ہر ایک کے آگے پیچھے نگران مقرر ہیں۔ خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جو خود اپنے اوصاف نہ بدلے، وہی ہے جو بجلیاں چمکاتا ہے، وہی ہے جو پانی سے لدے ہوئے بادل اُٹھاتا ہے، بادلوں کی گرج بھی اُس کی حمد اور پاکی بیان کرتی ہے، تو پھر کیوں نہ ہم بھی اپنی صبح کا آغاز اُس کی حمد و ثناء سے شروع کریں وہ جو چاہتا ہے ہم ویسا بننے کی کوشش کریں، 2015ء آپ کا اپنے رب سے وعدے کا سال ہے۔

**آپ کی شخصیت:** آپکا حاکم مریخ تمام سال استحکام (سیدھا) پذیر رہے گا، جس سے سارا سال کاموں میں بھی قدرے استقامت رہے گی۔ ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز والا مقولہ سچ ثابت ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ آپ اپنی ہمت جواں رکھیں۔ یکم جنوری تا 12 جنوری گیارہویں، 12 جنوری تا 20 فروری بارہویں رہے گا۔ سال نو کے یہ ابتدائی ایام قدرے ملے جلے رہیں گے، خصوصی اور اہم معاملات توجہ طلب ہوں گے، تب حاسدین و مخ

چاند کمپنی، اُردو بازار، لاہور۔ فون:37244114

اے محمدؐ! جس نے میرے ولی کی توہین کی اس نے مجھے جنگ کیلئے للکارا اور میں تو اپنے اولیاء کی بہت ہی جلد مدد کرتا ہوں۔ حدیث قدسی

سے غافل نہ رہیں، ناگہانی اخراجات بھی پیش آسکتے ہیں۔ جیسے ہی مریخ طالع میں 20 فروری تا 31 مارچ آئے گا، آپ کی حوصلہ مندی، دلاوری، خود اعتمادی میں اضافہ ہونے سے بگڑے کام سنورنے لگیں گے، انتظامی امور میں قابلیت کے سبب کامیابی و ترقی کا گراف جدت زمانہ کے ساتھ بڑھے گا۔ اس کے علاوہ 9 اگست تا 25 ستمبر مریخ کو پانچ طرح کی اعلیٰ قوت حاصل رہے گی، تب سیر و سیاحت، کھیل، تفریح کے کاموں میں دلچسپیاں بڑھیں۔ 20، 21، 22، 23 فروری قران مریخ زہرہ طالع میں ہو۔ کچھ عملی افراد کا رجحان جنس مخالف کی طرف رہے، وہ اپنی زندگی میں پیار کے پھول کھلانے اور پسندیدہ جگہ محبت کی شادی کو ترجیح دیں۔ 24، 25، 26، 27 فروری مریخ زحل تثلیث نظم وضبط، برداشت کی اعلیٰ قوت سے کاروباری، تعلیمی کامیابیاں ملیں۔ دانشمندانہ فیصلے، کیریئر کے حوالے سے طویل المیعاد فوائد دلا سکتے ہیں۔ 9، 10، 11 مارچ مریخ مشتری تثلیث بھی بننے سے آپ میں جسمانی و روحانی توانائی بڑھے اور آپ حالات کو اپنے موافق بنا پائیں۔ صحت مندانہ تفریحی سپورٹس مین شپ مواقع ملیں، مقابلے کا رجحان خصوصاً انعامی اسکیموں میں اچانک دلچسپیاں بڑھیں نہ صرف یہ بلکہ آپ کا تعلق جس شعبہ سے بھی ہو، آپ کی سماجی، سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہو۔ آپ کا حاکم مریخ یکم اپریل تا 12 مئی خانہ مال میں تب 16، 17، 18 اپریل مریخ مشتری تربیع آپ کے نظریات و خیالات دوسروں سے متصادم، ایک بحث یا لڑائی چھڑ سکتی ہے۔ جلد بازی سے قانونی پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، خود اعتمادی صبر و تحمل سے حالات کا مقابلہ کر کے خواہ مخواہ کے مسائل سے بچیں۔ مریخ 12 مئی تا 24 جون بیت الاقرباء میں حاضر دماغی سے انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ، پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا لیں۔ 14، 15، 16 مئی مریخ زحل مقابل ہونے سے بعض کاموں میں مایوسی، خرابی صحت، جلد بازی سے حادثات کا اندیشہ، محتاط رہیں۔ خود پر قابو اپنے جذبات، غم و غصہ پر کنٹرول رکھیں، جارحانہ رویہ کی بجائے صبر و تحمل سے کام لینے میں ہی دانشمندی ہوگی۔ 4 تا 8 جون مریخ مشتری تسدیس بننے سے علمی و ادبی صلاحیتوں میں اضافہ، عزیز و اقارب، پڑوسیوں سے خوشگوار مراسم، معاشی اور مادی ترقی کامیاب لوگوں کے حالات جان کر آپ اپنے مستقبل کے لیے مختصر اور طویل المیعاد منصوبے بنا کر ان پر عملدرآمد کرنا پسند کریں گے۔ اعتماد اور توانائی مثبت، آپ کی روح کو تازگی، مادی و روحانی ترقی کا احساس اُجاگر رہے گا۔ 24 جون تا 9 اگست مریخ وتد الارض یعنی گھر میں رہنے کے باعث اندرونِ خانہ خانگی یا خاندانی مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے، ٹریفک میں بھی جلد بازی سے کام نہ لیں۔ 15 جون زحل رجعت کرتے ہوئے نویں سے آٹھویں آجانے سے وراثتی شراکتی فلسفیانہ نقطۂ نظر کے حصول کے لیے کوششوں کی ابتداء کر سکتے ہیں۔ 5 تا 8 اگست مریخ زحل تثلیث بننے سے نظم و ضبط، صبر و برداشت کی قوت کو بڑھا کر کاروباری اور علمی معاملات زندگی میں پیش رفت کی جاسکے، خوش قسمتی کا حصول تبھی ممکن ہو اپنی ذہنی و روحانی قوتوں کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ آپ دوسروں سے اختلاف رائے سے نہ صرف بچ سکتے ہیں بلکہ ان سے تعلقات بہتر بنا کر آپس کی رنجشیں بھی دور کر سکتے ہیں، سعد وقت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ 9 اگست تا 25 ستمبر مریخ پانچویں بیت الاولاد میں اوج یافتہ رہتے ہوئے کھیل کود، سیر و تفریح میں دلچسپیاں بڑھیں، قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ، معاملات محبت جواں سال عملی عشق و محبت، رشتہ کی پسندیدگی جیسے خوش کن حالات پائیں۔ 31 اگست تا 2 ستمبر مریخ زہرہ قران طبع میں جوش و خروش میں اضافہ آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ 25 ستمبر تا 13 نومبر مریخ چھٹے بیت المرض میں رہتے ہوئے جسمانی طاقت صحت کے امور توجہ طلب رہیں، فنی قابلیت کی بدولت اعلیٰ ملازمتی عہدے کا حصول بھی ممکن ہے، تاہم ماتحت افراد کا بھی بھرپور تعاون رہے گا۔ 24، 25، 26، 27 ستمبر مریخ زحل اپنی پلاننگ پر نظرثانی کریں، روزمرہ کی سرگرمیاں بھی قابل توجہ ہونے سے متوقع مسائل سے بچ سکتے ہیں، اپنے جذباتی پن غم و غصہ پر قابو رکھیں، راہ چلتے یا چلاتے ہوئے ٹریفک میں احتیاط، صدقات و خیرات بڑھائیں۔ 15 تا 19 اکتوبر مریخ مشتری قران آپ کو کیریئر خصوصاً ملازم پیشہ افراد کو مراعات، ترقی، بیکار افراد کو حسب منشاء روزگار کے مواقع ملیں، صحت کے مسائل توجہ طلب مصروفیات سے وقت نکال کر اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروالیں۔ روزمرہ ہلکی پھلکی چہل قدمی کو معمول بنا لینا نیک مگر پابندی واک کو معمول بنالیں، پرہیز علاج سے بہتر والا مقولہ یاد رکھیں۔ 13 نومبر تا 31 دسمبر مریخ ساتویں بیت الزوج میں حالت وبال میں رہتے ہوئے غیر متوقع عجیب و غریب خانگی و گھریلو حالات خصوصاً شراکتی ازدواجی معاملات توجہ طلب، بزرگوں سے ضروری مشاورت ہو تو بغیر کسی تاخیر کی دانشمندانہ رائے لے لیں۔ 22 تا 26 نومبر مریخ زحل تسدیس بننے سے اعلیٰ تعلیم کا حصول اور بیرونِ ملک کاروباری اغراض و مقاصد کے سفر، معاہدے ہو جائیں۔ قریبی لوگوں سے نزدیک رہیں اور دوبارہ دوریاں پیدا نہ ہونے دیں۔ اہم گھروں کا ستارہ زحل آپ کے نصیب کے گھر میں رجعت استقامت سے مستقبل کی درخشاں پلاننگ میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ پلاننگ سے وہ عملی افراد اور اُن کی فیملیز فوائد اُٹھا سکتی ہیں جن کا وژن مستقبل کی مثبت پلاننگ ہو۔ جس میں فور سیزن آتے ہیں، یوں سال کے ہر اچھے وقت سے فائدہ اُٹھانا عملی افراد یا عملی والدین و بچوں کے لیے لازم ہوگا۔

اے داؤد! مظلوم سے کہہ دو ظالم کے خلاف میں تیری دعا قبول کرتا ہوں اگر تو کسی پر ظلم نہ کرے۔ حدیث قدسی

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** 2015ء مالی معاشی اعتبار سے ایک انفرادی سال ثابت ہوگا۔ دولت کا کلی اور فطرتی حاکم مشتری 12 نومبر تک پانچویں اولاد، انعام کے گھر باقوت رہتے ہوئے ہر شعبہ زندگی کے عملی افراد کو از سرنو اپنے مالی معاملات پر نظر ثانی اور استحکام لانے کی دعوت دے گا۔ خانہ مال کا حاکم زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ 17 مارچ تا 11 اپریل خانہ مال میں اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج وترفع کی قوت کا مالک ہو کر مالی وسائل میں اضافہ لائے گا۔ زہرہ کا شرفی گھر اخراجات سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ 29، 30 جنوری زہرہ زحل تربیع بننے سے آمدن پر توجہ فکر ناگہانی اخراجات روایتی سماجی معاملات پر یا فیملی، سسرالی، رشتہ داروں، بچوں پر پیش آسکتے ہیں۔ 20 تا 23 فروری طالع میں زہرہ مریخ قران رومانوی جذباتی نوعیت کے ناگہانی اخراجات پیش آئیں، خرچ ضرور کریں مگر قرض لے کر خرچ کرنا دانشمندی نہ ہوگا۔ 3 تا 5 مارچ زہرہ مشتری تثلیث آمدن میں اضافہ تاہم اخراجات بھی بلند رہیں، ممکنہ اسراف سے گریز کریں۔ 27، 28 مارچ زہرہ مشتری تربیع دوسروں سے آپ کی توقعات پوری نہ ہوں، کچھ ناگہانی اخراجات متوقع ہوسکتے ہیں۔ 14، 15 اپریل زہرہ زحل مقابلہ سنجیدہ، ضروری اخراجات کی پلاننگ قبل از وقت کر رکھیں، ورنہ مشکلات قرض کی نوبت لاسکتے ہیں، ممکنہ قرض لینے سے بچیں۔ 21، 22، 23 اپریل زہرہ مشتری تثلیث مالی بگڑے کام سنورنے لگیں گے، غیر متوقع فوائد، انعامی مالی فوائد مل سکیں۔ 5، 6، 7 جون زہرہ زحل تثلیث محنت، کوشش، ایمانداری سے کاروباری مالی معاہدے ہوں۔ آپ کی فرض شناسی کا آپ کو صلہ ملے۔ 29 جون تا 2 جولائی، 3 تا 9 اگست، 24 تا 26 اکتوبر زہرہ مشتری قران سعدین مالی وآرام دے، پرسکون حالات سخاوت اور دوستوں سے آپس میں مشترکہ اخراجات پرمسرت تقریبات، سیاحت یا مقدس سفر پر پیش آئیں اور آپس کی خوشیاں بانٹنے کا موقعہ ملے۔ 31 اکتوبر تا 4 نومبر اپنے مال سامان کی حفاظت میں غفلت نہ کریں۔ 23 تا 25 دسمبر زہرہ مشتری تسدیس وراشتی، شراکتی، ازدواجی لحاظ سے مالی فوائد ملیں تاہم اخراجات بھی یوں ہی بلند رہیں۔

**عزیز واقارب، اندرون ملک سفر:** تیسرے کا حاکم عطارد امسال 13 تا 30 مارچ ہبوط یافتہ 21 نومبر تا 9 دسمبر وبال یافتہ رہنے سے یہ ایام احتیاط طلب جبکہ یکم مئی تا 8 جولائی تیسرے عروج یافتہ 8 تا 27 اگست شرف یافتہ 2 نومبر تا 20 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے حوصلہ مندی، زندگی میں آگے بڑھنے کی اُمنگ ترنگ بڑھے، اندرون ملک تجارتی سیاحتی تفریحی خوش کن سفر پیش آئیں، عزیز واقارب سے نہ صرف تجدید مراسم بلکہ ان سے میل ملاقات کے لیے سفر اور تقریبات کا اہتمام یقینی ہو۔ تیسرے مقابل 15 جون تک زحل رہے اور 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 19 اکتوبر عطارد کو بھی رجعت ہو تب معاملات میں قدرے سست روی آسکتی ہے، ایسے میں قریبی احباب سے مشاورت ازبس ضروری ہوگی، تبھی وسائل اور اُن کی ترتیب میں سکھ اور مناسبت رہے گی۔ 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6 اور 17 فروری تا 20 فروری عطارد زحل تسدیس بننے سے عقلی اور منطقی سوچ بڑھنے سے کسی خاص نقطہ پر ارتکاز توجہ فرمائیں گے، مواصلاتی سفر پر بھی بہتر انداز سے نظر ثانی کر سکیں۔ 15، 16، مارچ عطارد زحل تربیع ضروری سفر کے علاوہ نقل وحمل میں احتیاط جلد بازی سے ٹریفک حادثات کا اندیشہ۔ یکم تا 3 اپریل عطارد زحل تثلیث حل المشکلات، خوشگوار سفر کا آغاز اور کاروباری نوعیت کے سفر پیش آئیں۔ 22، 23 اپریل۔ 26، 27 مئی عطارد مریخ قرانات آپ کی حوصلہ مندی، صلاحیتوں میں اضافہ، ایمانداری، مہارت اور تیزی سے ترقی کرنے کا جذبہ بڑھے۔ 2، 3 مئی عطارد زحل مقابلہ ٹریفک میں جلد بازی، حادثات کا اندیشہ، غیر ضروری مواصلات میں تاخیر کر سکتے ہیں یا پھر صدقات دے کر ضروری ہو تو سفر کریں۔ 9، 10، 11 جون اور 4، 5، 6 جولائی عطارد زہرہ تسدیسات سوشل معاملات اقرباء سے سمجھوتے اور نئے معاہدے ممکن، دوسروں سے ہم آہنگی، وضاحتی امور طے ہونے سے روح کو تازگی ملے۔ 15، 16 جولائی عطارد مریخ قران حوصلہ مندی سے آگے بڑھنے کا جذبہ ملے، شاباش پائیں۔ 22، 23 جولائی عطارد زحل ایک بار پھر حل المشکلات اقرباء کا تعاون عملی مدد ملے۔ 5، 6 اگست عطارد زہرہ قران اچانک سوشل روابط میں اضافہ مستقبل کے سفروں کی منصوبہ بندی کریں گے۔ 7، 8 اگست عطارد زحل تربیع جذباتی جلد بازی کے غیر ضروری سفر خصوصاً ٹریفک میں احتیاط سے کام لیں۔ 25، 26، 27 اگست 5 تا 14 اکتوبر عطارد زحل تسدیسات آپ کی توجہ مستقبل کے منصوبوں، تنظیمی صلاحیتوں میں اضافہ سے کئی غیر ضروری فیصلے یا سفر قابل اصلاح ہوں۔ 24، 25، 26 نومبر عطارد مریخ تسدیس اور عطارد زحل قران بھی ہو۔ آپ کے جذبات واحساسات جواں ہوں، مستقبل کی منصوبہ بندی، زمانہ کی ترقی رفتار کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنے کا جذبہ بڑھے اور قریبی لوگوں کی مشاورت تعاون حاصل رہے۔ 27 تا 31 دسمبر عطارد مریخ تربیع اپنی سواری میں مکینیکل چیک اپ ضرور کروالیں۔

کیا تم اپنی سوچ کے مطابق دوسروں کے دروازے کھٹکھٹاتے ہو جب کہ بند دروازوں کی چابیاں تو میرے پاس ہیں۔ حدیث قدسی

ورنہ اندرونِ شہر یا بیرونِ شہر سفر مصیبت ناگہانی مسائل لاسکتا ہے، اپنے ضروری سفر میں ضروریاتِ سفر بھی اپنے پاس رکھنا نہ بھولیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** اجتماع کواکب وتد السماء پر ہوں گے۔ وتد الارض کا حاکم قمر یوں تو آپ کو ہر ماہ وقفہ وقفہ سے فوائد دیتا ہے۔ دیگر تینوں اوتاد کے مالک مریخ زحل زہرہ کی آسمانی کونسل پر 2015ء کی بننے والی نظرات سیارگان بھی آپ کی روزمرہ زندگی میں اہم آثار و واقعات لائیں گے۔ چوتھے سے چوتھے کا حاکم زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج یافتہ خاندان میں وسعت، سکھ، تقریبات میں شرکت اندرونِ خانہ مہمانوں کی آمدورفت۔ 13 تا 15 جنوری مریخ زحل تربیع اور زہرہ زحل تربیع، 29، 30 جنوری اپنے اِردگرد خاندانی مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہیں۔ مئی، جون، جولائی، اگست وتد الارض میں ستاروں کی نشست کے اعتبار سے اہم ہیں۔ 8 مئی تا 5 جون زہرہ یہاں رہتے ہوئے سماجی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، عزت و شہرت، گھریلو، خانگی، ازدواجی سکون سکھ بڑھے گا۔ اوتاد کے حاکم مریخ زحل 13، 14، 15 مئی مقابل سے تبدیلی رہائش ہجرت جیسے خیالات مشاورت ملے تو بزرگوں سے مشاورت کے بعد ہی کچھ طے کریں۔ 6 تا 7 جون زہرہ زحل تثلیث خانگی، پیشہ ورانہ وسائل میں اضافہ، نیا گھر سواری یا تزئین و آرائش کی جاسکے۔ 21 جون تا 23 جولائی شمس اور 24 جون تا 9 اگست مریخ بھی یہاں ان مشترکہ ایام میں 8 جولائی تا 23 اگست زہرہ بھی یہاں رہے۔ اس گھر کا حاکم قمر 20، 21، 22 مئی۔ 15، 16، 17 جون۔ 14، 15، 16 جولائی۔ 10، 11، 12 اگست بھی یہاں عروج یافتہ رہے، ثمرات کے طور پر۔ 2015ء میں زمین جائیداد کی دیرینہ خواہش یقینی پوری ہو سکے، خانگی امور میں دلچسپیاں، گھر سنوارنے کا جنون رہے، خاندانی مراسم، از قسم وراثت کے امور بھی دلچسپی کا باعث بنیں۔ 20، 21، 22 جولائی شمس زحل تثلیث خانگی حالات کے استحکام، مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے، متعدد اہم فیصلے کیے جاسکیں گے۔ 12 تا 15 جولائی، 3 تا 6 اگست، 9 تا 11 اکتوبر زہرہ زحل تربیعات زیادہ اہمیت کے فیصلے مشاورت سے کریں، ورنہ دوسروں اور آپ کے مابین غلط فہمیاں جنم لے سکتی ہیں۔ 31 اگست تا 2 ستمبر پانچویں زہرہ مریخ قران اچانک جذباتی خانگی معاملات پر اخراجات پیش آئیں۔ 24، 25، 26 ستمبر مریخ زحل تربیع ناگہانی خانگی، شراکتی آفس یا کاروباری جگہوں پر بےچینی، مسائل پیدا ہوں تو اُن کے حل کی ضرورت پر زور دیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** شمسی زائچہ میں پانچویں سعدِ اکبر ستارہ مشتری 11 اگست اپنے یہاں قیام کے دوران آپ کو عقل و فہم، آدابِ زمانہ، اخلاقیات، مہذب پن عطا کرتے ہوئے خصوصاً طلبہ کو اعلیٰ تعلیمی وسائل پانچویں کا حاکم شمس 21 مارچ تا 20 اپریل طالع میں شرف یافتہ 21 جون تا 23 اگست اوج و عروج یافتہ رہتے ہوئے سیر و سیاحت کا شوق، جنس مخالف سے رغبت، علم و ادب، فنونِ لطیفہ میں دلچسپیاں بڑھیں۔ رشتوں کی پسندیدگی، شادی، محبت کے پیغامات، خواہاں حملی افراد کے لیے نہایت اہم خوش کن پیغامات منگنی، شادی کا باعث بنیں، صاحب اولاد کے خواہاں والدین کو اولاد کی خوشی ملے گی، شوقین حملی ملکی اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں 3، 4، 5، 22، 23، 25 جنوری۔ 23، 25، 26، 27 فروری۔ 3، 4، 5، 10، 11 مارچ۔ یکم، 2، 3، 21، 22، 23 اپریل۔ 4، 5، 6، 7، 29، 30 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 4، 5، 6، 7، 31 اگست۔ یکم، 15، 16، 17، 24، 25، 26، 31 اکتوبر۔ 3، 4، 12، 13، 14، 22، 23، 24، 25، 26 نومبر۔ 23، 24، 25 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ کوئی اسم اعظم یا درود شریف بھی ضرور وِرد کر کے اپنے لیے دعائیں جاری رکھیں۔

**صحت و امراض، ملازمت، کیرئیر:** شمسی زائچہ کا یہ گھر نہایت اہم جان ہے تو جہان ہے۔ دسویں شفاء کا مالک زحل 15 جون تا 18 ستمبر آٹھویں بیت الخوف میں رہتے ہوئے صحت کے مسائل لائے گا۔ زحل یوں بھی 14 مارچ تا 12 اگست رجعت پاتے ہوئے نویں سے آٹھویں اور پھر 18 ستمبر تا 31 دسمبر آٹھویں سے نویں آجائے گا۔ زحل کی بروجی تبدیلی کے علاوہ ستارہ مشتری 11 اگست تا 31 دسمبر بیت المرض میں بارہ سال بعد آنے سے جواں سال خصوصاً 40 سال سے زائد حملی افراد کو ناقص تھکاک آرام مناسب نہ ملنے سے امراض جگر، ریح بادی، پیٹ کی خرابیاں، ذیابیطس، دماغی خلل کا اندیشہ، خواتین میں نسوانی امراض، خصوصاً لیکوریا یا خون کی کمی کا خدشہ ہے، مناسب ادویہ اغذیہ اپنے ڈاکٹر کے مشورہ، ایام رجعت عطارد 19 مئی تا 13 جون، 17 ستمبر تا 9 اکتوبر اور ایام رجعت زحل 14 مارچ تا 2

میں اپنی ملکیت کو کم کیسے ہونے دوں جب کہ میں ہی اتنا قائم کرنے والا ہوں اے میری رحمت سے مایوس لوگو حدیث قدسی

## امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبۡحٰنَہٗ مِنۡ غَنِیٍّ مَّآ اَعۡطَاہٗ۔ اور پاک ہے وہ غنی کیا ہی عطا کرنے والا ہے

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

8 تا 27 اگست چھٹے رہے گا۔ اگست صحت کا خاص خیال رکھیں، ہلکی پھلکی ورزش سے امراض سے بچا جا سکتا ہے۔ چھٹے کا حاکم عطارد یکم مئی تا 8 جولائی تیسرے، 20، 19، 18، 17، 6، 5، 4 فروری عطارد زحل تسدیس کیریئر کو آگے بڑھانے، حسب منشاء ملازمت، ترقی مراعات کے مواقع ملیں۔ 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، یکم، 2 اپریل عطارد زحل کیریئر میں بہتری حکومتی یا افسرانِ بالا کا تعاون 15، 16، مارچ عطارد زحل تربیع ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی میں غفلت نہ برتیں۔ 14، 13، 3، 2۔ تثلیث۔ 22، 23 اپریل۔ 24، 27 مئی عطارد مریخ قرانات آپ اپنی محنت عملی تکنیکی مہارت سے ترقی کی منازل طے کریں گے۔ 15 مئی عطارد زحل، مریخ زحل مقابل ایام احتیاط طلب ہوں گے۔ 25، 26، 27 اگست۔ 5 تا 14 اکتوبر عطارد زحل تسدیس پیشہ ورانہ کامیابیاں حل المشکلات، شادمانی کے ایام ثابت ہوں گے۔ 24 تا 26 ستمبر مریخ زحل تربیع۔ 27 تا 31 دسمبر عطارد مریخ تربیع سازشی عناصر اور دھوکہ دہی سے بچیں۔

## تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:

شمسی زائچہ کا ساتواں گھر نہایت اہم تعلقات دنیا خصوصاً ازدواجی مراسم بگڑنے لگیں تو ایک ذہنی دباؤ آ ہی جاتا ہے۔ 18 فروری 2014ء تا 12 نومبر 2015ء راس کی ساتویں مقابل ذنب کی نشست خانگی ازدواجی امور خصوصاً دوسروں سے تعلقات میں خوامخواہ کی غلط فہمیوں، اختلافِ رائے کا امکان ہے، انسب ہوگا کہ آپ تعلقات میں زیادہ جذباتی پن غم و غصہ کا مظاہرہ نہ کریں اور ایک حد فاصل رکھیں تاکہ روزمرہ معاملات زندگی میں آرام سکون کا تسلسل جاری رہے، صدقہ و خیرات کسی بھی انداز سے کریں، سکھ و سکون بڑھے گا۔ ساتویں کا حاکم زہرہ 27 جنوری تا 20 فروری شرف، 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج یافتہ رہنے سے خواہاں حملی رشتہ ازدواج منگنی، شادی کی خوشیاں پائیں گے۔ خصوصاً سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک پانچویں رہتے ہوئے رشتہ کی پسندیدگی، آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی میں اضافہ لائے گا۔ زہرہ 21 فروری تا 16 مارچ، 5 تا 30 دسمبر وبال جبکہ 25 جولائی تا 6 ستمبر رجعت (اُلٹا) رہنے سے دوسروں سے تعلقات میں خاص طور سے احتیاط سے کام لیں۔

## وراثت، انشورنس، کلیم:

بیت الخوف سے تعلق رکھنے والا گھر جہاں لاشعوری خوف کی علامت سمجھا جاتا ہے، وہاں یہ زندگی میں عجیب و غریب انداز سے خوشیاں بھی لاتا ہے۔ ستارۂ زحل جو گذشتہ سال سے یہاں ہے۔ اسی سال تبدیلی برج کے باوجود 15 جون، 18 ستمبر یہاں رہتے ہوئے وراثتی فوائد، وراثتی جھگڑوں کو نمٹائے گا، انشورنس کے ذریعے مالی مادی فوائد کے علاوہ ایسے حملی جو انٹرنیشنل لاٹریوں یا ملکی پرائز بانڈ میں قسمت آزمائی کرتے رہتے ہیں ان کا اچانک جیک پاٹ لگ سکتا ہے۔ 14 مارچ، 2 اگست رجعت زحل کے ایام میں مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاموں میں فوائد رُک رُک کر ملیں گے گھبرائیں مت، بلکہ سعد وقت کا انتظار کریں۔ 13، 14، 15 جنوری۔ 13، 14، 15 مئی۔ 24، 25، 26 ستمبر مریخ زحل ناقص نظرات بجنے سے مشترکہ فوائد کی بجائے نقصانات کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں، تب لازم ہوگا کہ تخمین بازی کسی لالچ میں آئے بغیر خیریت سے ان ایام سے گزر جائیں۔

## مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرونِ ملک سفر، قانونی مشاورت، اعلیٰ تعلیم:

آپ کے نصیب اور بھاگیہ نویں اور بارہویں کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک پانچویں مول ترکول کی اعلیٰ قوت کا حامل ہوتے ہوئے مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے اعلیٰ مشاورت فراہم کرے گا۔ ایسے حملی جو بیرونِ ملک حصولِ سفر، حصولِ امیگریشن خصوصاً حج و عمرہ، زیارات مقدسہ کا پروگرام بنائے ہوئے ہیں، انہیں آسانیاں اور جن افراد نے پہلے پروگرام نہیں بنایا مشتری کی سعادت کے ساتھ ساتھ یکم جنوری تا 14 مارچ اور 18

قیامت اللہ ہمارے شیعہ سے کہے گا میرے بندے جنت میں داخل ہو جاؤ قیمتی لباس پہنو سر پر تاج سجاؤ۔ حدیث قدسی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں با پرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

3 دسمبر زحل دسویں گیارہویں 2 سعد گھروں کا مالک ہو کر نویں 30 سال بعد حالتِ اوج نہایت سعد رہے گا۔ مشتری گرو سعد ہے تو زحل معلم بھی سعد ہے، دو کواکب کی الگ الگ سعادت آپ کا نصیب سنوارے گی، آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ آپ دو ستاروں کی سعادت کو محسوس کریں، قانونی مشاورت اور مقدمات میں کامیابیاں ملیں، طلبہ اعلیٰ تعلیم کے سلسلے میں بیرونِ ملک جا سکیں نہ صرف بلکہ بدلتے زمانہ کے ساتھ انٹرنیٹ پر بھی بین الاقوامی اعلیٰ تعلیمی اداروں سے اپنی تعلیمی قابلیت میں اضافہ کر پائیں، مایوس عقد ثانی کرنے والے بھی دل تھام لیں، ان کی عمر خواہ کتنی ہی ہو، ذرا سی کوشش سے ان کی یقینی طور سے دوسری شادی خانہ آبادی ہو سکے گی۔ 2015ء یوں ان کے لیے مسرتوں کا سال ثابت ہو۔

**کیریئر، کاروبار، عزت و وقار:** عزت و ذلت پر قادر ہمارا مالک و خالق 2015ء میں بتدریج آپ پر مہربان رہے۔ وتد العزت، بیت الامید کا مشترکہ حاکم زحل امسال بروجی تبدیلی کے سبب آپ کے حالات میں کشادگی لائے گا۔ زحل یکم جنوری تا 15 جون اور پھر 18 ستمبر تا 31 دسمبر نویں حالت اوج میں رہتے ہوئے عزت، کیریئر، کاروباری بھی معاملات میں بہتری لائے گا۔ اعلیٰ مرتبہ کا حصول، اندرون و بیرونِ ملک کاروباری تجارتی روابط، وسائل میں اضافہ، متعدد نئے معاہدے، پیشہ ورانہ جدت اور نئے انداز نئے زمانے میں اپنے کام کو متعارف کرانے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو سکے گا۔ مجموعی طور سے یہ سال ترقی اور بہتری کا سال ثابت ہوگا، تاہم 15 جون تا 2 اگست زحل رجعت کے سبب ایک بار پھر عارضی قیام کے لیے خانہ ہشتم میں آئے گا، تب قدرے احتیاط اور کام رُک رُک کر ہوں گے، اُدھر نویں کا مالک مشتری 11 اگست سے سال بھر کے لیے پانچویں آئے گا تو کیریئر میں ترقی، عزت، مرتبہ بڑھیں۔ تب نئے کام کی ابتداء بیرونِ ملک تجارتی و کاروباری روابط بڑھیں گے۔ 21 مارچ تا 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست شمس شرف و اوج یافتہ ہونے سماجی، سیاسی حیثیت بڑھے۔ 24 تا 27 فروری، 5 تا 8 اگست مریخ زحل تثلیث اور 22 تا 26 نومبر تسدیس بھی بننے سے کاروباری معاملات میں خوش بختیاں، علمی پیش رفت، نظم و ضبط، صبر و تحمل سے بعض دیرینہ پینڈنگ کام بھی انجام پائیں۔ 13، 14، 15 جنوری۔ 13، 14، 15 مئی 24، 25، 26 ستمبر مریخ زحل ناقص نظرات جذباتی پن، غم و غصہ سے اجتناب برتیں، خود پر قابو رکھنے کے ساتھ ساتھ مسائل کے حل کی طرف توجہ دیں۔ 23 فروری، 31 اگست، یکم ستمبر، 31 اکتوبر تا 4 نومبر مریخ زہرہ قرانات بنیں۔ اس کے علاوہ 17 مارچ تا 11 اپریل، 8 نومبر تا 5 دسمبر زہرہ عروج رہنے سے کاروباری جوش و خروش میں اضافہ مشترکہ کاروباری مفادات سے بھی فوائد ملیں۔ کاروبار میں نئے آنے والے عملی منصوبہ بندی سے سال نو سے ہی کا آغاز کریں یا پہلے سے جاری کاروباری سلسلے جاری رکھیں تو بہت سارے نئے کام اور اُلجھتے کیریئر کے حوالے سے کام سلجھ جائیں گے۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم زحل گذشتہ سال نحس گھر بیت الخوف میں رہنے سے بہت ساری خواہشات بھی پینڈنگ رہنے سے بہت سارے اپنے پرائے مشکلات میں آپ کا ساتھ چھوڑ کر پچھتانے گئے ہوں گے۔ 2014ء کے مقابلے میں 2015ء قدرے بہتر سال بیت الامید کا حاکم زحل اگرچہ نویں شروع سال سے ہی حالت اوج میں رہے گا، تاہم رجعت کے سبب یہ 15 جون تا 18 ستمبر ایک بار پھر بیت الخوف میں آنے سے گذشتہ سال کا کچھ تسلسل دہرائے، یار مار قسم کے لوگوں سے آپ از خود کنارہ کش ہو جائیں گے، دوست وہی ہوتا ہے جو مشکل میں کام آئے۔ 14 مارچ تا 2 اگست زحل اور ذیلی حاکم یورانس بھی طالع مئی تا 26 دسمبر رجعت یافتہ رہیں گے۔ ان کی مشترکہ ایام رجعت میں ملنے والے پیغامات، فون کالز، انٹرنیٹ سروسز یا خطوط جو مشکوک ہوں، اُن پر جلد عمل نہ کریں، کاروباری یا لین دین کے معاہدے بھی احتیاط سے بجا لائیں۔ 10 تا 12 مارچ مریخ یورانس قران طالع میں تکنیکی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ، ... میں اضافہ، انقلابی خیالات، انقلابی فیصلے کرنا ضروری ہوں تو یکم جنوری تا 14 مارچ، 18 ستمبر تا 31 دسمبر کا عرصہ نیک ہے۔ 7 تا 10 جون، 7 تا 10

روزِ قیامت قاری قرآن کو اللہ قرآن کی درخواست پر پانچ چیزیں عطا کرے گا۔ لازوال جوانی، صحت، دولت، خوشی اور زندگی۔ حدیث قدسی

ستمبر مریخ یورانس سعد نظرات بھی خیالات کی فراوانی اور مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے نئے منصوبوں کی پلاننگ کی جاسکے گی۔ بیت الامید کے ذیلی حاکم یورانس کی طالع میں موجودگی غیر متوقع صورت خصوصاً 23 تا 26 جولائی، 9 تا 11 دسمبر مریخ یورانس ناقص نظرات دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں، دوسرے کو اپنے مفادات کے لیے آپ کو استعمال بھی کرسکتے ہیں۔ بلاوجہ مشکلات و پریشانی سے بچنے کے لیے محتاط رویہ اپنائیں، ایسے میں صدقہ و خیرات دینا بھی نیک ہے۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** طالع سے بارھواں بیت الاعداء کا یہ گھر آپ کی شخصیت، شعور کی اعلیٰ قوتوں میں تب رکاوٹیں لاتا ہے، جب طالع کے حاکم مریخ کی بارھویں کے حاکم مشتری اور ذیلی حاکم نیپچون سے نظرات بنیں۔ 2015ء اس لحاظ سے اہم ہے کہ آسمانی کونسل پر تینوں کواکب کی نظرات یکم، 2 جنوری مریخ مشتری مقابل، 16، 18 اپریل مریخ مشتری تربیع، 24 تا 26 مئی مریخ نیپچون تربیع، 13 تا 19 ستمبر مشتری نیپچون مقابل، 5 تا 7 اکتوبر مریخ نیپچون مقابل مندرجہ بالا سبھی ایام آپ کے احساسات و خیالات میں کچھ لاشعور، ڈر، خوف کی کیفیات رہیں۔ دوسرے آپ پر الزامات، شکوک و شبہات بھی لگا سکتے ہیں، ہم آہنگی نہ رکھنے والوں سے اپنی عزت کے لیے ان سے حد فاصل رکھیں۔ روحانی ریاضت، چلہ کشی، بیرونِ ملک حصولِ امیگریشن ہجرت کے لیے 18 تا 20 جنوری، 9 تا 11 مارچ، 11 تا 14 اپریل، 4 تا 7 جون، 7 تا 10 جولائی خصوصاً 15 تا 19 اکتوبر کی سعد تواریخ ہیں۔ نیز روحانیات بڑھانے کے لیے ذکرو اذکار سے آپ کی روح میں تازگی آئے گی۔



**حملی مردوزن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی سبھی ذی روح کو متاثر کرتے ہیں۔ امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20 مارچ** بارھویں لگنے سے آپ کے خفیہ دشمنوں، نظر بد، جادوٹونہ کرنے والے آشکار ہوں گے، بڑھتے ہوئے ناگہانی اخراجات پر قابو پایا جاسکے گا۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4 اپریل** ساتویں لگنے سے شراکتی، کاروباری، ازدواجی مسائل و پریشانیاں، الزامات، جھگڑے، حادثے، غیر سوچ واقعات اچانک اُلجھ سکتے ہیں، محتاط رہیں، صدقہ دیں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13 ستمبر** سورج گرہن چھٹے لگنے سے ملازم پیشہ افراد اپنے ذمہ دارانہ فرائض میں غفلت نہ برتیں۔ تاہم دیرینہ پیچیدہ امراض میں حملی افراد کو سنبھال جائے گا۔ صدقہ و خیرات بھی لازم دیں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28 ستمبر** چاند گرہن طالع میں لگے گا۔ آپ کی حیثیت و شخصیت، صحت جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔ دوسرے آپ پر الزامات لگا کر آپ کو بدنام کرسکتے ہیں۔ اپنے معلوم نامعلوم حاسدین سے محتاط رہیں۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| حمل سعد تواریخ 2015 | حمل نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 18، 19، 20، 29، 30، 31 جنوری | یکم، 2، 13، 15 جنوری |
| 24، 25، 26، 27 فروری | 3، 4، 5، 6، 9 فروری |
| 9، 10، 11، 12 مارچ | 17، 28 مارچ |
| 11، 12، 22، 23 اپریل | 4، 13، 14، 15 اپریل |
| 20، 27، 28 مئی | 24، 25، 26 مئی |
| 4، 5، 6، 7، 9، 10، 15، 22، 29 جون | 11، 14، 16 جون |
| 7، 8، 10 جولائی | 14، 15، 16، 23، 25، 26، 29 جولائی |
| یکم، 6، 7 اگست | 3، 4، 5 اگست |
| یکم، 8، 9، 10 ستمبر | 13، 17، 19، 24، 26 ستمبر |
| 15، 17، 19، 31 اکتوبر | 5، 7 اکتوبر |
| 3، 4، 24، 25، 26 نومبر | 15، 21، 22، 28 نومبر |
| 4، 6، 8 دسمبر | 5، 7، 9، 11، 27، 29، 31 دسمبر |

نے سورہ فاتحہ کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کر دیا ہے آدھا حصہ میرے لیے اور آدھا میرے بندے کیلئے ہے۔ حدیث قدسی

21 April To 21 May

2015

ب و

TAURUS

# زہرہ ثور

دن جمعہ
عدد 6
رنگ ہلکا نیلا یا سبز
پتھر اوپل، سبز پکھراج

Ishaq Dar

## حالات و واقعات کی روشنی میں

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل جو آپ کے دو سعد گھروں کا بیت السفر اور بیت العزت کا مالک ہو کر رجعت اور استقامت کے سبب آٹھویں سے ساتویں اور پھر آٹھویں گھر ہونے کے سبب 2015ء ہر قسم کے کلیم، وراثتی، شراکتی مشترکہ کاروباری مفادات کے کام اہمیت اختیار کریں گے۔ یکم جنوری تا 14 مارچ اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر زحل آٹھویں رہتے ہوئے غیر متوقع کاروباری معاشی پریشانیاں لا سکتا ہے۔ دوسروں کے عدم تعاون سے آپ اگر اپنا جذباتی پن و غصہ محسوس کریں تو بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔ والدین خصوصاً والدہ کی دعائیں بھی مستجاب ہو سکتی ہیں۔ 15 جون تا 18 ستمبر زحل طالع کے مقابل رہتے ہوئے ناگہانی کاروباری مالی مشکلات، کاموں میں تاخیر، التواء، رکاوٹیں، خانگی و شراکتی ازدواجی مشترکہ مفادات کے معاملات سبھی احتیاط طلب ہوں گے۔ ایسے طلبہ جو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک سے کسی امداد یا سکالرشپ کا انتظار کر رہے ہیں یا پھر کسی اعلیٰ تعلیمی ادارے میں حصولِ تعلیم کے خواہاں طالب علم اپنے تعلیمی معاملات پر ایسے توجہ دیں جیسے توجہ دینے کا حق ہے۔ 18 ستمبر جیسے ہی زحل طالع کے مقابل سے نکلے گا قدرے سہولت تاہم غفلت سے مشکلات پھر بھی پیش آ سکتی ہیں۔ تاہم از قسم انشورنس، کلیم، لاٹری، وراثت سے آخری تین ماہ میں ممکن ہیں۔ ایسے ثوری جو سٹاک مارکیٹ میں دلچسپی رکھتے ہیں، اُن کے لیے یہ سال نہایت اہم ہے۔ محتاط فوائد ملیں، زیادہ فوائد کے لیے کسی صاحب سے مشاورت از بس ضروری ہوگی۔ مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے اس سال کچھ زیادہ ہی محنت کرنی پڑے گی اور آپ تو ویسے بھی فطرتی طور پر سخت محنت کا جذبہ رکھتے ہیں۔ 9 دسمبر 2014 تا 18 اپریل 2015 مشتری جب رجعت یافتہ ہوگا۔ خانگی امور غیر معمولی اہمیت اختیار کر سکتے ہیں۔ رہائشی تزئین و آرائش یا تبدیلی سواری پر اضافی اخراجات کا امکان ہے۔ امسال زحل کے علاوہ سعد اکبر ستارہ مشتری جو آپ کے آٹھویں اور نویں کا مشترکہ حاکم ہو کر 11 اگست تک چوتھے اور پھر سال بھر کے لیے پانچویں آ جائے گا۔ خاندانی امور، زمین جائیداد کا حصول، پراپرٹی اور معاملات کے علاوہ اولاد کی تعلیم و تربیت، حصول انعامات کی جستجو کے علاوہ شادی کی عمر تک پہنچنے والے ثوری افراد کی پسندیدگی کا دور شروع ہو جائے گا۔ عین ممکن ہے تقریبات میں شرکت سے پسندیدگی کے پیغامات ملیں۔ ستارہ مشتری کی 11 اگست تا 31 دسمبر طالع اور نویں تثلیث کی سعد نظر آپ کے شمسی زائچہ میں ایک نئی روح پھونک دے گی۔ ایسے ثوری افراد جو دو تین سالوں سے اپنے کاموں میں مشکلات محسوس کر رہے تھے۔ انہیں اپنے کاموں میں کشادگی، آسودگی، مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت ملنے لگے گی اور اُن کے رکے ہوئے کام آہستہ آہستہ انجام پانے لگیں گے۔ روحانیت، علم اور دولت کا کلی حاکم ستارہ مشتری (گرو) اپنے ذاتی گھروں کو پانچویں ساتویں نظر سے سال بھر سعد ناظر رہے گا۔ ایسے ثوری افراد جو حج و زیارت مقدسہ کے خواہاں ہیں، اُن کا نصیب یاوری کر جائے گا اور 2015ء میں دیرینہ پیچیدہ قانونی مقدمات اگر ہوئے تو اُن کا بھی آبرومندانہ حل نکل سکے گا۔ ایسے کاروباری افراد جو بیرونِ ملک اپنے کاروباری و تجارتی مراسم کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا بیرونِ ملک کاروباری وسائل و روابط میں چاہتے ہیں انہیں ممکنہ وسائل ملیں گے۔ امپورٹ یا ایکسپورٹ سے تعلق رکھنے والے ثوری افراد بھی اپنے کاموں میں وسعت ہوتے ہوئے محسوس کریں گے۔ بیرونِ ملک اعلیٰ حصول تعلیم کی قابلیت آپ کی کوششیں بارآور ثابت ہو سکتی ہیں۔ جدت زمانہ کے ساتھ جوں جوں تعلیم کا معیار بین الاقوامی

طور پر اعلیٰ ہوتا جا رہا ہے۔ ٹیکنالوجی سے متعلقہ علوم کی جستجو حصولِ دسترس آپ کا مستقبل روشن بنا سکتی ہے۔ آپ کا حاکم زہرہ 25 جولائی تا 6 ستمبر پانچویں سے چوتھے اور چوتھے سے پانچویں رجعت یافتہ ہونے سے زمین جائیداد، پراپرٹی، سٹاک شیئرز، اولاد اور معاملاتِ اُلفت کچھ زیادہ ہی توجہ طلب ہوں گے۔ بصورتِ دیگر درست فیصلے نہ ہونے سے ضروری کاموں کے حصول مقاصد میں خواہ مخواہ کی تاخیر کا اندیشہ ہے۔

**درسِ روحانیات:** آپ کا حاکم ستارہ زہرہ جو کلی طور سے محبت سے منسوب ہے۔ 2015ء سے ایثار و قربانی، حق و باطل میں تمیز اور قرآن فہمی کی طرف آپ کی رغبت لاشعوری قوتیں گیان و وجدان میں اضافہ یقینی ہے۔ بشرطیکہ آپ اپنی ذات کے لیے کچھ لمحات روزمرہ نکال پائیں۔ عشقِ الٰہی کا آغاز ایمان و معرفت ہے، عشق ایک تدریجی سفر ہے۔ سفر کی ابتداء سے ایمان میں رشد و ہدایت یقینی آسکتی ہے۔ اسی عشق کا منبہ و سرچشمہ خدا پر ایمان اور خدا کی معرفت ہے اور یہ معرفت ہمیں اولیاء و بابُ العلمؑ سے باآسانی مل سکتی ہے۔ اپنی ذات کی پہچان درحقیقت خدا کی پہچان ہے۔

**آپ کی شخصیت:** آپ کا حاکم ستارہ زہرہ آسانی کونسل میں کشش، ذوقِ جمال پرستی، محبت اور کائنات سے محبت کا ستارہ ہے۔ یوں تو یہ پورا سال آپ کو متعدد سعادتیں دلائے گا۔ تاہم 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج یافتہ اور 11 اپریل تا 8 مئی بحالتِ اوج میں رہے گا۔ تب تب حلقۂ احباب میں وسعت، سماجی زندگی میں عزت و توقیر میں اضافہ، عزیز و اقرباء سے مالی فوائد، سماجی و سیاسی تقریبات میں شرکت سے آپ کی شناسائی بڑھے۔ دوسرے آپ کی شخصیت کی سحرانگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں، کیریئر خصوصاً ملازم پیشہ افراد کو ترقی، مراعات یقینی طور سے ملے۔ ستاروں کی سعد کرنوں کے سبب شفایابی کی قوت میں اضافہ ہو۔ تاہم 40 اور 50 کی عمر کے قریب ثوری افراد اپنا میڈیکل چیک اپ اپنی سالگرہ کے قریب ضرور کروائیں تاکہ وہ آنے والے دنوں کے متوقع امراض سے بچ سکیں۔ پانی اور دودھ کا زیادہ استعمال بھی آپ کی جسمانی تروتازگی و شادابی کی برقرا [illegible] فروری تا 17 مارچ، 19 جولائی تا 31 اگست، 8 اکتوبر تا 8 نومبر زہرہ وبال و ہبوطی بروج میں ہونے کے سبب خفیہ امور کی انجام دہی، بازاری قسم کے عشق و محبت اور بدلتے زمانے کے بدلتے رنگ انٹرنیٹ، موبائل سے فارغ اوقات میں تسکین حاصل کرنے والے ثوری افراد دوسروں کے دامنِ فریب میں آکر اپنی مالی اور جسمانی صحت کو خراب کر سکتے ہیں اور نتیجتاً خواہ مخواہ کے الزامات، بدنامی، رسوائی جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں، دانشمندانہ رویہ اپنانے میں ہی دانشمندی ہے۔ 3، 4، 5 جنوری زہرہ زحل تسدیس سے آپ کی سماجی و سیاسی حیثیت میں اضافہ غیر متوقع خوشیوں کا حصول اور حکام سے فوائد ملیں۔ 29، 30 جنوری زہرہ زحل تربیع حاسدین مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت کے خلاف بلاوجہ سازشیں کر سکتے ہیں۔ ہر طرف لوگوں سے محتاط رہنے میں ہی عافیت ہے اور اپنے راز دوسروں پر آشکارا نہ کریں۔ 23، 24، 25 فروری زہرہ زحل تثلیث غیر متوقع کامیابیاں دے تاہم اپنے کاموں میں خود اعتمادی بحال رکھنے کے لیے روحانی ریاضت و وظائف اور روحانی محافل میں شرکت کا باعث بنیں۔ 14، 15 اپریل زہرہ زحل مقابل ذاتی و مشترکہ مفادات میں ذراسی لاپرواہی نقصانات کا باعث بن سکتی ہے۔ 5، 6، 7 جون اور 12، 13، 14 نومبر زہرہ زحل سعد نظرات آپ کی حیثیت شخصیت میں اضافہ کا باعث بنے۔ 12، 13، 14، 15 جولائی، 3 تا 6 اگست، 9 تا 11 اکتوبر زہرہ زحل تربیع دوسروں سے تعلقات اور خصوصاً سماجی و سیاسی معاملات میں حدِ فاصل رکھیں، ان سے اختلاف رائے سے بچیں ورنہ بلاوجہ کے حاسد مخالف قانونی جھگڑے پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** خانہ مال کا حاکم عطارد امسال یکم مئی تا 8 جولائی خانہ مال میں رہے گا۔ یہ حت [illegible] ذریعہ آمدن میں کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں گی۔ دولت پیدا کرنے کی قابلیت، مشاورت سے بڑھ سکتی ہے۔ تاہم 19 [illegible] 12 جون عطارد کی خانہ مال میں رجعت، کاروباری معاہدے احتیاط طلب اور دوسروں کی دی گئی ترغیب لالچ میں آنے سے پہلے غور و فکر کر لیں۔ اس کے علاوہ 8 تا 12 اگست عطارد شرف یافتہ رہے گا، تب مالی وسائل میں غیر متوقع فائدہ ممکن ہے۔ 2 تا 21 [illegible] عطارد کی اوجی پوزیشن ہونے کی وجہ سے شراکتی کاموں میں حصہ لینے سے بھی مالی فوائد بڑھیں۔ 8 جنوری وتد السماء پر عطارد و زہرہ قران کیریئر میں مالی [illegible]

ے محمدؐ میں نے آپ کو اور علیؑ کو اپنے آسمانوں زمین عرش سمندروں سے پہلے نور سے پیدا کیا۔ حدیث قدسی

ہیں۔ یکم، 2 مارچ عطارد مشتری مقابلہ مالی لین دین اور معاہدوں میں محتاط رہیں۔ 6، 7 اپریل عطارد مشتری تثلیث طویل المیعاد معاشی فیصلے از قسم شورنس سیونگ پلان کرنا نیک رہے گا۔ 20، 21 اپریل عطارد مشتری تربیع سے خود اعتمادی بڑھنے سے ایسے مالی فیصلے نہ کریں، دیگر چادر سے زیادہ پاؤں نہ پھیلائیں۔ 22، 23 اپریل اور 26، 27 مئی عطارد مریخ قران طالع اور خانہ مال میں ہونے سے دوسروں کے اشتراک سے تکنیکی مہارت، ایمانداری سے کیے مالی فیصلے بھی فائدہ دیں۔ تب ذریعہ آمدن بڑھانے کا جذبہ بھی بڑھے گا۔ 9 تا 11 جون، 4 تا 6 جولائی عطارد زہرہ تسدیس ہم آہنگی سے نئے معاہدوں کی روح اور خوش کن فیصلے بھی آپ کی معیشت میں مضبوطی لائے۔ 3، 4 جولائی عطارد مشتری تسدیس معاشی، مادی قیاس آرائی پر مبنی سوچ بعض اچھے فیصلے کچھ نئے پلان زیر غور رہیں گے۔ 15، 16 جولائی عطارد مریخ قران مالی وسائل بڑھانے کی کوششیں بار آور ثابت ہوں گی۔ 6 اگست عطارد زہرہ قران تے ہونے سے گھر بیٹھے بھی مخلصین سے مالی مشاورت مل جائے۔ 6، 7 اگست عطارد مشتری قران آپ کے ماضی میں کیے گئے مالی فیصلے عملی صورت میں سامنے آئیں۔ 11 تا 18 ستمبر عطارد زہرہ تسدیس نئے منصوبوں اور معاہدوں سے مستقبل میں ذریعہ آمدن یقیناً بڑھ سکتے ہیں۔ 13، 14 نومبر عطارد مشتری تسدیس بعض پیدا شدہ مالی مسائل کے حل کے لیے کچھ نئے وسائل ملیں۔ 24، 25، 26 نومبر عطارد مریخ تثلیث آپ کی مہارت اور محنت سے یقیناً ی وسائل بڑھیں۔ 3، 4 دسمبر اور 26 تا 31 دسمبر عطارد مشتری تربیع جلد بازی سے مالی مشکلات تنازعات پیدا ہونے کا شدید اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔ 2 تا 28 دسمبر عطارد مشتری تثلیث ایک ایسا خوشگوار وقت ہوگا، جب آپ سال کے اختتام پر اپنے مسائل کے حل اور مالی وسائل کے اضافے کے لیے جو ی نیک کوشش فرمائیں، اس میں کامیابی آپ کا مقدر ہے، آمدن میں اضافہ کے ساتھ بچت اسکیموں کی طرف بھی آپ کا رجحان بڑھے گا۔

**عزیز و اقارب، اندرون ملک سفر:** بیت الاقرباء کا حاکم چندرماں (قمر) یوں تو ہر ماہ آپ کے طالع میں شرف یافتہ ہو کر عزیز و اقرباء سے میل مراسم بڑھاتا ہے۔ قمری برج ثور سرطان، سنبلہ کی نشست ہر ماہ اقرباء سے تعلقات کے لیے اہم ہے۔ یہ تواریخ داخلہ قمری البروج جنتری ہذا میں بہ آسانی تلاش کر سکتے ہیں۔ شمس 21 جون تا 23 جولائی، عطارد 8 تا 23 جولائی، زہرہ 8 مئی تا 5 جون اور مریخ 24 جون تا 9 اگست الاقرباء میں رہیں گے۔ تب تب اندرون اور بیرون ملک سفر کے پروگرام بنائے جا سکیں گے، تحقیق و تجسس کی تشنگی دور کرنے کے لیے مطالعاتی سفر، سیرو تفریح اور تعلیمی تشنگی دور کرنے کے لیے عزیز و اقارب سے تجدید مراسم کے لیے متعدد سفر پیش آئیں، آپ کی حاضر دماغی انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ کی بدولت ماضی کی پیدا شدہ مشکلات حل کر سکیں، بہن بھائیوں سے اختلاف رائے اور بحث و مباحثے سے بچیں۔ جون، جولائی، اگست اپنی مہارت سے آگے بڑھنے سے کئی مواقع ملیں، خوشگوار سفر خصوصاً ہوائی سفر نیک ثابت ہوں، فلسفۂ ہجرت سنت نبویؐ پر عمل کرتے ہوئے 2015ء نئے رابطوں، نئے وسائل نئی منزلوں کو پا کر اپنی قسمت سنوارنے کے لیے اہم سال ثابت ہوگا۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** بیت الارض کا حاکم شمس وہ واحد ستارہ ہے جو ایک سال میں مکمل 12 منطقۃ البروج میں گردش کرتے ہوئے آپ کو متعدد سعادتوں سے نوازے گا۔ 21 مارچ سے 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست اور 22 نومبر تا 22 دسمبر خاندانی اور خانگی خوشیوں میں اضافہ ہوگا۔ ایسے ثوری جو اپنے گھر سے دور بسلسلہ کیریئر ہیں، انہیں اپنی خاندانی خوشیوں میں شریک ہونے کے لیے گھر آنے کے کئی ایک مواقع ملیں، جن سے وہ لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ ایسے افراد جو زمین و جائیداد اور پراپرٹی خریدنے کا ارادہ کیے ہوئے ہیں، انہیں بھی مندرجہ بالا ایام میں نیک سہولتیں ملیں، عت باغبانی سے تعلق رکھنے والے ثوری افراد کا نفع گذشتہ سالوں کی بہ نسبت کئی گنا بڑھ جائے، تعمیر رہائش، تزئین و آرائش اور نئی سواری کا حصول بھی سان ہو۔ یوں تو 2015ء مندرجہ بالا امور کے لیے نہایت اہم سال ہے، تاہم شمس یکم جنوری تا 19 جنوری، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر، شمس کمزور یشن میں ہونے کے سبب اہم خانگی، خاندانی راز ناعاقبت اندیش لوگوں کو نہ دیں۔ اس کے علاوہ سال بھر میں 2، 3 جنوری۔ 5، 6، 7 فروری۔ 23، 24 فروری۔ 4، 5، 6 اپریل۔ 3، 4 مئی۔ 22، 23 مئی۔ 5، 6، 12، 13 جولائی۔ 20، 21، 22 اگست۔ 5، 6، 7، 12 اکتوبر اور 13، 14، 15 دسمبر ناقص نظرات بننے کے سبب خاندانی، خانگی گھریلو امور کے علاوہ ٹریفک حادثات میں بھی محتاط رہیں۔ تب

اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے میثاق لیتے ہوئے فرمایا کیا میں تمہارا رب، یہ محمدؐ میرے رسول اور یہ علیؑ امیر المومنین نہیں ہیں؟ حدیث قدسی

تب صدقہ وخیرات سے اپنی روزمرہ زندگی کی خوشیوں میں اضافہ کریں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** شمسی زائچہ میں عطارد ہی خانۂ مال کے بعد بیت الاولاد کا بھی حاکم ہے۔ عطارد یکم مئی تا 8 جولائی، 8 تا 27 اگست اور 2 تا 21 نومبر شمسی زائچہ کے اعتبار سے اعلیٰ نشستی پوزیشن کے ہونے کے سبب اولاد، مال کا سکھ بڑھائے گا۔ اولاد کے خواہاں افراد کو اولاد کی خوشی ملے۔ انعامی اسکیموں، انٹرنیشنل لاٹریوں، حصولِ انعام کے لیے آپ کی دلچسپی کچھ زیادہ رہے۔ 19 مئی تا 12 جون عطارد کی رجعت کے سبب یوں تو سبھی کاموں میں راستگی رہے، تاہم انہی ایام میں کام رُک رُک کے ہوں تو مایوس نہ ہوں۔ ایسے ثوری افراد جو انعامی مقابلوں میں حصہ لینا چاہیں وہ 8 جنوری۔ 4، 5 مارچ۔ 6، 7، 21، 23 اپریل۔ 9، 10، 11، 29 جون۔ 1، 2، 3، 4، 5، 6 جولائی۔ 3، 5، 6، 7، 8 اگست۔ 8، 10، 11، 18 ستمبر۔ 24، 26، 27 اکتوبر۔ 13، 14 نومبر۔ 4، 5، 23، 24، 25 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** بیت المرض یا صحت زائچہ کا وہ اہم گھر ہے جو زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے ضروری ہے۔ ایک کہاوت ہے "جان ہے تو جہان ہے"۔ 2015ء صحت کے لحاظ سے طالع اور چھٹے کا مشترکہ حاکم زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری، 17 مارچ تا 8 مئی، 5 جون تا 19 جولائی، 8 نومبر تا 5 دسمبر آپ کی صحت جسمانی قدرے نارمل رہے گی۔ تاہم ہلکی پھلکی ورزش سے اور ہلکی غذا کے استعمال سے اپنی صحت کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں۔ چونکہ دسویں کا حاکم زحل یکم جنوری تا 15 جون، 18 ستمبر تا 31 دسمبر بیت الخوف میں رہے گا۔ مندرجہ بالا ایام میں اولین فرصت میں اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروا لیں، تاکہ کسی پیچیدہ اور شدید مرض سے بچا جا سکے۔ زہرہ 19 تا 31 جولائی اور 8 اکتوبر تا 8 نومبر میڈیکل چیک اَپ کے لیے بہترین تواریخ ہیں۔ علاوہ ازیں خصوصاً 4، 5، جنوری۔ 23، 24، 25 فروری۔ 5، 6، 7 جون۔ 12، 13، 14 نومبر بھی ہیں۔ تب تشخیص و علاج کے لیے آپ کو اچھا معالج اور بہتر ادویات میسر آسکیں گی، بزرگوں اور والدین کی دعائیں بھی شفا کے لیے مستجاب ہوں گی۔ تاہم سال کے یہ ایام 29، 30، 31 جنوری۔ 14، 15، 16 اگست۔ 12 تا 17 جولائی۔ 3، 5، 6 اگست۔ 9، 10، 11 اکتوبر احتیاط طلب تواریخ ہیں۔ بد پرہیزی سے صحت کے پیچیدہ امراض ہونے کا اندیشہ ہے، تب ذرہ سی بھی شکایت ہو فوراً اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں، بیماریوں سے ردِ بلا کے لیے 2015ء میں پیر، جمعہ اور ہفتہ دودھ، چائے کی پتی اور چینی کا صدقہ حسبِ توفیق دیں، ہفتہ وار یا مہینہ وار یا سال میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور دیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** ساتویں بیت الزوج میں زحل گزشتہ 2 سال سے قیام پذیر تھا۔ ثوری افراد نے شراکتی ازدواجی معاملات میں خاصہ آزمائش طلب وقت گزارا ہوگا۔ زحل امسال 15 جون تا 18 ستمبر رجعت کے سبب پھر یہاں رہے گا۔ 14 مارچ تا 2 اگست ... کو رجعت (الٹا) رہے گی، مندرجہ بالا ان سبھی ایام میں ایسے ثوری لڑکے لڑکیاں جن کی شادی کی ... چل رہی ہے، ان کی شادی ان ایام میں متوقع ہے اُن پر لازم ہے کہ وہ شادی کے اخراجات میں اپنی حیثیت سے بڑھ کر صدقات کا اہتمام کریں کہ اُن کی ازدواجی زندگی میں پریشانیوں سے بچا جاسکے اور شادی شدہ جوڑے بھی حسب توفیق صدقات ضرور دیں اور اگر آپ کی شادی ہو ... رہی ہے تو شادی خانہ آبادی کے دائمی سکھ کے لیے کسی منجم سے انفرادی راہنمائی لیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تا 31 دسمبر پانچویں ... کے گھر رہے گا، تب رشتوں میں پیدا شدہ رکاوٹیں دور ہونے لگیں گی۔ ناراض زوجین کے مابین دوستی 2015ء تعلقات شادی شراکت ... ایک نہایت اہم سال ہے۔ مخلصین، بزرگوں سے ہر مشکل وقت میں مشاورت کر لینے سے شکوک وشبہات، پریشانیوں سے بچا جا سکتا ہے ... زہرہ 21 فروری تا 17 مارچ، 19 جولائی تا 31 جولائی، 8 اکتوبر تا 8 نومبر، 5 دسمبر تا 30 دسمبر کمزور پوزیشن میں ہونے سے اپنے جذبات ... وغصہ پر قابو رکھیں تاکہ تعلقات شراکت مشترکہ مفادات میں غلط فہمیوں سے بچا جا سکے۔ خصوصاً 2015ء کی خطرناک احتیاط طلب ...

اے محمدؐ میں نے تجھے اور تیری امت کو عرش کے خزانے سورہ فاتحہ، سورہ بقرہ کا آخر عطا کیا۔ حدیث قدسی

## امسل روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبْحٰنَهٗ مِنْ مُّعْطٍ مَّآ اَوْسَعَهٗ۔ اور پاک ہے وہ عطا کرنے والا ہے کیا ہی کشائش کار ہے وہ
ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

2، 19، 20 جنوری۔ 27، 28 مارچ۔ 16، 17، 18 اپریل ہے، ریڈ مارک کر لیں۔ زہرہ مریخ اور مشتری سعد نظرات کے سبب
20، 21، 22، 23 فروری۔ 7، 5، 9، 10، 11 مارچ۔ 22، 23 اپریل۔ 4 تا 8 جون۔ 1، 2، جولائی 3، 5، 31 اگست۔ 1، 2
ستمبر۔ 15، 18، 19، 24، 26، 31 اکتوبر۔ 3، 4 نومبر۔ 23، 24، 25 دسمبر۔ سعادت کواکب کے سبب خواہاں ثوری لڑکے لڑکیوں کی
پسندیدگی، شادی یا منگنی کا امکان ہے۔ تب دوسروں سے تجدید مراسم کرنا بھی نیک رہے گا۔

### وراثت، انشورنس، کلیم:

شمسی زائچہ کا آٹھواں گھر بیت الخوف بیک وقت سعادت اور نحوست
دینے والا گھر ہے۔ ستاروں کی نشست و نظرات 2015ء سے ہم اس کو اس لحاظ سے بہتر بنانے کے لیے ممکن
گزارشات پیش کر رہے ہیں۔ نویں اور دسویں کا مشترکہ حاکم زحل یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31
دسمبر یہاں راجع رہتے ہوئے ثوری افراد کو از قسم وراثت انشورنس، کلیم، مشترکہ مفادات کے کاموں میں مادی فوائد
اور ایسے ثوری جن کی اس سال شادی متوقع ہے انہیں اپنے لائف پارٹنر سے بھی مالی فوائد کا حصول ممکن ہے، اسٹاک ایکسچینج، لاٹری یا خفیہ ذرائع
سے 2015ء آمدن کے لحاظ سے ایک اہم سال ثابت ہو سکتا ہے۔ زہرہ مشتری اور زحل کی سعد نظرات 3، 4، 5 جنوری۔ 23، 24، 25
فروری۔ 4، 5 مارچ۔ 22، 23 اپریل۔ 5، 6، 7 جون۔ 29 جون تا 2 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست۔ 24، 25، 26 اکتوبر۔
12، 13، 14 نومبر اور 23، 24، 25 دسمبر بننے سے وراثتی شراکتی مشترکہ مفادات کے سبھی کاموں میں فوائد مل سکتے ہیں۔ بشرطِ آپ خواہاں
ہوں اور ذرا سی کوشش کریں، زمین زراعت سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اپنے کھیتوں کھلیانوں سے سونے جیسی فصل حاصل کر سکیں گے۔
2015ء کی ناقص تواریخ 19، 20، 29، 30 جنوری۔ 27، 28 مارچ۔ 14، 15 اپریل۔ 12، 14، 15، 29 جولائی۔ 3، 5، 6
اگست۔ 9، 10، 11 اکتوبر کو شراکتی اور وراثتی مشترکہ مفادات کے سبھی کام خصوصاً تحریر و تقریر کرتے وقت نہایت احتیاط سے کام لیں تاکہ ممکنہ
اختلاف رائے اور قانونی مسائل سے بچا جا سکے۔

### مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرونِ ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:

بیت السفر کا حاکم جو نویں دسویں کا مشترکہ حاکم ہے۔ 30 سال بعد یہ حاکم
2015ء میں تمام سال ماسوائے 15 جون تا 17 ستمبر یہ نویں اوج یافتہ رہے گا۔ دیرینہ رُکے ہوئے
کاروباری سفر زیاراتِ مقدسہ کے سفر آسان ہو ہی جائیں گے۔ بیرونِ ملک سفر سیاحت اور اعلیٰ تعلیم کے
سلسلے میں بھی کی گئی کوشش بارآور ثابت ہوں گی۔ 2015ء میں احتیاط طلب ایام زحل 15 جون تا 17 ستمبر آٹھویں جبکہ 14 مارچ تا 2 اگست
سے رجعت ہو گی۔ تب سفری معاملات میں سست روی یا ضروری سفری کاغذات کی درستگی نہ ہونے سے تاخیر کا خدشہ ہے۔ لہٰذا اپنی سفری
دستاویزات کی درستگی لازم رکھیں۔ زہرہ زحل تثلیث و تسدیس 3، 4، 5 جنوری۔ 23، 24، 25 فروری۔ 5، 6، 7 اور 13، 21 جون ہونے
سے تب کیے گئے سفر اچھے اور قانونی مشاورت اچھے نتائج دیں گے۔ زہرہ زحل تربیع و مقابلہ 29، 30 جنوری۔ 14، 15 اپریل۔
12، 13، 14، 15 جولائی۔ 3، 4، 5، 6 اگست اور 9، 10، 11 اکتوبر صدقہ و خیرات دے کر سفر کریں تاکہ ممکنہ نحوستوں سے بچا جا سکے۔
آخری سہ ماہی اس سال آئندہ سال 2016ء کی پلاننگ و منصوبہ بندی کرنا نیک رہے گا۔

### کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:

بیت العزت یا وتد السماء زائچہ کا ایک نہایت اہم گھر زندگی کے اہم میدان میں آگے بڑھنے کا

محمد اسحاق بک سیلرز (سٹال)، لاہور۔ فون: 0306-4452052

اے محمدؐ میں نے تیری امت کیلئے ساری زمین کو مسجد بنایا اور پاک و پاکیزہ قرار دیا۔ حدیث قدسی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے



حوصلہ و شعور عطا کرتا ہے۔ گذشتہ 2½ سال سے زحل آٹھویں رہنے سے یہ ممکنہ سعادتیں نہ دے گا۔ تاہم 2015ء میں زحل یکم جنوری سے کاروبار کیریئر کے کاموں میں راستگی عطا کرے۔ اُدھر خوش بختی کا ستارہ مشتری آپ کو دوہرا فائدہ دے گا۔ یکم جنوری تا 11 اگست چوتھے رہتے ہوئے دسویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے کیریئر میں بڑھاوا دے اور ایسے ثوری جو کیریئر کا آغاز کر رہے ہیں، اُن کو مخلص بزرگوں کی اخلاقی مالی امداد ملے گی۔ حکام بالا سے قربت، ملازمتی مراعات میں اضافہ حسب منشاء تبدیلی یا ترقی کے مواقع ملیں۔ ہر کاروبار میں معاشیات ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔ معاشیات کا حاکم عطارد یکم مئی تا 8 جولائی اور 8 تا 27 اگست عروج و شرف یافتہ ہونے سے نئے کاروباری معاشی فیصلے کاروبار میں مزید سرمایہ لگانا نیک تاہم عطارد 19 مئی تا 12 جون جب رجعت یافتہ ہوگا۔ تب کاروباری، معاشی فیصلے سست رو اور احتیاط کے طالب ہوں گے۔ علاوہ ازیں زحل زہرہ عطارد کی سعد نظرات 3، 4، 5 جنوری۔ 4، 5، 6، 8، 18 تا 23 جولائی۔ 6، 7، 21، 27 اگست۔ 11 تا 18 ستمبر۔ 5، 7، 13، 15 اکتوبر۔ 12، 13، 14، 24، 25 نومبر بننے سے کیریئر کاروباری نئے اہم معاہدے واقدامات کرنے مستقبل میں تعمیر و ترقی کا باعث بنیں گے۔ زحل زہرہ عطارد ناقص نظرات 29، 30 جنوری۔ 15، 16 مارچ۔ 14، 15 اپریل۔ 2، 3 مئی۔ 12، 14، 15 جولائی۔ 5، 6 اگست۔ 9، 10، 11 اکتوبر تب سماجی کاروباری تعلقات خصوصاً ملازم پیشہ اپنے حکام بالا کو شکایت کا موقع نہ دیں، ورنہ اُن کا ملازمتی کیریئر متاثر ہوسکتا ہے۔

### دوست احباب، خواہشات، کاروباری نفع:

بیت الامید کا حاکم مشتری یکم جنوری تا 11 اگست گیارھویں سے چھٹے رہتے ہوئے خواہشات میں اضافہ لائے، دوسروں سے وابستہ بعض توقعات پوری نہ ہوسکیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری پانچویں آنے سے رکے ہوئے کام خواہشات کی تکمیل میں آسانیاں ہونے لگیں گی۔ حلقہ احباب میں وسعت، دوستوں، دشمنوں میں تمیز کی جاسکے گی۔ مشتری زہرہ 19، 20 جنوری مقابل 27، 28 مارچ تربیع ہونے سے خواہشات کی تکمیل میں ڈرامائی تبدیلیاں آنے سے وہ ممکن نہ ہوسکیں، جس کی آپ کو خواہش ہو، یا رمار قسم کے دوست آپ کے لیے مشکلات، آزمائش لائیں، اُن کی ذات سے آپ کو مالی اخلاقی جذباتی نقصان کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔ مشتری زہرہ 4، 5 مارچ تثلیث سماجی حالات میں سخاوت کا عنصر غالب، خواہشات اُبھریں، صدقہ جاریہ کے نیک کاموں کی رغبت بڑھے، ایسے دوست جو مستحق ہوں آپ اُن کی جائز مالی اعانت بھی کریں۔ 22، 23 اپریل اور 23، 24، 25 دسمبر مشتری زہرہ تسدیس بننے سے دوستانہ اجتماعات رہیں۔ سماجی سیاسی دوستانہ مراسم بڑھیں۔ حلقہ احباب میں وسعت نئے اچھے دوستوں کا اضافہ ہوگا۔ قرانات مشتری زہرہ 29 جون۔ یکم، 3 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست اور 24، 25، 26 اکتوبر شمسی زائچہ کے چوتھے پانچویں ہونے سے زمین وجائیداد کی خرید و فروخت، تزئین وآرائش، وسعت رہائش، گھر یا پلاٹ کے لیے نیک خواہشات ممکنہ پوری ہوں۔ مخلص دوستوں بزرگوں ماورائی اور روحانی قوتوں سے بھی غیر متوقع مدد ملے تو حیران نہ ہوں۔ آپ کی جائز دعائیں اپنے لیے اور دوسروں کے لیے کی گئی مستجاب ہوں۔

### خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:

بیت الاعداء (خفیہ دشمن) پُرآشوب دور زمانہ میں حاسدین سے محتاط رہنے کے لیے 2015ء کی راہنمائی یوں ہے۔ 20 فروری تا 31 مارچ، 19 تا 31 جولائی، 8 اکتوبر تا 8 نومبر کمزور سیارگان کے سبب احتیاط طلب ایام ہیں۔ تب محتاط روی کے ساتھ صدقات وخیرات بھی ضروری دیں۔

...سوی" ایسی سوائے اس کے کسی کی نماز قبول نہیں کروں گا جو میرے سامنے تواضع وانکساری کرے گا۔ حدیث قدسی



**ثوری مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی سبھی ذی روح کو متاثر کرتے ہیں۔ امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ گیارہویں، بارہویں گھر کے کسب پر لگے گا، دوستوں سے وابستہ توقعات میں تاخیر یا ناکامی، خفیہ دشمن آشکار ہوں، ایسا ہونے پر اُن لوگوں سے محتاط رہیں ورنہ ...انات کا ہونا بعید از قیاس نہیں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل چھٹے لگے گا۔ ملازم پیشہ افراد اپنے فرائض ذمہ داری سے انجام ...ں، طویل امراض سے بچنے کے لیے اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں، ناگہانی حالات سے بچنے کے لیے صدقہ و خیرات بھی دیں۔ **...سرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر پانچویں لگنے سے صاحب اولاد افراد بچوں کی نگہداشت، اُن کے روز و شب پر ضرور توجہ دیں، ...لتے زمانہ کے بعض غلط انداز آپ کے بچوں کی نفسیات و اخلاق بگڑ سکتا ہے۔ تخمین بازی یا اسٹاک شیئرز کے کام میں نقصان اور کچھ ثوری اپنے ...ب کی بے وفائی سے شکستہ دل ہو سکتے ہیں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر بارہویں لگنے سے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو ...نے کی کوشش کامیاب ہو، تاہم حصولِ امیگریشن کے خواہاں اپنے ضروری کاغذات پر نظر ثانی کرلیں۔ چلہ کشی کے شائقین بغیر کسی اجازت کے ...ں نہ کریں، ورنہ عمل کی رجعت کا اندیشہ ہے۔

**...نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں ...ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| ثور سعد تواریخ 2015 | ثور نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 3، 4، 5، 13، 14 جنوری | 19، 20، 29، 30 جنوری |
| یکم، 2، 20، 21، 22، 23، 24، 25 فروری | 7، 8، 9 فروری |
| 4، 23، 24، 25، 29، 30، 31 مارچ | 5، 20، 27، 28 مارچ |
| 22، 23، 26، 27، 28 اپریل | 4، 14، 15، 18، 19، 20 اپریل |
| 16، 17 مئی | 21، 22، 24، 25، 26 مئی |
| 5، 7، 9، 10، 11، 29، 30 جون | 6، 13، 28 جون |
| یکم، 2، 4، 5، 6 جولائی | 12، 13، 14، 15، 23، 29 جولائی |
| 7، 18، 19، 20، 21، 31 اگست | 3، 5، 6 اگست |
| یکم، 2، 11، 18، 21، 23، 25 ستمبر | 7، 13، 28 ستمبر |
| 22، 23، 24، 25، 26، 31 اکتوبر | 4، 9، 10، 11، 16، 17 اکتوبر |
| 3، 4، 12، 13، 14 نومبر | 2، 20، 21، 22، 23، 24 نومبر |
| 10، 11، 12، 16، 17، 18، 23، 24، 25 دسمبر | 3، 6، 22، 29 دسمبر |

اے موسیٰ! ہم آپ کو محمد کا امتی بنایا جب تم نے ان کا اور ان کی اہلبیت کا مقام پہچانا۔ حدیث قدسی

22 May To 21 June
2015
ق ک

# GEMINI
# جوزا
## عطارد
## حالات وواقعات کی روشنی میں

دن بدھ
عدد 5
رنگ پیلا یا ملے جلے
پتھر عقیق سبز زمرد فیروزہ



**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل جو آپ کے دو گھروں بیت الخوف، بیت السفر کا مشترکہ حاکم ہو کر بیت الزوج ساتویں سارا سال رہے گا۔ (رجعت استقامت کے سبب ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر) اس کی یہاں نشست شراکتی ازدواجی مشترکہ مفادات کے کاموں کے لیے اہمیت کی حامل ہوگی۔ دوسروں سے تعلقات خصوصاً قریبی لوگوں سے تعلقات اہمیت اختیار کر سکتے ہیں۔ اختلاف رائے بدگمانی اور اس جیسے دوسرے احتیاط طلب امور میں احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ ابتداء سال میں بیت الخوف میں اجتماع سیارگان پلوٹو، شمس، زہرہ اور آپکا حاکم عطارد ہونے سے سال کی شروعات احتیاط اور پلاننگ سے کریں۔ آپکی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ حاسدین کو گوارہ نہیں وہ آپ کو دوسروں کے غیر متعلقہ غیر ضروری کاموں میں اُلجھا سکتے ہیں۔ وراثتی، شراکتی جھگڑے بھی نیا رخ اختیار کر سکتے ہیں۔ جون اور ستمبر میں زحل کی بروجی تبدیلی کے سبب آپ ہر دو مہینے میں احتیاط سے کام لیا گیا تو ممکنہ سازشوں سے بچا جا سکتا ہے۔ ساتویں دسویں کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک تیسرے رہتے ہوئے عزیز واقارب سے تجدید مراسم اندرون ملک تجارتی کاروباری سفر، قانونی معاملات مذہبی سفر حج وزیارات سے متعلقہ سفر ہوں یا دیگر سفر میں جوزوی افراد کے لیے آسانیاں ممکن ہو سکیں گی۔ حوصلہ اور ہمت سے پیدا شدہ حالات اور حالات میں بہتری کے لیے بزرگوں سے مثبت مشاورت وکاوشیں کی جا سکیں گی۔ 11 اگست سے 31 دسمبر تک وتد الارض پر سعد اکبر ستارہ مشتری کی تبدیلی کاروباری اور ملازمتی افراد کے لیے کئی ایک مراعات کا باعث بنیں گی۔ زمین جائیداد یا پراپرٹی خریدنے کے خواہاں افراد اپنے حصول مقاصد کے لیے آسانیاں ومواقع ملیں۔ ایسے جوزوی جن کو نئی سواری گاڑی خریدنے کی آرزو ہو پوری ہو سکے گی۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے جوزوی جدید زرعی اصولوں کو اپناتے ہوئے گزشتہ سال کی نسبت اُن کا نفع بڑھ جائے گا، بنجر یا نا قابل کاشت زمین کو باآسانی استعمال میں لا سکیں گے۔ باغات اور سفیدے کے درخت جیسی شجرکاری سے آپ کا نمایاں ہو سکتا ہے۔ ایسے جوزوی جو وطن سے اور اپنے والدین سے دور قیام پذیر ہیں۔ انہیں اس سال اپنے بزرگوں کی خدمت اور وطن واپسی کی سعادت نصیب ہوگی۔ بزرگوں والدین خصوصاً والدہ کی دعائیں آپ کے لیے مستجاب ثابت ہوں گی۔ امسال راس اور ذنب 12 نومبر بروج تبدیل کریں گے، آپ کی زندگی میں یہ بھی انقلابی تبدیلیاں لائیں گے۔ راس پانچویں ہونے سے نومبر سے قبل بچوں کے اعلیٰ تعلیم کی طرف خاص فکرمندی رہے گی۔ اپنے بچوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے آپ اُن کی اعلیٰ ایجوکیشنل منصوبہ بندی ترجیحی بنیادوں پر کرنا پسند کریں گے۔ آپ کے خیالات میں جدت پسندی کا عنصر غالب رہے گا۔ صاحب اولاد جوزوی اپنے بچوں کی صحت سے غافل نہ رہیں، صحت سے غفلت کسی مشکل پیچیدہ بیماری کو جنم دے سکتی ہے۔ ذہنی وشعوری طور سے بدخوابی کی مسلسل آمد سے آپ اپنے اوپر دم کریں، دم شدہ پانی پئیں اور دعائیں کر کے سوئیں۔ اپنی خوابگاہ میں بستر کی معمولی تبدیلی روزانہ اگربتی روشن کریں۔ اغذیہ کا استعمال منفی رجحانات دور ہوں اور خوشگواری خود اعتمادی کا تسلسل قائم رہے۔ ایسے خواہاں افراد جن کی دلچسپیاں اسٹاک تخمین بازی یا پرائز بانڈ لاٹریوں کی طرف رہتی ہے۔ اُن کے لیے انعامات کے مواقع پہلے سے زیادہ ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ سعد اوقات میں ان کا لین دین کریں۔ آپ کا حاکم عطارد یکم مئی تا 8 جولائی، 8 اگست تا 27 اگست اور 2 تا 21 نومبر اوادجی، عروجی یا شرفی پوزیشن میں رہتے ہوئے 2015ء میں ہر شعبہ زندگی کے

اے فرشتو میرے عرش کا طواف کرو میرے نور کے جلال میرے حبیب محمدؐ پر درود بھیجو اور میرے عرش کو اٹھا لو۔ حدیث قدسی

افراد کے لیے مستقبل میں آگے بڑھنے کے لیے ایک اچھا وقت ہے۔ علاوہ ازیں 13 تا 31 مارچ اور 21 نومبر تا 10 دسمبر عطارد کمزور پوزیشن میں اور 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رجعت یافتہ ہونے سے مندرجہ بالا سبھی ایام اہم کاموں کے کرنے سے پہلے صدقہ کی ادائیگی ضرور کریں۔ خصوصاً کاروباری معاہدے اور بیرونِ ملک سفر سے بھی احتیاط برتیں۔

**درس روحانیات:** میرالمؤمنین حضرت علیؑ کی بارگاہ الٰہی میں دعا "بس مجھے یہ احساس بخش دے کہ تو مجھ سے خوش ہے اور کچھ ایسا کر کہ میرا ہاتھ کسی اور کے آگے نہ پھیلنے پائے۔" حضرت محمد ﷺ پر رحمت بھیج اور میرے حق میں وہ کر جو تیری شان کے لائق ہے اور اللہ اپنے رسولؐ اور ان کی اولاد میں سے بابرکت آئمہؑ پر رحمت فرمائے اور ایسا سلام بھیجے جیسا کہ سلام بھیجنے کا حق ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک روحانیات کے گھر کو ناظر رہنے سے کی گئی سبھی جائز دعائیں ممکنہ پوری ہوں۔

**آپ کی شخصیت:** آپ کا حاکم عطارد اپنے سالانہ سفر کا آغاز بیت الخوف سے شروع کر کے یہیں ختم کرے گا۔ یہ گھر مشترکہ مفادات کا بھی ہے۔ ایسا ممکنات میں سے ہے کہ زحل کی ساتویں میں موجودگی کے سبب دوسروں کا آپ پر دباؤ رہے اور آپ اُن کے مالی مفادات کے لیے کام کرنے پر مجبور ہوں۔ ایسی کیفیات عارضی تو ہوں لیکن آزمائش طلب بھی ہو سکتی ہیں۔ آپ کی فطرتی شخصیت میں بے چینی کا عنصر غالب رہتا ہے۔ 2015ء میں ممکن ہے اپنی عادات خصوصاً اپنی منفی خصوصیات کو دبانے کی کوشش کریں تاکہ دوسروں کی کامیابیوں پر آپ کسی پریشانی یا حسد جیسی کیفیت سے دوچار نہ ہوں۔ آپ کے لیے ایک نسخہ شفا ہے کہ آپ اپنی ذہانت اخلاقی توانائیوں کو بحال رکھنے کے لیے 2 گلاس دودھ روزانہ پئیں۔ یکم مئی تا 8 جولائی آپ کا حاکم عطارد طالع میں رہتے ہوئے آپ کی حاضر دماغی فصاحت و بلاغت، فہم و فراست میں اضافہ کرے، علماء، ادیب اور پڑھے لکھے لوگ خصوصاً آئی ٹی کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے آپ کے روابط بڑھیں اور ان سے سیکھنے کو بہت کچھ ملے۔ آپ کا قوت حافظہ اور شخصیت کی سحر انگیزی میں اضافہ ہو اور دوسرے آپ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ 19 مئی تا 12 جون عطارد کی رجعت کے سبب منفی رجحانات اور غلط فہمیوں پر قابو پانا لازم ہوگا۔ اس کے علاوہ 8 تا 27 اگست، 2 تا 21 نومبر عطارد کی سعد پوزیشن پیشہ ورانہ کیریئر کے معاملہ میں فائدہ ملے۔ 17 ستمبر تا 19 اکتوبر عطارد رجعت پذیر ہونے سے جلد بازی میں کوئی معاہدہ نہ کریں۔ 2015ء کی نمایاں سعد اور نحس تواریخ کو اپنی ذاتی ڈائری پر مارک کر لیں۔ 2015ء کی کامیابی اور ناکامی کا انحصار ان چند ایام کی مثبت پلاننگ سے ہے۔ یقیناً آپ ان تواریخ کو نمایاں طور سے یاد رکھیں۔ 6، 7 اپریل۔ 3، 4 جولائی۔ 7 اگست۔ 13، 14 نومبر۔ 20، 25 دسمبر عطارد مشتری سعد نظرات بننے سے آپ کی قوتِ فیصلہ میں بہتری مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے اور پیدا شدہ مشکلات ذرا سی کوشش سے باآسانی دور کی جا سکیں گی۔ علم و ہنر، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، کاروباری معاشی پلاننگ کے علاوہ بعض ایسے کارہائے نمایاں بھی آپ انجام دے سکیں گے، جس کی پہلے کوئی پلاننگ نہ ہو۔ بزرگوں، دوستوں، مخلصین، اساتذہ کا تعاون بڑھے گا۔ طلبہ تب پلاننگ سے نمایاں پوزیشن اور اپنی تعلیمی کمی کو نہ صرف دور کر سکیں بلکہ صحت کے مسائل حل ہوں، شفایابی میں بھی اضافہ ہو، جب کہ کچھ نحس تواریخ بھی نوٹ فرما لیں۔ یکم، 2 مارچ عطارد مشتری مقابلہ۔ 20، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر تربیعات بننے سے اہم کاموں میں احتیاط اور غیر ضروری کاموں سے بچیں۔ تب اہم کاروباری سفر بھی صدقات بے بغیر نہ کریں۔ فرضی باتوں اور حقائق کے مابین تفریق ضرور کریں۔ بزرگوں سے مشاورت کرنا بھی نیک ہے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** بیت المال کا حاکم چندرماں (قمر) ہر ماہ یہاں آ کر آپ کے ذرائع آمدن کے اضافہ کی نیک کوششیں ضرور کرتا ہے۔ خانہ مال میں ستارہ مشتری 11 اگست تک رہنے سے آپ طویل المیعاد اسکیموں از قسم انشورنس، بچت اسکیموں میں سرمایہ کاری یا پھر کوئی بڑا انشورنس پلان آپ کے لیے بہت نیک ہے۔ اس سال کی سعد تواریخ 4، 5، 6، 31 جنوری۔ یکم، 2، 27، 28 فروری۔ 27، 28، 29 مارچ۔ 23، 24، 25 اپریل۔

اے محمدؐ اپنے علم ایمان کے اسم اعظم آثار نبوت کو اپنے اہلبیتؑ میں سے علی ابن ابی طالبؑ کے حوالے کردو۔ حدیث قدسی

22،21 مئی۔ 17، 18، 19 جون۔ 14، 15، 16 جولائی۔ 10، 11 اگست۔ 7، 8، 9 ستمبر۔ 4، 5، 6، 31 اکتوبر۔
25، 26 دسمبر۔ آپ وقفہ وقفہ سے اپنی مالی امور کی بہتری کے لیے نظر ثانی یا عملی اقدامات ان تواریخ میں کر سکتے ہیں۔ عطارد اور مشتری
پریل، 3، 4 جولائی اور 25، 26 دسمبر سعد نظرات کے حامل ہونے سے غیر متوقع مالی فوائد ملیں۔ 17 تا 28 مارچ یورانس پلوٹو تربیع بننے
باتی پن اور چیلنج پسندانہ اور لالچ میں آکر ایسی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں جو فریب کاری سے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔

**عزیز و اقارب، اندرون ملک سفر:** بیت الاقرباء آپ اپنے عزیز و اقارب میں نمایاں
شخصیت میل ملاقات کے حوالے سے اور انہیں متحد رکھنے کے لیے خاصے سرگرم رہیں گے۔ 2015ء
اس حوالے سے خاصا اہم ہے کہ مشتری 12 سال کے بعد 11 اگست تک تیسرے رہنے سے علمی و
ادبی صلاحیتوں سے فائدہ، عزیز و اقارب سے میل ملاقات سے کوشش اچھی ثابت رہے گی اور
عزیز و اقارب کو اکٹھا کر سکیں گے اور گلے شکوے بھی دور کرنے میں نمایاں رہیں گے۔ اندرون بیرون ملک سیر و تفریح، مطالعاتی سفر،
فر پیش آئیں گے۔ آپ اپنے اور عزیزوں کے مستقبل کو سنوارنے کے لیے بعض ایسے غیر متوقع پروگرام بنا کر ان پر عمل کر سکیں گے،
پہلے کوئی پلاننگ نہ ہوگی۔ 2015ء میں آپ کے ہاتھ سے متعدد صدقہ جاریہ کے کام انجام پائیں گے۔ جن کی آپ کو روحانی خوشی
ہوگی۔ 21 مارچ تا 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست ستارہ شمس کی سعد پوزیشن اعلیٰ حیثیت کے حامل احباب و اقرباء سے فائدہ
واہشات کی تکمیل ہوگی۔ عزیز و اقارب کی خدمات اور اُن کی مالی اخلاقی خدمات کے لیے آپ خرچ کرنے سے دریغ نہ کریں۔ تحقیق و
، مطالعاتی و تفریحی سفر، عزیز و اقرباء کے ساتھ کرنے پسند کریں اور اُن کی خوشی میں شامل ہونے کے لیے کئی ایک سفر بھی پیش آئیں
30، 31 جنوری۔ 9، 10 اپریل۔ 30، 31 مئی۔ 23، 24 جولائی۔ 30 ستمبر۔ یکم اکتوبر۔ 16، 17، 18 نومبر عطارد و شمس
ت ہونے سے مختلف سرگرمیوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے ساتھ حالات و مطالبات کو پورا کرنے کی صلاحیت کو اُبھاریں۔ سفر، تقریر و
بات چیت میں شعور اور اِدراک کی قوت کو یکجا کر کے ایسے فیصلے کریں جس سے آپ کی ذات سے دوسروں کو کوئی نقصان نہ پہنچے، اپنے
پن، بے چینی پر ذکر الٰہی سے قابو پانے کی ممکنہ کوشش کریں۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** آپ کے طالع اور وتد الارض کا مشترکہ حاکم سیارہ عطارد آپ
کے لیے امسال مئی، جون، اگست، نومبر خاصا فیورایبل رہتے ہوئے متعدد خاندانی خانگی خوشیاں عطا کرے گا۔
11 اگست سے 31 دسمبر سعد اکبر ستارہ مشتری بھی یہیں آجائے گا۔ تب آپ کی دیرینہ زمین و جائیداد و پراپرٹی
فلیٹ خریدنے کی خواہش حسب حیثیت پوری ہو سکے گی۔ رہائشی تزئین و آرائش اور اپنے گھر کی جدید آرٹ کے
مطابق نکھارنے کی خواہش پوری ہو اور پسندیدہ سواری کا حصول بھی ممکن ہو سکے گا۔ زراعت کے شعبے سے تعلق
والے جدید زرعی اصولوں کے مطابق اپنا کاروباری نفع بڑھا سکیں گے۔ آپ کے زرعی رقبہ میں وسعت بھی ممکن ہے، غیر معمولی طور
اشی اور مالی ترقی کا دور بھی شروع ہوگا۔ 8 تا 27 اگست عطارد وتد الارض پر رہتے ہوئے خانگی اور خاندانی امور خصوصی توجہ کے
ہوں گے۔ یکم، 2 مارچ عطارد مشتری مقابلہ غیر متعلقہ و غیر ضروری کاموں میں حصہ لینا وقت ضائع کرنے کے برابر ہو سکتا ہے۔
20، 21 اپریل عطارد مشتری مثلیث خاندانی و خانگی بعض مثبت سوچ کے مثبت فیصلے خاندان میں سکھ اور اطمینان کا باعث بنیں گے۔
اور 4، 5 دسمبر عطارد مشتری تربیع خاندانی اہم فیصلہ دوسروں کو اعتماد میں لیے بغیر نہ کریں، ورنہ بلاوجہ کی بدمزگی کا سامنا کرنا
ہے۔ 3، 4 جولائی عطارد مشتری تسدیس آپ کو اہل خانہ کے ساتھ مشترکہ خوشیاں گزارنے یا انجوائے کرنے کا موقع ملے گا۔ 6
عطارد مشتری قران قیاس آرائیوں پر مبنی سوچ اور عملی اقدامات سے دوسروں کے کام آکر انہیں خوشیاں دے سکیں گے۔
14 نومبر عطارد مشتری تسدیس دیرینہ خانگی خواہشات کی تکمیل سے خوشیوں میں اضافہ ہو۔ 25، 26 دسمبر عطارد مشتری

مثبت پلاننگ سے خاندانی خوشیوں میں اضافہ کر پائیں گے۔

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد میں 2015ء راس کا 12 نومبر تک قیام خاص اہمیت کا حامل ہے۔ راس کی پانچویں موجودگی سے صاحب اولاد کو اولاد کی اعلیٰ تربیت سے فائدہ اور خوشیاں ملیں۔ تاہم پُر آشوب زمانہ میں چھوٹوں بچوں کے روز و شب پر بھی نگاہ رکھیں۔ ورنہ ان کے بھٹکنے سے خواہ مخواہ کے مسائل و پریشانیاں پیش آئیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے ملکی و بیرون ملک لاٹریوں میں دلچسپی لیں۔ 27 جنوری تا 20 فروری۔ 17 مارچ تا 11 اپریل ستارہ زہرہ شرف و عروج میں رہتے ہوئے آپ کی شخصیت میں سحر انگیزی پیدا ہونے سے شادی کے خواہاں افراد کی پسندیدگی اور محبت کی فضاء سازگار رہے۔ 8 جنوری۔ 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 11 تا 18 ستمبر یہ تواریخ دوسروں سے ایثار، محبت، ہم آہنگی اور دوسروں سے روحانی و ایثار و محبت و قربانی جیسی لطیف کیفیات محسوس کریں۔ 8 نومبر تا 5 دسمبر زہرہ پانچویں اپنے گھر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی زندگی میں پیار کا عنصر شامل ہونے سے شائستگی، خوش لباسی، سماجی و سیاسی مصروفیات اچانک بڑھ جائیں۔ ایسے جوزدی جو انعامی اسکیموں میں اکثر حصہ لیتے رہتے ہیں۔ اُن کے لیے سعد تواریخ 8 جنوری۔ 20، 22، 23 فروری۔ 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی۔ 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6، 15، 16 جولائی۔ 6، 7، 31 اگست۔ یکم، 2، 11 تا 18 ستمبر۔ 31 اکتوبر اور 3، 4، 24، 25، 26 نومبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** بیت المرض زائچہ کا اہم گھر ستارہ زحل 15 جون تا 18 ستمبر چھٹے رہے گا۔ تب اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں۔ اس کے علاوہ چھٹے کا حاکم مریخ 31 مارچ تا 12 مئی، 24 جون تا 9 اگست بھی قابل توجہ ایام میں آپ کی عمر کی مناسبت سے بلڈ پریشر، کولیسٹرول، ذیابیطس جیسے ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ خصوصاً جواں سال جوزدی اپنی صحت و صفائی سے غافل نہ رہیں، ہلکی پھلکی ورزش سے صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں اور بزرگ جوزدی اپنی طرز خوراک مناسب ادویہ کو اغذیہ سے اپنا خیال رکھ سکتے ہیں، ملازمتی کیریئر میں اضافہ کے لیے 20 فروری تا 31 مارچ، 24 جون تا 25 ستمبر کی تواریخ نہایت سعد ہیں۔ ایسے افراد جو ملازمت اور روزگار کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ انہیں آسانیاں اور حسب منشاء ملازمت کے مواقع مل سکیں گے۔ اس کے علاوہ کیریئر اور شفاء یابی کے لیے 6، 7 اپریل۔ 25، 26 دسمبر عطارد مشتری مثلیث اور 9، 10، 11 مارچ۔ 4 تا 8 جون۔ 15 تا 19 اکتوبر مریخ مشتری سعد نظرات کسی اچھے معالج سے ملاقات شفایابی، میڈیکل چیک اَپ اور مسئلہ روزگار کی گئی کوششیں بھی کامیاب ثابت ہوں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج اور تعلقات سے متعلقہ اہم گھر ستارہ زحل کی یکم جنوری تا 15 جون، 18 ستمبر تا 31 دسمبر زحل کی یہاں موجودگی شراکتی ازدواجی تعلقات میں غلط فہمیوں سے بچیں، ورنہ دیرینہ تعلقات ٹوٹ سکتے ہیں۔ خواہاں افراد کی شادی میں خواہ مخواہ کوئی نہ کوئی رکاوٹ پڑ سکتی ہے اور شادی شدہ افراد کے ازدواجی تعلقات میں تلخی کا اندیشہ ہے، محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ اس دوران اگر جوزدی لڑکے لڑکیوں کی منگنی ہونے جا رہی ہے۔ اُنہیں صدقہ و خیرات پر خصوصی توجہ دینی چاہیے اور اُن تواریخ کے متبادل تواریخ کا انتخاب کریں اور کسی صاحب علم سے اپنے نکاح کی تاریخ ضرور معلوم کریں تاکہ مستقبل کی ازدواجی زندگیاں ماند نہ پڑیں۔ 15 جون تا 18 ستمبر زحل چھٹے ہونے سے یہ تواریخ شادی یا منگنی کے لیے زیادہ موزوں ہیں۔ 4، 5 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر۔ 25، 26 دسمبر عطارد مشتری سعد نظرات حل المشکلات کے لیے مزید سعد تواریخ ہیں۔ تب مسائل و خیالات پر مبنی عمل درآمد کر کے اپنی مشکلات کو حل کر سکیں گے۔

## امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبْحٰنَهٗ مِنْ وَاسِعٍ مَّاۤ اَجْوَدَهٗ۔ اور پاک ہے وہ کشائش دینے والا کیا ہی سخی ہے وہ

ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

**وراثت، انشورنس کلیم:** بیت الخوف زائچہ کا ایک اہم گھر اس کا حاکم زحل یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر ساتویں جبکہ 15 جون تا 18 ستمبر چھٹے رہے گا۔ آٹھویں کے حاکم کی اپنے گھر سے بارہویں گیارہویں آمد ورفت 2015ء میں وراثتی اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں خاصے اختلافات پیدا ہونے کا اندیشہ ہوسکتا ہے، معاملات سلجھنے کی بجائے تصادم لڑائی جھگڑا و قانونی پیچیدگیوں میں اُلجھ سکتے ہیں۔ ایسے افراد جن کا کاروباری نقصان ہو چکا ہے اور انشورنس کلیم کے منتظر ہیں، اُن کا کلیم بھی مشکوک بنایا جاسکتا ہے۔ حصول وراثت کے لیے صبر وتحمل کے ساتھ بزرگوں کی مشاورت پر عمل ضروری ہو گا۔ کسی مشکل یا آزمائش سے بچنے کے لیے صدقات وخیرات ضرور دیں۔ 14، 15، 16 مارچ۔ 2، 3 مئی۔ 6، 7 اگست۔ 18، 19 جون۔ 25، 26 ستمبر تواریخ دوسروں سے اُلجھنے کے لیے مناسب نہیں ہیں، اُلجھنوں کو سلجھانے کے لیے 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 7، 18، 19، 20، 21 فروری۔ 2، 3 اپریل۔ 22، 23 جولائی۔ 26، 27 اگست۔ 5، 7، 13، 15 اکتوبر۔ 24، 25 نومبر۔ یہ ایام حل المشکلات کے لیے نیک ثابت ہوسکتے ہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر کا حاکم زحل یکم جنوری تا 15 نومبر اور 18 ستمبر تا 21 دسمبر ساتویں اوجی برج میں رہتے ہوئے بیرون ملک کاروباری مطالعاتی تفریحی سفر میں آسانیاں دے گا۔ ستارہ مشتری بھی تیسرے بیٹھ کر نویں گھر کو 11 اگست تک سعد ناظر رہے گا۔ بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے لیے یہ عرصہ نہایت سعد ہے۔ حج و زیارات مقدسہ پر جانے والے بھی انہی ایام میں پروگرام بنائیں تو اُن کا سفر بھی یقینی بنے اور وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ 15 جون تا 18 ستمبر رجعت کے سبب زحل جب چھٹے آئے گا، تب بیرون ملک سفر اور قانونی معاملات، مقدمات میں پریشانیاں پیش آسکتی ہیں، آپ اپنے قانونی مشیر و روحانی سفر کے سالار سے مشاورت کریں۔ 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، 18، 21 فروری اور 2، 3 اپریل عطارد زحل سعد نظرات علاوہ ازیں 5، 6، 7، 13، 14، 15 اکتوبر۔ 23، 24، 25 نومبر عطارد زحل سعد نظرات بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد سفر نیک رہیں گے۔ ان ایام میں کاروباری وسائل و روابط میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔

**کیریئر، کاروبار، عزت و وقار:** وتد السماء کیریئر، ساکھ، شفایابی کا یہ گھر ہر شمسی زائچہ کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ ساتویں اور دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 11 اگست دسویں سے چھٹے رہے گا۔ کاروباری وسائل و ترقی کے لیے 2015ء خاصا محنت طلب سال ہے۔ آپ جتنی محنت و کوشش کریں گے اتنا زیادہ صلہ ممکن ہے نہ مل سکے۔ تاہم اپنے اخراجات اور اپنے کاروباری وسائل و ساکھ کو برقرار رکھنے کے لیے آپ کو محنت کرنا ہی ہوگی۔ وتد السماء میں ستارہ زحل یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر قیام پذیر رہتے ہوئے وہ خاطر خواہ فوائد نہ دے سکے گا، جس کی آپ توقع کریں گے۔ انہی ایام میں سا[illegible]

[illegible]

سیاسی تعلقات خصوصاً حکام بالا سے تعلقات میں بھی احتیاط برتیں، مایوسی پریشانی کے سبب اپنی صحت جسمانی کا بھی خیال رکھیں۔ [illegible] خواہاں افراد کو ترقی ملے یا نہ ملے انہیں اپنے منصبی فرائض ایمانداری سے انجام دینے چاہئیں اور اچھے وقت کی امید رکھنی چاہیے۔

محرم میں نے شجرِ طوبیٰ کو حکم دیا ہے علیؑ اور زہراؑ کی شادی پر وہ موتی' یاقوت اور مرجان کو نچھاور کرے۔ حدیث قدسی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں یا پرس میں پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

م عطارد 13 تا 31 مارچ ہبوط یافتہ رہے گا، ان ایام میں احتیاط برتیں۔ یکم مئی تا 8 جولائی اور 8 اگست تا 27 اگست اور 2 تا 21 بر عطارد کی سعد پوزیشن حل المشکلات کے نہایت نیک ہیں، تاہم عطارد 19 مئی تا 12 جون، 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رجعت میں ہونے سبب کام رُک رُک کے ہو سکتے ہیں۔ 6، 7 اپریل۔ 3، 4 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر اور 25، 26 دسمبر عطارد مشتری ر نظرات 2015ء میں کاروباری تجربات سے آپ کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملے گا، جو آئندہ کاروبار اور کیریئر میں آپ کے لیے فائدہ ر ثابت ہوگا۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم مریخ 20 جنوری تا 31 مارچ اور 9 اگست تا 25 ستمبر عروج واوج ان گھروں میں رہتے ہوئے آپ کی بعض دیرینہ خواہشات کی تکمیل میں آسانیاں لائے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی۔ ذنب بھی 12 نومبر تک یہاں رہے گا، اس کا قیام آپ کی سماجی، سیاسی حیثیت میں اضافہ جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ، بزرگوں سے مالی مفادات، خوشحالی، خوش قسمتی جیسے متعدد فوائد نصیب ہوں، پنے نصیب یاوری کرنے کے لیے صدقات وخیرات بھی بڑھ کر دیں۔ عطارد مریخ قرانات 22، 23 اپریل۔ 25، 26، 27 مئی۔ 16، 1 جولائی غیر متوقع فوائد کے حصول آپ کی توقعات سے بڑھ کر ہوں گی۔ 24، 25 نومبر عطارد مریخ تثلیث آپ کی دیرینہ خواہش ی ہوگی، حلقہ احباب میں سینئر اور اچھے لوگوں کا اضافہ خواتین خوش لباس، زیورات اور خوشبویات کی خریداری اور استعمال اُن کی روزمرہ زندگی میں بڑھ جائے گا۔ آپ اپنی نیک نیتی اور ایمانداری سے دوسروں کے کام آ کر دوسروں کے لیے خوشیوں کا باعث بننے لگیں۔ 27 تا 3 دسمبر عطارد مریخ تربیع غیر متوقع طور سے دوسروں کی جانب سے مشکلات وآزمائش پیش آسکتی ہیں، تب دانشمندی سے کام نہ لیا گیا تو کچھ نے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں، آپس میں پیدا شدہ غلط فہمیوں سے بچیں۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات، امیگریشن:** آپ اپنی فطرتی جلد بازی کے سبب غیر محفوظ طریقہ سے جہاں لوگوں کو دوست بناتے ہیں، وہیں کچھ حاسد بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ 2015ء ستاروں کی نشست کے اعتبار سے ایک احتیاط طلب سال ہے۔ بارہویں کا حاکم زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف ہ رہے گا۔ تب یہاں دوستوں کی تعداد بڑھے، وہاں اپنے حاسدین سے بھی محتاط رہیں، خصوصاً 17 جنوری تا 11 اپریل اور 25 لائی تا 6 ستمبر رجعت زہرہ کے سبب احتیاط برتیں۔ 27 جنوری تا 21 فروری۔ 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر ون ملک حصولِ امیگریشن کے لیے کوشش فرمائیں تو نیک ہے۔ 15 جون تا 18 ستمبر زحل چھٹے رہتے ہوئے بارہویں گھر کو مکمل ناظر نے سے آپ کے خفیہ دشمن آشکار و معذرت خواہ ہو سکیں گے۔ ستارہ مشتری 11 اگست تا 31 دسمبر چوتھے رہتے ہوئے دسویں ہویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے نظر بد، جادو ٹونہ سے نجات صدقات دعاؤں سے مل سکے گی۔ دیرینہ امراض میں مبتلا جزوی افراد کو یابی اور اچھے معالج کی خدمات میسر آسکیں گی۔ 2015ء میں عطارد و زہرہ قرانات وتسدیسات 8 جنوری۔ 9، 10، 11 جون۔ 5، 6 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 11 تا 18 ستمبر بننے سے اخراجات میں اضافہ، جائز اخراجات تو ضروری تاہم خواہ مخواہ کے راجات و اسراف سے گریز کرنے ہی میں دانشمندی ہوگی۔

منہاج الصالحین، احمد مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

اے محمدؐ علیؑ اور فاطمہؑ کی شادی سے اہلِ آسمان خوش ہیں ان کے جنت کے جوانوں کے سردار دو بیٹے ہوں گے۔ حدیث قدسی

## جوزوی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:



گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی سبھی ذی روح کو متاثر کرتے ہیں۔ امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ دسویں گیارہویں کے کسب پر ہونے سے دونوں گھروں کو متاثر کرے گا، جائیداد کی خرید و فروخت میں نقصان، صحت جسمانی متاثر ہو، دوسروں سے وابستہ توقعات بھی پوری نہ ہو سکیں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل پانچویں لگنے سے محبوب کے مابین شکوک وشبہات سے محبت میں صدمہ بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر چوتھے لگنے سے خاندانی مسائل و پریشانیاں و حادثات بزرگوں سے متعلقہ ہونے کا اندیشہ ہے، صدقات ضرور دیں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر گیارہویں لگنے سے دوسروں سے توقعات میں ناکامی، یار مار قسم کے دوستوں سے بچیں، ان سے ناگہانی نقصانات و صدمات کا پیش آنا بعید از قیاس نہیں ہے۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| جوزا سعد تواریخ 2015 | جوزا نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 2،5،13،14،27،28،29 جنوری | 15،16،17 جنوری |
| 4،5،6،19،21،28 فروری | 10 فروری |
| 1،18،19،22،23 مارچ | 2،15،16،17،20 مارچ |
| 2،3،6،7،9،19،20،22،23،24 اپریل | 4،8،21 اپریل |
| 26،27،28 مئی | 3،8،9،11،29،31 مئی |
| 9،10،11 جون | 16،22،23،25 جون |
| 2،3،4،5،6،13،14،15،22،23 جولائی | 16،17،18،19 جولائی |
| 2،3،8،15،16،26،27 اگست | 6،7،12،13 اگست |
| 5،15،20،24،30 ستمبر | 8،10،11،13،18،25،26 ستمبر |
| 5،7،14،15 اکتوبر | 22،23،25،26 اکتوبر |
| 6،7،10،11،13،14 نومبر | 24،25،26 نومبر |
| 1،2،14،15،19،25،26 دسمبر | 4،5،20،21،22،27،29 دسمبر |

اے محمدؐ میں تمہیں تمام انبیاء پر فضیلت دی اور علی علیہ السلام کو تمام اوصیاء پر فضیلت دی۔ حدیث قدسی

Dr. Aamir Liaqat

# CANCER

# قمر سرطان

دن پیر
عدد 2
رنگ دودھیا
پتھر دُرِ نجف، سفید مرجان

22 June To 23 July
2015

## حالات وواقعات کی روشنی میں

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل بیت الزوج، بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ہو کر رجعت واستقامت سے بروجی تبدیلی ادھر سعد اکبر ستارہ مشتری اور راس وذنب کی بھی بروجی تبدیلیاں آپ کے روزمرہ حالات وواقعات میں تبدیلیاں لائیں۔ 2013-2014 جن سرطانی افراد نے شرف مشتری کی سعادتوں سے معاشی مالی فوائد اٹھائے، 2015ء بھی کچھ اس کے تسلسل کا سال کہہ سکتے ہیں۔ ستارہ مشتری خانہ مال میں 11 اگست تک رہتے ہوئے گذشتہ بنائے گئے طویل المیاد معاشی پروگراموں کو آگے بڑھائے گا، جن کی آپ ابتداء کر چکے ہیں۔ کسی کام کی ابتداء کرنا آسان مگر اس کے تسلسل کو قائم رکھنا ہی پروگراموں کا حسن ہے۔ آپ کے اندر پاکیزہ روحانی جذبات کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور آپ ہر نیک کام کی تکمیل تک متوجہ رہتے ہیں۔ ستارہ مشتری 2015ء میں آپ کے ہاتھ سے متعدد صدقہ جاریہ کے کام انجام پائیں گے، جس سے آپ روحانی سکون وسکھ محسوس کریں گے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری پہلے 7/8 ماہ چھٹے ملازمت روزگار اور دسویں کیرئیر، بزنس کے گھروں کو مشترکہ بنظر تثلیث ناظر رہے گا۔ ملازمتی ترقی، مراعات یا پھر بہتر ملازمت کے مواقع ملیں۔ کاروبار کیرئیر میں بھی نئے بہتر وسائل ملیں، کاروباری کاموں کو آگے بڑھانے کے متعدد مواقع ملیں، بااثر وحکام بھی مدد کریں، ایسے سرطانی جو اپنی زندگی میں نئے کام کی شروعات کرنا چاہ رہے ہیں، اُن کے لیے سال کے پہلے سات ماہ موافق ہیں۔ ستارہ زحل یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر ساتویں سے بارہویں چھٹے رہے گا۔ زحل کی نشست ملازمتی فرائض کی ادائیگی کے لیے اور ماتحت کام کرنے والوں سے بھرپور تعاون فوائد کا اشارہ اور آپ بھی رضا کارانہ ملکی علاقائی سوشل کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ تاہم ان ایام میں زحل کی یہاں نشست شادی شدہ افراد کے لیے کچھ شکوک وشبہات لائے، اپنی ازدواجی زندگی میں دوسروں کو دخل اندازی کا موقعہ ہرگز نہ دیں ورنہ خواہ مخواہ گھریلو خاندانی سکھ متاثر ہو سکتا ہے۔ راس وتد الارض پر 12 نومبر مقابل وتد السماء پر ذنب کا قیام خانگی وخاندانی معاملات قابل توجہ ہوں گے، بزرگوں والدین خصوصاً والدہ صاحبہ کی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں، اُن کی دل جوئی ان سے حصول محبت اور دعاؤں کے لیے اُن کے پاس زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں۔ روحانی علوم وفنون سے دلچسپیاں بڑھیں، روحانی بزرگوں سے کسب فیض ملے، صاحب علم اساتذہ کی خدمت میں وقت گزاری آپ کی اصلاح حقیقی وروحانی معنوں میں آپ کی باطنی اصلاح بھی ہو، آپ کی ذہنی زرخیزی آپ کو سالوں کے مطالعہ سے آگے لے جائے۔ آپ کے باطنی فہم وفراست میں اضافہ، مایوس لوگوں کی زندگی میں آپ ان کے لیے شمع روشن کریں۔ دوسروں کی پریشانیاں دور کرنے سے آپ کی روحانی خوشی، خود اعتمادی میں اضافہ ہو، روایات سے نکل کر آپ جدید سائنسی روحانی علوم سے استفادہ کر سکیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر ستارہ مشتری تیسرے آکر طالع ساتویں نویں سعد نظرات شادی میں پیدا شدہ رکاوٹیں اور اعلیٰ تعلیم کا حصول آسان، حج وزیاراتِ مقدسہ سفر کی راہیں کھلیں۔ اپنی زندگی میں مقدس سفر کو اہمیت دیں، ایسے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔

**درس روحانیات:** جب تک روح اور عقل ہوشیار ہے وہ بدن کو اپنے مقصد کی طرف لے کر جاتی ہے اور جوں ہی روح غافل ہو جاتی ہے بدن روح کو اپنے مقصد کی طرف لے کر آجاتا ہے۔ حقیقت کی شناخت کی

المنتظر بک سنٹر، H بلاک، ماڈل ٹاؤن، جامع المنتظر، لاہور

اے محمدؐ! میں نے حسن علیہ السلام کو اپنے علم کی کان اور حسین علیہ السلام کو اپنی وحی کا خزانہ قرار دیا ہے۔ حدیث قدسی

صلاحیت کا نام روح ہے اور روح کے جس پہلو کے ذریعے انسان حقائق کو سمجھتا ہے، اُس کا نام عقل ہے۔ یہی روح اور عقل جس کا کام حقیقت کی شناخت و تلاش اور حقیقت تک پہنچنا ہے۔ اسم اعظم یالطیفُ کا روزانہ 129 مرتبہ باوضو ورد کرنا آپ کی روزمرہ روحانیات کو بڑھا سکتا ہے۔

**آپ کی شخصیت:** آپ کا حاکم چندر ماں (قمر) ہر ماہ شرف واوج دوطرفہ کی قوت آپ کو عطا کرتے ہوئے سرگرم رکھتا ہے۔ 2014ء کی طرح 2015ء میں بھی سعد اکبر ستارہ مشتری چھٹے اور دسویں کو بنظر تثلیث ناظر رہنے سے شفایابی کی قوت بڑھے۔ حکامِ بالا باا ثر افراد سے تعلقات میں بہتری اور آپ کی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے دوسروں سے عملی مشاورت حاصل ہو سکے گی اور بنائے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کرنا ہی آپ کے لیے بہتر ہے۔ 2015ء اس لحاظ سے نہیں کہ آپ وقت کا ضیاع کر سکیں۔ توقعات، اُمیدیں جو آپ دوسروں سے وابستہ کریں گے، سال کے پہلے 7 ماہ اس مقصد کے لیے نیک ہیں۔ شمس 21 جون تا 23 جولائی، زہرہ 8 مئی تا 5 جون عطارد 8 تا 13 جولائی یکے بعد دیگر طالع میں ہونے سے دوسروں پر طاقت اور غلبہ کی خواہش بڑھے، سمجھ بوجھ غیر معمولی قوت یادداشت، کیریئر میں عزت وتوقیر کا باعث بنیں۔ تاہم 24 جون تا 9 اگست مریخ کی طالع میں آمد جذباتی پن، طبیعت میں تیزی طراری، جلد بازی کے سبب اپنے وسائل اور حد سے تجاوز کرنے سے دوسرے آپ کی پریشانی اور آپ ان کے لیے آزمائش نہ بنیں اور نہ ہی تعلقات میں بگاڑ پیدا کریں، صدقہ و خیرات وقفہ وقفہ سے ضرور دیتے رہیں۔ شخصیت کی مضبوطی، شفاء یاب کرنوں کے حصول کے لیے دو گلاس دودھ روزانہ پینا بھی آپ کی صحت کے لیے نہایت مفید ہے۔ ابتدائے سال نحس کواکب نحس گھروں میں زحل چھٹے اور مریخ آٹھویں عجیب وغریب طریقہ سے نحوست دور ہوتی رہے گی۔ جب جب حل المشکلات سے نکلیں کلمہ شکر ضرور ادا کریں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** آپ کے خانہ مال کا حاکم بادشاہ فلک شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ، 21 جون تا 23 جولائی اوج یافتہ، 23 جولائی تا 23 اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے مالی فوائد دلائے۔ آپ کے شمسی زائچے سے یہ مستقل دائمی سالانہ تواریخ نوٹ فرمالیں۔ یوں تو شمس تب ہمیشہ فائدہ دے سکتا ہے کوشش اور پلاننگ سے آپ اپنے ذرائع آمدن میں ذاتی کوشش سے زائد فوائد اُٹھا سکتے ہیں۔ نیز سعد اکبر ستارہ مشتری 12 سال بعد 11 اگست تک خانہ مال میں رہے گا۔ ایسے سرطانی جو اپنے حصول بزنس میں وسعت کے لیے قرض لینے کے لیے اپنی بنک اسٹیٹمنٹ میں اضافہ چاہتے ہیں، انہیں اپنی کوششوں میں خاطر خواہ فائدہ ملے۔ مشتری مریخ و مشتری شمس مقابلہ 2 جنوری، 6-7 فروری ہونے سے غیر ضروری مالی معاملات فائدہ کے بجائے نقصان بھی دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ 16، 17، 18 اپریل اور 3، 4، 5 مئی -13، 14 دسمبر مزید کوا کبی نحس نظرات احتیاط کا اشارہ ہے۔ مریخ مشتری تثلیث 9، 10، 11 مارچ -1، 2، 3 اپریل بننے سے کاروباری معاشی وسائل میں اضافہ ہو اور ایسے پینڈنگ امور جو رُکے ہوئے تھے، ان میں بھی بہتری آئے۔ مریخ مشتری تسدیس 4 تا 8 جون شمس مشتری تسدیس، 6 تا 10 جون مالی ترقی اور بہتری کے لیے شعور اور اِدراک بڑھنے سے نئے مالی خیالات اُبھریں، خوداعتمادی میں اضافہ ہو۔ 15 تا 19 اکتوبر مریخ مشتری قران کامیاب لوگوں سے روابط، اعتماد اور مثبت سوچ سے مالی اخلاقی مسائل اپنے ماحول اور وسائل کے اندر رہتے ہوئے حل کیے جاسکیں گے۔ کامیاب لوگوں کی صف میں شامل ہونے کے لیے 21 مارچ تا 20 اپریل شرف شمس کا زمانہ بھی نہایت اہم ہے۔ تب اپنے کیریئر بزنس کو مزید فعال بناسکتے ہیں۔ مریخ زحل تربیع ومقابلہ 14، 15، 16 جنوری -14، 15، 16 مئی -24، 25، 26، 28 ستمبر ہونے سے مالی رِسک نہ لیں۔ اپنے وسائل یکجا کر کے اپنے مالی مسائل پلاننگ بہ آسانی حل کیے جاسکتے ہیں۔

**عزیز و اقارب، اندرون ملک سفر:** بیت الاقرباء کا حاکم عطارد جو فطرتی طور سے بھی بادشاہ فلک شمس کے ساتھ مسلسل سال بھر بارہ منطقۃ البروج کے سفر پر رہتا ہے۔ 2015ء میں ستارہ عطارد کی اہم نشست 13 تا 31 مارچ نویں وبال یافتہ اور یکم مئی تا 8 جولائی بارہویں ہونے سے بعض غیر ضروری سفر سے واسطہ رہے، دوران سفر اپنے سامان کی حفاظت رکھیں۔ خصوصاً 19 مئی تا 12 جون جب عطارد

...میں نے آپ کو آپ کے دونواسوں حسن علیہ السلام اور حسین علیہ السلام کے ذریعے عزت و تکریم عطا کی۔ حدیث قدسی

...رجعت ہوگی، تب غیر ضروری سفر نہ کریں، ضروری ہو تو سفر میں اپنی گاڑی کا چیک اَپ ضرور کروالیں۔ عزیز و اقارب سے تجدید مراسم تاہم پرانے گلے شکوؤں سے اعتراض کریں کہ کسی بدمزگی سے بچا جاسکے۔ 8 تا 23 جولائی عطارد طالع میں جبکہ 8 تا 27 اگست عطارد تیسرے شرف یافتہ رہنے سے تعلیمی امور میں دلچسپیاں بڑھیں، اندرونِ ملک سیر و تفریح اور مطالعاتی خوشگوار سفر اساتذہ یا عزیز و اقارب کے ساتھ پیش آئیں۔ جو زندگی کے یادگار سفر ثابت ہوں۔ 17 ستمبر تا 9 اکتوبر عطارد کی رجعت ایک بار پھر غیر ضروری کاموں میں اندرونِ ملک سفر سے اعتراض کریں، ورنہ وقت اور روپیہ کے اسراف کا اندیشہ ہے۔ 2 تا 21 نومبر عطارد اوجی بروج میں رہتے ہوئے آپ کے ماحول کی سحر انگیزی میں اضافہ ہوگا، دورانِ سفر خوشگوار ملاقات زندگی میں خوش بختیاں بھی لانے کا باعث بنیں۔ سال کی مجموعی سعد نحس ایام میں کچھ خصوصی تواریخ 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی قران عطارد مریخ اچانک سفر پیش آسکتا ہے 7۔ 8 جنوری۔ 6، 7 اگست عطارد زہرہ قران عزیز و اقارب سے خوشگوار مراسم مستقبل کے سنہری خوابوں کے منصوبے بنیں۔ 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6 جولائی عطارد زہرہ تسدیس سماجی سیاسی سمجھوتے اور معاہدہ کی روح ہم آہنگی سے کئی ایک خوشگوار سفر مستقبل قریب میں ممکن ہوں۔ عطارد زحل ناقص نظرات 15، 16 مارچ۔ 2، 3 مئی اور 6، 7 اگست بنیں، تب ٹریفک میں جلد بازی، غیر ضروری سفر، دوسروں سے تعلقات میں احتیاط برتیں۔ صدقات و خیرات دے کر سفر کریں، اگر کسی احتیاط طلب دن سفر کرنا پڑے۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** بیت الارض کا حاکم ستارہ زہرہ محبت و مروت کشش و زیبائش کا بھی ستارہ ہے۔ 2015ء ستارہ زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری نویں نصیب کے گھر میں شرف یافتہ 17 مارچ تا 11 اپریل اُمیدوں کے گھر عروج یافتہ 11 اپریل تا 8 مئی اوج یافتہ اور 8 نومبر تا 8 دسمبر بیت الارض میں سعد و طاقتور رہتے ہوئے خانگی، خاندانی خوشیاں عطا کرے گا۔ مجموعی طور سے مندرجہ بالا سبھی ایام نیک ہیں۔ زمین جائیداد، ذاتی گھر، پلاٹ یا فلیٹ کی خرید و فروخت نیک ثابت ہو، اپنے بزنس گھر بار کو سنوارنے کے لیے جدید انداز سے تزئین و آرائش کی جاسکے۔ ...اس 12 نومبر تک وتد الارض پر رہے گا، اسکی غیر معمولی نشست خواہاں سرطانی افراد کو صاحب حیثیت، ذاتی سواری کا حصول بہ آسانی ممکن ہو، سرطانی پرانی گاڑی بیچ کر نئی گاڑی لینا پسند کریں۔ زراعت باغبانی سے وابستہ سرطانی افراد اپنی عدم دلچسپی سے اپنی فصلوں میں پہلے جیسا نفع حاصل نہ کرپائیں۔ زرعی آمدن خرچ کا توازن بگڑ جائے یا ناگہانی آفات کی کوئی احتیاط پلاننگ نہ کرنے کے سبب بھی اندیشے ممکن ہیں۔ فصلوں کی انشورنس کا رجحان اگرچہ عام نہیں ہے، ان کا انشورنس ممکن ہو تو ضرور کروائیں۔ کچھ سرطانی 2015ء میں ہجرت کر کے کسی دوسرے ملک، شہر یا گاؤں میں جانا پسند کریں، ایسے میں اُداس طرح سے ہجرت کی بجائے سنت نبویؐ مکہ سے مدینہ کی ہجرت کو یاد کریں اور اس ہجرت کے وسیلہ سے اپنی ہجرت میں برکت کی دعائیں کریں۔ زہرہ کی کمزور نشست 21 فروری تا 17 مارچ، 19 تا 31 جولائی اور 8 اکتوبر تا 8 نومبر ہونے سے خانگی خاندانی معاملات میں احتیاط برتیں۔ مریخ زحل اور زہرہ زحل تربیع 14، 15، 16، 29، 30 جنوری۔ 14، 15 اپریل۔ 14، 15 مئی۔ 12، 13، 14، 15 جولائی۔ 3، 4، 5، 6 اگست اور 9، 10، 11 اکتوبر بننے سے دوسروں سے حد فاصل رکھیں تا کہ آپس کے سماجی سیاسی اختلافات سنگین نہ ہوں۔ زہرہ مریخ قران 20، 22، 23 فروری۔ 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ 3، 4 نومبر صحت مندانہ خانگی خاندانی ماحول ملے۔ خاندانی تقریبات میں شرکت خاندانی اتفاق و محبت کے لیے اہم ہے۔

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد میں ستارہ زحل کی عارضی نشست 15 جون تا 18 ستمبر اور خصوصاً 14 مارچ تا 2 اگست جب زحل رجعت پذیر ہوگا، تب اولاد اور معاملات الفت و محبت خاصے توجہ طلب ہوں گے، دام فریب بازاری قسم کی محبت سے بھی بچیں۔ پانچویں کا حاکم مریخ 20 فروری تا 31 مارچ وتد السماء میں عروج یافتہ 6 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہنے سے سیر و تفریح، کھیلوں میں خاصی دلچسپیاں رہیں۔ 27 جنوری تا 21 فروری ستارہ زہرہ شرف یافتہ رہنے سے محبت و الفت کا خوشگوار ماحول رہے، صاحب اولاد سرطانی افراد کو اپنے بچوں کی خوشیاں ملیں۔ آپ اپنی شخصیت خوش لباسی کی سحر انگیزی سے دوسروں کو متاثر کریں، شادی کے خواہاں جواں

سال سرطانی لڑکے لڑکیوں کو پسندیدگی کے پیغامات ملیں۔ اکثر سرطانی افراد کی سٹاک شیئرز، حصول انعامات، انٹرنیشنل لاٹری میں حصہ لینے کا رجحان بڑھے۔ ایسے سرطانی جو اکثر انعامی مقابلوں میں حصہ لیتے رہتے ہیں اور انعام نہ لگنے کا گلہ بھی کرتے ہیں، اگر وہ ان تواریخ یکم، 3، 12، 14، 17، 22، 23، 26، 31 جنوری۔ 11، 12، 16، 17، 20، 22، 23، 25 فروری۔ 2، 3، 13، 14، 17، 22، 28 مارچ۔ یکم، 2، 11، 13، 15، 17، 22، 26، 27 اپریل۔ 2، 10، 12، 14، 17، 18، 21، 27 مئی۔ یکم، 7، 11، 16، 20، 26، 30 جون۔ یکم، 6، 9، 14، 15، 19، 29 جولائی۔ 3، 10، 19، 24 اگست۔ یکم، 5، 10، 16، 20، 29 ستمبر۔ 4، 14، 15، 19، 28 اکتوبر۔ 2، 7، 18، 30 نومبر۔ یکم، 6، 13، 18، 27 دسمبر میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ اُن کا کوئی بڑا انعام نکل آئے، ہمراہ کوئی اسم اعظم کا ورد بھی رکھیں۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** ستارہ زحل سارا سال (ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر) چھٹے حالت اوج میں رہتے ہوئے یہ صحت کے مسائل کو اُبھارے۔ خصوصاً (خفیہ امراض) خونی یا جلدی امراض نیز جملہ اعضائے رئیسہ و شریفہ خصوصاً پٹھوں کی کمزوری، جسم میں خون کی کمی کا اندیشہ ہے۔ آپ میں شرم و حیا کا پہلو دوسروں سے زیادہ ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ اپنے ڈاکٹر سے بھی اپنی بیماری پوشیدہ رکھیں اور بعد از مشکلات کا شکار ہوں۔ ازدواجی تعلقات میں بھی اپنے شریک حیات تنگ رہیں۔ لڑائی جھگڑوں، مقدمات سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ نظر بد سے ذہنی تفکرات کا اندیشہ ہے، اپنے ڈاکٹر اور وکیل سے کچھ نہ چھپائیں۔ بیت المرض کا حاکم مشتری مریخ سے نحس نظرات 2 جنوری۔ 16، 17، 18 اپریل بنیں۔ خواہ مخواہ کے قانونی مقدمات سے حتمکنہ بچیں، اپنے حاسدین سے محتاط رہیں، حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔ مشتری مریخ سعد نظرات 9، 10، 11 مارچ۔ 4، 5، 6، 7، 8 جون۔ 15، 16، 17، 18 اکتوبر بننے سے خود اعتمادی میں اضافہ ذہنی ہم آہنگی رکھنے والا دوست نما معالج یا ڈاکٹر مل جائے۔ 2015ء صحت کے حوالے سے احتیاط طلب تاہم ماتحت کام کرنے والوں سے نفع ملے، ملازمتی فرائض کی ذمہ داری سے ترقی، بیروزگار سرطانی ذرہ سی کوشش سے حسب منشاء روزگار کے اچھے مواقع پائیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم زحل یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر اپنے گھر سے بارہویں رہے گا۔ یہ شادی کا ثمرہ بہ آسانی نہ دے گا، بلکہ شادی شدہ جوڑوں کے مابین بھی خواہ مخواہ کے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں، محتاط رہیں۔ البتہ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک دوسرے رہے گا، یہ گھر بھی خاندان میں وسعت کا ہے۔ ایسے سرطانی جو جلد شادی کے خواہاں ہیں وہ اپنے بزرگوں سے دعا کروائیں اور اپنے انفرادی زائچہ کے مطابق صدقات جواہرات کا تعین کرائیں۔ اس تدارک سے بھی ان کی منگنی نصیب کشائی کا کوئی نیک سلسلہ جلد بن سکے گا۔ مشترکہ مفادات کے کاموں میں بھی محتاط حصہ لیں، شراکتی افراد کی کسی سبب شراکت ٹوٹ بھی سکتی ہے تو ایسے میں رنجیدہ خاطر نہ ہوں، بلکہ اس میں بھی کوئی حکمت جانیں۔ 3، 4، 5 جنوری اور 12، 13، 14 نومبر زہرہ زحل تسدیس بننے سے شراکتی ازدواجی سکھ بڑھے، اختلافات دور اور تب اچھے نیک شراکتی سفارتی کاروباری معاہدے کیے جائیں۔ 23، 24، 25 فروری۔ 5، 6، 7 جون زہرہ زحل تثلیث مشترکہ مفادات کے کاموں میں استحکام بہتری ذمہ داری سے وفاداری آپس کے شکوک و شبہات کو دور کرنے میں مدد ملے۔ ناراض زوجین میں صلح محبت بڑھے۔ 2015ء میں زہرہ زحل تربیعات مقابلے 29، 30 جنوری۔ 14، 15 اپریل۔ 12، 14، 15 جولائی۔ 3، 5، 6 اگست اور 9، 10، 11 اکتوبر رہنے سے دوسروں سے سنگین سماجی و روایتی معاملات میں اختلاف رائے سے بچیں، اپنے مفادات کا تحفظ کریں۔ 2015ء دوسروں سے تعلقات بحال و بہتری کے لیے شکر کا صدقہ ہر جمعہ حشرات الارض کو ڈالنا نیک ہے۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** بیت الخوف کا حاکم زحل سال کا زیادہ تر حصہ چھٹے رہے، ابتداء سال میں 12 جنوری تک مریخ کا یہاں

...اسلام کی ہر رعایا کو ظالم اور جابر حکمران کی اطاعت پر شدید عذاب دوں گا۔ حدیث قدسی

## امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبْحٰنَهٗ مِنْ وَّاسِعٍ مَّآ اَفْضَلَهٗ۔ اور پاک ہے وہ سخاوت شعار کیا ہی بزرگ ہے وہ

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

قیام وراثتی، شراکتی اختلافِ رائے، جھگڑوں کی نشاندہی کرتا ہے، لہٰذا احتاط رہتے ہوئے مشاورت سے کام لیں۔ اُدھر مذہب، قانون وانصاف، دولت کا کلی حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک خانہ مال میں رہتے ہوئے وراثتی گھر کو سعد ناظر رہے گا۔ صبر و تحمل، دانشمندی سے کام لیا گیا تو 2015ء میں بگڑے کام سنور جائیں گے۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری جب تیسرے آئے گا تب نویں قانون وانصاف کے گھر کو ناظر رہے گا۔ تب قانونی پنچائتی طریقے سے بھی وراثتی معاملات حسب منشاء حل ہو جائیں گے۔ زحل شمس کی سعد نظرات 22، 23، 24 جنوری۔ 25، 26، 27 مارچ۔ 20، 21، 22 جولائی اور 22، 23، 25 ستمبر بننے سے متوقع انشورنس کلیم، شراکتی فوائد یا پھر کسی بڑی لاٹری یا بغیر محنت کے دولت کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ بشرطِ آپ اس کے خواہاں ہوں اور کوشش کر رہے ہوں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر کا حاکم ستارہ مشتری 11 اگست تک شمسی زائچہ کے دوسرے اور سعد اکبر ستارہ مشتری اپنی پانچویں، ساتویں، نویں کامل نظرات کی بدولت 2015ء میں عجیب و غریب طرح کی کامیابیاں دلائے، پہلے آٹھ ماہ میں ایسے سرطانی جو بسلسلہ روزگار، بیرونِ ملک جانے کے خواہاں ہیں ان کا سلسلہ روزگار بیرونِ ملک بہ آسانی بن سکے گا۔ بشرط وہ اس کے لیے کوشاں ہوں، دوسروں سے قرض اُدھار لے کر سفر پر بھی جا سکتے ہیں، کامیابی ہو۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے طلبہ کو اسکالرشپ یا والدین کی بیرونِ ملک تعلیم کے لیے جانے میں مکمل سپورٹ مل سکے گا۔ کاروباری اغراض و مقاصد کے لیے بھی امسال متعدد غیر ملکی سفر پیش آئیں، امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ بزنس میں بھی اضافہ نئے رابطے، نئے کاروباری وسائل مل سکیں گے۔ سال کے آخری پانچ ماہ سعادت مشتری حج و زیارات مقدسہ پر جانے والوں کو آسانیاں ملیں گی۔ دیرینہ قانونی پیچیدہ مقدمات بھی حل ہو سکیں گے۔ مشتری مریخ مقابلہ 2 جنوری تربیع 16، 17، 18 اپریل ہونے سے دوسروں سے اصولوں کے تصادم قانونی مقدمات میں اُلجھ سکتے ہیں، جلد بازی، اعتدال پسندی کی کمی دوسروں سے جھگڑوں کا باعث بنے، قانونی مقدمات میں اُلجھنے سے ممکنہ صبر و تحمل مشاورت سے بچنے کی کوشش کریں۔ مشتری مریخ تثلیث 9، 10، 11 مارچ، تسدیس 4، 5، 6، 7، 8 جون اور قران 15، 16، 17، 18، 19 اکتوبر کو ہونے سے اعتماد توانائی سے کامیاب لوگوں کی صف میں شامل ہو سکیں، انٹر یا ان کی روح روحانی علوم وفنون کا شوق دسترس مطالعہ کا شوق بڑھے، اعلیٰ علمی و روحانی، اخلاقی و قانونی مسائل بزرگوں کی مشاورت سے حل کیے جا سکیں گے۔ قانونی مشاورت روحانی بزرگوں سے کسب فیض آپ کی باطنی روحانی آنکھیں کھول دے، یہ فیض صرف انہی لوگوں کو نصیب ہو سکے گا، جو شوق روحانیات کی جستجو رکھتے ہیں، پاکیزہ ماحول ملنے سے آپ کو اس زندگی میں روحانی و جسمانی توانائی خوشیاں میسر آئیں۔ درود شریف کا وِرد کرنے والے سرطانی بھی روحانی سرور و مستی میں رہیں اور اُن کی حل المشکلات ہوں، عقد ثانی کرنے والے بھی سعد ایام میں کوشش کریں، اپنا مقصد اور ازدواجی خوشیاں پھر سے پا سکتے ہیں۔

**کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:** وتد السماء میں 12 نومبر تک ذنب، یورانس حالت قران میں رہیں گے۔ یورانس تبدیلیوں کا ستارہ اپنے کیرئیر میں تبدیلی لائیں تو سوچ سمجھ کر مشاورت سے لائیں۔ ذنب کا دسویں قیام خود شناسی، خود آگاہی میں مدد دے گا، ذہنی کاروباری زرخیزی، نئی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

کاروباری اصطلاحات اپنا کر اپنے کام کو بڑھانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ وتد السماء کا حاکم ستارہ مریخ 24 جون تا 9 اگست ہبوط، 13 نومبر تا 31 دسمبر وبال یافتہ رہے گا۔ تب کاروباری سرطانی مارکیٹ کے اُتار چڑھاؤ، کساد بازاری اور اپنے کاروباری ساکھ و شہرت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ 2015ء کاروباری اُتار چڑھاؤ کا سال ہے، جو سرطانی نفع اعتدال میں رہیں گے وہ احتیاط، صبر و تحمل بھی اپنائیں گے اور جلد بازی سے فراڈ، دھوکہ دہی سے بچیں، ورنہ اندیشہ بعید از قیاس نہیں ہے۔ وتد السماء کا حاکم مریخ 20 فروری تا 31 مارچ دسویں عروج یافتہ اور 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہے گا۔ ان سعد ایام میں جرأت مندانہ اقدامات سے کاروباری، پیشہ ورانہ کیرئیر میں پیدا شدہ رکاوٹوں پر قابو پایا جا سکے گا۔ کاروباری معاشی امور میں بہتری لائی جا سکے گی، سماجی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہو سکے گا۔ 2015ء میں مریخ مشتری تثلیث 9، 10، 11 مارچ۔ 4، 5، 6، 7، 8 جون تسدیس اور 15، 16، 17، 18 اکتوبر قران بننے سے پیشہ ورانہ کاروباری اعتماد اور وسائل میں اضافہ ہو سکے گا، کامیاب لوگوں کے طرزِ زندگی کیرئیر سے آپ کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملے گا، اندرون و بیرون ملک بھی کاروباری وسائل و روابط میں اضافہ ہو سکے گا۔ 2015ء کی کچھ نحس تواریخ 2 جنوری مریخ مشتری مقابلہ 16، 17، 18 اپریل تربیع بننے سے نئے معاہدے یا کاروباری وعدے کرتے وقت محتاط رہیں۔ دوسروں سے وہ وعدے کریں جو پورے کر سکیں، اپنے اعتماد اور کاروباری ساکھ کو ہرگز متاثر نہ ہونے دیں، کاروباری صدقہ و خیرات بھی اس سال بااہتمام ضرور وقفہ وقفہ سے کرتے رہیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کے مقابل التواء رکاوٹوں کا ستارہ زحل 15 جون تا 2 اگست رہے گا۔ تب حصولِ خواہشات کے لیے صدقات و خیرات کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ 2014ء کی بہ نسبت 2015ء تکمیل خواہشات کے لیے ایک بہتر سال ہے۔ آپ کا حاکم ستارہ زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ 17 مارچ تا 11 اپریل زہرہ بیت الامید میں ہی عروج یافتہ جبکہ 8 نومبر تا 5 دسمبر ترفع کی نیک قوت یا عزت و تکریم ہونے سے سال کے یہ سبھی ایام نیک ہیں۔ آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ آپ کی سماجی، سیاسی حیثیت و شخصیت بڑھے، متعدد تقریبات میں شرکت سے حلقۂ احباب میں وسعت، پرانے دوستوں، ساتھیوں سے بھی روابط بڑھیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر سعد اکبر ستارہ مشتری شمس زائچہ کے تیسرے آ کر ساتویں اور گیارہویں گھروں کو بنظر تثلیث ناظر ہونے سے دوسروں سے توقعات پوری ہوں اور رُکے ہوئے کام بھی انجام پائیں گے۔ خصوصاً زہرہ مشتری مریخ سعد نظرات 20، 21، 22، 23 فروری۔ 4، 5، مارچ۔ 22، 23 اپریل۔ 29 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست۔ 24، 25، 26 اکتوبر، زہرہ مریخ قران 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر، زہرہ مشتری تسدیس 23، 24، 25 دسمبر بننے سے پُرسکون آرام دہ سماجی سیاسی حالات رہیں، مشترکہ دوستوں کے اجتماعات میں شرکت دوستانہ پسندیدہ تبادلہ خیال، لین دین، سخاوت جیسا ماحول رہے گا۔ کیے گئے خوبصورت وعدوں کی تکمیل بھی ممکن ہو، جواں سال سرطانی جنس مخالف سے رشتے دوستی سے بڑھ کر منگنی شادی اور ازدواجی تکمیل تک جا سکتے ہیں۔ مریخ مشتری تثلیث 9، 10، 11 مارچ۔ تسدیس 4، 5، 6، 7، 8 جون اور قران 15، 16، 17، 18، 19 اکتوبر کامیاب لوگ زندگی میں آئیں، ان سے بہتر روابط آپ کے کاموں کی تکمیل میں آسانیاں اپنے اخلاقی مسائل بہ آسانی حل کر سکیں، مخلصین کا ساتھ بڑھے، اپنی روح میں توانائی تازگی خود اعتمادی سے حصولِ تکمیلِ خواہشات میں آسانیاں پائیں۔ 2015ء کی کچھ ناقص تواریخ جب دوسروں سے زیادہ توقعات وابستہ کرنا اور اپنی کسی بھی اخلاقی، قانونی سپورٹ کے لیے سوال نہ کریں، از خود مدد ملے تو انکار نہ کریں۔ 12، 19، 20 جنوری۔ 27، 28 مارچ۔ 16، 17، 18 اپریل محتاط رہیں۔ اپنے بتائے گئے سیدھے سادے اصولوں سے متصادم کوئی جذباتی فیصلہ نہ کریں، ورنہ آپ کی ذات پر داغ اور رسوائی بلاوجہ آ سکتی ہے۔

روزِ قیامت میں اس شخص کو جہنم سے نکال دوں گا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہوا۔ حدیث قدسی

## خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات، امیگریشن:

**امیگریشن:** بیت الاعداء کا حاکم عطارد 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رجعت (الٹا) پذیر رہے گا۔ آج کل کے پُرآشوب زمانہ میں حاسدین مخالفین کے شر سے کوئی بھی محفوظ نہیں۔ ایام رجعت عطارد میں تحریر و تقریر میں محتاط رہیں، اپنے آپ سے دوسروں کو شرانگیزی کا کوئی موقع فراہم نہ کریں۔ ستارہ عطارد یکم مئی تا 8 جولائی عروج یافتہ۔ 8 تا 27 اگست شرف یافتہ۔ 2 تا 21 نومبر اوج یافتہ رہے گا۔ ایسے سرطانی جو بیرونِ ملک امیگریشن اپلائی کرنا چاہتے ہیں، اُن کے لیے یہ نیک ایام جو پہلے سے اپلائی کر چکے ہیں، اُنھیں اس سلسلے میں کوئی اچھی خبر ملے۔ خصوصاً 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری کے تیسرے آ کر نویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے بھی آسانیاں پائیں۔ ایسے افراد جو کسی بیماری یا نظرِ بد میں مبتلا ہیں، اُنھیں بھی ان ایام میں آسانی اور اُن کی آزمائش کم ہو سکے گی۔ جلد حلِ المشکلات کے لیے پانچ بدھ سبز طوطے نر/ مادہ اپنے سر سے وار کر ہر بدھ آزاد کریں، نظرِ بد جادو ٹونہ سے بھی نجات پائیں۔



**سرطانی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی ہر ذی روح کو متاثر کرتے ہیں۔ امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ نویں دسویں کے کسب پر لگنے سے بیرونِ ملک کاروباری رکاوٹیں، مشکلات سفر میں رکاوٹ آ سکتی ہے۔ ایکسپورٹ اینڈ امپورٹ کرنے والے انشورنس کی افادیت کو نظرانداز نہ کریں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل وتد الارض پر لگنے سے خانگی، خاندانی مسائل و پریشانیاں پیش آ سکتی ہیں، ٹریفک میں جلد بازی سے حادثات اور بزرگوں سے جدائی کے صدمات سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر تیسرے لگنے سے عزیز و اقارب، پڑوسیوں سے اختلاف رائے، جھگڑے، فساد سے بچیں۔ درگزر، صبر و تحمل فرمانے سے مشکلات دور ہوں، اندرونِ ملک سفر کرنے سے پہلے صدقہ لازم دیں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر وتد السماء کیریئر کے گھر لگنے سے کاروباری پیشہ ورانہ معاملات نہایت احتیاط طلب ہوں گے۔ بزرگوں اساتذہ کی خدمت کریں نہ کہ اُن کی ناراضگی مول لے کر دعاؤں سے محروم ہوں۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| سرطان سعد تواریخ 2015 | سرطان نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 3، 4، 5 جنوری | 14، 15، 16، 29، 30 جنوری |
| 20، 21، 22، 23، 24، 26، 27 فروری | 6، 7، 25 فروری |
| 12، 22، 23 مارچ | 5، 8، 15، 16، 25، 29 مارچ |
| 8، 19، 20، 21، 22 اپریل | 4، 6، 14، 15، 23 اپریل |
| 2، 5، 9، 10، 18، 21، 23 مئی | 14، 15، 16، 29، 30 مئی |
| 5، 7، 16، 20، 29 جون | 3، 6، 14 جون |
| 7، 9، 19، 20 جولائی | 12، 13، 14، 15 جولائی |
| 7، 8، 23، 24، 31 اگست | 3، 5، 6، 28، 29 اگست |
| یکم، 2، 10، 11، 19، 29 ستمبر | 4، 24، 25، 26، 27 ستمبر |
| 8، 16، 19، 20، 31 اکتوبر | 9، 10، 11، 17، 23، 30 اکتوبر |
| 3، 4، 12، 13، 14، 22، 23، 24 نومبر | 5، 15، 20، 28، 29 نومبر |
| 6، 7، 10، 16، 17، 25 دسمبر | 3، 20، 22، 23، 24، 26 دسمبر |

اے فرزند آدمؑ! جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے اس کی اطاعت کرو مجھے وہ نہ پڑھاؤ جو تیرے لیے بہتر ہے۔ حدیث قدسی

24 July To 23 August
2015

| | |
|---|---|
| دن | اتوار |
| عدد | 1 |
| رنگ | سنہرا، گولڈن |
| پتھر | یاقوت، ہیرا |

# LEO
# اسد
## شمس
## حالات وواقعات کی روشنی میں

Shoaib Akhtar

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل (نحس اکبر) پانچویں اوج یافتہ سارا سال ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر اور طالع میں سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک اور پھر 31 دسمبر تک خانہ مال میں رہے گا۔ سال کے آخر 12 نومبر راس وذنب بھی بروج تبدیل کریں۔ ستاروں کی نشست 2015ء کو آپ کے لیے نہایت سعد واہم بنا رہی ہے۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو، آپ اپنی زندگی میں خوشگوار تبدیلیاں آتی محسوس کریں گے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری اس سال اپنے بارہ سالہ سرکل میں شمسی طالع 11 اگست تک پیشہ ورانہ روزگار، کیریئر، بزنس کے کاموں میں استحکام لائے گا، جو اسدی اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کی پلاننگ کر چکے ہیں یا کریں گے، اُن کے لیے یہ سال تعمیر وترقی مستقبل کو درخشاں بنانے کا سال ہے۔ یوں سمجھ لیں کہ آپ پلاننگ سے اپنے آئندہ بارہ سالہ دور کو ترقی کی بنیادوں کے لیے استوار کر سکتے ہیں۔ آپ چونکہ اپنے اندر دلیرانہ اور جلد بازی کے جذبات بھی رکھتے ہیں۔ اس سبب ماضی میں اگر کچھ کاموں میں بگاڑ آ چکا ہے اور آپ ان کو سنوارنا چاہتے ہیں تو بگڑے کام کوشش فرمانے سے سنوار سکتے ہیں۔ ستارہ مشتری جدت زمانہ کے ساتھ حالات کے تحت خود کو مثبت انداز سے تخلیقی شعوری عملی لحاظ سے تبدیل کرنے کی اعلیٰ صلاحیت رکھتا ہے۔ آپ اپنے اندر مخیرانہ اور عاجزانہ طبیعت کی بدولت عزت، شہرت پائیں۔ آپ کی سماجی، سیاسی حیثیت وشخصیت، سحر انگیزی میں اضافہ، علاوہ ازیں عیش وآرام، سکھ میں بھی اضافہ اور زندگی کا صحیح معنوں میں لطف اُٹھا سکیں۔ پیچیدہ ومعمولی امراض میں مبتلا اسدی افراد کو اچھا معالج مل جائے، اپنے معالج کی ہدایت سے مناسب ادویہ واغذیہ کے استعمال، معمولی جسمانی ورزش، سیر (واک) سے آپ کی صحت جسمانی بحال، نارمل اور بہتر ہو سکے اور آپ اپنے آپ کو ہلکا پھلکا اور کم عمر محسوس کریں۔ خواتین خصوصاً جواں اسدی لڑکے لڑکیاں جن کی شادی میں رکاوٹ چلی آ رہی ہے وہ جلد ہی اپنی شادی خانہ آبادی منگنی یا پھر اپنے شریک حیات کا انتخاب فرمالیں۔ آسمان پر ستارے مہربان ہیں، خواہاں اسدی افراد کی مستقبل قریب میں خصوصاً 2015ء رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جانے کے لیے نہایت نیک سال ہے۔ 2015ء میں مشتری کی سعادت سے شریک حیات کے نصیب سے بھی مال واسباب، رزق میں کشادگی ہو۔ ایسے اسدی جو خرابی قسمت کا گلہ کرتے رہتے ہیں۔ اگر یہ اپنے استحکام کے لیے تھوڑی سی بھی محنت کریں تو ان کا نصیب سنور سکتا ہے۔ چھٹے ساتویں کا مشترکہ ایک اور اہم ستارہ زحل پانچویں چوتھے اور پانچویں رجعت استقامت سے رہتے ہوئے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی، ملکی وبین الاقوامی لاٹریوں میں اچانک دلچسپیاں بڑھ جائیں۔ زمین جائیداد، پراپرٹی کی خرید وفروخت تبدیلی رہائش، نقل وحمل، ہجرت ملک یا شہر قصبہ کی تبدیلی کا امکان بھی بعید از قیاس نہیں۔ خانگی، خاندانی حالات پر نظر رکھیں۔ اہل خاندان کو اپنے ساتھ لے کر چلیں کہ وہ آپ کے ساتھ اپنے آپ کو تحفظ میں محسوس کرتے ہیں۔ 2015ء میں متعدد صدقہ جاریہ کے کام بھی آپ کے ہاتھ سے بہ آسانی انجام پائیں۔ 2015ء دوستوں، دشمنوں میں تمیز کا بھی سال ہے، بزرگوں اور اساتذہ کے تجربات سے سیکھیں نہ کہ خود تجربات میں لگ کر وقت اور روپیہ ضائع کریں۔ آپ کا حاکم شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ، 21 جون تا 23 ستمبر اوج وعروج یافتہ رہے گا۔ سال کا یہ بھی عرصہ اہم کاموں کی تکمیل کے لیے نہایت اہم خصوصاً بیرون ملک سفر، حج وزیارات، عبادت وریاضت، روحانیات بڑھانے، چلہ کشی، مراقبہ یا یوگا کی

مشقیں کرنے کے لیے معاون و نیک وقت، بیرونِ ملک سفر و حصول امیگریشن کے لیے اپلائی کرنا بھی نیک جو اسدی پہلے سے کوشش میں ہیں، انہیں حصولِ امیگریشن میں آسانی ہو۔ یکم جنوری تا 19 فروری اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر آپ کا حاکم شمس کمزور پوزیشن پر رہے گا۔ 20 مارچ اور 13 ستمبر سورج گرہن لگے گا، مجموعی طور سے ان ایام میں احتیاط، صدقہ و خیرات سے کام لیں تا کہ احتیاط طلب ایام بھی آپ کے خیریت سے گزر جائیں۔ آپ کا اپنا ستارہ شمس جس کا رنگ گولڈ ہے، اس رنگ کی اشیاء گندم، باجرہ، بیسن، کوکنگ آئل، دال روٹی کا صدقہ بلا ناغہ حسب توفیق یا پھر ہر اتوار یا کم از کم مہینے میں ایک بار دینا ردِ بلا ثابت ہوگا۔

**درسِ روحانیات:** طالع میں بارہ سال بعد سعد اکبر ستارہ مشتری آپ کی بصیرت کو نمایاں کرنے آیا ہوا ہے۔ صاحب بصارت اُس انسان کو کہتے ہیں جو تربیت یافتہ بھی ہو اور تعلیم یافتہ بھی ہو۔ لیکن اس کی تعلیم کی بھی جہت ہو اور اُس کی تربیت کی بھی جہت ہو۔ اُس انسان کو بصیر کہتے ہیں کہ جس کی آج کمی ہے، نایاب ترین انسان آج بصیر انسان ہے۔ 2015ء بصیر و بصارت پانے کا روحانی کامیابی کا سال ہے، کامیابی چل کر آپ کے پاس آرہی ہے، اسے کیسے پانا ہے، خود غور کریں یا پھر 313 مرتبہ روزانہ درود شریف پڑھ کر ہر تسبیح میں وقفہ کر کے دعائیں کرنا معمول بنا لیں۔

**آپ کی شخصیت:** 2014ء کے تسلسل میں 11 اگست 2015ء تک طالع میں سعد اکبر ستارہ مشتری کی بارہ سال بعد سعادت بدستور جاری رہے گی۔ تب 23 جولائی تا 23 اگست آپ کا حاکم شمس بھی طالع میں آجائے گا۔ مشترکہ دوست کواکب کے سعد اثرات آپ کی طبیعت میں سختی، جاہ و جلالی کے برعکس عاجزی، مودبانہ، مخیرانہ، فراغ دلی رہے، آپ کے ہاتھ سے صدقہ جاریہ کے متعدد کام انجام پائیں۔ سماجی، سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، دوسرے آپ کی پُرکشش سحر انگیز شخصیت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں، صحت مندانہ مشاغل اپنائیں، طبیعت میں ٹھہراؤ، اطمینان کی روحانی کیفیت بڑھے، صحت و تندرستی شفاء یابی کی قوت بڑھے۔ 2015ء کے مزید خصوصی سعد ایام 9، 10، 11 مارچ مریخ مشتری اور یکم، 2، 3 اپریل شمس مشتری تثلیثات بنیں گی۔ علاوہ ازیں مشتری مریخ اور شمس مشتری تسدیسات 4، 5، 6، 7، 8، 9، 10 جون مشترکہ ایام میں بنیں۔ ذہنی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ، نئے خیالات کی آمد، اس پر ذاتی یا اجتماعی طور سے عمل کرنا آپ کا مقدر سنوار دے، اپنے خیالات کو دوسروں تک اعتماد و اُمید سے پہنچائیں، یقیناً باشعور طریقے سے مذہبی، اخلاقی مسائل حل کر لیے جائیں۔ شمس، مریخ، مشتری ناقص نظرات مشترکہ ایام 2 جنوری، 6، 7 فروری۔ 16، 17، 18 اپریل۔ 3، 4، 5 مئی اور 13، 14، 15 دسمبر بننے سے دوسروں سے اختلافِ رائے سے بچیں، ورنہ خواہ مخواہ کے اخلاقی قانونی مسائل پیش آسکتے ہیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** شمسی زائچہ کے خانہ مال کا حاکم عطارد امسال یکم مئی تا 8 جولائی خانہ مال میں عروج یافتہ، 8 تا 27 اگست شرف یافتہ اور 2 تا 21 نومبر اوج یافتہ رہے۔ ذرائع آمدن میں اضافہ کے ایک سے زیادہ وسائل بن سکیں، دولت کا کلی حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بھی 11 اگست تا 31 دسمبر بارہ سال بعد خانہ مال میں آکر بہ آسانی دولت کمانے کے وسائل عطا کرے گا، عزیز و دوستوں سے بھی مالی مفادات، نئے نئے مالی پلان ملیں، مالی وسائل میں اضافہ کے لیے آپ کی کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔ کچھ اسدی دوسروں کے کام کرانے کی معقول کمیشن سے مفادات پائیں۔ یکم تا 7 اپریل اور 7، 8، 9، 10 جون۔ 3، 4 جولائی اور 25، 26 دسمبر شمس مشتری، عطارد سعد نظرات بننے سے آپ کی مالی معاملات میں قوتِ فیصلہ بہتر ہوں۔ طویل المیعاد قومی بچت یا بچت ٹھوس سرمایہ کاری از قسم انشورنس پلان کی شکل میں بیشتر اسدی کرنا پسند کریں۔ 2015ء میں خانہ مال کا حاکم عطارد 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون اور پھر 17 ستمبر تا 19 اکتوبر رجعت پذیر (اُلٹا) ہونے سے مالی فیصلے لین دین جلد بازی میں نہ کریں۔ علاوہ ازیں 6، 7 فروری۔ یکم، 2 مارچ۔ 20، 21 اپریل۔ 3، 4، 5 مئی۔ 4، 5، 13، 14، 15 دسمبر ایام بھی ناقص

ثمرات دے سکتے ہیں، تب جلد بازی، عدم اعتماد اور دوسروں کے دامِ فریب میں آنے سے بچیں۔

**عزیز و اقارب، اندرونِ ملک سفر:** بیت الاقرباء شمسی زائچہ کا حاکم زہرہ 2015ء میں 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ، 17 مارچ تا 11 اپریل عروج یافتہ، 12 اپریل تا 8 مئی اوج یافتہ، 5 تا 19 جون حالت ترفع میں رہے گا۔ سال کا یہ سبھی عرصہ اندرونِ ملک سفر، خصوصاً مطالعاتی، تفریحی، عزیز و اقارب سے تجدید مراسم اور خوشگوار سفر پیش آئیں۔ پڑوسیوں، نزدیکی احباب کی مالی اخلاقی خدمت سے روحانی خوشی ملے، راس بھی 12 نومبر تک تیسرے رہتے ہوئے آپ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتے ہیں۔ آپ روحانیات یا اعلیٰ تعلیمی شعبوں کی طرف مائل ہوں، بہن بھائیوں کے مسائل و پریشانی میں اُن کی مدد کریں اور اُن کی صحت و سلامتی و خوشحالی کے لیے آپ کی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔ خوشگوار ہوائی سفر کا لطف اُٹھائیں۔ 12 نومبر سے راس تیسرے سے نکل کر دوسرے آنے سے قبل عزیز و اقارب کے مابین یکجہتی کی آپ کی متعدد نیک کوششیں صدقہ جاریہ کا درجہ پائیں، دوسروں کے ملاپ میں آپ بہ آسانی خدمات انجام دے سکتے ہیں، اس نیک مقصد میں کنجوسی ہرگز نہ کریں، قدرت عبادت خدمت کے مواقع فراہم کرتی ہے، ہم پر بندگی واجب ہے۔ 2015ء کی سعد تواریخ زہرہ زحل، شمس زحل سعد نظرات 3، 4، 5، 22، 23، 24 جنوری۔ 23، 24، 25 فروری۔ 26، 27 مارچ۔ 5، 6، 7 جون۔ 20، 21، 22 جولائی۔ 22، 23، 24، 25 ستمبر اور 12، 13، 14 نومبر بننے سے آپ صبر و برداشت اِرتکاز توجہ سے ذہنی یکسوئی سمجھداری سے نیک فیصلے اور مستحکم کامیابیاں پائیں۔ آپ کے عزم و ہمت، شاباش ملنے سے مزید اضافہ ہو۔ زہرہ شمس اور شمس زحل قرانات مقابلے اور تربیعات کی ناقص تواریخ 29، 30 جنوری۔ 22، 23، 24 فروری۔ 14، 15، اپریل۔ 22، 23 مئی۔ 14، 15 جولائی۔ 3، 5، 6، 21، 22 اگست۔ 9، 10، 11 اکتوبر اور 29، 30 نومبر نہایت اہم ایام ہیں۔ دوسروں سے حد فاصل رکھیں، اختلافات رائے سے بچیں۔ سنگین سماجی، سیاسی معاملات سے دور رہیں، غیر ضروری سفر ملاقاتیں نہ کریں، صدقہ و خیرات ان ایام میں ضرور دیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** بیت الارض کا حاکم مریخ 2015ء میں نو بروج میں قیام کرتے ہوئے روزمرہ خانگی خاندانی معاملات میں تیزی، تبدیلیاں لائے گا۔ چوتھے سے طالع بھی دسواں گھر شفاء سکھ کا گھر ہے۔ مشتری کی طالع میں 11 اگست تک موجودگی سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے آپ تمام خاندانی خانگی جھگڑے اپنے کام سنوار سکتے ہیں۔ بزرگوں والدین خصوصاً والدہ محترمہ کی دعائیں آپ کے ساتھ رہیں۔ 20 فروری تا 31 مارچ مریخ عروج یافتہ 9 اگست تا 13 نومبر اوج اور فرح کی قوت جرأت مندانہ اقدامات سے آپ اپنے خانگی و خاندانی حالات کو بہ آسانی سنوار سکتے ہیں۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت میں آسانیاں حسب حیثیت سواری کا حصول بھی سہل ہو۔ 24 تا 27 فروری مریخ زحل تثلیث بگڑے حالات پر قابو پانے کے لیے مؤثر منصوبہ بندی کی جا سکے۔ 9، 10، 11 مارچ مریخ مشتری تثلیث، یکم، 2، 3 اپریل شمس مشتری تثلیث کامیاب لوگوں کے رویوں کے حالات کی طرز پر اپنے اخلاقی خاندانی مسائل احسن طریقے سے حل کر سکیں گے۔ 4 تا 8 جون مریخ مشتری اور 7 تا 10 جون، 10، 11، 12 نومبر شمس مشتری تسدیسات بنیں، قیاس آرائیوں سے ہٹ کر اعتماد کے ساتھ آپ احباب کے مابین مذہبی اخلاقی خاندانی مسائل حل کر سکیں، ممکنہ جھگڑے نمٹانے اور دوستیاں کروانے، مشترکہ خاندانی محافل تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں۔ باشعور نئے خیالات پر عمل کرنا اہل خاندان کے سکھ و سلامتی کے لیے شادمانی کا باعث بنے۔ 2015ء کی ناقص نظرات 16 تا 18 اپریل مریخ مشتری تربیع۔ 3 تا 5 مئی اور 13، 14، 15 دسمبر شمس مشتری تربیع بننے سے سفر میں حادثات سے بچنے کے لیے اوور لوڈنگ نہ کریں۔ 15 جون تا 12 اگست زحل وتد الارض میں رہے گا، تب دوسروں خصوصاً خاندانی لوگوں سے اختلاف رائے کی بجائے ہم آہنگی سے کام لیں، صدقہ و خیرات بھی وقفہ وقفہ سے سارا سال دینا نیک ہے۔

اے فرزند آدم! جو شے میں نے تم پر حرام قرار دی ہے، جو اس سے بچے لوگوں میں سے سب سے زیادہ متقی بن جائے گا۔ حدیث قدسی

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک شمس طالع میں رہنے سے صاحب اولاد اسدی افراد اولاد کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کریں، ان کی تعلیم و تربیت، کیریئر و شادی جیسے بھی امور قابل توجہ ہوں گے۔ اُدھر پانچویں اولاد کے گھر میں ایک اور اہم ستارہ زحل تقریباً سارا سال ماسوائے (15 جون تا 18 ستمبر) برج قوس اس ستارے کا اوج یافتہ گھر ہونے کے سبب اولاد کی نگہداشت کے علاوہ انعامی مقابلوں، ملکی و انٹرنیشنل لاٹریوں میں رجحان رہے گا، مشتری زحل کی سعد پوزیشن خصوصاً 11 اگست تا 31 دسمبر جب ستارہ مشتری بارہ سال بعد خانہ مال میں آئے گا، تو تب کوئی بڑا انعام دورانیہ لگ سکتا ہے۔ اگست مشتری کی طالع میں موجودگی پیار و الفت کے لیے پسندیدگی، منگنی، شادی کے لیے بھی موزوں وقت ہے۔ جواں سال لڑکے لڑکیوں کو تقریبات میں پسند کیا جا سکتا ہے۔ شمس مشتری مقابلہ و تربیع 6، 7 فروری اور 13، 14، 15 دسمبر ہونے سے پیار و محبت میں شکوک و شبہات کو جنم نہ ہونے دیں، بلکہ اس کا فوراً ازالہ کریں، حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں۔ کچھ اسدی افراد اس سال لاٹریوں، انعامی اسکیموں سے جلد امیر ہونے کی کوشش کریں گے۔ وہ ضرور کوشش کریں اگر آپ کسی صاحب علم یا منجم سے راہنمائی لیں تو وہ آپ کے انفرادی زائچہ سے آپ کو 2015ء کی خوش بخت تواریخ بتا سکتا ہے۔ نیز البیرونی تقویم 2015ء سے بھی راہنمائی مل سکتی ہے۔ تاہم شمسی زائچہ کی روشنی میں آپ کے لیے انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لیے نیک تواریخ یکم، 2، 3، 6، 7 اپریل۔ 7، 9، 10 جون۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر۔ 25، 26 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** بیت المرض کا حاکم زحل تمام سال اپنے گھر سے بارہویں (علاوہ 14 مارچ تا 2 اگست) رہے گا۔ اُدھر سعد اکبر مشتری بدستور 11 اگست تک طالع میں ہونے سے صحت و تندرستی کے معاملات خاصے ہائی لائیٹ رہیں گے۔ آپ اپنی صحت جسمانی کا کچھ پہلے سے زیادہ ہی خیال رکھ پائیں گے۔ بیمار اسدی افراد کی صحت بحال ہو، دیرینہ پیچیدہ امراض سے بھی اچھا جسمانی روحانی معالج مل جانے سے افاقہ و صحت پائیں گے۔ اپنی سالگرہ کے قریب اپنا مکمل میڈیکل چیک اپ کرائیں۔ خصوصاً کولیسٹرول، ذیابیطس اور یورک ایسڈ، بلڈ پریشر کے ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ ملازمتی فرائض کی ادائیگی میں ذمہ داری اپنائیں، اپنے افسرانِ بالا کو شکایت کا موقعہ نہ دیں اور ماتحت کام کرنے والوں کا بھی چیک اپ رکھیں۔ خصوصاً فرائض اور صحت کے معاملات کے لیے نحس تواریخ 22، 23، 24 فروری۔ 22، 23 مئی۔ 21، 22 اگست اور 29، 30 نومبر نہایت احتیاط طلب تواریخ ہیں، جبکہ سعد تواریخ شمس زحل تسدیس و تثلیث 22، 23، 24 جنوری۔ 26، 27 مارچ۔ 20، 21، 22 جولائی اور 23، 24، 25 ستمبر ملازم پیشہ اسدی افراد کے اپنے حکام، افسرانِ بالا سے تعلقات میں خوشگواری آئے گی۔ آپ اپنی بے چینی پر کنٹرول سمجھداری، صبر و برداشت سے پُرعزم رہتے ہوئے رکاوٹوں اور مشکلات پر قابو پا کر اپنی زندگی کو کامیابی کی راہ پر گامزن کر سکیں گے، بزرگوں مخلصین کا تعاون بھی ملے گا۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم زحل تمام سال شمسی زائچہ کے پانچویں گھر اور کچھ عرصہ 15 جون تا 18 اگست چوتھے رہے گا۔ خانگی ازدواجی خوشیوں میں تسلسل قائم رہے گا۔ خصوصاً زحل جب چوتھے ہوگا، تب آپ کی خوشیوں میں اہل خاندان بھی شامل ہو جائیں البتہ زحل 14 مارچ تا 2 اگست رجعت پذیر (الٹا) ہونے سے آپس کی غلط فہمیوں سے بھی بچیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بدستور 2014ء کی طرح 11 اگست 2015ء تک طالع کے مقابل رہنے سے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی شادی خانہ آبادی میں آسانیاں پیدا ہوں اور آپ کی منگنی شادی کسی اچھی جگہ طے پائے۔ 2015ء میں شادی ہوئی تو خوش شکل، خوش بخت شریک حیات مل سکے گا۔ تنازعات زوجین اور قانونی مقدموں میں الجھے ہوئے جوڑوں کے مابین صلح و صفائی سے ازدواجی خوشیوں، شادمانی میں اضافہ ہوگا۔ 2015ء میں

**امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں**

وَ سُبْحٰنَهٗ مِنْ مُّفَضِّلٍ مَّآ اَنْعَمَهٗ۔ اور پاک ہے وہ بزرگ برتر کیا ہی صاحب نعمت ہے

ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

زحل وزہرہ کی سعد نظرات 3،4،5 جنوری۔23،24،25 فروری۔5،6،7 جون اور 12،13،14 نومبر جبکہ شمس زحل کی بھی سعد نظرات 22،23،24 جنوری۔25،26،27 مارچ۔20،21،22 جولائی اور 22 تا 25 ستمبر بننے سے دوسروں سے تعلقات کا معیار پر اعتماد نئے اچھے تعلقات استوار ہوں۔دوسروں سے مفادات ملیں، حسب منشاء کامیابیاں ملیں، شادی خصوصاً عقد ثانی کرنے والے اسدی بھی اپنے نیک مقاصد میں کامیاب ہوسکیں گے۔ناقص ایام شمس زحل تربیع و مقابلہ 23،24 فروری۔22،23 مئی اور 21،22 اگست اور خصوصاً قران شمس زحل 29،30 نومبر ہونے سے مشکل جذباتی فیصلے سوچ سمجھ کر کریں۔زندگی میں پیدا شدہ مشکلات اور مسائل میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کے لیے مناسب مشاورت منصوبہ بندی کریں، صدقہ وخیرات ان ایام میں ضرور دیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** بیت الخوف کا حاکم مشتری طالع میں 11 اگست تک رہے گا۔اس کی سعد نشست یوں تو آپ کی زندگی کے سبھی اندھیرے پہلوؤں کو روشن کردے گی، وراثتی جھگڑے مقدمات جو کہ برسوں چل سکتے ہیں۔2015ء میں سعادت مشتری سے یہ ہر سطح پر حل طلب ہوسکتے ہیں۔11 اگست تا 31 دسمبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد خانہ مال میں آکر مکمل نظر سے آٹھویں بیت الخوف وراثتی گھر کو پورا سال ناظر رہے گا۔یوں 2014/2015ء وراثتی تصفیہ طلب امور کے لیے نہایت نیک سال ہیں۔ایسے اسدی جو وراثتی جھگڑے میں اُلجھے ہوئے ہیں، انہیں مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ مخلصین، بزرگوں کی مشاورت سے اپنے شراکتی و وراثتی مسائل حل کرلیں۔مشترکہ مفادات، شراکتی کاموں سے بھی فائدہ پاسکیں گے۔انشورنس کلیم طلب کرنے سے اسدی افراد کو بہ آسانی انشورنس کمپنی سے کلیم مل جائے، انٹرنیشنل لاٹریوں یا پھر بغیر محنت کے اچانک دولت کی دیوی مہربان ہوسکتی ہے۔شمس مشتری تثلیث یکم، 2، 3 مئی جبکہ تسدیسات 7، 8، 9، 10 جون اور 10، 11، 12 نومبر بننے سے اعتماد، رضامندی سے مسائل حل ہوں اور آپ خطرات سے باہر نکل آئیں، قیاس آرائی کی بہ نسبت شعور سے کامیابی پائیں۔شمس مشتری مقابلہ 6، 7 فروری۔تربیعات 3، 4، 5 مئی اور 13، 14، 15 دسمبر بننے سے مشترکہ مفادات کے کاموں میں شریک کار یا شریک حیات سے اختلافات کا خدشہ خصوصاً محتاط اور باشعور رہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر کا حاکم ستارہ مریخ جس کا کلی نمبر بھی 9 ہے۔2015ء میں یہ 9 بروج میں سیر کناں رہے اور رجعت نہ کرے۔استقامت مریخ بروجی تبدیلی اعلیٰ تعلیم، کاروباری اغراض ومقاصد، حج وعمرہ، زیارات مقدسہ کے لیے سفر کے پروگرام بنیں اور ان پر بہ آسانی عمل کیا جائے۔طالع میں سعد اکبر ستارہ مشتری کا 11 اگست تک قیام بھی اسدی افراد کی زندگی کے خوشگوار سفر کرانے اور مقدمات میں کامیابی بہترین قانونی مشاورت عطا کرے۔ایسے اسدی افراد جو روحانیات، چلہ کشی کا شوق رکھتے ہیں، اُن کے ذوق تسکین کے لیے انہیں روحانی بزرگوں سے کسب فیض ملے۔20 فروری تا 31 مارچ عروج مریخ 9 اگست تا 25 ستمبر اوج مریخ 2015ء کے بہترین ایام ہیں، جبکہ 24 جون تا 9 اگست مریخ ہبوط یافتہ اور 13 نومبر تا 31 دسمبر وبال یافتہ رہے۔یہ سبھی ایام احتیاط طلب ہیں۔خصوصاً 11 تا 16 جون شمس مریخ قران ہونے سے پیدا شدہ مشکلات کے حل کی طرف خصوصی توجہ دیں۔شمس مریخ تسدیس 4 تا 8 دسمبر سفری معاملات کی تکمیل و آسانیاں پائیں۔2015ء کامیاب سفر ہجرت کے حوالہ سے خوشگوار اور یادگار سال رہے گا۔

✿ محمد علی بک ایجنسی، جامع امام صادق، G-9/2، اسلام آباد

اے دانیال! میرے نزدیک میرا نافرمان بندہ وہ ہے جو اہل علم کے حق سے جاہل ہو اور ان کو معمولی سمجھے۔ حدیث قدسی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں یا پرس میں پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

**کیریئر، کاروبار، عزت و وقار:** 2014ء کے مقابلے میں 2015ء کیریئر کے حوالے سے خوشگوار سال ثابت ہوگا۔ اگرچہ پورا سال وقفہ وقفہ سے ممکنہ سعادتیں ملتی رہیں گی۔ تاہم ستارہ زحل 15 جون تا 18 ستمبر جب یہ وتد السماء کے مقابل ہوگا تو کاروباری اسدی افراد کی ذرا سی غفلت سے بڑے اور چھوٹے نقصانات کا اندیشہ ہے۔ حاسدین مخالفین آپ کی پیشہ ورانہ ساکھ سے حسد کرتے ہوئے آپ کے خلاف سازشیں بھی کر سکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقہ و خیرات دینے کے ساتھ ساتھ بزرگوں مخلصین سے مشاورت رابطے میں رہیں، تب کام رک رک کر بھی ہوں تو زیادہ متفکر نہ ہوں۔ ستارہ مشتری شمسی طالع میں 11 اگست تک اور پھر خانہ مال میں 31 دسمبر تک قیام کے دوران کیریئر اور ملازمتی گھر کو یکساں بنظر تثلیث ناظر رہے گا، کاروباری ساکھ اور بہتری، تعمیر و ترقی کے لیے متعدد مشاورت، نئے مالی وسائل ملیں، نئے کام کی ابتداء کرنا یا پھر جاری کاموں میں مزید سرمایہ کاری کرنا یا شراکت کرنا بھی فائدے مند ثابت ہوگا۔ کیریئر کا حاکم زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ۔ 17 مارچ تا 8 مئی اوج یافتہ، 5 جون تا 19 جولائی حالت فرح میں رہے گا۔ تب نئے کاروباری وسائل ملیں، کاروباری اغراض و مقاصد سے اندرون اور بیرون ملک سفر پیش آئیں۔ جبکہ زہرہ 21 فروری تا 17 مارچ وبال، 19 جولائی تا 8 نومبر ماسوائے (31 جولائی تا 8 اکتوبر) ہبوط یافتہ رہے۔ تب لازم ہوگا کہ اپنے کاروباری امور پر نظر ثانی کریں۔ اپنی ساکھ کو بہتر بنائیں اور گذشتہ جذباتی پن سے غلطیوں کا ازالہ کریں۔ 8 جنوری اور 6 تا 8 اگست زہرہ عطارد قران، زہرہ عطارد تسدیسات 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6 جولائی۔ 11 تا 18 ستمبر بننے سے حکام بالا سے تعلقات میں بہتری، ملازمتی ترقی مراعات کا حصول یقینی ہو۔ پلاننگ سے ان سعد ایام سے بھرپور استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید خانہ مال کا مشترکہ حاکم عطارد منشیٔ فلک بادشاہ فلک شمس کا وزیر اطلاعات 2015ء میں اگرچہ آپ کو یکم مئی تا 8 جولائی سعادت دے حلقہ احباب میں وسعت ہو، مگر 19 مئی تا 12 جون رجعت کے سبب نئے بنائے گئے دوستوں سے محتاط رہیں۔ ان کی توقعات آپ سے بڑھ جائیں اور آپ اُن کی توقعات پر پورا نہ اُتر سکیں۔ سال کا دوسرا بہترین وقت 8 تا 27 اگست عطارد شرف یافتہ 2 تا 21 نومبر عطارد اوج یافتہ رہے۔ ان ایام میں آپ کی نیک خواہشات کی تکمیل، پرانے دوستوں سے ملاقات ایک نئی طرز زندگی کی ابتداء ہو اور آپ دنیا کو ایک نئے انداز سے دیکھ پائیں۔ 17 ستمبر تا 9 اکتوبر عطارد کی رجعت یہ باور کراتی ہے کہ آپ دوسروں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات، امیگریشن:** بیت الاعداء کا حاکم قمر سریع الرفتار ستارہ اور ہر ماہ چاند کا گھٹنا بڑھنا آپ کے عارضی حاسد دشمن پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ اگر آپ روزانہ یا ہر پیر 2 کلو چاول کا ٹوٹا صدقہ دیتے رہیں تو یقین جانیں کہ آپ کے حاسد اپنے بد ارادے کے تحت آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں۔ 2015ء میں یوں بھی سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک طالع اور پھر 31 دسمبر تک دوسرے رہتے ہوئے عجیب و غریب طریقے سے سعادت دے گا۔ مریخ شمس قران گیارھویں 11 تا 16 جون رہتے ہوئے شفاء یابی، نظر بد سے نجات ملے۔ شمس مریخ تسدیس 4، 5، 6، 7، 8 دسمبر ہونے سے

ان کے لیے ہلاکت ہے جو دین پر دنیا کو ترجیح دیتے ہیں اور عدل و انصاف کا حکم دینے والوں کو قتل کرتے ہیں۔ حدیث قدسی

حصولِ امیگریشن ہجرت کے سلسلے میں مفید مشاورت پر وگرام بنا سکتے ہیں۔

**اسدی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی سبھی ذی روح کو متاثر کرتے ہیں۔ امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ آٹھویں نویں کے کسب پر لگے گا۔ مشترکہ مفاد یا سفر کے سلسلے میں رکاوٹیں آسکتی ہیں، افواہیں اور بری خبریں سننے کو ملیں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل تیسرے لگنے سے عزیز و اقارب کی ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے، ان سے اور پڑوسیوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں، محتاط رہیں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر خانہ مال میں لگنے سے صدمات جیسی بری خبریں ملیں، صحت خصوصاً گلہ خراب ہو سکتا ہے۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر بیت السفر میں لگنے سے بیرونِ ملک سفر کے بنائے گئے پروگرام خصوصاً اعلیٰ تعلیمی سلسلے میں سفر یا ارادوں میں رکاوٹیں ناگہانی طور سے آسکتی ہیں، انسب ہوگا کہ صدقہ و خیرات ایام گرہن میں ضرور دیں۔ نمازِ آیات، صدقات دے کر نحوستوں کے دور ہونے کا تعین کیا جا سکتا ہے۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| اسد سعد تواریخ 2015 | اسد نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 22،23،24،30،31 جنوری | 2،3،4 جنوری |
| کیم،2،3،25،26 فروری | 6،7،22،23،24 فروری |
| 5،6،7،25،26،27 مارچ | کیم،2،3،13،20 مارچ |
| کیم،2،3،9،10،29،30 اپریل | 4،5،6 اپریل |
| کیم،6،7،30 مئی | 3،4،5،22،23،31 مئی |
| 7،9،10،12 جون | کیم،11،14،16 جون |
| کیم،2،3،20،21،22،23،24 جولائی | 5،6،7،12،13 جولائی |
| 12،13،14 اگست | 15،16،21،22،25،27،31 اگست |
| 5،6،7،22،23،25،30 ستمبر | کیم،13،20،28 ستمبر |
| کیم،30،31 اکتوبر | 5،6،7،11،12 اکتوبر |
| کیم،5،6،7،10،11،12،16،17،18 نومبر | 28،29،30 نومبر |
| 4،6،8،9،10،28،29،30 دسمبر | 13،14،15 دسمبر |

24 August To 23 Sep.
2015

| | |
|---|---|
| دن | بدھ |
| عدد | 5 |
| رنگ | پیلا |
| پتھر | زمرد، فیروزہ |

# VIRGO
# سنبلہ
## عطارد
## حالات و واقعات کی روشنی میں



Anwar Maqsood

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل وتد الارض پر سارا سال ماسوائے (15 جون تا 18 ستمبر) اوج یافتہ بلندی و سرفرازی عطا کرنے 30 سال بعد آیا ہے۔ اُدھر سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک بارھویں بیت الاعداء میں رہتے ہوئے روحانیات میں دلچسپی بڑھے، عبادت و ریاضت میں سکون و یکسوئی پائیں، چلہ کشی یا کوئی وظیفہ کرنے کی دیرینہ خواہش بھی پوری ہو سکتی ہے۔ آپ اپنے ہاں روحانی محافل کے پروگرام شوق روحانیات سے کرائیں اور انہی طرح کی محافل میں آپ کی شرکت بڑھے۔ حج و زیاراتِ مقدسہ پر جانے کی سنبلی افراد کی دیرینہ خواہش پوری ہو، آپ کے پاس زادِ راہ ہو یا نہ ہو ارادہ کرنے سے ہی راستے کھلنے لگیں گے۔ آپ کے ہاتھوں بعض صدقہ جاریہ کے کام انجام پائیں، جس سے آپ کو روحانی سکون، خوشیاں ملیں۔ ایسے سنبلی جو دیرینہ نفسیاتی جسمانی عوارض میں مبتلا چلے آ رہے ہیں۔ انہیں بہتر جسمانی و روحانی معالج مل جائیں۔ ہجرت، سفر یا پُر صحت افزاء مقام پر قیام سے آپ سکون و سکھ، جسمانی روحانی شفاء یابی کی قوت بڑھے۔ ایسے سنبلی افراد جن کے بچے بڑے ہو رہے ہیں، وہ اُن کی اعلیٰ تعلیم، اندرون و بیرونِ ملک کے خواہاں ہیں یا پھر بچوں کی شادی خانہ آبادی کے لیے کوشاں ہیں، وہ اپنی جمع پونجی جمع خاطر رکھیں۔ بچوں کی جائز ضروریات پر 2015ء میں بھاری اخراجات پیش آ سکتے ہیں۔ سعد گرو ستارہ مشتری بارہ سال بعد 11 اگست کو ایک سال کے لیے شمسی طالع میں آ جانے سے یوں لگے گا جیسے زندگی میں بہار آ گئی ہے۔ آپ اپنے اندر خود اعتمادی، جسمانی و روحانی توانائی محسوس کریں، طبیعت میں مخیرانہ پن رہے۔ آپ کی عاجزی، انکساری اور مؤدبانہ پن سے بزرگوں، والدین، مخلصین سے محبت اور دعائیں ملیں۔ حیثیت و شخصیت میں اضافہ دوسرے آپ کی کشش سحر انگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ جب لوگ آپ کی تعریف و توصیف کریں، تب تب کلمات شکر ادا کرنے کے علاوہ نظر بد سے بچنے کے لیے صدقات و خیرات ضرور دیں۔ ستارہ زحل 15 جون تا 2 اگست رجعت کرتے ہوئے جب تیسرے آئے گا۔ عزیز و اقارب، پڑوسیوں سے تعلقات میں حد فاصل، غلط فہمیوں، قانونی پیچیدگیوں سے بچیں، اندرونِ ملک غیر ضروری سفر نہ کریں، ضروری ہو تو سفر سے قبل اپنے ضروری کاغذات خصوصاً نقد رقم کی حفاظت، اپنی گاڑی کا مکینیکل چیک اَپ بھی کروانا نہ بھولیں۔ یکم جنوری تا 11 نومبر راس دوسرے ہونے سے صحت کے مسائل خصوصاً ناک، کان، گلے، دانت اور وزن بڑھنے کے عوارض میں مبتلا کر سکتا ہے۔ خاندان میں بزرگ لوگوں کی جدائی کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ دوسروں پر اعتماد کرتے ہوئے آپ جو پرانی اشیاء کم قیمت خرید رہے ہیں۔ یہ یقین کر لیں کہ کہیں یہ چوری کی اشیاء نہ ہوں، ورنہ بعد از کسی قانونی پریشانی میں اُلجھ سکتے ہیں۔ مقابل ذنب کی موجودگی وراثت سے بڑی رقم مل سکتی ہے۔ انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے سنبلی بھی کوئی بڑا انعام پا سکتے ہیں۔ ملکی پرائز بانڈز بھی کسی اچھے وقت میں خریدے گئے تو ان سے بھی بڑا انعام ملے۔ سال کے آخر 12 نومبر کو راس طالع ذنب ساتویں آنے سے آپ کی روزمرہ زندگی میں طالع میں مشتری اور راس کی یکجا موجودگی سے مزید مثبت تبدیلیاں، کامیابیاں آنے لگیں گی۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے ہو، آپ ان تبدیلیوں سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔ مذہبی، تعلیمی اور سائنسی، آئی ٹی کے علوم میں کامیابیاں ملیں، نئے تخلیقی خیالات جنم لیں اور ان پر عملدرآمد سے مال و اسباب آپ کی دولت بچت میں اضافہ ہوگا۔

مستقبل کی پلاننگ اور سیونگ پلان از قسم انشورنس یا کوئی اور ٹھوس سرمایہ کاری کرنا نیک رہے گا۔ پیشہ ورانہ علم و ہنر آپ کی علمی و روحانی صلاحیتوں میں اضافہ ہو۔ ذنب کی ساتویں موجودگی شراکتی، کاروباری اور شریک حیات سے تعلقات میں احتیاط برتیں، احتیاط نہ برتنے والے سنبلی جنسی، ذہنی، جسمانی کمزوری میں مبتلا ہو سکتے ہیں تاہم شادی کے مسائل بہ آسانی حل ہوں، مگر دوسری شادی کرنے کے خواہاں افراد کو خاندانی و خانگی، ازدواجی پریشانیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ سوچ سمجھ کر کوئی قدم اُٹھائیں، شراکتی کوئی بڑا لین دین تحریر کیے بغیر نہ کریں، ورنہ خسارہ برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ اپنے پیشہ ورانہ ملازمتی اور خانگی فرائض ذمہ داری سے انجام دیں۔ سستی کاہلی اور آج کا کام کل پر مت ڈالیں، ورنہ بعد از آپ کو ہی پریشانی ندامت کا سامنا کرنا پڑے، کچھ حاسدین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت ساکھ سے حسد کرنے لگیں، نظر بد، جادو ٹونہ سے تحفظ کے لیے بہترین سے بہترین صدقہ دیں۔ 2015ء اللہ سے تجارت کریں، آپ کا نفع زندگی کے ہر شعبہ میں بڑھ جائے اور سکون قلب روحانی کیفیات بڑھنے سے روحانی خوشیاں پائیں۔ 2015ء آپ کی زندگی کا ایک بہترین سال جسے پلاننگ سے آپ مزید بہتر اور خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

**درس روحانیات:** قرآنی آیات پڑھنے کے ساتھ لوگوں کے سمجھنے اور اِدراک کے لیے نازل ہوئی ہیں۔ صاحبانِ عقل وخرد اور اہل فکر و نظر کے لیے واضح نشانیاں ہیں۔ آسمان و زمین کی خلقت پر غور کرنے میں یادِ الٰہی شامل نہ ہو تو غور و فکر بھی کسی کام کا نہیں۔ انسان بے قیمت زندگی ہی کے لیے پیدا نہیں کیا گیا، بلکہ اس کے آگے ایک اور گھر ہے، جہاں اس کے اعمال کی جزا و سزا ہوگی۔ 2015ء ذکر الٰہی اور درود شریف سے اپنی روحانیت بلند کرنے کا سال ہے۔ ستارہ مشتری 2015/2016 آپ کو اس سلسلے میں بھرپور سعادت دے گا۔

**آپ کی شخصیت:** آپ کے طالع اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 2015ء میں بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے بیت العزت میں یکم مئی تا 8 جولائی مستقبل کو درخشاں بنانے کی کوشش تک رسائی کی قابلیت باعث ترقی بنے۔ آپ کی سماجی، سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی دوسروں کو متاثر کیے بغیر نہ رہے۔ 8 تا 27 اگست عطارد طالع میں رہے۔ آپ کی ذہانت، سمجھ بوجھ، غیر معمولی قوت یادداشت بڑھے۔ 2 تا 21 نومبر عطارد اوج یافتہ رہنے سے حکام حکومت کی نظر میں بلندی و سرفرازی ملے۔ 2015ء میں عطارد 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 19 اکتوبر رجعت پذیر (الٹا) ہونے سے اپنے حاسدین مخالفین کو جانیں، اُن کی نظر بد سے بچنے کے لیے صدقات دیں اور ان سے حد فاصل رکھیں۔ 2015ء میں عطارد زہرہ اور مشتری سعد نظرات قرانات، تسدیسات، تثلیثات بنیں۔ 8 جنوری۔ 4، 5 مارچ۔ 6، 7، 22، 23 اپریل۔ 9، 10، 11 اور 29 مئی۔ یکم، 10، 11، 29 جون۔ یکم، 2، 3، 4، 5، 6 جولائی۔ 3، 5، 6، 7 اگست۔ 11 تا 18 ستمبر۔ 24، 25، 26 اکتوبر۔ 13، 14 نومبر۔ 23، 24، 25، 26 دسمبر یہ سبھی ایام حالت سکون و آرام دیں۔ دوستانہ ماحول، خوبصورت اجتماعات دوسروں کو فیض پہنچانے جیسے سخاوت پسندانہ ایام ہوں گے، جب ہر طرف سے سکھ اور اہم کام کرنے نیک ثابت ہوں۔ دیگر 2015ء کے کچھ ناقص ایام زہرہ مشتری مقابل 19، 20 جنوری عطارد مشتری مقابل یکم، 2 مارچ زہرہ مشتری اور عطارد مشتری تربیعات 27، 28 مارچ۔ 2، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر بنیں، تب غیر ضروری کاموں میں دلچسپیوں سے پرہیز میں ہی عافیت ہے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** بیت المال کا حاکم ستارہ زہرہ 2015ء میں آپ کو اپنی سعادت کے سبب متعدد مالی و کاروباری فوائد دلائے گا۔ 27 جنوری تا 21 فروری یہ ساتویں شرف یافتہ رہنے سے مشترکہ مفاد شادی، شراکت سے مالی فوائد دلا سکتا ہے۔ 17 مارچ تا 11 اپریل زہرہ نصیب کے گھر رہتے ہوئے مالی خوش بختی نصیب یاوری کرائے۔ 11 اپریل تا 8 مئی زہرہ اوج یافتہ بیت العزت میں رہتے ہوئے غیر متوقع طور سے مالی مادی فوائد دے۔ دوسرے آپ پر بھروسہ کرتے ہوئے آپ سے مالی مشاورت لیں یا اپنے مال کو آپکے کام میں لگانے کی پیش کش کریں۔ خانہ مال

اے موسیٰ! اگر آپ اہل خانہ کیلئے زیادہ خیر چاہتے ہو تو زنا سے بچو۔ اے عمران کے بیٹے! جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔ حدیث قدسی

کا حاکم زہرہ 8 نومبر تا 8 دسمبر اپنے ہی گھر برج میزان عروج یافتہ رہے، تب دوسروں سے مالی فوائد، کاروباری معاہدے کرنے نیک، ذرائع آمدن میں اضافہ آپ کو فضول خرچی کی طرف بھی مائل کرے۔ ضروری ہوگا کہ جائز ناجائز اخراجات میں تمیز کریں۔ زہرہ 21 فروری تا 17 مارچ اور 5 تا 30 دسمبر وبال یافتہ، 19 تا 31 جولائی ہبوط یافتہ رہے گا۔ تب اسراف سے گریز کریں، اپنی محنت کی کمائی دوسروں کے حوالے نہ کریں، کیا گیا اعتماد بھروسہ ٹوٹ سکتا ہے۔

**عزیز و اقارب، اندرونِ ملک سفر:** بیت الاقرباء کا حاکم مریخ جس کا نمبر 9 ہے۔ 2015ء میں 9 بروج میں سیر کناں رہے، امسال رجعت اور شرف نہ پائے۔ یہ سال عزیز و اقارب سے تجدید مراسم، تعلقات میں بہتری کا سال ہے۔ زحل رجعت کرتے ہوئے 15 جون تا 18 ستمبر تیسرے بیت الاقرباء میں آنے سے عزیز و اقارب، پڑوسیوں سے تعلقات میں سنجیدگی آئے، اپنے مستقبل میں بہتری کے لیے آپ کو تب کچھ زیادہ ہی محنت توجہ کی ضرورت ہو۔ قریبی احباب کی خدمت، ذمہ داریاں سنبھالیں، ورنہ اُن کی ناراضگی مول لینے کے لیے تیار رہیں۔ 20 فروری تا 31 مارچ مریخ آٹھویں عروج یافتہ اور 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ ہر شمسی زائچہ کے 6، 8، 12 ناقص شمار کیے جاتے ہیں۔ عروج اور اوج انہی نحس گھروں میں ہونے سے آپ کی ذات کو تو کچھ فائدہ نہ ہو البتہ عزیز و اقارب، پڑوسیوں، اقرباء کی خدمت کرنی پڑے، بلکہ اُن کی خدمت عبادت سمجھ کر کریں تو یوں "کر بھلا سو بھلا" والا مقولہ سچ ثابت ہو سکتا ہے۔ ورنہ با دل ناخواستہ کے لیے بھی تیار رہیں۔ مریخ 24 جون تا 9 اگست ہبوط یافتہ رہے۔ اس دوران سفر میں حادثات کا خدشہ ہے۔ خصوصاً عطارد مریخ تربیع 27، 28، 29، 30، 31 دسمبر ہے، یہ ایام قرباء سے تعلقات اور اندرونِ ملک سفر کے لیے ناقص ہیں۔ 2015ء تعلقات اور سفر، سیر و سیاحت کے لیے ایک نارمل سال ہے۔ تاہم ان ایام 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی۔ 15، 16 جولائی۔ 24، 25، 26، 27 دسمبر صدقات دے کر تجدید مراسم اور اندرونِ ملک سفر کیا جائے تو سفر کو وسیلہ ظفر بنایا جا سکتا ہے۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** بیت الارض چوتھے کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک بارہویں رہتے ہوئے چوتھے گھر کو بنظر تثلیث 11 اگست تک ناظر رہے گا۔ رہائشی تزئین و آرائش کی جا سکے گی۔ زمین و جائیداد، پلاٹ، گھر بار خریدنے کی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی۔ حسب حیثیت نئی سواری کا حصول بھی ممکن ہو سکے گا۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 11 اگست کو سال بھر کے لیے طالع میں آ جانے سے آپ کی دیرینہ غیر معمولی خواہشات کی تکمیل بھی ہو سکے گی۔ بزرگوں، والدین خصوصاً والدہ صاحبہ سے مستجاب دعائیں ملیں اور جن کی والدہ حیات نہیں، اُنہیں اپنی والدہ کی عالم رویا میں زیارات نصیب ہو اور ان سے تب بھی دعائیں ملیں۔ وہ سنبلی جو جائیداد خریدنے یا اہل خاندان کی خدمت کرنا چاہیں اُن کے لیے 2015ء کی سعد تواریخ عطارد مشتری تثلیث 6، 7 اپریل۔ تسدیسات 3، 4 جولائی اور 25، 26 دسمبر جبکہ قران 6، 7 دسمبر بننے سے خانگی، خاندانی اہم فیصلے کیے جائیں گے۔ جن سے خاندانی خوشحالی آئے۔ زراعت پیشہ سنبلی بھی جدید زرعی سائنسی اصول اپناتے ہوئے اپنے باغات، کاشتکاری کو بہتر بنا سکیں گے۔ رہائشی تزئین آرائش، رنگ و روغن کروانا ان ایام میں ابتداء کرنا نیک ہے۔ 2015ء کی ناقص تواریخ عطارد مشتری مقابلہ یکم، 2 مارچ۔ تربیعات 20، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر بنیں۔ اہل خاندان کے افراد کے مابین غلط فہمیاں پیدا ہونے، حاسدین کی طرف سے افواہوں کی گردش کا اندیشہ ہے۔ محتاط طرز فکر و انداز اپنائیں، صدقات و خیرات بڑھائیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری اپنے گھر سے تمام سال بارہویں ماسوائے (15 جون تا 2 اگست) رہے گا۔ سنبلی افراد کی اولاد کی ذمہ داریوں میں اضافہ، اُن کی تعلیم و تربیت، نگہداشت، روز و شب کو نگاہ میں رکھیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ پُر آشوب دور میں بچے بہک جائیں۔ ایسے سنبلی والدین جو بچوں کو اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرونِ ملک بھجوانا

چاہتے ہیں، وہ اپنے مخلصین، بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔ خصوصاً بیرونِ ملک بھجوانے والے ایجنٹ نما لوگوں سے محتاط رہیں۔ زحل 14 مارچ تا 2 اگست رجعت پذیر ہونے سے معاملات الفت و محبت میں شکوک و شبہات سے بچیں۔ عطارد زحل تسدیسات 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، 18، 19، 21 فروری۔ 26، 27 اگست۔ 5، 7، 13، 15 اگست بننے سے عقلی منطقی سوچ معارفت حالات سے کوشش فرمانے سے محبت میں مابین شکوک و شبہات دور کیے جا سکیں گے۔ عطارد زحل تثلیث 22، 23 جولائی قران۔ 24، 25 نومبر کو ارتکاز توجہ فرمانے سے اولاد کے مستقبل کو بہتر بنا سکیں گے۔ 2015ء کی ناقص تواریخ 15، 16 مارچ۔ 2، 3 مئی۔ 6، 7 اگست تخمین بازی، لالچ میں نہ آئیں، ورنہ مالی نقصانات کا اندیشہ ہے۔ ایسے سنبلی جو اکثر انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے اور انعام لگنے کے شائق رہتے ہیں، وہ اگر ان تواریخ 8 جنوری۔ 20، 21، 22، 23 فروری۔ 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی۔ 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6، 15، 16 جولائی۔ 6، 7، 31 اگست۔ یکم، 2، 11، 18 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ 3، 4، 24، 25، 26 نومبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ ان کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** بیت المرض کا حاکم زحل تمام سال چوتھے رجعت کے سبب 14 مارچ تا 18 ستمبر تیسرے رہے گا۔ ایسے سنبلی جو اندرونِ ملک یا اپنے ہی شہر قصبہ میں ملازمت کے خواہاں ہیں، اُنہیں ذرہ سی کوشش سے پسندیدہ ملازمت مل سکے گی۔ دیگر سعادت سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک چھٹے مکمل ناظر رہے گا۔ چھٹے کا ذیلی حاکم یورانس تمام سال آٹھویں رہنے سے صحت کے معاملات بہتر رہیں۔ تاہم زحل 14 مارچ تا 2 اگست رجعت پذیر رہے گا۔ تب اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں۔ جواں سال کی صحت تو بہتر مگر چالیس سے اوپر سنبلی افراد کولیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس ضرور چیک کروائیں۔ بڑھتے ہوئے وزن کو بھی ورزش سیر سے کم کریں۔ بیروزگار حصول ملازمت یا ملازمتی ترقی اور کسی اچھے معالج سے شفاء جیسے سبھی حل المشکلات کے لیے یہ سعد تواریخ 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، 18، 19، 21 فروری۔ 2، 3 اپریل۔ 22، 23 جولائی۔ 26، 27 اگست۔ 5، 7، 13، 15 اکتوبر۔ 24، 25 نومبر نوٹ فرمالیں۔ جبکہ اپنے حاسدین مخالفین اور ناگہانی اخراجات سے تحفظ کے لیے 15، 16 مارچ۔ 3 مئی اور 6، 7 اگست خصوصی طور سے نوٹ فرمالیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری ساتویں سے چھٹے یعنی شمسی زائچہ کے بارہویں گھر 11 اگست تک رہے گا۔ خواہاں سنبلی افراد کی شادی، منگنی کے سلسلے میں بلاوجہ 11 اگست تک رکاوٹیں حائل ہوسکتی ہیں۔ ازدواجی زندگی میں مشکلات شکوک و شبہات سے بچیں، خصوصاً اپنی شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ 12 اگست تا 31 دسمبر مشتری طالع میں آنے سے شراکتی ازدواجی معاملات میں بہتری ہو، خواہاں سنبلی لڑکے لڑکیوں کی شادی بھی اس سال کے آخر تک یقیناً ہوسکے گی۔ مشتری عطارد سعد نظرات 6، 7 اپریل۔ 3، 4 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر اور 25، 26 دسمبر بنیں۔ تب شراکتی، ازدواجی خصوصاً منگنی، شادی کے سبھی امور میں بہتری آئے گی۔ مشتری عطارد نحس نظرات یکم، 2 مارچ۔ 20، 21 اپریل۔ 4، 5 دسمبر بننے سے اپنے حاسدین، مخالفین سے محتاط رہیں۔ دوسرے نویں کا مشترکہ حاکم زہرہ خاندان میں اضافہ، عقد ثانی سے تعلق رکھتا ہے۔ 2015ء میں قران سعدین مشتری و زہرہ 29 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 5 اگست۔ 24، 25، 26 اکتوبر بننے سے ایسے سنبلی بھی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے جو دیرینہ شادی یا عقد ثانی کے خواہاں چلے آرہے ہیں۔ شراکتی کاروباری مفادات مشتری زہرہ تثلیث 4، 5 مارچ۔ تسدیس 22، 23 اپریل اور 23، 24، 25 دسمبر بننے سے کاروباری معاہدے مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا نیک رہے گا۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** بیت الخوف آٹھویں کا حاکم مریخ 2015ء میں 9 بروج میں اپنے قیام کے دوران اگرچہ

اے موسیٰ! جو کچھ فرعون کو دیا گیا اس سے تعجب نہ کرنا یہ دنیا کی زینت ہے بس۔ حدیث قدسی

## امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبۡحٰنَہٗ مِنۡ مُّنۡعِمٍ مَّآ اَسۡعَدَہٗ۔ اور پاک ہے وہ انعام کار کیا ہی صاحب سعادت ہے وہ ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

طور سے وہ فوائد نہ دے پائے جس کی آپ توقع رکھتے ہیں۔ تاہم مشتری کی 11 اگست تک سعد نظر اور آٹھویں ذنب کا 12 نومبر تک قیام ہر دو کو اک عجیب وغریب طریقے سے وراثتی مشترکہ مفادات کے کاموں خصوصاً انشورنس کلیم کے سلسلے میں فوائد دلائیں گے، خفیہ معاملات، انشورنس کلیم وراثت یا بغیر محنت کے دولت کا حصول قدرے جستجو سے ممکن ہو سکے گا۔ مریخ عطارد قرانات 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی۔ 15، 16 جولائی جبکہ تسدیس 24، 25، 26 نومبر بننے سے اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے وراثتی وشراکتی حل المشکلات ممکن ہوسکیں گی۔ "ذرہ نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی" والا مقولہ یاد رکھیں۔ مریخ عطارد تربیع 27، 28، 29، 30، 31 دسمبر بننے سے اپنے حاسدین سے محتاط رہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرونِ ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر نویں کا حاکم ستارہ زہرہ اپنی 2015ء سالانہ گردش بارہ منطقۃ البروج میں کرتے ہوئے 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ 17 مارچ تا 8 مئی عروج واوج یافتہ اور 31 جولائی تا 8 اکتوبر فرح کی سعد قوت ملنے سے ان ایام میں بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد بسلسلہ سیر وسیاحت کے سفر بنیں۔ خصوصاً حج وعمرہ، زیاراتِ مقدسہ پر جانے کی دیرینہ خواہش بہ آسانی پوری ہو سکے گی۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کا 2015ء میں 11 اگست تک بارہویں اور پھر 31 دسمبر تک طالع میں رہنے سے روحانی سفر روحانی محافل یقیناً پیش آئیں۔ قانونی مشاورت، مقدمات میں کامیابی کا حصول بھی اس سال ممکن ہو سکے۔ بشرطِ آپ کی توجہ نگہداشت بھی اپنے جاری مقدمات کی طرف رہے۔ نویں کا حاکم زہرہ 17 مارچ تا 11 اپریل اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ ہونے سے ایسے طلبہ جو اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرونِ ملک جانے کے خواہاں ہیں، انہیں اپنے والدین، بزرگوں سے نیک وسائل ملیں، کچھ طلبہ اسکالرشپ پر بھی بیرونِ ملک جاسکیں گے۔ زہرہ عطارد قران 8 جنوری۔ 6، 7 اگست۔ تسدیس 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6 جولائی اور 11 تا 18 ستمبر آپ کے رُکے ہوئے بیرونِ ملک کاروباری وسائل رابطے بحال ہوں اور کیے گئے معاہدوں کی روح کو پھر سے نظرثانی کے بعد تازہ کیا جائے، بیرونی روابط کی سائنسی بنیادوں پر تجدید کو آئندہ کے لیے بہ آسانی ممکن بنانے کے لیے آئی ٹی کے وسائل کو اپنایا جائے۔



**کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:** بیت العزت اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 2015ء میں بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے آپ کو غیر متوقع اور عجیب وغریب طریقے سے کشادگی رزق عطا کرے۔ ایسے سنبلی جو اپنے کاروبار کو بڑھانا چاہتے ہیں یا جو نئے کام کا آغاز کرنا چاہتے ہیں، اُن کے لیے امسال متعدد سعد مواقع ملیں گے۔ بیت العزت کا حاکم عطارد یکم مئی تا 8 جولائی عزت کے گھر رہتے ہوئے تجارتی، کاروباری وسائل بڑھیں۔ جاری کاروبار اور وسعت کاروبار میں یقینی فوائد ملیں۔ کیریئر، پیشہ ورانہ امور، عزت، ترقی کے مواقع ملیں گے۔ آپ کی عزت ساکھ، حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہو۔ 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رجعت (الٹا) پذیر عطارد کے سبب لین دین، کاروباری معاہدوں، تحریر وتقریر میں احتیاط سے کام لیں، ورنہ جذباتی پن میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ 8 تا 27 اگست عطارد طالع میں شرف یافتہ رہے گا، یہ سال کا بہترین وقت ہے۔ تب نئے کام کی ابتداء کرنا نیک ہے۔ مشترکہ

اے موسیٰؑ اکثرت مال سے خوش نہ ہو اور کسی بھی حالت میں مجھے فراموش نہ کرنا۔ حدیث قدسی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں با پرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

ایام میں سعد اکبر ستارہ مشتری بھی بارہ سال بعد طالع میں آجائے گا۔ حکامِ بالا سے قریبی تعلقات، عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ نیز آپ کی پیشہ ورانہ یا کاروباری ساکھ اور مہارت میں اضافہ ہوگا۔ آپ کی غیر معمولی تخلیقی علمی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ 2 تا 21 نومبر عطارد اوج یافتہ ہونے سے اندرونِ ملک کیے گئے کاروباری سفر نفع بخش ثابت ہوں گے۔ عطارد مشتری تثلیث 6، 7 اپریل اور 25، 26 دسمبر تسدیس۔ 3، 4 جولائی اور 13، 14 نومبر قران۔ 6، 7 اگست کو ہونے سے آپ دُور رَس فیصلے کر سکیں گے۔ نہ صرف یہ بلکہ اپنے کاروباری فیصلے کر سکیں گے۔ مثبت سوچ سے اچھے بہترین کاروباری فیصلے کر پائیں گے۔ جدت زمانہ کے ساتھ کاروباری اصلاحات کرنا بھی پسند کریں، شریک کار ہوں تو ان سے بھی سنجیدگی، صلاح مشورہ ضرور کر لیں۔ سعادت مشتری کے سبب 2015 / 2016 کاروباری بڑھاوے کے لحاظ سے نہایت اہم سال ثابت ہوں گے۔ 2015ء میں عطارد مشتری ناقص نظرات مقابلہ یکم، 2 مارچ تربیعات۔ 20، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر بنیں گی۔ تب کاروباری اختلافات خصوصاً شریک کار اور اپنے شریر گاہکوں سے بچیں، صبر و تحمل، بردباری سے کام لیں۔ ان ایام میں صدقہ و خیرات دینا بھی رَدِ بلا ثابت ہوگا۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید گیارہویں کا مالک چندر ماں (قمر) یوں تو ہر ماہ شرف، اوج، فرح، ترفع کی قوت سے آپ کو منور رکھتا ہے۔ چاند کے گھٹنے بڑھنے کے سبب آپ کی معصوم نیک خواہشات میں بھی وقت کے ساتھ ساتھ ردوبدل ہوتا رہتا ہے۔ 2015ء اس لحاظ سے اہم ہے کہ ستارہ زحل آٹھویں نظر سے گیارہویں ناظر رہتے ہوئے آپ کی خواہشات میں فی زمانہ تبدیلیاں کرائے گا۔ خواہشات تاخیر سے پوری ہوں، حلقہ احباب میں نئے دوستوں کا اضافہ کچھ کی تفریق ہو جائے گی۔ 2015ء خواہشات دوستوں سے تجدید مراسم، حلقہ احباب میں وسعت کے لیے نیک تواریخ 4، 5، 31 جنوری۔ یکم، 2، 27، 28 فروری۔ 27، 28 مارچ۔ 23، 24 اپریل۔ 20، 21 مئی۔ 17، 18 جون۔ 14، 15 جولائی۔ 10، 11 اگست۔ 6، 7 ستمبر۔ 4، 5، 31 اکتوبر۔ 28، 29 نومبر۔ 25، 26 دسمبر نہایت سعد تواریخ ہیں۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** بیت الاعداء کا حاکم ستارہ شمس حاسدین، مخالفین، نظر بد، جادو ٹونہ کے علاوہ چلہ کشی، اعتکاف، حصولِ روحانیات اور بیرونِ ملک حصولِ امیگریشن کا یہ گھر 2015ء میں نحوستوں، رکاوٹوں کے برعکس لطیف قسم کی روحانیات و سعادت دے گا۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد یہاں 11 اگست تک قیام کرتے ہوئے آسانیاں عطا کرے گا۔ ایسے سنبلی جو عرصہ دراز سے کوئی وظیفہ یا چلہ کرنا چاہتے ہیں وہ ریاضت ارتکاز توجہ کسی مرشد کامل یا روحانی بزرگوں سے کسب فیض راہنمائی کے ساتھ ریاضت کریں، کامیابی پائیں۔ امیگریشن اپلائی کرنے والے سنبلی فیملی کو امیگریشن مل جائے اور جو 2015ء میں اپلائی کریں، انہیں بھی آسانیاں ملیں۔ شمس 21 مارچ تا اپریل اور 23 جولائی تا 23 اگست طاقتور ہونے سے اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں۔ تاہم شمس یکم جنوری تا 19 فروری اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس کمزور ہونے سے حاسدین زیر رہیں اور اُن کی سازشیں آشکار ہو سکیں۔

**سنبلی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی سبھی ذی روح کو متاثر کرتے ہیں

ے احمدؐ نیک لوگوں کی اللہ کے ہاں دعائیں بلند ہوتی ہیں اُن کی باتیں سنی جاتی ہیں اُن سے فرشتے خوش ہوتے ہیں۔ حدیث قدسی



امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20 مارچ** ساتویں آٹھویں کے کسب پر لگنے سے شراکتی، ازدواجی معاملات اور مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاموں میں شکوک وشبہات سے بچیں۔ لین دین، تحریر وتقریر کرتے وقت محتاط رہیں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4 اپریل** خانہ مال میں لگنے سے ناگہانی مالی نقصان، خاندان میں صدمات کا اندیشہ ہے۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13 ستمبر** طالع میں لگنے سے صحت جسمانی متاثر ہو، حاسدین مخالفین آپ کی حیثیت وشخصیت کو متاثر کر سکتے ہیں، محتاط رہیں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28 ستمبر** آٹھویں لگنے سے مشترکہ لین دین، وراثتی جھگڑوں کا اندیشہ ہے۔ اپنے معاملات، صبر وتحمل سے طے کریں، ایام گرہن میں صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| سنبلہ سعد تواریخ 2015 | سنبلہ نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 5،8،13،14،28،29،30 جنوری | 6،15،27 جنوری |
| 4،5،6،18،19،21 فروری | 3،10،23،27 فروری |
| یکم،17،18،22،23 مارچ | 2،15،16،20 مارچ |
| 2،3،6،7،9،10،19،22،23،27 اپریل | 4،8،20،21 اپریل |
| یکم،2،5،9،30،31 مئی | 3،8،10،27،29 مئی |
| 9،10،11 جون | 22،23،24 جون |
| 2،3،4،6،13،14،16،23،24 جولائی | 18،19 جولائی |
| 2،3،6،15،16،26،27 اگست | 7،12،13 اگست |
| یکم،2،5،6،11،18،30 ستمبر | 8،10،13،23،25،28،29 ستمبر |
| یکم،5،7،13،15،16،17،18 اکتوبر | 22،23،25،26 اکتوبر |
| 6،7،10،11،13،14،26 نومبر | یکم،3،24،25،28،29 نومبر |
| یکم،2،14،15،19،20،21،25،26 دسمبر | 4،5،27،29،31 دسمبر |

اے موسیٰ! کثرت مال گناہوں کو فراموش کر دیتی ہے اور میری یاد کو ترک کر دینے سے دل سخت ہو جاتے ہیں۔ حدیث قدسی

24 Sep. To 23 Oct.
2015
رت ط

دن جمعہ
عدد 6
رنگ ہلکا نیلا
پتھر اوپل، سفید پکھراج

# LIBRA
# میزان
## زہرہ
## حالات و واقعات کی روشنی میں

Javed Sheikh

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

**آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ** زحل جو گذشتہ 23 دسمبر کو ساڑھ ستی کے خاتمہ کی اچھی نوید دے گیا تھا۔ امسال عارضی طور سے ستارہ زحل کی رجعت 14 مارچ تا 18 ستمبر تیسرے سے دوسرے رہے گی۔ اس سبب زحل 2 اگست تا 16 ستمبر شمسی زائچہ کے دوسرے خانہ مال میں آ جائے گا تو شمسی ساڑھ ستی کے بد اثرات کے نتیجہ میں ابھی میزانی خصوصاً کاروباری، معاشی لین دین کرنے والے انہی ایام میں محتاط طرزِ عمل اپنائیں۔ جون تا ستمبر سال کے چار ایسے ماہ ہیں جب فریب نظر دوسروں کے دام فریب میں آنے سے بچیں۔ ابتدائے سال بیت الارض پر اجتماع کواکب شمس، عطارد، زہرہ ہمراہ پلوٹو طالع میں راس ساتویں ذنب یورانس سے یکساں تربیع گھریلو خاندانی ذمہ داریوں یا مسائل و پریشانیاں متوقع ہوسکتی ہیں۔ خصوصاً مارچ تا ستمبر میں اچانک تبدیلی حالات کا خدشہ خصوصاً موجودہ جگہ رہائش و کاروبار کی تبدیلی یا ایک شہر سے دوسرے شہر ہجرت کا امکان ہے۔ چوتھے سے آٹھویں مشتری ہونے کے سبب ممکن ہے کہ یہ تبدیلی پسندیدہ نہ ہو مگر آئندہ سال آپ اس تبدیلی کے مثبت اثرات محسوس کریں گے اور پھر بے اختیار کہیں گے کہ قدرت جو کرتی ہے اچھا کرتی ہے۔ ابتدائے سال میں وتد السماء کاروبار کا حاکم ستارہ قمر نحس آٹھویں گھر ہونے سے 2015ء کاروباری اُتار چڑھاؤ کا سال ثابت ہو۔ اگر آپ نے کوئی پلاننگ نہ کی تو خصوصاً عارضی قیام ساڑھ ستی میں کسی نقصان عظیم کا خطرہ ہے۔ "تخت یا تختہ" کی کہاوت آپ نے اکثر سنی ہوگی۔ لالچ میں آ کر ایسے کام یا کاروبار نہ کریں جس کا آپ کو تجربہ نہ ہو۔ نت نئے مشاغل و تجربات میں بھی حصہ نہ لیں، جس سے صحت خراب ہو اور رسوائی کا سامنا کرنا پڑے۔ ان نحوستوں سے بچنے کے لیے حسب توفیق مستحق خاندانوں لوگوں کی مالی اخلاقی قانونی مدد کریں۔ بے شک دعا میں صدقہ و خیرات ہی سے بلائیں دور ہوتی ہیں۔ انسان عقل و شعور بھٹکنے اور غلط فیصلوں سے محفوظ رہتا ہے۔ صدقہ کی بابت سورۃ توبہ کی آیت 103 کا مطالعہ ضرور کریں۔ زندگی کے ہر شعبہ میں علم یقین کا ہونا آپ اور سبھی کے لیے مفید ہے۔ بزرگوں، مخلص، ڈاکٹر اور اپنے قانونی مشیر سے مسلسل رابطے میں رہیں۔ راس و ذنب تقریباً 20 ماہ نومبر تک طالع ساتویں رہنے سے آپ کی روزمرہ زندگی کاروباری، شراکتی، خانگی، ازدواجی نفسیات پر گہرے اثرات ڈالیں، انہی اچھے برے اثرات کی بدولت آپ کو 2015ء کی پلاننگ کرنی ہوگی۔ راس مثل زحل، ذنب مثل مریخ اثرات دے گا۔ راس کی طالع میں موجودگی جبکہ آپ کے طالع برج میزان میں ہی ستارہ زحل کو 30 سال بعد شرف ہے۔ یوں ہی راس بھی پورا سال آپ کو مذہبی تعلیمی اور سائنسی کامیابیوں کے علاوہ شعور و ادراک حاضر دماغی کے سبب آپ اپنے وسائل و اسباب، دولت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اپنی قابلیت، علم و ہنر، پیشہ ورانہ مہارت کے سبب آپ اپنی مستعار زندگی میں بڑی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ حیثیت و شخصیت میں اضافہ، سوشل لائف یا حکومتی فوائد و اعزاز ملیں، خیالات کی فراوانی رہے، نئے خیالات کی پرست روی سے کام نہ لیں بلکہ اُن پر عمل کریں، دوسروں کو اپنے تخیلات سے آگاہ اور تبادلہ خیالی ضرور کریں۔ آپ نہ سہی آپ

بارہ ملتان ... ملتان، حرم گیٹ، ملتان ❀ ملتان کتاب گھر، چوک گھنٹہ گھر

وہ مجھ پر ایمان نہیں لایا جو خود تو سیر ہو کر سو جائے اور اس کا مسلمان بھائی بھوکا رہے۔حدیث قدسی

شخصیت سے دوسروں کا بھلا ہو جائے تو **"کر بھلا سو ہو بھلا"** والا مقولہ بھی آپ کا صدقہ جاریہ ہوگا۔راس کے مقابل ساتویں
ذنب کی موجودگی خانگی، ازدواجی شکوک وشبہات کا اندیشہ نظر انداز نہ کریں۔وہ میزانی جن کی اپنی شریک حیات سے ناراضگی چل
رہی ہے یا ازدواجی شکوک وشبہات دوسری شادی کے خواہاں ہیں تو سبھی مسائل بزرگوں کی وساطت سے حل کریں۔از خود کوشش
رسوائی، بدنامی کا باعث بن سکتی ہے۔**2015**ء اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں، نارمل امراض بلڈ پریشر سے بڑھ کر
آنتوں کے امراض، ذیابیطس، کولیسٹرول، یورک ایسڈ، جسمانی اعصابی، جنسی کمزوری جیسے مزید عوارض کا اندیشہ ہے۔وقفہ وقفہ سے
یا اپنی سالگرہ کے قریب اپنا کسی اچھے معالج سے میڈیکل چیک اَپ ضرور کرائیں اور پھر اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق اپنی ادویہ
اغذیہ، سیر وتفریح، ہلکی پھلکی ورزش کی ہدایت کو ضرور اپنائیں۔یاد رہے زندگی ایک بار ہی ملتی ہے اور زندگی کے آخری دن تک صحت
مند رہیں تو اس سے بڑھ کر کیا نعمت ہوگی۔اندرون اور بیرونِ ملک سفر کے دوران اپنے سامان کی حفاظت رکھیں، غیر قانونی کاموں
سے اجتناب کریں، ورنہ کسی حکومتی ادارے کی پکڑ میں آ سکتے ہیں۔**2015**ء سعد اکبر ستارہ مشتری **11** اگست تک گیارہویں اور پھر
**31** دسمبر تک بارہویں رہنے سے حلقہ احباب میں وسعت، کچھ غیر متوقع دیرینہ خواہشات، حج وزیارات مقدسہ کی نیک خواہش بھی
پوری ہو، بیرونِ ملک حصولِ امیگریشن، بچوں کی جائز ضروریات، تعلیم، شادی بیاہ پر اخراجات اُٹھیں۔وہ میزانی جو صدقات،
روحانیات، عبادات، ریاضت میں دلچسپی لیں وہ زمانہ کے ہر پُر آشوب حالات سے بچے رہیں۔سعادت مشتری کے سبب آخری سہ
ماہی میں آپ روحانیات کی حقیقت کو پانا چاہیں تو پا سکتے ہیں۔ارتکاز توجہ عبادت وریاضت، قرآن فہمی سے آپ کے ذہن وقلب پر
کشف ہو جائے اور اس طرح سے کشف ہو جائے کہ اس میں کوئی احتمال نہ رہے۔**2015**ء میں کچھ انکشافات اور غیبی اشارے ملیں تو
انہیں کسی مخلص مرشد کامل یا بزرگ روحانی کے علاوہ کسی سے ذکر نہ کریں۔صوم وصلوٰۃ کے پابند عبادت گزاروں روحانی شخصیات سے
کسب فیض یقینی طور سے مل سکے، بشرطِ آپ ایسی صحبت پالیں۔عالم رویاء (خواب) میں بزرگوں کی ارواح، جنات اور اس قسم کی مخفی
مخلوق سے بھی روابط ہو جائیں تو ڈر خوف کو دل میں نہ لائیں۔آپ کبھی محسوس کریں گے کہ کوئی اَن دیکھی قوتیں آپ کی مدد کر رہی ہیں۔
سارا سال یا آخری سہ ماہی میں درود شریف کے وِرد کی کثرت رکھیں۔

**درسِ روحانیات:** سعد اکبر ستارہ مشتری (گرو) آپ کی روحانیات میں پورا سال اضافہ کراتا
رہے گا۔علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ "اطاعت خدا وہ چیز ہے جس سے اختیار جنم لیتا ہے، اگر یہ چیز نہ ہو
تو اختیار کبھی پیدا ہی نہیں ہو سکتا۔اس جبر کے اندر سے اختیار پیدا ہوتا ہے، جو اختیار سلب کرتا ہے،
جبکہ ایک جبر وہ ہے جو اختیار عطا کرتا ہے۔روحانیات کا سعد اکبر ستارہ مشتری گیارہویں ہونا ان
میزانی مرد وزن کی روحانیات بڑھا دے گا، جو **2015**ء میں حصولِ روحانیات کے خواہاں ہوں گے، نیت سے نیک اسباب بنیں کیونکہ وہ
مسبب الاسباب ہے۔

**آپ کی شخصیت:** ابتداء سال میں طالع کا حاکم زہرہ چوتھے اجتماع سیارگان کے ساتھ جبکہ
طالع میں راس مقابل ذنب یورانس کا ہونا **2015**ء تبدیلیوں اور آزمائش کا سال معلوم ہوتا ہے۔
خصوصاً رجعت زحل سے **15** جون تا **18** ستمبر ساڑھ ستی نحوست زحل کا آخری جھٹکا لگ سکتا ہے۔تب
جلد بازی، جذباتی پن میں کیے گئے فیصلے مناسب نہ ہوں گے۔مندرجہ بالا گزارشات ذہن میں رہیں تو
نیک اسباب بھی غور وفکر مشاورت سے از خود بننے لگیں گے۔یہ کائنات ہی ان کی ہے جو غور وفکر کرتے رہتے ہیں۔راس کا (راہو) **12** نومبر
طالع میں قیام آپ کی زندگی میں بڑی کامیابیاں لا سکتا ہے۔غور وفکر اور حصول علم سے مذہبی تعلیمی سائنسی کامیابیاں فوائد واعزاز سے
آپ کی عزت وساکھ آپ کے حاسدین کو ایک آنکھ نہ بھائے اور وہ آپ کے خلاف سازشیں بھی کر سکتے ہیں۔یہ سازشیں آپ کے شراکتی

اے داؤدؑ! مجھے وہ بندہ بہت محبوب ہے جو مسلم بھائی کی ضرورت پوری کرنے کی کوشش کرے خواہ وہ پوری ہو یا نہ ہو۔ حدیث قدسی

امور یا پھر گھریلو زندگی، لائف پارٹنر کو آپ کے خلاف بھڑکانے غلط افواہیں پھیلانے سے ہو سکتی ہے۔ 2015ء دکھ سکھ کا سال تاہم اپنی روزمرہ زندگی میں سکھ بڑھانے کے لیے بلاناغہ تلاوت کلام پاک کو معمول بنائیں۔ خود اعتمادی میں اضافہ، سکونِ قلب کے لیے باوضو رہیں اور ہر فارغ اوقات میں درود شریف لاتعداد پڑھنے سے فیصلے درست ہمراہ اور فضولیات سے ممکنہ بچ سکتے ہیں۔ 2015ء میں طے کرلیں کہ آپ نے کوئی صدقہ جاریہ کا کام کرنا ہے، اس پر عمل درآمد سے بھی سکھ بڑھے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** بیت المال کا حاکم ستارہ مریخ تمام سال مستقیم 9 بروج میں سیر کناں رہتے ہوئے ذرائع آمدن کے وسائل عطا کرے گا۔ عارضی طور سے 15 جون تا 18 ستمبر ستارہ زحل رجعت کرتے ہوئے جب خانہ مال میں آئے گا۔ تب مالی امور لین دین میں قدرے محتاط رہیں۔ خانہ مال کا ستارہ مریخ 20 فروری تا 31 مارچ عروج یافتہ، 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہے گا۔ یہ سبھی ایام مالی وسائل میں اضافہ کے لیے کوششیں کرنی نیک رہیں۔ 2015ء ذرائع آمدن بڑھانے کا یقینی سال ہے۔ زہرہ مریخ قرانات وقفہ وقفہ سے 20، 21، 22، 23 فروری۔ 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 3، 4 نومبر بننے سے ذرائع آمدن بڑھانے کے لیے نیک وسائل ملیں، مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاموں سے بھی فائدہ یا اپنے لائف پارٹنر کے نام سے کیا گیا کام بھی کشادگی رزق کا باعث بنے۔ ستارہ مریخ 24 جون تا 9 اگست ہبوط یافتہ، 13 نومبر تا 31 دسمبر وبال یافتہ رہنے سے فضول خرچی یا اسراف سے گریز کریں۔ تب لالچ میں آکر کہیں سرمایہ لگانا دوسروں کو دیا گیا قرض واپس نہ ملے۔ لین دین تحریری معاہدے کرتے وقت محتاط رہیں۔ دورانیہ ہر منگل کو حسب توفیق گوشت یا کلیجی، پھیپھڑے کا صدقہ دینا نیک رہے گا۔

**عزیز و اقارب، اندرونِ ملک سفر:** بیت الاقرباء کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری شمسی زائچہ کے گیارہویں 11 اگست تک اور پھر 31 دسمبر تک مشتری بارہویں آجانے سے حلقہ احباب میں خوش قسمت صاحب نصیب روحانی بزرگ دوست احباب کا اضافہ، پرانے دوستوں سے تجدید مراسم، پرانی دوستیاں، رشتہ داریوں میں بھی بدل سکتی ہیں۔ اندرونِ ملک خوشگوار سفر پیش آئیں، سیر و سیاحت مطالعاتی معلوماتی، قرباء سے ملاقات کے لیے سفر بھی پیش آئیں۔ اپنے کیے گئے سفر کو وسیلہ ظفر ہوتا ہوا محسوس کریں۔ خصوصاً حصولِ روزگار کے لیے سفر کامیابی کا باعث بنیں۔ ستارہ مشتری و زہرہ تثلیث 4، 5 مارچ۔ تسدیسات 22، 23 اپریل اور 23، 24، 25 دسمبر۔ قرانات 29 جون۔ یکم، 2، 3 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست اور 24، 25، 26 اکتوبر بننے سے دوستانہ اجتماعات دوستوں، عزیز و اقارب، پڑوسیوں سے میل ملاقات کے زیادہ سے زیادہ مواقع ملیں۔ 2015ء کی کچھ نحس تواریخ مشتری زہرہ مقابلہ 19، 20 جنوری۔ تربیع 27، 28 مارچ بنے، تب اپنے حاسدین اور یار مار دوستوں سے محتاط رہیں۔ بروز جمعہ حشرات الارض کو شکر، بروز جمعرات زردہ کا صدقہ دینا نیک ہے۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** بیت الارض کا حاکم زحل وتد الارض سے بارہویں سارا سال ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر رہے گا۔ خانگی خاندان معاملات اہمیت اور توجہ کے قابل ہوں گے۔ تبدیلی رہائش، ہجرت، خاندانی تقریبات، رہائشی تزئین و آرائش پر بھاری اخراجات اُٹھ سکتے ہیں۔ جون، جولائی، اگست، ستمبر ساڑھ ستی کے ایام ہونے سے بلاوجہ کے خاندانی جھگڑوں کے ماہ ہو سکتے ہیں، محتاط رہیں۔ 2015ء میں نئی کی جگہ اگر پرانی حسب حیثیت سواری خریدیں تو بہتر، نئی خریدیں تو اس کا خوب صدقہ دیں تاکہ نظر حادثات سے آپ کی سواری (گاڑی) محفوظ رہے۔ 31 اگست تا 31 دسمبر مشتری بنظر تثلیث اس گھر کو ناظر رہنے سے زمین جائیداد حسب منشاء خرید و فروخت بہ آسانی ممکن ہو سکے گی۔ زحل زہرہ تسدیسات 3، 4، 5 جنوری۔ 12، 13، 14 نومبر۔ تثلیثات 23

رضا کتاب گھر، نزد گول باغ، گلگت

25 فروری اور 5، 6، 7 جون بننے سے خاندانی خانگی معاملات میں استحکام، اتفاق و محبت کے لیے مثبت کوششیں کرنا نیک، ذمہ داری، وفاداری سے اہل خاندان کے دل جیت سکتے ہیں۔ تاہم نحس نظرات زحل زہرہ تربیعات 29، 30 جنوری۔ 12، 14، 15 جولائی۔ 3، 5، 6 اگست اور 9، 10، 11 اکتوبر بنیں۔ تب اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں، غیر ضروری لوگوں کو خاندانی معاملات میں مداخلت سے باز رکھیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد کا حاکم بھی زحل ہونے سے اور 2015ء کی مختصر ساڑھ ستی 15 جون تا 18 ستمبر کے ایام اپنی اولاد کے روز و شب کا خیال رکھیں۔ ان کی صحت، تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں، معاملات الفت و محبت میں شکوک و شبہات آنے، محبوب کی بے وفائی، جدائی سے صدمہ برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ پانچویں کا مالک زحل اپنے گھر سے گیارہویں اُمیدوں کے گھر میں میزانی والدین اپنے بچوں کے مستقبل سے بہت ساری اُمیدیں وابستہ کرتے ہوئے اُن کی تعلیم، شادی بیاہ پر بھاری اخراجات کر سکتے ہیں۔ اولاد کی اعلیٰ تعلیم و تربیت بھی آپ کے مستقبل کا قیمتی اثاثہ ہے۔ سٹاک ایکسچینج، حصول انعام، انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے میزانی ان ایام 3، 4، 5، 22، 23، 24 جنوری۔ 20، 21، 22، 23، 24، 26، 27 فروری۔ 25، 26، 27 مارچ۔ 5، 6، 7 جون۔ 20، 21 جولائی۔ 5، 6، 7، 8، 31 اگست۔ یکم، 2، 22، 23، 25 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 3، 4، 12، 13، 14 نومبر۔ 4، 6، 8 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا نصیب یاوری کر جائے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** بیت المرض کا حاکم مشتری 11 اگست تک گیارہویں رہتے ہوئے طالع کو سعد ناظر رہنے سے آپ اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ دوست نما اچھے معالج مل جانے اور اس کے مشوروں پر عمل سے شفاء یابی کی قوت بڑھے۔ بلڈ پریشر، یورک ایسڈ، کولیسٹرول، ذیابیطس، جلدی امراض کا اندیشہ ہے۔ اپنے معالج کے مشورہ سے مناسب اغذیہ و ادویہ کا استعمال کرنے، ورزش، سیر کی عادات اپنانے سے آپ کی صحت جسمانی یقیناً بہتر ہو سکے گی۔ یوں تو ملازمتی فرائض سارا سال احسن طریقے سے جاری رہیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر ستارہ مشتری چھٹے گھر کو سعد ناظر رہنے سے خواہاں میزانی کو حسب منشاء روزگار، ملازمتی ترقی مراعات ملیں۔ مشتری زہرہ سعد نظرات تثلیث 4، 5 مارچ۔ تسدیسات 22، 23 اپریل۔ 23، 24، 25 دسمبر۔ قرانات 29 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 5 اگست اور 24، 25، 26 اکتوبر بننے سے صحت، روزگار، پیشہ ورانہ سبھی امور حسب منشاء رہیں، تاہم نحس نظرات مشتری زہرہ مقابلہ 19، 20 جنوری۔ تربیع 27، 28 مارچ حاسدین، مخالفین سے محتاط رہیں۔ نحوستیں، بلائیں دور ہونے کے لیے حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ تمام سال مستقیم رہتے ہوئے دوسروں سے تعلقات میں گرم جوشی اور بہتری لائے گا۔ ساتویں ذنب یورانس کا قیام غیر متوقع شراکتی، ازدواجی حالات اور حالات میں تبدیلیوں کی نشان دہی کرتا ہے۔ مشترکہ مفادات کے کاموں یا دوسروں سے لین دین کرتے ہوئے محتاط رہیں۔ شریک حیات کی فرمائش پر ان کے لیے اور اُن کے رشتہ داروں پر بھاری اخراجات پیش آ سکتے ہیں۔ اپنی استطاعت کے مطابق خرچ ضرور کریں، مگر قرض لے کر یا لمٹ سے زیادہ قرضہ لینا یا دینا مناسب نہیں ہے۔ شریک حیات کے جذباتی پن، غم و غصہ سے بھی بچیں۔ میزانی غیر ضروری تعلقات سے بچیں، ورنہ جنسی امراض کا اندیشہ ہے۔ ذنب یورانس کی ساتویں موجودگی خواہاں میزانی افراد کی شادی بڑی عمر سے ممکن ہے۔ زیادہ عمر والے شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیاں اپنا صدقہ دیں تو اُن کا نصیب جلد کھل جائے۔ ستارہ مشتری گیارہویں رہتے ہوئے طالع اور ساتویں کو 11 اگست تک سعد ناظر رہے گا۔ رشتہ پسندیدگی کے کئی ایک پیغامات ملیں گے۔ 2015ء اس لحاظ سے اہم ہے کہ طالع اور

## امسل روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَسُبْحٰنَهٗ مِنْ سَعِيْدٍ مَّآ اَرْحَمَهٗ۔ اور پاک ہے وہ صاحب یمن و سعادت کیا ہی رحم افزا ہے وہ ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

ساتویں کے مالکان جو مرد (مریخ) زن (زہرہ) بھی کہلاتے ہیں۔ 20، 21، 22، 23 فروری اور یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 3، 4 نومبر مریخ زہرہ قران کریں گے۔ آپ کے جذباتی، رومانوی پن شخصیت کی سحرانگیزی سے قابل متوجہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ تب محبت یا محبت کی اچانک شادی کا بھی امکان ہے۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** بیت الخوف کا حاکم زہرہ 2015ء بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے 17 مارچ تا 11 جون آٹھویں اور 8 نومبر تا 5 دسمبر طالع میں عروج یافتہ رہے۔ تب مشترکہ مفادات کے کام کرنا نیک وراثتی تصفیہ طلب امور حل کیے جاسکیں۔ انشورنس، کلیم یا پھر بغیر محنت کے دولت کا حصول، لاٹری، جیک پاٹ سے بھی امیر ہونے پر حیران نہ ہوں، ایسا غیر متوقع ہونا ممکن ہے۔

2015ء میں زہرہ مریخ قرانات 20، 21، 22، 23 فروری۔ 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر، یکم، 2، 3، 4 نومبر سبھی امور کے لیے سعد تواریخ ہیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری بارہویں جا کر چوتھے آٹھویں کو بنظر تثلیث ناظر ہونے سے زمین جائیداد، وراثت کے تازہ یا دیرینہ امور حسب منشاء طے پا جائیں گے۔ حل المشکلات، دوسروں کی اخلاقی، مادی مدد کریں جواباً دوسروں سے بھی امداد کا حصول ملتا رہے۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر کا حاکم عطارد 2015ء یکم مئی تا 8 جولائی عروج یافتہ۔ 8 تا 27 اگست شرف یافتہ اور 2 تا 21 نومبر اوج یافتہ رہے۔ یہ سبھی ایام بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد کے لیے سفر کرنے وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔ قانونی امور و مسائل حل کرنے کی ممکنہ کوششیں نیک ثابت ہوں۔ میزانی طلبہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سے تھوڑی سی کوشش کے بعد بیرون ملک جاسکیں۔ حج وعمرہ، زیارات مقدسہ بیرون ملک سیر و سیاحت کے پروگرام بنیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر ستارہ مشتری بارہویں رہنے سے بیرون ملک سفر اور امیگریشن کے حصول کے لیے اپلائی کرنا نیک ہے۔ ستارہ عطارد رجعت میں 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 19 اکتوبر تک اور 13 تا 31 مارچ ہبوط یافتہ، 15 اپریل تا یکم مئی حضیض اور 27 اگست تا 2 نومبر حالت میں ہونے سے مندرجہ بالا سبھی ایام احتیاط طلب، سمجھداری سے گزاریں۔ 2015ء کے کچھ سعد ایام عطارد زہرہ قران 8 جنوری۔ 6، 7 اگست۔ تسدیسات 9، 10، 11 جون۔ 4، 5، 6 جولائی بیرون ملک سفر کے پروگراموں پر نظر ثانی سے سعادت سفری کاروباری معاہدوں کی روح اور نئے سمجھوتے کرنے مستقبل کے لیے نفع بخش ثابت ہوں گے۔



**کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:** بیت العزت وتدالسماء کا حاکم ستارہ چندرماں (قمر) یوں تو آپ کو ہر ماہ سعادت دیتا ہے۔ تاہم 2014ء کی طرح 2015ء میں اگرچہ سعادت مشتری کے سبب پہلے جیسے خوشگوار حالات نہ رہیں۔ اس سال آپ کو قدرے مشکل محنت طلب آزمائش جیسے حالات سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ تاہم شروع سال میں مثبت پلاننگ کی گئی تو گزشتہ سال کے خوشگوار حالات کا تسلسل بحال رکھا جاسکتا ہے۔ بسلسلہ روحانی تدارک 2 کلو چاول کا ٹوٹا ہر پیر صدقہ دیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک دسویں سے دوسرے ہونے سے کاروباری محتاط لین دین اور بارسوخ حکام بالا سے بھی فوائد لیں۔ ستارہ قمر ہر ماہ ان ایام میں عروج یافتہ

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں با پرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاوٴں کا وقت آتا ہے

...نے سے کاروباری مالی فوائد، حکام بالا بارسوخ لوگوں سے فوائد ملیں، سعد تواریخ نوٹ فرمالیں۔ 4، 5، 31 جنوری۔ یکم، 27، 28 ...ری۔ 27، 28 مارچ۔ 23، 24 اپریل۔ 20، 21 مئی۔ 17، 18 جون۔ 14، 15 جولائی۔ 10، 11 اگست۔ 6، 7 ستمبر۔ ...5، 31 اکتوبر۔ یکم، 28، 29 نومبر۔ 25، 26 دسمبر ہیں۔ نیز ان ایام میں نئے کاروبار کی شروعات، تبدیلی کاروبار یا پھر کام میں مزید ...مایہ کاری جیسے سبھی امور نیک ثابت ہوں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم شمس ایک اچھی خبر آپ کے لیے بارہ سال بعد سعد اکبر ستارہ مشتری مہمان بن کر گذشتہ سال سے 11 اگست 2015ء تک یہاں رہے گا۔ شمس مشتری کی یوں بھی دوستی مثالی ہے۔ آسمانی کونسل پر سعد اکبر ستارہ مشتری قدرت کی ایک انمول تخلیق ہے۔ ماضی میں اس ستارہ کی پوجا کی جاتی تھی اور ہم اپنے مالک و خالق کو سجدہ کر کے دعاوٴں سے ستاروں کی سعد شعاعیں پا سکتے ...۔ 2015ء آپ کے حلقہ احباب میں وسعت، صاحب علم، صاحب نصیب خصوصاً روحانی بزرگوں سے کسب فیض پائیں۔ سوشل میزانی ...اد کی دوستیاں سماجی، سیاسی لوگوں سے بڑھیں اور مل جل کر آپ کے ہاتھوں صدقہ جاریہ کے بھی کئی ایک کام ہوں، جن سے روحانی ...یاں ملیں۔ بیت الامید کا حاکم شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ، 21 جون تا 23 جولائی اوج یافتہ، 23 جولائی تا 23 اگست ...وج یافتہ، 22 نومبر تا 22 دسمبر شرف یافتہ ہونے سے مندرجہ بالا سبھی ایام حصولِ تکمیل خواہشات کے لیے نیک ہیں۔ جبکہ یکم جنوری تا ... فروری وبال اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر ہبوط یافتہ ہونے سے اہم کاموں میں قدرے احتیاط طلب ہوں گے۔ تب اپنے حاسدین ...ین سے محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ حسب توفیق گندم یا باجرہ یا پھر شکر کا حشرات الارض کو صدقہ ڈالیں۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** بیت الاعداء بارہویں اور نویں کا مشترکہ حاکم عطارد ہے۔ جبکہ شمسی زائچہ کے بارہویں سے بارہویں سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک قیام پذیر رہنے سے آپ کو نظر بد سفلی وسحری عملیات، سحر و جادو، ناگہانی مسائل و پریشانیاں اور اخراجات سے تحفظ دے گا۔ 31 ...ت تا 31 دسمبر مشتری بارہویں آنے سے شوقِ روحانیات، عبادات و ریاضت، چلہ کشی کا ذوق و شوق روحانی بڑھے۔ ایسے میزانی جو ...ریشن اپلائی کر چکے ہیں، انہیں اس سال بیرونِ ملک قیام کے سلسلے میں امیگریشن مل جائے گا۔ مزید میزانی فیملیز بھی ہجرت بیرونِ ملک ...ریشن اپلائی کرنے کی خواہاں ہوں، امیگریشن شرائط پوری کرنے پر یقیناً سبھی میزانی کو امیگریشن ملنے میں آسانیاں ہوں۔ روحانی ...ضت بڑھانے کے لیے یکم تا 19 مئی، 21 مئی تا 21 جون، 8 تا 23 اگست، 23 اگست تا 23 ستمبر شمس اور شمس کا مستقل ساتھی عطارد ...ں بارہویں ہونے سے خشوع و خضوع سے عبادت اور دعائیں کی گئیں تو آپ کی دعائیں مستجاب ہوں، تنہائی میں کچھ وقت گزرے یا صحت افزاء مقام پر قیام شفاء اور سکھ کا باعث بنے، جائز اخراجات بڑھیں۔ ایسے میزانی جو دیرینہ امراض میں مبتلا چلے آ رہے ہیں، انہیں شفاء یابی نصیب ہو۔



**میزانی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات تو ہمیشہ ہی سبھی ذی روح کو متاثر کرتے ہیں۔ امسال گرہن خاصے مشکل حالات کی نشاندہی کرتے

قناعت کا مطلب دنیا میں سے جو ملے تھوڑے پر گزارہ کرے اور معمولی پر شکر بجالائے۔ حدیث قدسی

ہیں۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ شمس زائچہ کے چھٹے ساتویں کے کسب پر لگنے سے شریک کار یا شریک حیات کی ناراضگی کے علاوہ اُن کی صحت جسمانی متاثر ہوسکتی ہے، دوسروں کا خیال رکھنے سے آپ کی ذاتی پریشانیاں بھی یقیناً دور ہوسکیں گی۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل طالع میں لگنے سے آپ کی حیثیت وشخصیت، کاروباری ساکھ متاثر ہو، اپنی صحت جسمانی کا بھی خاص طور سے خیال رکھیں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر بارہویں لگنے سے بڑھتے ہوئے اخراجات پہلے سے کی گئی پلاننگ سے ناگہانی اخراجات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ نامعلوم خفیہ دشمن آشکار ہوں تو ان کے شر سے بچنے کے لیے محتاط رہیں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر ساتویں لگنے سے مشترکہ مفادات کے کام، شراکتی، خانگی، ازدواجی پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ انسب ہوگا کہ آپس میں پیدا ہونے والے شکوک وشبہات سے بچیں۔ ایام گرہن میں صدقات، نماز کی ادائیگی، دعاؤں کے بعد پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| میزان سعد تواریخ 2015 | میزان نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 3،4،5،13،14 جنوری | 19،20،29،30 جنوری |
| کیم،2،20،21،22،23،24،25 فروری | 7،8،9 فروری |
| 4،23،24،25،29،30،31 مارچ | 5،20،27،28 مارچ |
| 22،23،26،27،28 اپریل | 4،14،15،18،19،20 اپریل |
| 16،17 مئی | 21،22،24،25،26 مئی |
| 5،7،9،10،11،29،30 جون | 6،13،28 جون |
| کیم،2،4،5،6 جولائی | 12،13،14،15،23،29 جولائی |
| 7،18،19،20،21،31 اگست | 3،5،6 اگست |
| کیم،2،11،18،21،23،25 ستمبر | 7،13،28 ستمبر |
| 22،23،24،25،26،31 اکتوبر | 4،9،10،11،16،17 اکتوبر |
| 3،4،12،13،14 نومبر | 2،20،21،22،23،24 نومبر |
| 10،11،12،16،17،18،23،24،25 دسمبر | 3،6،22،29 دسمبر |

زاہد اسے کہتے ہیں جو اسے پسند کرے جو اس کا خالق پسند کرے اور اسے ناپسند کرے جسے اس کا خالق نہ پسند کرے۔ حدیث قدسی

24 Oct. To 22 Nov.
ن ی
2015

دن منگل
عدد 9
رنگ سرخ قرمزی
پتھر مرجان، گارنٹ

# SCORPIO

# عقرب

## پلوٹو

## حالات وواقعات کی روشنی میں

Maryam Nawaz

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل جاری ساڑھ ستی کے سبب آپ پر کچھ زیادہ ہی علمی روحانی دنیاوی تجربات کرانے کے لیے مہربان رہے گا۔ یہ تجربات تلخ بھی ہو سکتے ہیں۔ ساڑھ ستی کی نحوست سے اگرچہ ایک زمانہ خوف کھاتا ہے اور یہ ایام بے شک سختی اور آزمائش، نظر بد اور ہر کام میں تاخیر التواء، رکاوٹیں لانے والے ہو سکتے ہیں، کام بنتے بنتے بگڑنے لگتے ہیں، دوست دشمن اور دشمن دوست لگتے ہیں۔ زحل طالع سے گزشتہ سال 14 ستمبر سے نکل کر خانہ مال میں ذرائع آمدن میں رکاوٹوں کا سبب بنا ہوا ہے۔ 2015ء میں یہ رجعت کرتے ہوئے عارضی طور پر 15 جون تا 18 ستمبر طالع میں آجائے گا۔ معلم ستارہ معلم زمانہ ایک شفیق مگر سخت اُستاد کی طرح آپ کے حالات و واقعات میں نہ صرف بلکہ روزمرہ زندگی میں تبدیلیاں لائے گا۔ خواہ یہ تبدیلیاں پسندیدہ ہوں یا ناپسندیدہ آپ کو انہیں خوشی یا ناخوشی سے برداشت کرنا پڑے گا۔ ستارہ زحل نحس اکبر ستارہ اور ایام ساڑھ ستی میں یہ طویل ہونے کے سبب ختم ہونے میں نہیں آتی۔ تب مایوسی، پریشانیاں اُداس کر کے حوصلہ ہمت کو متاثر کرتی ہیں۔ مگر دراصل زحل اُستاد زمانہ بن کر زندگی میں ایسے ایسے تجربات کراتا ہے، جسے آئندہ عملی زندگی میں کبھی نہیں بھولتے اور مستقبل میں کئی متوقع سازشوں، پریشانیوں سے اپنے ماضی کے تجربات کے سبب بچ جاتے ہیں۔ اسی سبب زحل کو معلم اور اُستاد زمانہ بھی کہا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ذنب (کیتو) چھٹے، راس (راہو) بارہویں کا 12 نومبر تک شمسی زائچہ میں ہونا بھی نیک شگون نہیں۔ اس نے زائچہ کو سحر زدہ کر دیا ہے، معلوم نامعلوم حاسدین، دشمنوں کی نظر بد، جادو ٹونہ، ہوائی اشیاء و آسیبی وغیر ماورائی قوتوں کا اپنے ماحول میں محسوس کرنا یا پراسرار واقعات جیسے سبھی خدشات بعید از قیاس نہیں ہیں۔ ان نحوستوں سے تحفظ کا آسان حل ہے کہ اپنے گھر میں اپنے پسندیدہ پالتو جانور پالیں۔ اگر یہ مرنے لگیں تو سمجھ لیں کہ بلائیں دور ہو رہی ہیں اور اگر ان کی نسل بڑھنے لگے تو یقین فرمالیں کہ نحوستیں دور ہو رہی ہیں۔ جانور کوئی بھی ہوں تاہم 5 جوڑے آسٹریلین طوطے پالنا مفید ہے۔ دانشور لوگ یا بزرگوں سے دعائیں لینے والے مصیبت میں تجربات پہ تجربات نہیں کرتے بلکہ مشکل وقت میں اپنے سے سینئر لوگوں کے تجربات مشاورت سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ ساڑھ ستی کے ایام مشکل سہی مگر جو افراد صراطِ مستقیم پر رہتے ہیں، ساڑھ ستی اُن کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ صدقات، خیرات، دعاؤں سے متوقع مشکلات کو دور کیا جا سکتا ہے۔ 18 ستمبر زحل دوبارہ خانہ مال میں آ کر 20 دسمبر 2017ء تک رہے گا۔ خصوصاً 29 جولائی تا 6 اگست زحل طالع مشتری دسویں ہونے سے تربیع بنے، تب اپنے ذاتی مقاصد اور ذمہ داریوں میں توازن قائم کریں۔ اپنی مرضی کے حالات لانے کے لیے آپ کی کوششوں میں دوسرے رکاوٹیں لا سکتے ہیں۔ ابھی فی الحال اپنے حالات کی از سر نو پلاننگ کریں، پیشہ ورانہ امور بھی تنظیم نو چاہیں گے ورنہ آپ ابھی مزید آزمائش کے لیے 2015، 2016، 2017 تقریباً تین سال کا عرصہ بقایا ہے۔ اس اثناء کے بعد آپ کی جاری ساڑھ ستی ختم ہو سکے گی۔ 2015ء میں جب زحل 15 جون تا 18 ستمبر طالع میں آئے تب مندرجہ ذیل آٹھ صدقات میں سے کوئی سا صدقہ ہفتہ کے دن 8 کلو یا 800

گرام یا حسب توفیق دینے نیک ہیں۔ (1) کالا نمک (2) چائے کی پتی (3) کالے ماش (4) کالے تل (5) کالے گلاب جامن (6) کالا کپڑا (7) روغن سیاہ یا بینگن۔ ادھر وتد السماء عزت کیریئر کے گھر میں سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک رہے گا۔ جو عقربی روحانی تدارک، صدقہ خیرات اور نیک عمل بجا لائیں گے۔ گرو یعنی مشتری ستارہ مرشد کامل کی طرح ان کی نیک اعمال میں مدد اور تحفظ کرے گا۔ 2015ء کے پہلے 7/8 ماہ حوصلہ مندی حل المشکلات با اثر لوگوں، حکام، بزرگوں سے مدد، دعائیں اور مالی اخلاقی تعاون نصیب ہوگا۔

**درس روحانیات:** سعد اکبر ستارہ مشتری 7 اگست تک شفاء اور سکھ کے گھر رہتے ہوئے آپ کی اعلیٰ روحانی قوتوں کو اُجاگر کردے گا۔ مگر زحل کی ساڑھ ستی کا کیا کہیے کہ یہ کام میں ست روی لائے۔ یکم جنوری تا 7 اگست تلاوت کلام پاک، دعاؤں سے روحانی حیات تو با آسانی پا سکتے ہیں، خالق نے مخلوق کو پیدا کیا تا کہ اس کی حکمت ظاہر ہو، اس کا علم جاری ہو اور اس کی تدبیر پھیلے۔ 2015ء میں کثرت سے روزانہ درود شریف پڑھنا معمول بنا کر اپنے درجات روحانی بلند فرما سکتے ہیں۔

**آپ کی شخصیت:** آپ کا حاکم ستارہ مریخ جس کا لکی نمبر 9 ہے۔ 2015ء میں یہ 9 بروج میں گردش کرے اور اِسے رجعت بھی نہ ہو۔ 15 جون تا 18 ستمبر محتاط رہیں۔ ایام ساڑھ ستی میں زحل رجعت کرتا ہوا طالع میں آجائے گا۔ مشتر کہ ایام میں 24 جون تا 9 اگست ہبوط مریخ بھی ہوگا، تب کام قدرے سست روی، رک رک کر ہوں، کچھ نا عاقبت اندیش لوگ آپ کے خلاف سازشیں اور آپ کی حیثیت و شخصیت کو متاثر کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقات کے ساتھ محتاط رہیں۔ مریخ 20 فروری تا 31 مارچ چھپتے رہے، تب قبل از وقت توجہ کرنے سے مستقبل کے سازشی لوگ عیاں ہو سکتے ہیں۔ آپ کا حاکم مریخ وتد السماء پر 9 اگست کو اوج کی قوت سے داخل ہوگا۔ 11 اگست کو مہمان اعلیٰ مشتری یہاں سے گیارہویں چلا جائے گا، جاتے جاتے آپ کی عزت و تکریم میں اضافہ و بحال کرائے۔ 9 اگست تا 25 ستمبر اوج مریخ کی نشست جرأت مندانہ اقدامات کے سبب پیدا شدہ رکاوٹوں پر ممکنہ قابو پالیں گے۔ آپ کی سماجی، سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ سے سکون و سکھ کی کیفیت بڑھے گی۔ مریخ مشتری تثلیث 9، 10 مارچ۔ تسدیس 4 تا 8 جون بننے سے خود اعتمادی، صحت و توانائی مثبت اور کامیاب لوگوں کے رویوں سے روحانی و اخلاقی تازگی ملے۔ تاہم مریخ شمس و مشتری ناقص نظرات 2 جنوری۔ 6، 7 فروری۔ 6، 7، 8 اپریل۔ 3، 4، 5 مئی اور 13، 14، 15 دسمبر بننے سے ان ایام میں محتاط رہیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** بیت المال کا حاکم ستارہ مشتری 11 اگست تک بیت العزت، کیریئر کے گھر میں رہتے ہوئے خانہ مال اور بیت المرض (ملازمتی) گھروں کو یکساں بنظر تثلیث ناظر رہے گا۔ ہم سردی سے پہلے گرم کپڑوں کا اپائے کر لیتے ہیں، اِسی طرح کلی طور سے دولت کے حاکم ستارہ مشتری کی سعد شفاء یاب کرنوں کے سبب بھرپور سعد اپائے مستقبل کی پلاننگ کر لی گئی تو اپنے وسائل کاروبار، ملازمت یا دیگر پیشہ ورانہ وسائل میں رہتے ہوئے آپ اپنے ذرائع آمدن کو یقیناً بڑھا سکتے ہیں۔ آپ نے زندگی میں مشاہدہ کیا ہوگا کہ کچھ کام آسانی سے یا از خود ہو جاتے ہیں اور کبھی کوشش کرنی پڑتی ہے۔ یوں سمجھ لیں کہ 2015ء بھی کوششوں کا سال ہے۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری جب گیارہویں آئے گا تو ایسے عقربی جنہوں نے عرصہ سے پرائز بانڈز لے رکھے ہیں، اُن پر انہیں کوئی بڑا انعام مل سکتا ہے۔ مشتری مریخ تثلیث 9، 10، 11 مارچ۔ تثلیث 4 تا 8 جون۔ قران 15 تا 19 اکتوبر معاشی، مالی معاملات میں کوشش بار آور ثابت ہو۔ ذرائع آمدن میں اضافہ کے لیے ٹھوس سرمایہ کاری یا بچت اسکیموں میں حصہ لینا حال اور مستقبل کے لیے نیک رہے گا۔ تاہم مشتری مریخ مقابلہ 2 جنوری تربیع 16 تا 18 اپریل بننے سے اعتدال پسندی سے کام لیں، اسراف سے گریز کریں، ورنہ ناگہانی مالی مشکلات سے دوسروں کی ضرورت یا قرض مانگنے والے آزمائش میں ڈال سکتے ہیں۔ یاد رہے دیا گیا قرض واپس نہ ملے البتہ دوسروں کی مدد کی غرض سے اتنے ہی دیں جو آپ آسانی سے برداشت کر سکیں۔

اخلاقی عمل کو اسی طرح خراب کر دیتی ہے جس طرح سرکہ شہد کو۔ حدیث قدسی

**عزیز و اقارب، اندرونِ ملک سفر:** بیت الاقرباء حاکم ستارہ زحل ان دنوں اپنے گھر سے بارہویں 20 دسمبر 2017ء تک رہے گا۔ یہ مجموعی عرصہ خصوصاً 2015ء عزیز و اقارب کی جانب سے وقفہ وقفہ سے آپ کو متعدد فرمائشیں ملتی رہیں۔ اُن کی مالی، اخلاقی مدد ضرور کریں ورنہ اُن کی ناراضگی لڑائی جھگڑے کے لیے تیار رہیں۔ اندرونِ ملک ذاتی یا کاروباری نوعیت کے سفر اچانک نہ کریں، ورنہ وقت روپیہ ضائع ہو اور ہاتھ بھی کچھ نہ آئے، البتہ باقاعدہ پلاننگ سے کیے گئے سفر نیک رہیں۔ عزیز و اقارب کی دعوت پر ان کے ہاں ضرور جائیں یا سب وقت انہیں اپنے ہاں مدعو کریں۔ زحل مریخ تثلیث 24، 27 فروری اور 5، 6 اگست جبکہ تسدیس 26 تا 27 نومبر نظم وضبط، برداشت کامیابیاں ملیں، علمی معاملات میں پیش رفت سے قرباء کے ساتھ اجتماعی خوشی ملے۔ زحل مریخ تربیع 14، 15، 16 جنوری اور 22 تا 26 ...ر۔ مقابلہ 14، 15، 16 مئی ہونے سے خواہ مخواہ دوسروں سے ناراض نہ ہوں، جذباتی پن، اپنے غم وغصہ پر قابو رکھیں، ورنہ بلاوجہ حالات ...ب اور مسائل جنم لیں، محتاط طرزِ فکر اپنائیں۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** وتد الارض کا حاکم زحل اپنے گھر سے دسویں گیارہویں رہتے ہوئے خانگی خاندانی معاملات میں تبدیلیاں لائے گا۔ کچھ عقربی ضرورت کے مطابق ہجرت، نقل مکانی کرنا پسند کریں۔ ابتداء سال 14، 15، 16 جنوری زحل مریخ تربیع کی نحوست کے سبب خاندانی، خانگی مسائل، حادثات، سواری کا نقصان، چوری چکاری، صدمات کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں، صدقہ و خیرات دیں۔ زحل شمس تربیع بھی 22، 23، 24 فروری کو بے عدم تحفظ کا احساس، خانگی خاندانی مشکل فیصلے، آزمائش جیسے حالات، حل المشکلات کے لیے ...گوں سے مشاورت، والدین خصوصاً والدہ صاحبہ سے دعائیں لیں۔ علاوہ ازیں 14 اپریل تا 2 اگست زحل کو رجعت (الٹا) یافتہ ہونے ...خاندانی کام رک رک کر ہوں تو جذبات پر کنٹرول رکھیں۔ نیز زحل 15 جون تا 18 ستمبر گزشتہ سال کی طرح پھر دسویں آنے سے روزمرہ ...ت و واقعات میں غیر متوقع تبدیلیاں آسکتی ہیں، خواہ آپ اس کے لیے تیار ہوں یا نہ ہوں۔ اُدھر سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک سعد ...یشن میں ہونے سے زراعت پیشہ افراد کا نفع بڑھا دے گا۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت حسبِ منشاء، رہائشی تزئین و آرائش، صاحب ...یت نئی یا پرانی سواری کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ حصولِ خریداری میں 11 اگست سے پہلے معاملات آسان مشتری جب دسویں سے 11 ...ت کو نکلے گا، تب ہر کام زیادہ کوشش سے ہو 2015ء کی سعد نظرات ابتداء سال زحل شمس تسدیس 22، 23، 24 جنوری اور زحل مریخ ...ث 24، 26، 27 فروری بنیں۔ تب حصولِ خوش قسمتی متوقع مشکلات کے اندیشوں کے پیش نظر آپ سالانہ پلاننگ کر لیں تو نظم وضبط، ...شت سے نیک عملی اقدامات فرمانے سے کامیابیاں پا سکتے ہیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک پانچویں سے چھٹے رہتے ہوئے عقربی فیملیز اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت، اُن کی اعلیٰ تعلیم، شادی پر ضروری اخراجات کو ترجیح دیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر معاملات الفت و محبت میں گرمجوشی بڑھے، محبت شادی میں بدل سکتی ہے۔ مشتری مریخ مقابلہ 2 جنوری۔ تربیع 16، 17، 18 بننے سے اولاد اور محبت کے ...لات میں اعتدال سے کام لیں۔ جذباتی پن، غم وغصہ، شکوک وشبہات سے بچیں۔ اولاد، انعام اور محبت کے امور میں سکھ کے لیے 2015ء ...ہم تواریخ مشتری مریخ تثلیث 9، 10، 11 مارچ۔ تسدیس 4، 5، 6، 7، 8 جون اور قران 15، 16، 17، 18، 19 اکتوبر بننے سے ...و جسم کے رشتہ میں تازگی آئے۔ اولاد اور محبوب کا سکھ بڑھے۔ سیر و تفریح، کھیلوں کے صحت مندانہ مقابلوں میں دلچسپیاں بڑھیں۔ ایسے ...ی افراد جو سٹاک شیئرز یا ملکی و انٹرنیشنل لاٹریوں سے حصولِ دولت کے خواہاں رہتے ہیں، ان کے حصہ لینے کے لیے سعد تواریخ 9، 10، 11، ...3، 6، 7، 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی۔ 4، 5، 6، 7، 8 جون۔ 3، 4، 15، 16 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 15، 16،

اے محمد حسن خلق کو اختیار کرو کیونکہ بد اخلاقی سے دنیا اور آخرت کی بھلائی چلی جاتی ہے۔ حدیث قدسی

17، 18، 19 اکتوبر۔ 13، 14، 25، 26 نومبر اور 26، 27 دسمبر ہیں۔ ان ایام میں دلچسپی لینے سے بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:** بیت المرض کا مالک مریخ تمام سال مستقیم (سیدھا) رہنے سے صحت و تندرستی کے مسائل خصوصاً سعد اکبر ستارہ مشتری کے 11 اگست تک دسویں شفاء کے گھر رہنے سے آپ کی صحت جسمانی قدرے بہتر رہے گی۔ عقربی افراد کو اپنے جسمانی روحانی امراض سے آگاہی، شعور و ادراک بڑھے، قدرت کی مہربانی سے اچھا جسمانی روحانی معالج مل جانے سے اور ان کی ہدایات پر عمل کرنے سے آپ کی صحت جسمانی بہتر ہو۔ طالع اور چھٹے کا مشترکہ حاکم مریخ 31 مارچ تا 12 مئی اور 24 جون تا 9 اگست مریخ وبال و ہبوط یافتہ ہونے سے صحت کے ساتھ ملازمتی فرائض کی ادائیگی میں غفلت نہ برتیں، ورنہ تنزلی کا اندیشہ ہے، خصوصاً 11، 12، 13، 14، 15، 16 جون زیادہ احتیاط طلب تواریخ ہیں۔ یوں تو بسلسلہ روزگار مشتری کی سعادت کے سبب سارا سال ہی نیک ہے، تاہم 9 اگست تا 25 ستمبر مریخ اوج یافتہ بلندی و سرفرازی عطا کرتے ہوئے ملازمتی ترقی، مراعات کا حصول ہو، بیروزگار افراد کو اعلیٰ و حسب منشاء روزگار مل سکے۔ مریخ شمس تسدیس 4، 5، 6، 7، 8 دسمبر کو بننے سے جسمانی و ذہنی توانائی بحال و بہتر ہونے سے اپنے فرائض بہتر طور سے ادا کر سکیں۔ ماتحت کام کرنے والوں کا تعاون تقریباً سارا سال ہی رہے۔ 2015ء کی ایک اہم بات راس بارہویں، ذنب چھٹے ہمراہ یورانس کے ساتھ 11 نومبر تک رہے گا۔ ان کی نشست کے بداثرات کے نتیجہ کے طور پر رینگنے والے جانوروں کے کاٹنے سے نقصان، گر کر چوٹ بھی لگ سکتی ہے۔ خصوصاً دانتوں کے امراض اپنے ٹوتھ برش کا خیال رکھیں، وقفہ وقفہ سے اپنے ڈینٹل ڈاکٹر کے پاس وزٹ کرنا نہ بھولیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ، 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج یافتہ، 11 اپریل تا 8 مئی اوج یافتہ اور 5 جون تا 19 جولائی فرح یافتہ رہنے سے یہ سبھی ایام دوسروں سے تعلقات، تجدید مراسم، شراکتی، ازدواجی خوشیاں بڑھانے اور خواہاں افراد کے رشتہ طے ہونے، منگنی یا شادی کے لیے نیک ایام ہیں۔ خصوصاً زہرہ مریخ قران 20، 21، 22، 23 فروری۔ 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 3، 4 نومبر خواہاں عقربی لڑکے لڑکیوں کے کشش سحر انگیزی میں اضافہ سے ان کا پسندیدہ جگہ رشتہ طے پائے اور جلد ہی منگنی شادی کی خوشیاں نصیب ہوں۔ زحل 15 جون تا 18 ستمبر طالع میں رہ کر بیت الزوج کو ناظر رہنے سے زوجین کے مابین خواہ مخواہ کی ناراضگی، جھگڑوں کا اندیشہ، شراکتی نوعیت کے کام بھی متاثر ہوں، ان ایام میں سخت احتیاط سے کام لیں، پیدا شدہ شکوک و شبہات اولین فرصت میں دور کر لیں۔ ان ایام میں شادی، منگنی کریں تو کوئی قربانی کا صدقہ ضرور دیں، ورنہ رشتے کچے دھاگوں کی طرح ٹوٹ سکتے ہیں۔ شادی کے لیے کسی صاحب علم و منجم سے نیک وقت نکاح کا تعین ضرور کروائیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** آٹھویں کا حاکم عطارد یکم مئی تا 8 جولائی اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ اس کے علاوہ 8 تا 27 اگست شرف یافتہ 2 تا 21 نومبر طالع میں اوج یافتہ یہ سبھی ایام حصول وراثت، انشورنس، کلیم، بغیر محنت کے دولت ملنے، انٹرنیشنل لاٹریوں سے جیک پاٹ جیسے سبھی امور کے لیے نیک ہے۔ عطارد 21 جنوری تا 11 فروری۔ 19 مئی تا 12 جون، 17 ستمبر تا 19 اکتوبر بحالت رجعت (الٹا) رہے گا، تب کام رک رک کر ہوں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک بیت العزت دسویں میں رہنے سے سال کے پہلے آٹھ ماہ اس لحاظ سے اہم ہیں کہ تصفیہ طلب وراثتی امور جن پر خواہ مخواہ کے مقدمات ہوں یا حصہ داروں کے تحفظات سبھی امور عدالتی، پنچایتی یا بزرگوں کی مشاورت سے حل کیے جاسکیں گے۔ انشورنس، کلیم کے لیے مئی، جون، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر کے ماہ نیک ہیں۔ عطارد مریخ قرانات 22، 23 اپریل

اے میرے بندے! طلوع فجر سے پہلے مجھ سے وسعت رزق کا سوال کر میں رزق وسیع عطا کروں گا۔ حدیث قدسی

خیالی اساتذہ بزرگوں سے بھی کسب فیض ملے، پاکیزہ محبت کا آغاز یا پہلے سے جاری محبت ساتویں سعد اکبر مشتری ہونے سے شادی کا بندھن بندھ جائے۔
گئی، جون، جولائی سٹاک شیئرز، انعامی اسکیموں میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ کچھ دلوی افراد کے ان ایام میں بڑے انعام بھی لگ سکتے ہیں۔ عطارد
تین مرتبہ رجعت (الٹا) مستقیم (سیدھا) ہو۔ 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر تب معاملات میں سست روی کا موں
میں استحکام بہتری کے لیے خصوصاً جب عطارد 13 تا 31 مارچ ہبوط یافتہ ہو، تب محبوب کی جدائی یا بے وفائی کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑسکتا ہے۔ رد
بلا دور ہونے کے لیے ان اشیاء مثلاً مونگ کی سبز دال یا مٹھائی یا پھر طوطے نر/ مادہ کی رہائی کا بدھ کے دن صدقہ دینا نیک ہے۔ ایسے دلوی جنہیں انٹرنیشنل
لاٹریوں، انعامی اسکیموں، پرائز بانڈز میں دلچسپی ہے اور وہ بڑا انعام نکلنے کے لیے اکثر دعائیں کرتے رہتے ہیں، وہ دلوی 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6،
18، 19، 20، 21 فروری۔ 2، 3، 6، 7 اپریل۔ 3، 4، 22، 23، جولائی۔ 6، 7، 26، 27 اگست۔ 5، 6، 7، 13، 14، 15 اکتوبر۔
13، 14، 24، 25 نومبر اور 25، 26 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کی قسمت یاوری کر جائے آپ کا زندگی میں کوئی بڑا انعام نکلنے کی
دیرینہ خواہش پوری ہو جائے ایسے میں کوئی کشادگی رزق کا اسم اعظم یا سورۃ واقعہ روزانہ سونے سے قبل پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔

## صحت و امراض، ملازمت، کیریئر:

چھٹے کا حاکم قمر ابتداء سال میں شرف یافتہ ہو، یہ ملازمت روزگار کے کاموں میں خواہاں دلوی افراد کو متعدد فوائد دلائے گا۔ ملازمتی ترقی مراعات یا پھر بیرون ملک بسلسلہ روزگار جانے کے خواہاں بھی کوشش فرمانے سے جا سکیں گے۔ آپ کا حاکم زحل اور مشتری بھی اپنی سعد کرنوں سے قدم قدم پر آپ کی رہنمائی کرے گا۔ بس آپ رزق کی تلاش میں نکلیں یا ہجرت کریں، رزق بھی چل کر آپ کی طرف آنے لگے گا۔ 2015ء میں یوں تو آپ کی صحت جسمانی قدرے بہتر رہے، تاہم گذشتہ سال جو دلوی اپنا میڈیکل چیک اَپ کروا چکے ہیں، وہ اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق عمل کریں اور جنہوں نے اب تک لاپرواہی کی وہ اولین فرصت میں اپنا چیک اَپ کروا کر یقین کرلیں کہ آپ کو ذیابیطس، بلڈ پریشر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ جیسی کوئی غیر محسوس بیماری تو نہیں لگ گئی۔ اپنے میڈیکل چیک اَپ سے اپنے یقین کے معیار کو بہتر کریں۔ جان ہے تو جہان ہے، اپنی صحت جسمانی سے کسی طور غفلت برتنی مناسب نہ ہوگا۔ اپنا طرز زندگی بدلیں، سستی کاہلی کو پاس نہ آنے دیں، ہلکی زود ہضم غذائیں کھائیں۔ حسب توفیق ہسپتالوں کو چندہ دیں کوئی صدقہ جاریہ کا کام کر کے اس بہترین عمل سے اپنی طرف بڑھی ہوئی بیماریوں کو روک سکتے ہیں۔ 11 اگست تک سعد اکبر ستارہ مشتری کو سعد ناظر رہنے سے اگر کوئی صحت کے مسائل تشخیص بھی ہوئے تو اپنے معالج کے مشورہ پر عمل کرنے سے شفاء یابی کی قوت پاسکیں گے۔

## تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:

بیت الزوج میں بارہ سال کے بعد سعد اکبر ستارہ مشتری کا قیام 11 اگست تک یہاں رہے گا۔ اس کا قیام یہاں یوں تو ہر لحاظ سے نیک، تاہم شادی کے خواہاں دلوی لڑکے لڑکیوں کے لیے 2015ء بہت خوش بخت سال ہے۔ دیرینہ شادی کے خواہ اور عقد ثانی کرنے کے خواہاں دلوی بھی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے۔ 18 اپریل تا 11 اگست مشتری مستقیم (سیدھا) ہوگا تو شادی بیاہ کے سبھی کام سیدھے ہونے لگیں گے۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری شرکت کے خانہ مال میں آجانے سے اس دوران جن کی شادی ہوئی، انہیں مالی لحاظ سے بہت خوش نصیب لائف پارٹنر ملے، نیز شادی سے مالی مادی فوائد کا حصول بھی ممکن ہے۔ مالی لحاظ سے شراکتی لحاظ سے یوں تو پورا 2015ء ہی نیک سال ہے۔ کاروباری لحاظ سے بھی مشترکہ مفادات کے کام کرنے نیک ہیں۔ نئے نئے تعلقات مراسم تقویت پائیں، جن سے مستقبل میں مالی، اخلاقی، کاروباری فوائد ملیں۔ بیت الزوج کا اصل حاکم شمس بھی آپ پر مہربانی کے لحاظ سے پیچھے نہیں۔ 21 مارچ تا 20 اپریل شرف شمس، 21 جون تا 23 جولائی اوج شمس، 23 جولائی تا 24 اگست عروج شمس 22 نومبر تا 22 دسمبر شمس حالت فرح فرحت وشادمانی کے گھر ہونے سے یہ سبھی مجموعی ایام 2015ء کے خوش بخت ایام شمار کیے جاسکتے ہیں۔ تاہم 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس ہبوط یافتہ کمزور ہونے سے خواہ واہ کی متوقع پریشانیوں کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔ شمس، زحل اور شمس مشتری سعد نظرات 22، 23، 24 جنوری۔ 25، 26، 27 مارچ۔ یکم، 2، 3، اپریل۔ 7، 9، 10 جون۔ 20، 21 جولائی۔ 22، 23، 25 ستمبر اور 10، 11، 12 نومبر دوسروں سے اچھے تعلقات کامیاب فیصلے اور حالات

عمران بک ڈپو، چوک بہادر پور، رحیم یار خان

جو بیمار عبد مومن طلوع فجر سے پہلے صحت کی دعا کرے گا میں صحت و عافیت عطا کروں گا۔ حدیث قدسی

امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبْحٰنَہٗ مِنْ عَجِیْبٍ مَّآ اَفْخَرَہٗ۔ اور پاک ہے وہ صاحبِ عُجب کیا ہی فاخر ہے وہ

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

کی استحکامت کے لیے مثبت عملی فیصلے کرنے خوشیوں کا باعث بنیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** آٹھویں پانچویں کا مشترکہ حاکم عطارد 2015ء میں آپ کو متعدد غیر متوقع فوائد دلائے گا۔ مزید خوش بختی یہ ہے کہ 11 اگست کو بارہ سال بعد سعدِ اکبر ستارہ مشتری آئندہ سال بھر کے لیے یہاں آجائے گا۔ یوں اس سال آپ کے دیرینہ پیچیدہ وراثتی مسائل ازخود بزرگوں کی وساطت یا پھر پنچایتی، قانونی طریقے سے حسبِ منشاء حل ہوسکیں گے۔ ستارہ عطارد 2015ء میں یکم مئی تا 8 جولائی عروج اور 8 تا 27 اگست آٹھویں میں شرف یافتہ رہے گا۔ وراثت، انشورنس، کلیم بغیر محنت کے دولت ملنے، ازقسم لاٹری، انعامی بانڈز، کسی انٹرنیشنل لاٹری سے جیک پاٹ الغرض سبھی فوائد کوشش فرمانے سے مل سکتے ہیں۔ عطارد تین مرتبہ رجعت (الٹا) پذیر 21 جنوری تا 11 فروری۔ 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر تب کاموں میں سست روی آسکتی ہے۔ عطارد زحل سعد نظرات 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، 18، 19، 21 فروری۔ 2، 3 اپریل۔ 22، 23 جون۔ 26، 27 اگست۔ 5، 7، 13، 15 اکتوبر اور 24، 25 نومبر گرین مارک سے نوٹ فرمالیں۔ تاہم محتاط اور صدقات دینے کے ایام 15، 16 مارچ۔ 2، 3 مئی اور 6، 7 اگست ہیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** نواں گھر بیت السفر ونصیب یاوری کا گھر مالک ستارہ زہرہ 2015ء میں آپ کو متعدد سعادتیں دے گا۔ راس کا قیام بھی 12 نومبر تک یہاں رہے۔ راس کی موجودگی آپ کی شعوری ارتکائی قوتوں کو بیدار کرے اور آپ روحانیات اور غیر روحانیت کے مراکز دونوں کاموں میں تمیز کر پائیں اور فضول کاموں سے اپنے آپ کو الگ کرلیں۔ مقدس مقامات کی زیارت، حج و عمرہ کی اچانک سعادت میسر آسکتی ہے۔ ستارہ زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ، 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج یافتہ اور 5 جون تا 19 جولائی حالت فرح میں رہنے سے حالات میں فرحت وشادمانی رہے، امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ سے تعلق رکھنے والے کامیاب بیرونِ ملک رابطے اور سفر کرپائیں۔ آپ کا نصیب یاوری کرجائے، قانونی مشاورت سے مقدمات میں کامیابی ملے۔ 2015ء کی سعد نظرات سیارگان زہرہ زحل تسدیس 3، 4، 5 جنوری۔ 12، 13، 14 نومبر۔ تثلیث 23، 24، 25 فروری اور 5، 6، 7 جون بنیں، تب بیرونِ ملک کاروباری سفر یا معاہدے زیادہ موثر ثابت ہوں۔ خواہاں طلبہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرونِ ملک کوشش فرمانے سے بہ آسانی جاسکیں، اپنے شوق سے کی گئی وفاداری کا صلہ بیرونِ ملک امیگریشن کے حصول وقیام کے لیے ان ایام میں اپلائی کرنا نیک رہے۔ جن دنوں زہرہ ہبوط یافتہ ہو 19 تا 31 جولائی، 8 اکتوبر تا 8 نومبر تب احتیاط سے کام لیں، جذبات میں کوئی اہم فیصلہ نہ کریں۔ زہرہ زحل ناقص نظرات 29، 30 جنوری۔ 14، 15 اپریل۔ 12، 14، 15 جولائی۔ 3، 5، 6 اگست اور 9، 11 اکتوبر کے ایام میں قابلِ توجہ صدقہ وخیرات دینے کے حامل دن ہیں تاکہ بلائیں دور ہوں اور آپ کا نصیب یاوری کرتا رہے۔



**کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:** بیت العزت دسویں کا مالک ستارہ مریخ پورا سال وقفہ وقفہ سے کاروباری ساکھ، عزت وتوقیر عطا کرے۔ اس کا سبب شمسی زائچہ میں آپ کے حاکم زحل اور مشتری کی زائچہ میں سعد نشست کے سبب ہوگا۔ رجعت کے سبب زحل 2015ء میں بھی 15 جون تا 18 ستمبر یہاں رہے، یہ اس کا فطرتی گھر بھی طالع کے مالک کا بیت العزت کے گھر میں آنا نہایت سعد شمار ہوا اور غیر

جو قیدی مومن طلوع فجر سے پہلے مجھ سے رہائی کی دعا کرے گا میں نجات عطا کروں گا۔ حدیث قدسی

**حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء**

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

متوقع طور سے آپ کو کوئی ایسا کاروبار مل جائے جس پر محنت فرمانے سے آپ دن دگنی رات چوگنی ترقی کر سکیں۔ حکام بالا سے تعلقات قریبی رہیں، خود اعتمادی، حوصلہ مندی سے زندگی میں ترقی کرنے کا عزم بڑھے، ملازمتی فرائض ذمہ داری سے انجام پائیں اور آپ کو اپنی انتظامی صلاحیتوں کا موقع ملے، عزت وشہرت بھی نصیب ہو۔ مریخ 20 فروری تا 31 مارچ عروج یافتہ اور 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہے۔ دنیاوی، کاروباری معاملات میں تعمیر وترقی کا رجحان آپ اپنے کاروبار کو بڑھانے، مخلص سینئر سے مشاورت اور بزرگوں سے دعائیں لیں۔ نئے کاروبار کی ابتداء بھی نیک البتہ جو دلوی نئے تجربات کرنا چاہتے ہیں، ان کو مشورہ ہے کہ اپنے نئے کاروبار میں روشن پہلو کی بجائے نقصان کتنا برداشت کر سکتے ہیں۔ جب تک یہ بات پیش نظر رہی تو آپ دلیرانہ کاروباری فیصلے کر پائیں۔ مریخ 24 جون تا 9 اگست ہبوط اور 13 نومبر تا 31 دسمبر وبال یافتہ رہے۔ یہ ایام امکانی نقصان کے پہلو سے بچنے کے ایام ہیں۔ اس کے علاوہ مریخ زحل تربیع 14، 15، 16 جنوری اور 24، 26، 27 ستمبر۔ مقابلہ 14، 15، 16 مئی بنے، تب دھوکہ دہی کا امکان ہے۔ حاسدین، مخالفین، ناعاقبت اندیش لوگوں سے محتاط رہیں۔ حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔ سعد نظرات 24، 26، 27 فروری۔ 5، 6، 8 اگست اور 22، 24، 26 نومبر نظم وضبط، پلاننگ سے کیے گئے عملی کاروباری اقدامات آپ کو آئندہ آنے والے سالوں میں فائدہ اُٹھانے کے مواقع فراہم کر سکیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید گیارہویں کا حاکم ستارہ مشتری شروع سال میں رجعت پذیر 8 اپریل جیسے ہیں یہ مستقیم (سیدھا) ہوگا، آپ کی معصوم نیک خواہشات بتدریج پوری ہونے اور بڑھنے بھی لگیں۔ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے والا مقولہ محاورہ اپنے اوپر حاوی نہ ہونے دیں، قناعت میں ہی سکھ ہے۔ مشتری 11 اگست تک اور ساتویں اور گیارہویں طالع کا مالک زحل یکم جنوری 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر ہونے سے 2015ء میں آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات بر آئیں۔ 100% نہ سہی 50% خوشیاں تکمیل خواہشات سبھی مقدر بنیں، حلقہ احباب میں وسعت سینئر سماجی سیاسی لوگوں کے علاوہ مرشد کامل یا کسی بزرگ روحانی سے کسب فیض ملے۔ کاروباری اور جائیداد کی خرید وفروخت سے مالی فوائد ملیں۔ زحل وتد السماء پر آ کر 29 جولائی تا 6 اگست مشتری سے تربیع بنے، تب احباب دوستوں سے تعلقات میں شکوک وشبہات، ابہام پیدا ہونے سے جمود طاری ہو سکتا ہے۔ دشمن نما دوست بھی آشکار ہوں تو ان کو اپنی لائف سے نفی کر دیں یا پھر ان سے حد فاصل قائم کر لینے میں ہی مستقبل میں عافیت ہوگی۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** بارہویں ابتداء سال چار کواکب کا اجتماع زحل گیارہویں اگرچہ اچھا ہے، مگر یہ بارہویں بیت الاعداء کا بھی گھر ہے اور مریخ طالع میں ہونے سے یوں لگتا ہے کہ حاسدین مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ کو دیکھتے ہوئے آپ کے خلاف سازشیں کریں۔ ادھر راس وذنب نے بھی [کا]روباری وگھریلو سکھ کو گھیرا ہوا ہے۔ 2015ء میں امکانی اندیشے ہیں کہ دشمنوں کے کھلے یا خفیہ شر سے زد پہنچے نظر بد، جادو ٹونہ اور سازشیں حد [سے] بڑھ جائیں۔ پرائے لوگوں سے کم کچھ اپنوں سے ہی زیادہ گلہ ہو۔ ناگہانی اخراجات بھی بلند رہیں، آمدن کے مقابلے میں اخراجات کی [زیا]دتی، دانشمندی ہوگی کہ اسراف سے گریز کریں۔ یہ سبھی نحوستیں اپنی جگہ، آپ کو ان کا شروع سال سے ہی روحانی تدارک ضرور کر لینا چاہیے۔ [آپ کے] شمسی زائچہ میں سعد اکبر ستارہ مشتری (گرو) جو مثل ... پانچویں بیٹھ کر طالع کو سعد ناظر ہونے سے آپ

حسینی مکتبہ وکیسٹ لائبریری، پونیال روڈ، گلگت

## زنجانی جنتری 2015ء

جومظلوم بندہ طلوع فجر سے پہلے ظلم سے چھٹکارے کی دعا مانگے گا میں اللہ اس کی مدد کروں گا۔ حدیث قدسی

روزانہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے بدن پر پھونک کر حصار بنا لیا کریں۔ 2015ء کی ابتداء میں ہی اپنا ہم وزن گندم یا چاول کا صدقہ یا پھر دونوں نصف نصف ملا کر دینا رَدِ بلا ثابت ہوگا۔ اس روحانی تدارک فرمانے سے آپ پورا سال حاسدین دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ امیگریشن کے لیے اپلائی کرنا اگرچہ نیک ہے، تاہم اپنے کاغذات کی تیاری میں کسی ماہر کنسلٹنٹ سے مشاورت بھی لیں۔



**دلوی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات سے سبھی واقف ہیں، اسی سبب پوری دنیا کے باشعور لوگ ان کے ناقص اثرات کے اپنے اپنے مذہب کے تحت اُپائے کرتے ہیں۔ مسلم بہن بھائیوں پر نماز آیات (گرہن) پڑھنا واجب، صدقہ وخیرات دیا جائے تو مزید نحوستوں کے دور ہونے کا یقین واطمینان کیا جا سکتا ہے۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ دوسرے اور تیسرے کی کسب پر لگے گا، مالی کاروباری نقصانات، عزیز واقارب کی بلاوجہ ناراضگی کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل نویں لگنے سے بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کیے گئے سفر میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہو، فی الحال سفر ملتوی کر دینے یا اشد ضرورت ہو تو صدقہ دے کر سفر کریں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر آٹھویں گرہن لگنے سے مشترکہ مالی مفادات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر تیسرے لگنے سے اندرونِ ملک کیے گئے سفر بھی قائم دیں، عزیز واقارب سے اختلافِ رائے، ٹریفک حادثات کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔ صدقہ وخیرات، ہر بار نماز گرہن پڑھ کر دعا کرکے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کر سکتے ہیں۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| دلوسعد تواریخ 2015 | دلونحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 3،4،5،6،22،23،24 جنوری | 14،15،16،29،30 جنوری |
| 4،5،6،18،19،21،26،27 فروری | 29،30 فروری |
| 25،26،27 مارچ | 15،16،20 مارچ |
| 2،3 اپریل | 4،14،15 اپریل |
| یکم،5،10،14،23،28 مئی | 2،3،15،16،22 مئی |
| 5،6،7 جون | 8،14،18،21،26 جون |
| 20،25،22 جولائی | 12،13،14،15،29 جولائی |
| 5،6،8،26،27 اگست | 3،5،7،21،22 اگست |
| 22،23،25 ستمبر | 13،24،26،27،28 ستمبر |
| 5،6،13،15 اکتوبر | 7،9،11 اکتوبر |
| 12،13،14،22،24،25،26 نومبر | 29،30 نومبر |
| 5،10،15،19،28 دسمبر | 23،24،30 دسمبر |

... سوال کرے کہ میں نقصان اور نفع پہنچانے والا ہوں میں اس کی دعا کو قبول کروں گا۔ حدیث قدسی

Aisam-ul-Haq

# PISCES
# حوت
## نیپچون
## حالات وواقعات کی روشنی میں

| | |
|---|---|
| دن | جمعرات |
| عدد | 3 |
| رنگ | نیلا یا سبز |
| پتھر | زرد عقیق، زرد پکھراج |

20 Feb. To 20 March

2015

دچ

... خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں

... کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل 30 سال بعد وتد السماء دسویں گھر سارا سال ماسوائے (15 جون تا 18 ستمبر) اوج یافتہ رہتے ہوئے ... قرابت، سماجی، سیاسی حیثیت وشخصیت میں نمایاں مقام دلائے گا۔ زحل یوں بھی شمسی زائچہ میں بیت الامید اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ہونے ... جہاں حلقہ احباب میں وسعت سنجیدہ مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہو اور دیرینہ خواہشات کی تکمیل ہو، وہاں آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ کو ... خفیہ حاسدین ومخالفین کی تعداد میں اضافہ ہو۔ بارہ منطقۃ البروج میں آپ کا واحد برج حوت تکمیل کائنات کا مظہر ہے اور اس کے حاکم ستارہ ... (گرو) کی سبع کواکب میں الگ ہی شان ہے۔ اپنے بارہ سالہ گردش افلاک میں یہ جہاں بھی جاتا ہے، اپنے اختیار حکومت کو ظاہر کرتے ہوئے اس گھر ... بڑھاتا ہے۔ اس سبب انصاف اور مساوات کلی طور سے دولت کے حاکم ستارہ مشتری کے بارہ سال بعد شرف یافتہ ہونے کا سبھی باشعور بہن بھائی ... کرتے ہیں۔ 2013ء اور 2014ء میں یہ اپنی رجعت واستقامت کے سبب دوبارہ شرفی درجات سے گزرا جس سے ایک زمانہ خصوصاً عاملین ... روحانیات نے فیض پا کر اپنے دل ودماغ، اپنی روح کو تقویت دی۔ 2015ء میں شرف یافتہ مشتری کا تحفہ ہم بھی سبھی قارئین کو تحفۃً پیش کر رہے ... مشتری آپ کا حاکم اور جبکہ ذیلی حاکم ستارہ نیپچون جوان دنوں آپ کے طالع میں 26 جنوری 2026ء طویل عرصہ تک رہتے ہوئے وقفہ وقفہ ... آپ کے اندر پراسرار علوم کو سیکھنے کا شوق بڑھائے۔ اسرار مخفی، اپنے مذہبی ماحول، معاشرے کے مطابق قوت روحانیات بڑھائے، آپ کے روحانی ... خیالات اور اعتقادات میں پختگی دلائے گا اور آپ معاشرے میں لوگوں کے مشیر بہترین بن سکیں۔ ستارہ مشتری 11 اگست تک چھٹے بیت المرض ... آپ کو صحت وتندرستی سے زندگی گزارنے کے شعور سے آگاہی دے۔ آپ اپنا طرز زندگی بدل کر متوقع امراض بلڈ پریشر، ذیابیطس، یورک ایسڈ، ... سے بچ سکتے ہیں۔ صحت مند زندگی میں امراض کے خدشہ لگا رہتا ہے۔ 2015ء اپنی صحت جسمانی کی مسلسل بحالی کے خدشات سے تحفظ کے ... فرصت یا اپنی سالگرہ کے قریب اپنے ڈاکٹر یا کسی اچھے ڈاکٹر سے اپنا میڈیکل چیک اپ بھی کروالیں۔ ان ممکنہ حفاظتی تدابیر سے آپ اپنے طویل ... طویل عرصہ تک صحت مند وتوانا رہ سکتے ہیں۔ غفلت کی صورت میں میٹھا ستارہ میٹھا تحفہ ذیابیطس دے کر جا سکتا ہے۔ بیروزگار حوتی اعلیٰ یا حسب منشاء ... پاسکیں گے۔ ذمہ دارانہ فرائض کی ادائیگی سے جلد ہی ترقی کی منازل طے کر پائیں گے۔ کسی ادارے کے سربراہ حوتی اپنے ماتحت کام کرنے والوں کا ... تعاون پائیں۔ روزمرہ اخراجات بڑھ سکتے ہیں، ایسے میں فضول خرچی یا اسراف سے گریز کریں۔ پالتو جانوروں کے شوقین حوتی افراد کو اپنے جانوروں ... دیکھ بھال اور اُن کی افزائش نسل پر بھی خصوصی توجہ رہے۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری بارہ سال بعد بیت الزوج ساتویں آنے سے شادی کے خواہاں ... کے لڑکیوں کا نصیب کھل جائے اور اُن کی پسند کے مطابق سال کے اندر اندر کسی اچھی جگہ منگنی یا شادی خانہ آبادی ہو جائے۔ نئے نئے شراکتی کاروباری ... ہیں۔ 12 نومبر مشتری کے بعد راس (راہو) مقابل ذنب (کیتو) بھی یہاں آجائے گا، یہ خانگی ازدواجی شراکتی معاملات میں قدرے احتیاط کے ... کا اشارہ ہے۔ ایسی ایسوسی ایشن سے دور رہیں جو قدرے مشکوک اور شادی شدہ جوڑوں کو لالچ، دام فریب دے کر ایک دوسرے سے دور کر دیں۔ ... ایک سال تک کم از کم اپنی شریک حیات کی صحت جسمانی سے غافل نہ رہیں۔ ذنب کی طالع میں موجودگی خواہ مخواہ کی الجھنوں، پریشانیوں کا اندیشہ، عزیز

... بک ڈپو، تحصیل بازار، احمد پور شرقیہ ✽ نارتھ نیوز ایجنسی، مدینہ ...

اے لوگو دنیا میں سے ضرورت کے مطابق کھانا پانی اور لباس لے لو کل کیلئے ذخیرہ نہ کرو اور ہمیشہ میرا ذکر کرو۔ حدیث قدسی

واقارب کی جانب سے بھی فکرو پریشانی رہے گی، رشتہ داروں کے ساتھ ساتھ اپنے فیملی ممبران کی صحت و تحفظ کا خیال رکھیں۔ آپ کے بڑھتے ہوئے عزت و وقار کو دیکھتے ہوئے بعض حاسدین مخالفین آپ کے خلاف سازشیں اسکینڈل پیدا کر سکتے ہیں۔ اپنے معلوم نامعلوم حاسدین سے تحفظ کے لیے سورۃ کوثر کا 135 مرتبہ روزانہ ورد کر کے اپنے اور اپنی فیملی کے لیے دعائیں کرنا بہت نیک، تحفظ اعلیٰ کا باعث بنے گا۔

**درسِ روحانیات:** ستارہ مشتری 11 اگست تک وتدالسماء کو بنظر تثلیث اور پھر طالع کو سعد ناظر رہنے سے آپ کی روحانی ارتکاز توجہ بڑھے۔ مولاؑ کے اقوال آپ اور سبھی کے لیے پُرامید و رجا کی ایک تابندہ کرن ہے۔ مجھے اُس گناہ کا غم نہیں جس کے بعد مجھے دو رکعت نماز بجالانے کی مہلت مل گئی اور میں نے اللہ سے عافیت کا سوال کیا ہو۔ چار چیزیں جسے مل گئیں وہ چار چیزوں سے محروم نہیں رہتا۔ (1) جسے دعا کی توفیق مل گئی وہ اجابت سے محروم نہیں رہتا۔ (2) جسے توبہ کی توفیق مل گئی وہ مغفرت سے محروم نہیں رہتا۔ (3) جسے استغفار کی توفیق مل گئی وہ رحمت سے محروم نہیں رہتا۔ (4) جسے شکر کی توفیق مل گئی وہ نعمت کے زیادہ ہونے سے محروم نہیں رہتا۔

**آپ کی شخصیت:** آسمانی کونسل پر دو مچھلیوں کا نشان بارہ منطقۃ البروج آپ کے برج حوت کا اظہار محبت اور خدمت خلق کو عبادت سمجھ کر بجالاتے ہیں۔ 11 اگست تک ستارہ مشتری چھٹے رہتے ہوئے دسویں وتدالسماء کو سعد ناظر رہنے سے آپ اپنے طرزِ زندگی میں مثبت تبدیلیاں لانا پسند کریں، خصوصاً اپنی شخصیت کے منفی اور مثبت پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی خود احتسابی کرنا پسند کریں۔ معلم زمانہ ستارہ زحل وتدالسماء پر سارا سال (علاوہ 15 جون تا 18 ستمبر) آپ کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ، آپ کے ذاتی یا اجتماعی مشاورت سے طویل المیعاد عملی پروگرام بنائیں۔ زحل گیارہویں اچھے بارہویں برے گھر کا مشترکہ حاکم جہاں آپ کی شخصیت کی پذیرائی ہو، وہاں حاسدین کی سازشوں اور اُن کے شر سے بھی بچنے کی تدبیر ضرور سوچ رکھیں۔ مشتری 11 اگست تا 31 دسمبر ساتویں آ کر طالع کو ناظر رہنے سے آپ حالات کے تحت خود کو تبدیل کر لینے اور کامیاب دنیاوی زندگی گزارنے کی اپنے اندر صلاحیتیں محسوس کریں۔ زمانہ سے ناراض حوتی افراد کی قسمت یاوری کر سکتی ہے۔ بشرطِ وہ خود بھی تھوڑی سی ہمت کریں۔ اوتاد کے مالکان مشتری و عطارد سعد نظرات 6، 7 اپریل۔ 3، 4 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر اور 25، 26 دسمبر بنیں۔ قیاس آرائیوں سے ہٹ کر مثبت سوچ علمی و روحانی مشاورت سے کیے گئے فیصلے آپ کے مستقبل کو درخشاں بنائے۔ اسی طرح ناقص نظرات یکم، 2 مارچ۔ 20، 21 اپریل۔ 4، 5 دسمبر بننے سے جذباتی پن، جلد بازی میں فیصلے نہ کریں۔ دوسروں کی رائے کا احترام اور اُن سے الجھنے کی کوشش بھی مت کریں، صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** بیت المال کا حاکم ستارہ مریخ تمام سال مستقیم رہتے ہوئے آپ کو عجیب و غریب انداز سے کچھ غیر متوقع مالی فوائد خصوصاً کاروباری فوائد بھی ملیں۔ ایسے حوتی جو اپنی کسی غرض سے قرض لینے کے خواہاں ہیں۔ انفرادی طور سے یا بینک سے مشتری کے چھٹے ہونے کے سبب قرضہ مل جائے، قرض بغیر پلاننگ ہرگز نہ لیں، ضروری ہو تو مختصر مدت کا قرضہ انجوائے کریں۔ طویل المیعاد آئندہ پانچ دس سال کے لیے ہرگز قرضہ لینا مناسب نہ ہوگا، کیونکہ پانچ سال بعد آپ ساڑھ ستی کے دور میں آنے والے ہیں۔ سنت حضرت یوسفؑ کی طرح 2015ء سے ہی مالی پلاننگ شروع کر دیں۔ ایک اور اہم ستارہ یا سایہ ذنب (کیتو) 12 نومبر تک ہمراہ یورانس خانہ مال میں رہے، یہ مالی معاملات اور دوران گفتگو آپ میں غرور و تکبر پیدا کرا سکتا ہے، جس سے غیر متوقع حالات بگڑ سکتے ہیں۔ "زباں شیریں تو جگ شیریں" والا مقولہ یاد رکھیں۔ مالی امور تحریر و تقریر میں محتاط طرزِ فکر اپنانے میں آپ ہی کا بھلا ہے۔ خصوصاً مریخ مشتری مقابلہ 2 جنوری، تربیع 16، 17، 18 اپریل بنے، تب احتیاط لازم ہوگی۔ 24 جون تا 9 اگست مریخ ہبوط یافتہ اور 13 نومبر تا 31 دسمبر وبال یافتہ رہے۔ یہ مجموعی ایام لین دین، تحریری معاہدوں کے لیے توجہ طلب ہوں۔ 2015ء کے مجموعی طور سے سعد ایام 20 فروری تا 31 مارچ مریخ عروج یافتہ اور 9 تا 25 اگست اوج یافتہ ہونے سے

ے احمدؐ اگر تم تمام لوگوں سے زیادہ پرہیزگار بننا چاہتے ہو تو دنیا سے کنارہ کشی کرو اور آخرت کی چاہت کرو۔ حدیث قدسی

روری فیصلے کریں، مگر اس میں مخلصین کی مشاورت ضرور شامل کرلیں، تبھی مالی فوائد مزید بڑھیں۔ مریخ مشتری سعد نظرات 10، 11 مارچ۔ 5، 6، 7، 8 جون اور 15، 16، 17، 18، 19 اکتوبر بنیں۔ تب مالی فیصلے مشاورت یا از خود اعتماد سے کرسکتے ہیں۔ آپ اپنے اندر تماد و توانائی، روحانی قوت محسوس کرتے ہوئے اپنی حل المشکلات خصوصاً مالی معاملات کو بہتر انداز سے حل کرنے کی کامیاب کوشش فرما سکتے ں۔ قرض سے بچ سکیں تو یہ 2015ء کا ایک دانشمندانہ فیصلہ ہوگا۔

**عزیز و اقارب، اندرون ملک سفر:** ابتداء سال میں قمر یہاں شرف یافتہ ہو۔ 2015ء سال بھرپور سرگرمیوں کا سال ہے۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ 27 فروری تا 21 فروری طالع میں شرف یافتہ ہونے سے یکے بعد دیگرے عزیز و اقارب سے اچھی خبریں ملیں، تجدید مراسم، ناراض بہن بھائیوں سے صلح صفائی، محبت بھرے پیغامات ملیں۔ 17 مارچ تا 11 اپریل زہرہ تیسرے عروج فتہ ہونے سے اندرون ملک مطالعاتی، سیر و سیاحت، عزیزوں سے میل ملاقات، اُن کی خوشی کی تقریبات میں شرکت کی غرض سے بارہا سفر پیش ئیں۔ 11 اپریل تا 8 مئی زہرہ چوتھے اوج یافتہ ہونے سے مہمان نوازی کے مواقع بڑھیں، بہن بھائیوں، پڑوسیوں سے تعلقات میں بھی تری آئے۔ 19 جولائی تا 8 نومبر، ماسوائے 31 جولائی تا 8 اکتوبر زہرہ ہبوط یافتہ اقرباء کی صحت اور ان سے قریبی تعلقات کے لیے یہ عرصہ صہ آزمائش طلب ہو۔ اُن کی صحت کے لیے ڈاکٹروں، ہسپتالوں کے چکر لگانے پڑیں۔ 8 نومبر تا 5 اکتوبر عروج زہرہ قریبی تعلقات مزید اہمیت تیار کرجائیں، اُن کی فرمائشوں پر بھاری اخراجات بھی پیش آسکتے ہیں۔ فرمائشیں پوری نہ کرنے پر اُن کی ناراضگی کے لیے تیار رہیں۔ 5 تا 30 بر وبال زہرہ کے سبب اندرون ملک غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں، ذاتی یا کاروباری نوعیت کے کیے گئے سفر بھی موثر ثابت نہ ہوں۔ زہرہ شتری ناقص نظرات 19، 20 جنوری اور 27، 28 فروری بنیں، تب محتاط طرزِ فکر اپنائیں۔ قرباء سے تعلقات میں احتیاط برتیں۔ سعد ظرات زہرہ مشتری 4، 5 مارچ۔ 22، 23 اپریل۔ 29 جون تا 2 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست۔ 24، 25، 26 اکتوبر اور 23، 24، 25 بر بنیں۔ آرام دہ اور پرسکون حالات رہیں۔ قرباء سے سخاوت پسندانہ اور دوستانہ مراسم میں اضافہ ہو، خوبصورت اجتماعات میں شرکت سے تماعی قرباء، بہن بھائیوں، پڑوسیوں سے ایثار و محبت میں اضافہ ہو۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** بیت الارض کا حاکم عطارد امسال کچھ زیادہ ہی تیز رفتاری دکھائے اور 2015ء میں عجیب و غریب طریقے سے خانگی خاندانی خوشیاں عطا کرے۔ یکم مئی تا 8 جولائی عطارد چوتھے عروج یافتہ رہنے سے خاندانی خانگی خوشیوں میں اضافہ، رہائش کی تزئین و آرائش، زمین جائیداد کی حسب منشاء خرید و فروخت کی جاسکے۔ زراعت، باغبانی، ڈیری فارمنگ کے شعبہ سے وابستہ حوتی محتاط انداز ے اور محنت سے اپنا نفع بڑھانے کی جو بھی نیک تدبیر کریں، اس میں کامیابی یا صاحب حیثیت سواری کا حصول بہ آسانی ممکن ہے۔ 2015ء میں تین مرتبہ عطارد رجعت (الٹا) رے، 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون، 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رہنے سے بھی کاموں میں سست روی آسکتی ہے۔ تب زیادہ متفکر نہ ں، کام ترتیب سے ہونے کا انتظار کریں۔ گھریلو مرمت، صحت و صفائی، اپنی گاڑی کا چیک اَپ اور اپنے گمشدہ گھر یا آفس کے سامان کی تلاش ان م میں کریں۔ بکھری گھریلو اشیاء، ضروری کاغذات کو بہ آسانی ترتیب دے سکیں۔ 8 تا 27 اگست شرف عطارد خاندانی گھریلو سکھ بڑھائے، وہ قریبی باب جو پہلے کسی مجبوری کے سبب آپ سے تعاون نہ کر رہے ہوں، اب ان کا رویہ تعاون آپ سے بتدریج بڑھ جائے۔ بزرگوں خصوصاً والدہ صاحبہ ے دعائیں ملی، جن کی والدہ حیات نہیں، انہیں عالم رویاء میں ان سے ملاقات اور ان کی روح سے مدد و تقویت ملے۔ عطارد مشتری سعد نظرات 6، 7 یل۔ 3، 4 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر اور 25، 26 دسمبر بنیں۔ اجتماعی خاندانی منصفانہ اچھے خوشگوار فیصلے کیے جاسکیں۔ 2015ء ، احتیاط طلب ایام 13 تا 31 مارچ عطارد اور 21 نومبر تا 10 دسمبر ہبوط و وبال یافتہ رہے، تب خاندانی معاملات آپ کی توجہ کے محتاج ہوں۔ وصاً ناقص نظرات سیارگان عطارد مشتری یکم، 2 مارچ۔ 20، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر غیر سنجیدہ قسم کے امور میں ذہنی دھچکا نہ لگے، اس کے لیے

حبیب لائبریری اینڈ سٹیشنری، میلاد چوک، واہ کینٹ

... پر صبر کریں، تنگی میں شکر کریں بھوک پیاس کی شکایت نہ کریں۔ حدیث قدسی

ذہنی طور سے تیار رہیں۔ تب صدقات وخیرات کا اضافہ بہترین صدقہ اپنے گھر پرست اناج یا باجرہ ٹوٹا چاول پرندوں کو روزانہ ڈالنا نیک رہے۔

**اولاد، انعامات و محبت:** پانچویں کا حاکم چندرماں (قمر) 2015ء کی ابتداء میں شرف یافتہ ہونے سے یہ سال خاصا پانچویں گھر کے منسوبات کو ہائی لائٹ رکھے۔ صاحب اولاد حوتی افراد کو اپنی اولاد کی خوشیاں ملیں، ان کی تعلیم و تربیت، نگہداشت کی طرف آپ کی خصوصی توجہ رہے۔ آپ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کی غرض سے مسلسل کوشاں رہیں۔ زہرہ، شمس، مریخ اور عطارد چار اہم کواکب 2015ء میں ان ایام میں بیت الاولاد میں یکے بعد دیگرے آئیں۔ 8 مئی تا 5 جون زہرہ، 21 جون تا 23 جولائی شمس، 24 جون تا 9 اگست مریخ، 8 تا 23 جولائی عطارد۔ یوں مئی، جون، جولائی، اگست پانچویں گھر کے سبھی امور ہائی لائٹ رہیں۔ سپورٹس مین شپ تعلیمی اور تفریحی امور اچانک پاکیزہ محبت کا آغاز ہو کر مستقبل قریب میں شادی پر منتہا ہو۔ مسلسل انعامی اسکیموں میں دلچسپی لینے والے حوتی ان خصوصی ایام میں دلچسپی لیں۔ 4، 5، 31 جنوری۔ یکم، 27، 28 فروری۔ 27، 28 مارچ۔ 23، 24 اپریل۔ 20، 21، 22 مئی۔ 17، 18 جون۔ 14، 15، 16 جولائی۔ 10، 11، 12 اگست۔ 7، 8، 9 ستمبر۔ 4، 5، 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 28، 29 نومبر۔ 25، 26 دسمبر تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

**صحت و امراض، ملازمت، کیریئر:** ستارہ مشتری بارہ سال بعد 11 اگست تک بیت المرض میں رہے تو صحت کے مسائل نمایاں ہوں۔ شرمیلے اور حساس طبع حوتی جنہیں اپنی صحت کا ادراک شعور نہیں، انہیں ہمت کر کے اپنا میڈیکل چیک اپ کراتے رہنا چاہیے۔ اندیشہ ہے کہ کمزوری معدہ وجگر، ذیابیطس جیسے امراض سے تحفظ کا یقین یا پھر ڈاکٹر کی تجویز کردہ ہدایت پر عمل کر کے اپنی صحت کو بہتر بنائیں۔ شمس، مشتری نحس تواریخ 6، 7 فروری۔ 3، 4، 5 مئی۔ 13، 14، 15 دسمبر بننے اوورلوڈ کام میں آرام کا مناسب وقفہ نہ ہونے سے صحت اچانک گر بھی سکتی ہے، رَدِّ بلا ہونے کے لیے صدقہ وخیرات بھی جی کھول کر دیں۔ ملازمتی فرائض و ذمہ داری میں اضافہ ہو جس سے ترقی عزت، مراعات کا حصول یقینی ہو۔ بیروزگار افراد کو یقیناً روزگار مل سکے گا۔ ماتحت ورکر کا بھی ممکنہ آپ سے تعاون رہے۔ شفاء یابی، چیک اپ اور حصول روزگار کی تلاش کے لیے 21 مارچ تا 20 اپریل اور 21 جون تا 23 کے ایام سعد ہیں۔ جولائی / اگست کے گرم مہینوں میں جسم میں پانی کی کمی نہ ہونے دیں، دھوپ میں بلاوجہ پھرنا صحت کے لیے مناسب نہیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری جب ساتویں آئے گا، تب بھی ہم مزاج بہتر معالج کی تجویز کردہ اغذیہ ادویہ کا استعمال یا ہلکی پھلکی ورزش، طرز زندگی میں تبدیلی لانے سے اپنی صحت کو بحال و بہتر رکھ سکیں۔ وہ سعد ایام جب صحت وروزگار، ملازمت کے کام آسان ہوں۔ یکم، 2، 3 اپریل۔ 7، 8، 9، 10 جون۔ 25، 26، 27 اگست۔ 10، 11، 12 نومبر ہیں، نوٹ فرمالیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:** بیت الزوج کا حاکم عطارد 2015ء گزشتہ سالوں کی بہ نسبت کچھ منفرد فوائد عطا کرے۔ طالع کا حاکم مشتری 11 اگست تک چھٹے رہنے سے شراکتی کاروباری امور میں آپ کو حسب منشاء کامیابیاں نہ ملیں۔ مزید مشترکہ مفادات کے تحت سرمایہ کاری کرنا بھی فی الحال مناسب نہ ہوگی۔ خواہاں لڑکے لڑکیوں کے رشتوں کی بابت بھی بات بن بن کر بلاوجہ رک سکتی ہے۔ جنوری تا اگست تک شراکتی، ازدواجی امور قابل توجہ ہوں گے۔ جیسے ہی ساتویں کا حاکم عطارد 8 تا 27 اگست ساتویں شرف یافتہ رہے۔ اس کی سعادت بڑھانے کے لیے بارہ سال بعد سعد اکبر ستارہ مشتری بھی یہاں آکر ہر دو کواکب کے سعد اثرات حوتی افراد کی نصیب کا بند دروازہ کھول دیں گے۔ دیرینہ شادی کے خواہاں حوتی لڑکے لڑکیوں کی 31 دسمبر سے قبل کسی اچھی جگہ شادی یا نسبت طے ہو جائے گی۔ ایسے حوتی جن کی عمر نکلی جا رہی ہے اور وہ چلہ 40 تک کی عمر کو ہی خواہ چھو رہے ہوں یا پھر عقد ثانی کے خواہاں بھی خوش اور تیار ہو جائیں کہ ان کی شادی کا وقت بھی اب آن پہنچا ہے اور وہ بھی اس سال دولہا بن جائیں گے۔ مجموعی طور سے 2015ء کے سعد ایام عطارد یکم تا 8 جولائی عروج یافتہ، 8 تا 27 اگست شرف یافتہ، 2 تا 21 نومبر اوج یافتہ ہے۔ ماسوائے چند ایام رجعت عطارد اپنے تعلقات میں سازگاری لانے کے لیے ان ایام کو ترجیح دیں۔ خصوصاً عطارد مشتری تثلیثات 6، 7

گ دنیادار وہ لوگ ہیں جن کا کھانا، ہنسنا، نیند، غصہ زیادہ اور اللہ کی رضا پر راضی رہنا کم ہوتا ہے۔ حدیث قدسی

**امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں**

وَ سُبْحٰنَهٗ مِنْ مَّانِعٍ مَّآ اَغْلَبَهٗ۔ اور پاک ہے وہ مانع کیا ہی غالب ہے وہ

ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

ں اور 25، 26 دسمبر۔ تسدیسات 3، 4 جولائی۔ 13، 14 نومبر۔ قران 6، 7، 8 اگست دلچسپی کے سبھی متعلقہ اچھے فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ۔ ناقص ایام میں عطارد 13 تا 31 مارچ ہبوط، 21 نومبر تا 10 دسمبر وبال یافتہ یہ بھی امور احتیاط طلب۔ اس کے علاوہ عطارد مشتری یکم، 2 مارچ راور 20، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر تربیعات بنائیں، تب محتاط رہیں۔ عطارد کو تین مرتبہ رجعت (الٹا) 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا جون اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رہے۔ تب کام سست روی سے ہوں، ان ایام میں صدقہ و خیرات دینا بہت نیک رہے گا۔ اپنے علاوہ اپنی شریک ، کی جان مال، صحت، عزت و آبرو کا صدقہ بھی ضرور نکالیں۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** بیت الخوف کا حاکم زہرہ 2015ء میں اپنی سعادت کے سبب 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ، 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 5 دسمبر اوج یافتہ رہنے سے وراثتی، شراکتی معاملات بہ آسانی حل کیے جاسکتے ہیں۔ انشورنس کلیم یا کسی جگہ سے رکی ہوئی رقم خصوصاً دیا گیا قرض وصول ہوسکے گا۔ ایک اور اہم ستارہ یا سایہ راس بھی 12 نومبر تک یہاں رہے۔ یہ بھی تحائف، میراث اور وراثت کے ں میں معاونت و مشاورت دے کر معاملات کو آپ کے حق میں یقینی بنائے گا۔ سعد نظرات سیارگان زہرہ مشتری تثلیث 4، 5 مارچ۔ تسدیسات 23 اپریل اور 23، 24، 25 دسمبر جبکہ قران سعدین زہرہ مشتری 29، 30 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست اور 24، 25، 26 بنیں۔ ان ایام میں حصول مقاصد کے لیے کوششیں کی گئیں تو کامیابی یقینی ہے۔ وہ حوت جن کی ان ایام میں شادی ہو، انہیں اپنے لائف پارٹنر دی مالی فوائد کا حصول یقینی ہوگا۔ ایسے میں اپنے پارٹنر کا اور اپنا صدقہ بھی ضرور دیں۔ کسی بڑی لاٹری سے جیک پاٹ کا انعام یا دیگر ذرائع سے ت کے دولت کا حصول ممکن ہے۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر کا حاکم مریخ تمام سال مستقیم رہے اور اسے رجعت بھی نہ ہو۔ 2015ء میں متعلقہ سبھی کاموں میں تیزی رہے۔ ابتداء سال مریخ کا بارہویں اور مشتری کا 11 اگست تک اسے ناظر رہنا اس بات کا اشارہ ہے کہ جن حوتی فیملیز نے بیرون ملک امیگریشن اپلائی کر رکھا ہے، انہیں حل اور جو سعد ایام 2015ء میں اپلائی کریں، انہیں بھی جلد کامیابی ہو۔ بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد کے متعدد سفر ہوں۔ زحل کی ں موجودگی اور مشتری کا دسویں کا سعد دیکھنا قانونی مشاورت ازبس ضروری ہوگی، اپنے قانونی مشیر سے رابطہ رکھیں۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہاں طلبہ اور ے والدین ان کی بہترین تعلیمی پالیسی کی پلاننگ مشاورت کریں تاکہ ممکنہ کسی تعلیمی تعطل سے بچا جاسکے۔ مستقبل کی پلاننگ کے لیے 2015ء بہترین سال ہے۔ تاہم زحل رجعت کرتے ہوئے 15 جون تا 18 ستمبر نویں آنے سے بیرون سفر ملک میں التواء، رکاوٹوں کا اندیشہ اپنے سفری ت کی درستگی کا یقین کرلیں۔ سال کے بہترین ایام 20 فروری تا 31 مارچ اور 9 اگست تا 25 ستمبر خصوصاً 9، 10، 11 مارچ۔ 4، 5، 6 ور 15، 16، 17، 18، 19 اکتوبر ہیں۔ آپ زندگی میں کامیاب لوگوں کی صف میں شامل ہونے کے لیے کوشاں ہوں۔ اپنی روح میں ں تازگی، توانائی اور خود اعتمادی محسوس کریں۔ وہ ایام جب دوسرے آپ سے دھوکہ دہی کرسکتے ہیں۔ 24 جون تا 19 اگست خصوصاً 2 جنوری۔ 17، 18 اپریل ایام توجہ طلب دوسروں پر کیا گیا بھروسہ ٹوٹ جائے۔ اس سبب تمام کیے گئے معاملات تحریر میں لائیں تاکہ یادداشت سند ور آپ ممکنہ کسی نقصان، دھوکہ دہی سے بچ سکیں۔

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہرِ نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاوں کا وقت آتا ہے

**کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:** بیت العزت وتد السماء اور طالع کا مشترکہ حاکم مشتری 11 اگست تا چھٹے نحس گھر میں رہنے سے کیرئیر، کاروباری معاملات گذشتہ سال کی بہ نسبت محنت طلب ہوں۔ کام تو ہوں مگر ان میں محنت زیادہ کرنی پڑے۔ اُدھر زحل 30 سال بعد تمام سال بیت العزت میں (ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر) اوج یافتہ رہتے ہوئے بلندی و سرفرازی عطا کرے۔ حکامِ بالا سے سنجیدہ نوعیت کے مراسم بڑھیں اور آپ اپنے فرائض میں ذمہ دارانہ پہلو پالیں۔ زحل کو 14 مارچ تا 2 اگست رجعت رہے۔ یہ وقت خود احتسابی کا ہے۔ اپنے کاروباری تعلقات، کیرئیر کے بنائے گئے پروگراموں پر نظر ثانی کریں، اپنی خود اعتمادی کو بحال رکھیں۔ سینئر، مخلصین، بزرگوں، اساتذہ اور والد، سرپرست حیات ہوں تو ان سبھی سے ممکنہ وقفہ وقفہ سے مشاورت اور دعائیں ضرور لیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر طالع کا حاکم مشتری جب ساتویں آئے گا تو سبھی معاملات حالات میں مثبت تبدیلیاں آنے لگیں۔ اوتاد کے مالکان مشتری عطارد کے علاوہ زحل کی دسویں نشست کے اعتبار سے ہر تین کواکب کی سعد و نحس نظرات آپ کے عزت و وقار، کیرئیر کے لیے نہایت اہم ہیں۔ سعد نظرات مشتری عطارد و زحل قرانات 6، 7 اگست۔ 24، 25 نومبر۔ تثلیثات 2، 3، 4، 5، 6، 7 اپریل۔ 22، 23 جولائی اور 25، 26 دسمبر بنیں۔ جبکہ تسدیسات 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6 فروری۔ 18، 19، 20، 21 فروری۔ 3، 4 جولائی۔ 26، 27 اگست۔ 5، 6، 7، 13، 14، 15 اکتوبر اور 13، 14 نومبر بنیں۔ تب مستقبل میں کیرئیر کو درخشاں بنانے کے لیے اچھے فیصلے کیے جائیں۔ خود اعتمادی میں اضافہ عقلی اور منطقی سوچ ارتکاز توجہ اپنے کیرئیر مستقبل پر ہونے کے سبب 2015ء کا اختتام خصوصاً آخری سہ ماہ میں بہترین فیصلوں پر مبنی ثابت ہوگی۔ نیکی کے ساتھ بدی ناقص ایام بھی ریڈ مارک کر لیں۔ مشتری عطارد زحل مقابلے یکم، 2 مارچ۔ 2، 3 مئی۔ تربیعات 15، 16 مارچ۔ 20، 21 اپریل۔ 29 جولائی تا 7 اگست اور اشیاء کی نقل و حمل بھی احتیاط یا انشورنس سے کام لیں۔ جب خود اعتمادی میں کمی پائیں تو ضروری کاموں کو پینڈنگ کر کے مشاورت تلاش کریں، ان دنوں میں صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم ستارہ زحل تمام سال اپنے گھر سے بارہویں رہے۔ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے۔ 2015ء تکمیل خواہشات کے لیے کچھ اچھا سال نہیں ہے۔ دوستوں، دشمنوں کی پہچان بھی کھل کر سامنے آئے اور منافق یار مار قسم کے دوست آپ کی زندگی سے بہ آسانی نکل جائیں۔ آپ کا رویہ اگرچہ ہمیشہ دوسروں سے منصفانہ ہمدردانہ رہتا ہے، مگر ضروری نہیں کہ دوسرے بھی ایسا کریں۔ اسی سبب امسال آپ کو مشورہ خصوصی ہے کہ دوسروں سے زیادہ توقعات ہرگز وابستہ نہ رکھیں۔ کوئی توقع پوری ہو جائے تو شکر، پوری نہ ہو تو غم نہ کریں۔ اس بات کو اپنے دل و دماغ میں یقینی بنائیں کہ جس سے بڑے سے بڑے بادشاہ مانگتے ہیں، اُسی سے کیوں نہ مانگا جائے۔ سال بھر یا ساری زندگی کم از کم 313 مرتبہ درود شریف کا وِرد معمول بنا لیں اور ہر تسبیح میں وقفہ کر کے دعائیں کرنا معمول بنا لیں، دن بدن نیکی پائیں۔ نحس نظرات سیارگان زحل، مشتری و عطارد یکم، 2، 15، 16 مارچ۔ 2، 3 مئی۔ 29 جولائی تا 6 اگست ان ایام میں محتاط طرزِ فکر اپنائیں۔ 2015ء کی خوش بخت تواریخ جب آپ کو بہ آسانی دوستوں یا دوسروں سے فوائد مل سکتے ہیں۔ 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، 18، 19، 20، 21 فروری۔ 2، 3، 4، 5، 6، 7 اپریل۔ 3، 4، 22، 23 جولائی۔ 7، 26، 27 اگست۔ 5، 7، 13، 14، 15 اکتوبر۔ 13، 14، 24، 25 نومبر اور 25، 26 دسمبر گرین مارک کر کے نوٹ فرمالیں۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** بارہویں گھر سال کی ابتداء میں مریخ کا قیام حاسدین کو آشکار کرے، بیت الاعداء

اے احمد کا نیک لوگ وہ ہیں جن کو لوگ غافل جب کہ ان کا شمار ذاکرین میں ہوتا ہے۔ حدیث قدسی

کا حاکم زحل اپنے گھر سے گیارہویں سارا سال اوج یافتہ رہے۔ 15 جون تا 18 ستمبر یہ رجعت کے سبب نویں آ کر امیگریشن کے حصول کو
اُبھارے۔ بارہویں کا ذیلی حاکم یورانس مشتری سے سال میں وقفہ وقفہ سے سعد نظرات بنظر تثلیث قائم کر کے یہ طویل دورانیہ کی نظر کے اثرات
بھی لمبے عرصہ تک قائم رہیں۔ پہلی نظر 25 فروری تا 10 مارچ، دوسری نظر 15 جون تا 29 جون تک رہے۔ ماضی کے مسائل کو حل کرنے کے
لیے اس دوران وظائف دعائیں مستجاب ہوں۔ بیرونِ ملک بسلسلہ روزگار یا حصولِ امیگریشن کے سلسلے میں اچانک اور دلچسپ نئے مواقع ملیں۔
خفیہ سرگرمیوں میں محتاط رہیں۔ عقل وفہم سے بالاتر نفسیاتی مسائل محسوس کریں تو پریشان ہونے کی بجائے ذکر الٰہی کی پابندی کریں۔ اس ذکر سے
دل آرام پاتے ہیں۔ بڑھتے ہوئے اخراجات پر بھی قابو پانے کی ضرورت پر زور دیں۔ زحل مشتری تربیع 29 جون تا 6 جولائی قائم رہے، تب
اپنے حاسدین، مخالفین سے ضرور محتاط رہیں۔ سارا سال صدقات وخیرات بھی ضرور دیں۔

**حوتی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات سے سبھی
واقف ہیں، اسی سبب پوری دنیا کے باشعور لوگ ان کے ناقص اثرات کے اپنے اپنے مذہب کے تحت اُپائے
کرتے ہیں۔ مسلم بہن بھائیوں پر نماز آیات (گرہن) پڑھنا واجب، صدقہ وخیرات دیا جائے تو مزید
نحوستوں کے دور ہونے کا یقین واطمینان کیا جاسکتا ہے۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ طالع
اور خانہ مال کے کسب پر لگے۔ جذباتی پن یا جلد بازی سے مالی کاروباری نقصانات کا اندیشہ ہے، اپنی تحریر وتقریر میں بھی احتیاط برتیں۔ **دوسرا**
**گرہن چاند گرہن 4** اپریل آٹھویں لگنے سے مشترکہ مفادات کے کاموں میں شکوک وشبہات سے نقصان، وراثتی یا لین دین کے جھگڑے سر اُٹھا
سکتے ہیں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر ساتویں لگنے سے شراکتی، ازدواجی شکوک وشبہات سے بچیں، آپس کی شکر رنجی کو بڑھنے نہ دیں۔
**چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر مالی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں، اچانک ناگہانی اخراجات تنگ کر سکتے ہیں، کاروباری حضرات قرضہ
یا بینک لون سے اجتناب برتیں۔ حسب توفیق صدقہ وخیرات، ہر بار نماز گرہن پڑھ کر دعا کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کر سکتے ہیں۔
**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں
دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| حوت سعد تواریخ 2015 | حوت نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 5،8،13،14،28،29،30،31 جنوری | 6،15،27 جنوری |
| 4،5،6،18،19،20،21،28 فروری | 3،10،23 فروری |
| 9،10،17،18،22،23 مارچ | یکم،2،15،16،20 مارچ |
| 2،3،6،19،22،23 اپریل | 4،7،8،20،21 اپریل |
| 26،27،28،30 مئی | 2،3،8،9،10،29 مئی |
| 9،10،11 جون | 22،23 جون |
| 3،4،5،6،13،14،22،23،24 جولائی | 15،16،18،19 جولائی |
| 15،16،26،27 اگست | 6،12،13 اگست |
| 11،18،30 ستمبر | 8،9،10،13،25،28 ستمبر |
| 5،7،13،15 اکتوبر | 22،23 اکتوبر |
| 6،7،10،11،13،14،16،17 نومبر | 2،9،24،25،26 نومبر |
| یکم،2،19،20،25،26 دسمبر | 4،5،14،15،21،27،29،31 دسمبر |

ماڈرن سٹیشنری مارٹ، نیا بازار، اسکردو بلتستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مجرب عمل ہمزاد نورانی

## خاندانِ زنجانیہ کے سینکڑوں معتقد حضرات فیض یاب ہو چکے ہیں

عامل شہزادہ شاہ زنجانی امیں نے زمانہ طالب علمی میں ایک عمل ہمزاد کیا تھا۔ یہ 1968ء کی بات ہے، والد بزرگوار حیات تھے، جنھوں نے اپنی زیرِ نگرانی کرایا تھا۔ میں نے اس سے عجیب وغریب کام لیے تھے۔ جب ابا حضور کا انتقال ہو گیا اور گھریلو خاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر آن پڑا تو مجھ سے وہ پرہیز نہ ہو سکے جو عمل ہمزاد کے لیے ضروری تھے۔ چنانچہ میں نے ہمزاد آزاد کر دیا اور پھر آج تک طبع ہمزاد کی طرف مائل نہ ہوئی۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صدہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ چند دوستوں کی فرمائش پر اس عمل ہمزاد نورانی صدری کو شائع کیا جا رہا ہے تاکہ شوقین حضرات اپنا شوق پورا کر سکیں۔ حالانکہ یہی اعمال اور اس طرح کے دیگر اعمال ادارہ کی شائع شدہ کتب مثلاً تسخیرات ہمزاد، حقائق ہمزاد، بیاضِ عملیات، حاضرات کی دنیا اور عالم حاضرات میں درج ہیں۔ قارئین کے پیہم اصرار پر مجرب صدری عمل زنجانی جنتری میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں تاکہ شائقین حضرات استفادہ فرمائیں۔ وما باللہ توفیق۔ جن صاحب کا دل چاہے اس عمل کو کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ خداوند کریم کی اس مخفی مخلوق میں اس قدر زبردست طاقت پنہاں ہے کہ بڑے سے بڑا قوی ہیکل انسان بھی اس کے کرتب دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے کوئی پابندی نہیں۔ جب جی چاہے شروع کریں۔ جو پاک صاف یا پاکیزہ کمرہ پڑھنے کے لیے مقرر کریں عمل کرتے وقت کوئی دوسرا فرد وہاں موجود نہ ہو۔

ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی سی بتی ڈال کر چراغ روشن کر کے اپنی پشت پر رکھیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر 382 مرتبہ یہ عمل نورانی پڑھیں، دورانِ عمل پرہیز کریں۔ ہر قسم کا گوشت، گوشت سے بننے والی کوئی چیز نہ کھائیں۔ دودھ، لسی، مکھن، گھی، دہی، پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ صرف تین یوم کا عمل ہے، تیسرے روز ہمزاد حاضر ہوگا۔ اگر سوئے اتفاق سے حاضر نہ ہو تو مزید تین یوم کریں۔ 9 دن انتہا ہے۔ ایک خالی بوتل پاس رکھیں، جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے کوئی اور بات کیے بغیر یہ کہیں کہ اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا، وہ بوتل میں آ جائے گا، آپ بوتل کو کارک سے بند کر دیں اور پھر اس سے کہیں کے عہد کرو کہ جب میں بلایا کروں گا تم فوراً آ جاؤ گے اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دو۔ وہ عہد کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دے گا، اب بوتل کا منہ کھول دیں، وہ چلا جائے گا۔ عمل ہمزاد درج ذیل ہے:

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْأَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتِ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِنْ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أُحْضُرُوا أُحْضُرُوا أُحْضُرُوا يَا قَوْمِ هَمْزَادْ حَاضِرْ شُوْ بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

**نوٹ:** بغیر اجازت عمل شروع کرنے اور دورانِ عمل باقاعدہ پرہیز نہ کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، اجازت کے لیے کسی بھی روحانی سلسلہ یا عامل شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

ری قضا پر راضی نہ ہو میری تقسیم پر مطمئن نہ ہو تو وہ میرے سوا کوئی اور معبود تلاش کرے۔ حدیث قدسی

# آداب عملیات

از تحقیق: سلطان محمود، لاہور

کوئی بھی عمل اس وقت تک کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکتا جب تک عامل کو اسکے صحیح نے کا اعتبار نہ ہو۔ سب سے پہلے عمل کے تعین کے ساتھ اس پر مکمل یقین کے ساتھ اسے م دیں آیات قرآنیہ اور اسمائے الٰہی کے مؤکلین (روحانی قوت) کی تاثیر میں شک کو ذہن جگہ نہ دیں کیونکہ متزلزل مزاج افراد کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتے۔

انسانی مصروفیات کی بناء پر اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ روحانی اعمال میں ایسے طریقوں کا انتخاب جائے جس میں وقت کم اور تاثیر وقوت زیادہ ہو بہترین نتائج سے بہرہ مند ہونے کیلئے عامل کو ب روحانیت ہونا چاہیے کہ جس کیلئے "اکلِ حلال" (حلال کھانا) "صدقِ مقال" (سچ بولنا) از بس ضروری ہے عامل عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے گناہوں کی مغفرت کیلئے استغفار پڑھے۔

قہ: صدقہ بلاؤں کو رد کرتا ہے لہٰذا عامل عمل سے پہلے حسب توفیق صدقہ دے اور فقیروں ینوں کو کھانا کھلائے نیز پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو غذا ڈالے۔

ہ: روحانیت کے کمال اور اس کو پروان چڑھانے کیلئے روزہ رکھ کر یا افطاری کے بعد عمل کو بجالائے روزہ دار کے منہ کی خوشبو کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور اسکے منہ سے نکلی دعا کو بھی قبول فرماتا ہے حاجات کی برآوری کے اعمال کو نماز فجر کے فوراً بعد اور نماز عشاء کے بعد بالخصوص تہجد کے وقت بجالائے

ر: عملیات میں خوشبو دار دخنہ (دھونی) سلگانا مؤکلین کی آمد اور خوشنودی کا موجب ہے لہٰذا بودار دھونی اگرچہ وہ اگربتی ہی کیوں نہ ہو ضرور سلگائے۔

ز: عامل کو چاہیے کہ ہر عمل سے پہلے دو رکعت نماز حاجت بجالا کر عمل شروع کرے۔ عمل سے پہلے باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے خلوت یا خاموش ماحول میں عمل بجالائے عامل کو چاہیے کہ ورد شروع کرنے سے پہلے استعاذہ (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ) پڑھ کر (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ) پڑھ کر نہایت خضوع وخشوع اور رجوع قلب ویکسوئی سے عمل بجالائے

ت: یہ بات مسلم ہے کہ جو دعا دل سے نکلتی ہے وہ اثر رکھتی ہے پس عامل کو اذکار کے تراجم واقف ہونا چاہیے تا کہ اسے معلوم ہو کہ کیا کہہ رہا ہے اسی لئے ہم نے عربی عبارت کا نیچے لکھ دیا ہے تا کہ سمجھنے میں آسانی رہے اور عامل بارگاہ الٰہی میں بطور احسن اپنا مدعا پیش کر سکے

## اوقاتِ عملیات

ات تسخیر: حکام کو زیر کرنے اور رشتہ کے حصول اور لوگوں کے دل میں محبت ڈالنے اور ول ملازمت اور سرکش کو تابع کرنے اور اصلاح اولاد اور دوسروں سے مطلب نکالنے جیسے ں کو روز جمعرات پہلی ساعت مشتری (سورج نکلنے کے فوراً بعد) ایک گھنٹہ تک اور روز جمعہ پہلی ساعت (سورج نکلنے کے فوراً بعد) ایک گھنٹہ تک جو بھی اعمال بجالائے گا تو وہ فوری نتائج کے حامل ہوں گے۔

ل شب: ادائیگی قرض ومشکلات سے چھٹکارا اور دلی آرزوؤں کی برآوری اور حصول ت وغیرہ کے اعمال بجالائے جاسکتے ہیں کیونکہ رات کے سناٹے میں انسان نہایت توجہ ضطرابی کی حالت میں اپنا مدعا پیش کرسکتا ہے جو عامل کیلئے موقع غنیمت سے کم نہیں ہوتا

ندی جمعرات: عملیات میں نوچندی جمعرات کو خاصی اہمیت حاصل ہے رزق و ئے قرض کے عملیات اس میں بجالائے جاتے ہیں نیز عقد مطلوب (من پسند شادی) کے ول کے اعمال اور خوش بختی وسعادت وتزکیہ نفس وغیرہ کے اعمال اور تسخیر کی تمام اقسام محبت زوجین وغیرہ کے عملیات کے لئے سعید ترین اور نیک دن ہے۔

ب جمعہ وروز جمعہ: ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور حاجات کی برآوری اور مشکلات نجات کیلئے نیز رزق میں وسعت وبرکت کیلئے اور کاروبار میں نقصان سے بچنے اور نفع پانے لے اعمال اس شب وروز میں بجالانا تاثیر سے خالی نہیں۔

بیض: ہر قمری ماہ کی تیرھویں چودھویں پندرھویں تاریخ کو "ایام بیض" کہا جاتا ہے ہر ماہ چودہ کو "شرف قمر" ہوتا ہے لہٰذا چودہ کی رات اور دن کو محبت زوجین وحصول رشتہ اور تسخیر اعمال کا بجالانا پایۂ تکمیل تک پہنچنے کے مترادف ہے۔

ری عشرہ: ہر قمری ماہ کا آخری عشرہ مقہوری اعداء مغلوبیٔ دشمنان اور ان کی بیخ کنی اعمال کیلئے مختص ہے اس عشرہ کے آخری منگل بدھ ہفتہ اور سوموار کو بجالایا جانے والا مخالفین کی شکست کا موجب بنتا ہے نیز اس قسم کے عملیات کو قمر در عقرب ... م دینے سے یہ سوفیصد نتائج کے حامل ہوجاتے ہیں۔

# رجال الغیب

از انتخاب: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ فرشتے اس کی پشت پر ہوتے ہیں (سورہ تحریم:۴)

☆ اس ترقی اور سرعت کے دور میں ہر انسان یہی چاہتا ہے کہ کم سے کم وقت میں اسے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوں۔ علمائے اہلِ فن نے روحانی عملیات کی متعدد ومکمل تشریحات کی ہیں جن کے ذریعے عملیات کو باقوت وزود اثر بنایا جاسکتا ہے۔ یہ بات بددیانتی کے مترادف ہوگی کہ مشتاقانِ عملیات وراہ سلوک کے متلاشی حضرات سے ان روحانی رموز واسرار کو مخفی رکھا جائے پس یہ جاننا چاہیے کہ عمل کو سریع الاثر بنانے میں روحانی قوتوں کی استمداد واستعانت کا بڑا عمل دخل ہے ان روحانی قوتوں کو عملیات کی زبان میں (رجال الغیب) کہا جاتا ہے۔

☆ ہر آیت وحرف اور اسم کے لئے اللہ نے مؤکلین مقرر فرمائے ہیں یہ مؤکلین صاحب ریاضت کی پشت پناہی کرتے ہیں اور تمام امور میں امداد بہم پہنچاتے ہیں جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ کوئی چیز ایسی نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں (الطارق:۴)

☆ رجال الغیب (مؤکلین فرشتے) عامل کی حفاظت ومدد ہی نہیں کرتے بلکہ نورانی علوم کے دشمن ومخالفین "شیاطین" کے وسوسوں اور حملوں سے عامل کو محفوظ بھی رکھتے ہیں۔

☆ یہ ارواحِ مقدسہ قمری مہینہ کی مختلف تاریخوں میں مختلف اطراف کی سیر کرتے ہیں جس طرح کہ آنے والے جدول رجال الغیب میں ظاہر کیا گیا ہے۔ چاند کی جس تاریخ کو عمل کرنا مقصود ہو تو اس روز دیکھیں کہ رجال الغیب آج کس سمت پر ہیں اس سمت کے مخالف منہ کر کے عمل کریں تا کہ رجال الغیب پشت پر آجائیں اور پشت پناہی کرتے رہیں۔

**رجال الغیب کا سامنے ہونا مضر ہے بلکہ پشت پر ہونا اچھا ہوتا ہے**

**معصومینؑ سے استمداد:** عملیات میں انبیاء علیہم السلام وآئمہ اطہار علیہم السلام اور اہل بیتؑ کی ارواحِ مقدسہ سے توسل کرنا عمل کے نتائج کو چار چاند لگاتا ہے کیونکہ یہ بزرگ ہستیاں روحانیات میں اعلیٰ مقام رکھتی ہیں ان ارواحِ طیبہ سے توسل کے لئے سورۂ فاتحہ فاتحہ اول وآخر تین مرتبہ صلوات کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب ان کی ارواح کو ہدیہ کر کے ان سے مدد طلب کرے

**دعائے رجال الغیب:** رجال الغیب سے عملی مدد حاصل کرنے کیلئے عمل سے پہلے یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَرْوَاحَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے اے رجال الغیب (پوشیدہ مخلوق) تم پر سلام ہو، اے پاک ارواح تم پر

الْمُقَدَّسَةِ اَغِيْثُوْنِیْ وَانْظُرُوْا اِلَیَّ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاءُ يَا نُجَبَاءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ

سلام ہو تم میری مدد کرو اور میری طرف خاص نظر سے دیکھو اے رقباء اے نجباء اے ابدال اے اوتاد

**صرف عمار:** صرف عمار کے بغیر کوئی عمل پُرتاثیر واقع نہیں ہوسکتا عمل کے اثرات کو رہائشی جنات وبدروحوں سے محفوظ بنانے کے لئے عمل سے پہلے تین مرتبہ سورۂ زلزال کو اس طرح پڑھے کہ لفظ (اَشْتَاتًا) کو تین مرتبہ دہرا کر سورۂ مکمل کر کے یہ درج ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھے (الاحضار الاجنہ)

يَا عُمَّارَ هٰذَا الْمَكَانِ اِنْصَرِفُوْا اِلٰى مَا كُنْتُمْ اے اس جگہ کے عمار اپنے اصلی مکانوں کو چلے جاؤ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

## دائمی جدول رجال الغیب

| جہت رجال الغیب | قمری تاریخ | مفید جہت | جہت رجال الغیب | قمری تاریخ | مفید جہت |
|---|---|---|---|---|---|
| جنوب مشرق | ۱-۹<br>۱۶-۲۴ | شمال مغرب | شمال مغرب | ۵-۱۳<br>۲۰-۰۰ | جنوب مشرق |
| جنوب مغرب | ۲-۱۰<br>۱۷-۲۵ | شمال مشرق | شمال مشرق | ۶-۲۱<br>۲۸-۰۰ | جنوب مغرب |
| جنوب | ۳-۱۱<br>۱۸-۲۶ | شمال | مشرق | ۷-۱۴<br>۲۲-۲۹ | مغرب |
| مغرب | [illegible]<br>۱۹-۲۷ | مشرق | شمال | ۸-۱۵<br>۲۳-۳۰ | جنوب |

# عملیات کے لئے سیاروں کی باہمی نظرات تثلیث و مقابلہ' قران و رجعت و استقامت کا بیان

| تسدیس و تثلیث | کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے |
|---|---|
| ☽ قمر با عطارد ☿ | برائے تسخیر و محبت وصل معشوق |
| ☽ قمر با زہرہ ♀ | برائے شادی وصل نسواں' عشق و محبت |
| ☽ قمر با شمس ☉ | سلاطین و امراء کے درمیان محبت کیلئے |
| ☽ قمر با مریخ ♂ | برائے خواب بندی و دفع حاسدان |
| ☽ قمر با مشتری ♃ | برائے عزت و توقیر' ترقی مرتبہ و جاہ و جلال |
| ☽ قمر با زحل ♄ | برائے ترقی زراعت اور شادابی |
| ☿ عطارد با زہرہ ♀ | برائے محبت وصل محبوب اور تسخیر جانوراں آبی |
| ☿ عطارد با مشتری ♃ | برائے ترقی علوم اور صنعت و حرفت |
| ☿ عطارد با زحل ♄ | برائے حل مشکلات |
| ☿ عطارد با مریخ ♂ | الفت و محبت قائم و دائم رکھنے کیلئے |
| ☉ شمس با مریخ ♂ | برائے مسخر کرنے اہل فوج اور تسخیر سلاطین |
| ☉ شمس با مشتری ♃ | برائے ترقی و دولت اور نام آوری نزدیک سلاطین |
| ☉ شمس با زحل ♄ | برائے حصول مدعا اور طلب حاجات' ترقی روزگار |
| ♂ مریخ با عطارد ☿ | برائے زیادتی قوت اور صحت مریض یا دفعیہ امراض |
| ♂ مریخ با زہرہ ♀ | برائے دفعیہ فتنہ و فساد |
| ♂ مریخ با مشتری ♃ | برائے حصول دولت اور زر و مال' بلندی مراتب |
| ♂ مریخ با زحل ♄ | برائے ترقی و زراعت اور عمارات |
| ♃ مشتری با زحل ♄ | برائے دفعہ غضب سلطانی |
| ♂ مریخ با شمس ☉ | مخالفوں کو منتشر کرنے اور جنگ و جدل کے لئے |
| ♃ مشتری با شمس ☉ | کسی عمارت اور آباد جگہ کو ویران کرنے کے لئے |
| ♃ مشتری با مریخ ♂ | شدید عذاب پیدا کرنے کے لئے |
| ♃ مشتری با زحل ♄ | کسی کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لئے |
| ♄ زحل با شمس ☉ | دو محبوبوں کے درمیان عداوت اور جدائی پیدا کرنے کیلئے |
| ♄ زحل با مریخ ♂ | دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے بغض و عداوت' زبان بندی |

| تربیع و مقابلہ | کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے |
|---|---|
| ☽ قمر با عطارد ☿ | دوستوں میں جدائی کے لئے |
| ☽ قمر با زہرہ ♀ | عورتوں کی مردوں سے مخالفت کیلئے |
| ☽ قمر با شمس ☉ | سلاطین کے درمیان فتنہ فساد پیدا کرنے کے لئے |
| ☽ قمر با مریخ ♂ | حشرات الارض کی دشمنی اور زہر دور کرنے کے لئے |
| ☽ قمر با مشتری ♃ | اسرار مخفی کے انکشاف کے لئے |
| ☽ قمر با زحل ♄ | دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنے کے لئے |
| ☿ عطارد با زہرہ ♀ | دوستوں میں جدائی اور مخالفین کا کاروبار بند کرنے کیلئے |
| ☿ عطارد با مریخ ♂ | اہل قلم کو بیمار کرنے اور کاروبار کی بندش کیلئے |
| ☿ عطارد با مشتری ♃ | دشمن کی ملک و املاک کو تباہ و خراب کرنے کے لئے |
| ☿ عطارد با زحل ♄ | ملک و املاک کو تباہ و برباد کرنے کیلئے |
| ♀ زہرہ با مریخ ♂ | دو محبوبوں کے درمیان فرقت و عداوت کے لئے |
| ♀ زہرہ با زحل ♄ | عورتوں اور مردوں میں فتنہ و فساد برپا کرنے کے لئے |

| قران سیارگان | کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے |
|---|---|
| ☽ قمر با عطارد ☿ | برائے ملاقات اہل قلم وزراء اور اہل صنعت و حرفت |
| ☽ قمر با زہرہ ♀ | برائے شادی' عشق و محبت اور معشوق کو بلانے کیلئے |
| ☽ قمر با مریخ ♂ | ملاقات امراء' حاسدوں کی مغلوبی اور دشمنوں پر فتح پانے کیلئے |
| ☽ قمر با مشتری ♃ | ترقی و تجارت حصول مال و دولت اور ترقی علم کیلئے |
| ☽ قمر با زحل ♄ | پریشان و سرگرداں کرنے' اذیت پہنچانے اور تباہی دشمن کیلئے |
| ☿ عطارد با زہرہ ♀ | حصول علم موسیقی اور اتصال محبت کیلئے |
| ☿ عطارد با مشتری ♃ | ترقی عقل' حصول علم' مردوں کی محبت اور عالموں کی تسخیر کیلئے |
| ☿ عطارد با زحل ♄ | کسی جگہ کو ویران کرنے یا تباہی و خرابی اور ہلاکت دشمن کیلئے |
| ♀ زہرہ با مشتری ♃ | برائے عشق و محبت اور مطیع و فرمانبردار کرنے کیلئے |
| ♂ مریخ با عطارد ☿ | کسی عمارت کو خراب کرنے اور دشمنی کیلئے |
| ♂ مریخ با زہرہ ♀ | برائے تسلط اور غالب آنے مستورات و اہل نشاط کیلئے |
| ♂ مریخ با مشتری ♃ | لشکر کو تسخیر کرنے' اہل جنگ کو طاقت پہنچانے اور لڑائی پر فتح پانے کیلئے |
| ♃ مشتری با زحل ♄ | اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کیلئے |

| بحالت استقامت | کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے |
|---|---|
| سیارہ عطارد ☿ | بزرگی اور علم حاصل کرنے کے لئے |
| سیارہ زہرہ ♀ | عورتوں کی محبت اور دوستی کے لئے |
| سیارہ مریخ ♂ | لشکر اور فوج میں قوت اور بہادری پیدا کرنے کے لئے |
| سیارہ مشتری ♃ | امارت اور ملک و املاک قائم رکھنے کے لئے |

| بحالت رجعت | کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے |
|---|---|
| سیارہ عطارد ☿ | کسی شخص کو اس کے مرتبے سے گرانے اور ذلیل و خوار کرنے کیلئے |
| سیارہ زہرہ ♀ | عورتوں کو بانجھ اور عقیمہ کرنے یا استقاط حمل کیلئے |
| سیارہ مریخ ♂ | اہل لشکر اور فوج کو خراب و منتشر کرنے یا جنگ و جدل پیدا کرنے کیلئے |
| سیارہ مشتری ♃ | کسی آبادی یا موضع یا شہر کو تباہ و برباد کرنے کیلئے |
| سیارہ زحل ♄ | دو محبوبوں کے درمیان جدائی اور عداوت کے لئے |

واضح ہو کہ عملیات و طلسمات تیار کرتے وقت سیاروں کی دوستی اور دشمنی کا لحاظ بھی رکھنا چاہئے کیونکہ ان میں بالخاصیت دوستی اور دشمنی موجود ہے۔ اس لئے دو دوستوں کی نظرات معاون محبت اور دو دشمنوں کی نظرات معاون نفرت و مخالفت ہوتی ہے۔ چنانچہ ادارہ کی کتب جامع النجوم یا رموز سوال کا مطالعہ کریں۔ سیاروں کو بحالت گردش مختلف بروج میں بزرگی اور تنزل حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے امور سعادت کے عمل اور تعویذات میں بزرگی سیارگان اور برائے نحوست بغض و کینہ کے عمل اور تعویذات میں تنزل سیارگان کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔ لہٰذا شرف و ہبوط سیارگان کا نقشہ اس زنجانی جنتری میں ملاحظہ فرمائیں۔ مندرجہ بالا نظرات تثلیث و تسدیس بسلسلہ عملیات و وظائف کے ایک ہی احکامات ہیں۔

حمل ♈ ثور ♉ جوزا ♊ سرطان ♋ اسد ♌ سنبلہ ♍ میزان ♎ عقرب ♏ قوس ♐ جدی ♑ دلو ♒ حوت ♓

# اہم اوقات عملیات و وظائف برائے عاملین

2015

نوٹ: تمام اوقات معیاری وقت پاکستان سٹینڈرڈ کے مطابق دیے گئے ہیں۔ جو 67 سالہ رائج پرانے وقت کیمطابق ہی ہیں۔ حکومت پاکستان نے ابتک کوئی دائمی (مئی تا اکتوبر) گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کرنیکا اعلان نہیں کیا۔ لہٰذا آپ درج ذیل رائج الوقت اوقات کو سمجھ کر استعمال میں لائیں کہ ان اوقات میں گھنٹہ کب اور کس تاریخ سے جمع یا منفی کرنا ہے۔

| تاریخ | نظرات | | وقت |
|---|---|---|---|
| 2جنوری | مریخ مشتری مقابلہ | کمل | 00/47 |
| 2جنوری | مریخ مشتری مقابلہ | خاتمہ | 14/46 |
| 3جنوری | زہرہ زحل تسدیس | ابتداء | 22/27 |
| 4جنوری | زہرہ زحل تسدیس | کمل | 19/14 |
| 5جنوری | عطارد زحل تسدیس | ابتداء | 10/35 |
| 5جنوری | زہرہ زحل تسدیس | خاتمہ | 16/01 |
| 6جنوری | عطارد زحل تسدیس | کمل | 03/23 |
| 6جنوری | عطارد زحل تسدیس | خاتمہ | 20/19 |
| 8جنوری | عطارد زہرہ قران | ابتداء | 09/55 |
| 14جنوری | مریخ زحل تربیع | ابتداء | 00/36 |
| 15جنوری | مریخ زحل تربیع | کمل | 11/09 |
| 16جنوری | مریخ زحل تربیع | خاتمہ | 04/24 |
| 19جنوری | زہرہ مشتری مقابلہ | ابتداء | 01/09 |
| 19جنوری | زہرہ مشتری مقابلہ | کمل | 18/43 |
| 20جنوری | زہرہ مشتری مقابلہ | خاتمہ | 03/30 |
| 22جنوری | شمس زحل تسدیس | ابتداء | 08/50 |
| 23جنوری | شمس زحل تسدیس | کمل | 10/23 |
| 24جنوری | شمس زحل تسدیس | خاتمہ | 11/54 |
| 29جنوری | زہرہ زحل تربیع | ابتداء | 16/57 |
| 30جنوری | شمس عطارد قران | ابتداء | 08/05 |
| 30جنوری | زہرہ زحل تربیع | کمل | 13/22 |
| 30جنوری | شمس عطارد قران | کمل | 18/44 |
| 30جنوری | زہرہ زحل تربیع | خاتمہ | 23/34 |
| 31جنوری | شمس عطارد قران | خاتمہ | 00/02 |
| 4فروری | عطارد زحل تسدیس | ابتداء | 15/34 |
| 5فروری | عطارد زحل تسدیس | کمل | 16/56 |
| 6فروری | شمس مشتری مقابلہ | ابتداء | 02/23 |
| 6فروری | عطارد زحل تسدیس | خاتمہ | 23/17 |
| 6فروری | شمس مشتری مقابلہ | کمل | 23/19 |
| 7فروری | شمس مشتری مقابلہ | خاتمہ | 09/48 |
| 18فروری | عطارد زحل تسدیس | ابتداء | 03/56 |
| 19فروری | عطارد زحل تسدیس | کمل | 17/52 |
| 20فروری | زہرہ مریخ قران | ابتداء | 06/17 |
| 21فروری | عطارد زحل تسدیس | خاتمہ | 02/31 |
| 22فروری | زہرہ مریخ قران | کمل | 10/12 |
| 22فروری | شمس زحل تربیع | ابتداء | 18/17 |
| 23فروری | زہرہ مریخ قران | خاتمہ | 12/10 |
| 23فروری | شمس زحل تربیع | کمل | 18/55 |
| 23فروری | زہرہ زحل تثلیث | ابتداء | 23/55 |
| 24فروری | شمس زحل تربیع | خاتمہ | 07/13 |
| 24فروری | زہرہ زحل تثلیث | کمل | 19/57 |
| 24فروری | مریخ زحل تثلیث | ابتداء | 23/35 |
| 25فروری | زہرہ زحل تثلیث | خاتمہ | 15/58 |
| 26فروری | مریخ زحل تثلیث | کمل | 08/07 |
| 27فروری | مریخ زحل تثلیث | خاتمہ | 16/37 |
| 1مارچ | عطارد مشتری مقابلہ | ابتداء | 07/41 |
| 2مارچ | عطارد مشتری مقابلہ | کمل | 02/10 |
| 2مارچ | عطارد مشتری مقابلہ | کاتمہ | 11/22 |
| 4مارچ | زہرہ مشتری تثلیث | ابتداء | 02/06 |
| 4مارچ | زہرہ مشتری تثلیث | کمل | 20/14 |
| 5مارچ | زہرہ مشتری تثلیث | خاتمہ | 14/23 |
| 9مارچ | مریخ مشتری تثلیث | ابتداء | 06/45 |
| 10مارچ | مریخ مشتری تثلیث | کمل | 11/03 |
| 11مارچ | مریخ مشتری تثلیث | خاتمہ | 15/30 |
| 15مارچ | عطارد زحل تربیع | ابتداء | 23/08 |
| 16مارچ | عطارد زحل تربیع | کمل | 14/39 |
| 16مارچ | عطارد زحل تربیع | خاتمہ | 22/19 |
| 25مارچ | شمس زحل تثلیث | ابتداء | 00/37 |
| 26مارچ | شمس زحل تثلیث | کمل | 00/24 |
| 27مارچ | شمس زحل تثلیث | خاتمہ | 00/29 |
| 27مارچ | زہرہ مشتری تربیع | ابتداء | 11/41 |
| 28مارچ | زہرہ مشتری تربیع | کمل | 07/10 |
| 28مارچ | زہرہ مشتری تربیع | خاتمہ | 16/56 |
| 1اپریل | شمس مشتری تثلیث | ابتداء | 22/30 |
| 2اپریل | عطارد زحل تثلیث | ابتداء | 04/59 |
| 2اپریل | عطارد زحل تثلیث | کمل | 17/18 |

شمس ☉ قمر ☽ عطارد ☿ زہرہ ♀ مریخ ♂ مشتری ♃ زحل ♄ یورینس ♅ نیپچون ♆ پلوٹو ♇ راس ☊ ذنب ☋

حمل ♈ ثور ♉ جوزا ♊ سرطان ♋ اسد ♌ سنبلہ ♍ میزان ♎ عقرب ♏ قوس ♐ جدی ♑ دلو ♒ حوت ♓

| تاریخ | نظرات | نتیجہ | وقت |
|---|---|---|---|
| 2اپریل | شمس مشتری تثلیث | تکمیل | 22/20 |
| 3اپریل | عطارد زحل تثلیث | خاتمہ | 05/32 |
| 3اپریل | شمس مشتری تثلیث | خاتمہ | 22/16 |
| 6اپریل | عطارد مشتری تثلیث | ابتداء | 06/29 |
| 6اپریل | عطارد مشتری تثلیث | تکمیل | 18/24 |
| 7اپریل | عطارد مشتری تثلیث | خاتمہ | 06/16 |
| 9اپریل | شمس عطارد قران | ابتداء | 10/51 |
| 10اپریل | شمس عطارد قران | تکمیل | 08/58 |
| 10اپریل | شمس عطارد قران | خاتمہ | 19/55 |
| 14اپریل | زہرہ زحل مقابلہ | ابتداء | 13/36 |
| 15اپریل | زہرہ زحل مقابلہ | تکمیل | 09/24 |
| 15اپریل | زہرہ زحل مقابلہ | خاتمہ | 19/19 |
| 16اپریل | مریخ مشتری تربیع | ابتداء | 19/14 |
| 18اپریل | مریخ مشتری تربیع | تکمیل | 05/29 |
| 18اپریل | مریخ مشتری تربیع | خاتمہ | 22/42 |
| 20اپریل | عطارد مشتری تربیع | ابتداء | 21/01 |
| 21اپریل | عطارد مشتری تربیع | تکمیل | 09/16 |
| 21اپریل | عطارد مشتری تربیع | خاتمہ | 15/28 |
| 22اپریل | زہرہ مشتری تسدیس | ابتداء | 01/59 |
| 22اپریل | عطارد مریخ تربیع | ابتداء | 08/12 |
| 22اپریل | زہرہ مشتری تسدیس | تکمیل | 23/41 |
| 23اپریل | عطارد مریخ قران | تکمیل | 04/08 |
| 23اپریل | عطارد مریخ قران | خاتمہ | 14/16 |
| 23اپریل | زہرہ مشتری تسدیس | خاتمہ | 21/29 |
| 2مئی | عطارد زحل مقابلہ | ابتداء | 20/01 |
| 3مئی | شمس مشتری تربیع | ابتداء | 11/12 |
| 3مئی | عطارد زحل مقابلہ | تکمیل | 13/37 |
| 3مئی | عطارد زحل مقابلہ | خاتمہ | 22/52 |
| 4مئی | شمس مشتری تربیع | تکمیل | 14/01 |
| 5مئی | شمس مشتری تربیع | خاتمہ | 03/29 |
| 14مئی | مریخ زحل مقابلہ | ابتداء | 04/12 |
| 15مئی | مریخ زحل مقابلہ | تکمیل | 11/02 |
| 16مئی | مریخ زحل مقابلہ | خاتمہ | 02/28 |
| 22مئی | شمس زحل مقابلہ | ابتداء | 07/25 |
| 23مئی | شمس زحل مقابلہ | تکمیل | 06/34 |
| 23مئی | شمس زحل مقابلہ | خاتمہ | 18/09 |
| 26مئی | عطارد مریخ قران | ابتداء | 19/20 |
| 27مئی | عطارد مریخ قران | تکمیل | 15/34 |
| 28مئی | عطارد مریخ قران | خاتمہ | 01/27 |
| 30مئی | شمس عطارد قران | ابتداء | 06/08 |
| 30مئی | شمس عطارد قران | تکمیل | 21/55 |
| 31مئی | شمس عطارد قران | خاتمہ | 05/48 |
| 4جون | مریخ مشتری تسدیس | ابتداء | 08/16 |
| 5جون | زہرہ زحل تثلیث | ابتداء | 12/13 |
| 6جون | مریخ مشتری تسدیس | تکمیل | 04/38 |
| 6جون | زہرہ زحل تثلیث | تکمیل | 11/22 |
| 7جون | زہرہ زحل تثلیث | خاتمہ | 10/42 |
| 7جون | شمس مشتری تسدیس | ابتداء | 21/03 |
| 8جون | مریخ مشتری تسدیس | خاتمہ | 01/23 |
| 9جون | شمس مشتری تسدیس | تکمیل | 02/55 |
| 9جون | عطارد زہرہ تسدیس | ابتداء | 19/35 |
| 10جون | شمس مشتری تسدیس | خاتمہ | 08/52 |
| 10جون | عطارد زہرہ تسدیس | تکمیل | 13/01 |
| 11جون | شمس مریخ قران | ابتداء | 05/03 |
| 11جون | عطارد زہرہ تسدیس | خاتمہ | 18/16 |
| 14جون | شمس مریخ قران | تکمیل | 20/55 |
| 16جون | شمس مریخ قران | خاتمہ | 16/37 |
| 29جون | زہرہ مشتری قران | ابتداء | 13/16 |
| 1جولائی | زہرہ مشتری قران | تکمیل | 12/51 |
| 2جولائی | زہرہ مشتری قران | خاتمہ | 14/06 |
| 3جولائی | عطارد مشتری تسدیس | ابتداء | 11/32 |
| 4جولائی | عطارد مشتری تسدیس | تکمیل | 05/47 |
| 4جولائی | عطارد زہرہ تسدیس | ابتداء | 12/19 |
| 4جولائی | عطارد مشتری تسدیس | خاتمہ | 23/30 |
| 5جولائی | عطارد زہرہ تسدیس | تکمیل | 13/15 |
| 6جولائی | عطارد زہرہ تسدیس | خاتمہ | 12/22 |
| 12جولائی | زہرہ زحل تربیع | ابتداء | 05/23 |
| 14جولائی | زہرہ زحل تربیع | تکمیل | 11/47 |
| 15جولائی | عطارد مریخ تربیع | ابتداء | 16/11 |
| 15جولائی | زہرہ زحل تربیع | خاتمہ | 18/58 |
| 16جولائی | عطارد مریخ قران | تکمیل | 09/12 |
| 16جولائی | عطارد مریخ قران | خاتمہ | 17/37 |
| 20جولائی | شمس زحل تثلیث | ابتداء | 15/29 |
| 21جولائی | شمس زحل تثلیث | تکمیل | 16/07 |
| 22جولائی | عطارد زحل تثلیث | ابتداء | 11/40 |
| 22جولائی | شمس زحل تثلیث | خاتمہ | 16/47 |
| 22جولائی | عطارد زحل تثلیث | تکمیل | 22/51 |
| 23جولائی | شمس عطارد قران | ابتداء | 03/52 |

شمس ☉ قمر ☽ عطارد ☿ زہرہ ♀ مریخ ♂ مشتری ♃ زحل ♄ یورانس ♅ نیپچون ♆ پلوٹو ♇ راس ☊ ذنب ☋

| تاریخ | نظرات | | وقت |
|---|---|---|---|
| 23جولائی | عطارد زحل تثلیث | خاتمہ | 10/02 |
| 24جولائی | شمس عطارد قران | مکمل | 00/25 |
| 24جولائی | شمس عطارد قران | خاتمہ | 10/43 |
| 29جولائی | مشتری زحل تربیع | ابتداء | 22/54 |
| 3اگست | زہرہ زحل تربیع | ابتداء | 06/29 |
| 3اگست | زہرہ مشتری قران | ابتداء | 10/01 |
| 3اگست | مشتری زحل تربیع | مکمل | 15/36 |
| 5اگست | مریخ زحل تثلیث | ابتداء | 00/14 |
| 5اگست | زہرہ مشتری قران | مکمل | 02/36 |
| 5اگست | زہرہ زحل تربیع | مکمل | 19/55 |
| 5اگست | زہرہ مشتری قران | خاتمہ | 21/33 |
| 6اگست | مشتری زحل تربیع | خاتمہ | 01/03 |
| 6اگست | عطارد زہرہ قران | ابتداء | 08/47 |
| 6اگست | عطارد زحل تربیع | ابتداء | 11/55 |
| 6اگست | مریخ زحل تثلیث | مکمل | 13/28 |
| 6اگست | عطارد زہرہ قران | مکمل | 19/24 |
| 6اگست | عطارد مشتری قران | ابتداء | 20/57 |
| 6اگست | زہرہ زحل تربیع | خاتمہ | 22/15 |
| 7اگست | عطارد زہرہ قران | خاتمہ | 00/42 |
| 7اگست | عطارد زحل تربیع | مکمل | 01/21 |
| 7اگست | عطارد زحل تربیع | خاتمہ | 08/04 |
| 7اگست | عطارد مشتری قران | مکمل | 12/08 |
| 7اگست | عطارد مشتری قران | خاتمہ | 19/51 |
| 8اگست | مریخ زحل تثلیث | خاتمہ | 02/56 |
| 15اگست | شمس زہرہ قران | ابتداء | 09/10 |
| 16اگست | شمس زہرہ قران | مکمل | 00/21 |

| تاریخ | نظرات | | وقت |
|---|---|---|---|
| 16اگست | شمس زہرہ قران | خاتمہ | 07/56 |
| 21اگست | شمس زحل تربیع | ابتداء | 02/55 |
| 22اگست | شمس زحل تربیع | مکمل | 04/40 |
| 22اگست | شمس زحل تربیع | خاتمہ | 17/33 |
| 25اگست | شمس مشتری قران | ابتداء | 18/54 |
| 26اگست | عطارد زحل تسدیس | ابتداء | 01/55 |
| 26اگست | عطارد زحل تسدیس | مکمل | 21/11 |
| 27اگست | شمس مشتری قران | مکمل | 03/01 |
| 27اگست | عطارد زحل تسدیس | خاتمہ | 16/50 |
| 27اگست | شمس مشتری قران | خاتمہ | 19/05 |
| 31اگست | زہرہ مریخ قران | ابتداء | 06/28 |
| 1ستمبر | زہرہ مریخ قران | مکمل | 10/06 |
| 2ستمبر | زہرہ مریخ قران | خاتمہ | 00/38 |
| 11ستمبر | عطارد زہرہ تسدیس | ابتداء | 06/30 |
| 18ستمبر | عطارد زہرہ تسدیس | خاتمہ | 09/06 |
| 22ستمبر | شمس زحل تسدیس | ابتداء | 20/58 |
| 23ستمبر | شمس زحل تسدیس | مکمل | 23/35 |
| 24ستمبر | مریخ زحل تربیع | ابتداء | 10/19 |
| 25ستمبر | شمس زحل تسدیس | خاتمہ | 02/14 |
| 26ستمبر | مریخ زحل تربیع | مکمل | 06/11 |
| 27ستمبر | مریخ زحل تربیع | خاتمہ | 04/13 |
| 30ستمبر | شمس عطارد قران | ابتداء | 08/15 |
| 30ستمبر | شمس عطارد قران | مکمل | 19/39 |
| 1اکتوبر | شمس عطارد قران | خاتمہ | 01/21 |
| 5اکتوبر | عطارد زحل تسدیس | ابتداء | 17/03 |
| 7اکتوبر | عطارد زحل تسدیس | مکمل | 04/42 |

| تاریخ | نظرات | | وقت |
|---|---|---|---|
| 9اکتوبر | زہرہ زحل تربیع | ابتداء | 21/17 |
| 11اکتوبر | زہرہ زحل تربیع | مکمل | 05/28 |
| 11اکتوبر | زہرہ زحل تربیع | خاتمہ | 21/18 |
| 13اکتوبر | عطارد زحل تسدیس | مکمل | 14/35 |
| 15اکتوبر | عطارد زحل تسدیس | خاتمہ | 03/16 |
| 15اکتوبر | مریخ مشتری قران | ابتداء | 19/17 |
| 18اکتوبر | مریخ مشتری قران | مکمل | 03/39 |
| 19اکتوبر | مریخ مشتری قران | خاتمہ | 07/45 |
| 24اکتوبر | زہرہ مشتری قران | ابتداء | 19/19 |
| 26اکتوبر | زہرہ مشتری قران | مکمل | 01/00 |
| 26اکتوبر | زہرہ مشتری قران | خاتمہ | 15/43 |
| 31اکتوبر | زہرہ مریخ قران | ابتداء | 22/46 |
| 3نومبر | زہرہ مریخ قران | مکمل | 06/07 |
| 4نومبر | زہرہ مریخ قران | خاتمہ | 09/06 |
| 10نومبر | شمس مشتری تسدیس | ابتداء | 03/03 |
| 11نومبر | شمس مشتری تسدیس | مکمل | 07/16 |
| 12نومبر | شمس مشتری تسدیس | خاتمہ | 11/24 |
| 12نومبر | زہرہ زحل تسدیس | ابتداء | 21/47 |
| 13نومبر | عطارد مشتری تسدیس | ابتداء | 06/51 |
| 13نومبر | زہرہ زحل تسدیس | مکمل | 22/10 |
| 13نومبر | عطارد مشتری تسدیس | مکمل | 23/17 |
| 14نومبر | عطارد مشتری تسدیس | خاتمہ | 15/44 |
| 14نومبر | زہرہ زحل تسدیس | خاتمہ | 22/27 |
| 16نومبر | شمس عطارد قران | ابتداء | 02/55 |
| 17نومبر | شمس عطارد قران | مکمل | 19/54 |
| 18نومبر | شمس عطارد قران | خاتمہ | 16/36 |

| تاریخ | نظرات | | وقت |
|---|---|---|---|
| 22نومبر | مریخ زحل تسدیس | ابتداء | 07/55 |
| 24نومبر | مریخ زحل تسدیس | مکمل | 10/18 |
| 24نومبر | عطارد زحل قران | ابتداء | 17/21 |
| 24نومبر | عطارد مریخ تسدیس | ابتداء | 20/47 |
| 25نومبر | عطارد زحل قران | مکمل | 09/56 |
| 25نومبر | عطارد زحل قران | خاتمہ | 18/15 |
| 25نومبر | عطارد مریخ تسدیس | مکمل | 21/31 |
| 26نومبر | مریخ زحل تسدیس | خاتمہ | 12/52 |
| 26نومبر | عطارد مریخ تسدیس | خاتمہ | 22/17 |
| 29نومبر | شمس زحل قران | ابتداء | 02/24 |
| 30نومبر | شمس زحل قران | مکمل | 05/15 |
| 30نومبر | شمس زحل قران | خاتمہ | 18/40 |
| 4دسمبر | عطارد مشتری تربیع | ابتداء | 01/16 |
| 4دسمبر | شمس مریخ تسدیس | ابتداء | 07/20 |
| 4دسمبر | عطارد مشتری تربیع | مکمل | 17/52 |
| 5دسمبر | عطارد مشتری تربیع | خاتمہ | 02/09 |
| 6دسمبر | شمس مریخ تسدیس | مکمل | 15/13 |
| 8دسمبر | شمس مریخ تسدیس | خاتمہ | 22/43 |
| 13دسمبر | شمس مشتری تربیع | ابتداء | 18/30 |
| 14دسمبر | شمس مشتری تربیع | مکمل | 20/01 |
| 15دسمبر | شمس مشتری تربیع | کاتمہ | 08/45 |
| 23دسمبر | زہرہ مشتری تسدیس | ابتداء | 18/16 |
| 24دسمبر | زہرہ مشتری تسدیس | مکمل | 15/02 |
| 25دسمبر | عطارد مشتری مثلیث | ابتداء | 05/54 |
| 25دسمبر | زہرہ مشتری تسدیس | خاتمہ | 11/44 |
| 26دسمبر | عطارد مشتری مثلیث | مکمل | 01/25 |
| 26دسمبر | عطارد مشتری مثلیث | خاتمہ | 21/35 |
| 27دسمبر | عطارد مریخ تربیع | ابتداء | 21/03 |
| 29دسمبر | عطارد مریخ تربیع | مکمل | 20/28 |
| 31دسمبر | عطارد مریخ تربیع | خاتمہ | 06/09 |

## صدقہ کے بارے میں اللہ، رسول اکرم ﷺ اور آئمہ معصومینؑ کے فرامین

**فرمانِ خداوندی:** اے ایمان والو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور سائل کو اذیت دے کر ضائع نہ کرو، جو اپنا مال محض لوگوں کو دکھا کر خرچ کرتے ہو اور خدا اور روزِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے۔ (سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 264)۔ **فرمانِ سرورِ کائنات ﷺ:** ہر مسلمان کو روزانہ صدقہ نکالنا چاہیے۔ (مستدرک الوسائل، جلد 7، صفحہ 172)۔ **فرمانِ امیر کائنات علیہ السلام:** اللہ نے تمہیں جو کچھ دیا ہے اس میں اس کی راہ میں صَرف کرو۔ یاد رکھو خدا کے نام پر خرچ کرنے والے کو مجاہد کا مرتبہ ملتا ہے۔ (وسائل الشیعہ، جلد 9، صفحہ 402)۔ **فرمانِ خاتونِ جنت سلام اللہ علیہا:** سائل کو شرمندہ نہ کرو، روزِ محشر تمہیں اللہ شرمندہ نہ کرے گا۔ (نہج الفصاحۃ، صفحہ 382)۔ **فرمانِ امامِ حسن مجتبیٰ علیہ السلام:** لوگوں کو امید بھری اور منتظر آنکھیں کسی کی طرف اُٹھنے سے پہلے اور سائل کی عزت و آبرو مجروح ہونے سے پہلے صدقہ ادا کر دو۔ (وسائل الشیعہ)۔ **فرمانِ امامِ حسین علیہ السلام:** خدا کے نام پر خفیہ طور پر صدقہ دو اللہ اس کی تم کو علی الاعلان جزا دے گا۔ (گفتار دلنشین)۔ **فرمانِ امامِ زین العابدین علیہ السلام:** جب کوئی غریب محتاج کو صدقہ دیتا ہے اور وہ حالات کا مارا صدقہ دینے والے کے لیے دعا کرتا ہے تو اس کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ (ثواب الاعمال، صفحہ نمبر 176)۔ **فرمانِ امامِ محمد باقر علیہ السلام:** نیکی کرنے اور صدقہ دینے سے افلاس دور ہوتا ہے۔ (بحار، جلد 93، صفحہ 130)۔ **فرمانِ امامِ جعفر صادق علیہ السلام:** بڑا معلون ہے وہ شخص جسے خداوند عالم مال و دولت سے نوازے اور وہ اس میں سے صدقہ نہ نکالے۔ (مستدرک الوسائل، جلد 7، صفحہ نمبر 157)۔ **فرمانِ امامِ موسیٰ کاظم علیہ السلام:** بھلائی کرنے کا سب سے اچھا راستہ صدقہ ہے۔ (نہج الفصاحۃ، صفحہ نمبر 470)۔ **فرمانِ امامِ علی رضا علیہ السلام:** آدمی کی بہترین جمع پونجی صدقہ ہے۔ (عیون الاخبار، جلد 2، صفحہ 161)۔ **فرمانِ امامِ تقی علیہ السلام:** تین چیزیں بندے کو خدا کی خوشنودی تک پہنچاتی ہیں۔ بکثرت استغفار، نرم خوئی اور کثرتِ صدقہ۔ (احقاق الحق، جلد 12، صفحہ 438)۔ **فرمانِ امامِ علی نقی علیہ السلام:** تنگ دستی سے انسان تزکیۂ نفس اور شدید نا اُمید ہو جاتا ہے۔ (بحار، جلد 78، ص 368)۔ **فرمانِ امامِ حسن عسکری علیہ السلام:** سرکارِ امام حسن عسکریؑ اپنی پشتِ مبارک پر سامان رکھ کر راتوں کو نکلتے تھے اور شب کی تاریکی میں گھر گھر جا کر خستہ حال لوگوں مین رقم کے علاوہ اناج، کپڑے اور اسی طرح روزمرہ ضروریات کی چیزیں بلاناغہ تقسیم کرتے تھے۔ (مستدرک الوسائل، جلد 7، صفحہ 182)۔ **فرمانِ امامِ مہدی آخر الزمان عجل اللہ تعالیٰ:** افضل ترین صدقہ وہ ہے جو تم ایسے رشتہ داروں کو دو جو تم سے قلبی طور پر دشمنی رکھتے ہوں۔ (ہدیۃ الشیعہ، صفحہ نمبر 36)

# اھرام Pyramid

زنجانی جنتری 2002ء میں کرشماتِ اھرام کے ذکر سے اندازہ ہوا کہ اھرام سے فیض یابی اور اس میں دلچسپی رکھنے والے شائقین ساری دنیا کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ مختلف اوقات میں کل پرائیویٹ ٹیلی ویژن کے نغمات اور اشتہاری فلم DHL نے اھرام میں ایک بار پھر عوامی دلچسپیاں بڑھا دی ہیں۔ سال بھر وقفہ وقفہ سے ملنے والے تجربات میں چند نئے تجربات کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اھرام میں بانجھ پن کے لیے رکھی گئی ادویات کے مسلسل استعمال سے بانجھ پن کا مرض جاتا رہا۔ ☆ روٹھے ہوئے (محبت) دوستوں کو منانے کے لیے رکھی گئی دعا قبول ہوئی۔ ☆ ہمارے دوست میجر (ر) خالد اسماعیل قاضی و میجر (ر) نوید اکبر نے بتایا کہ اُن کے ایک دوست نے اھرام کے اندر پرائز بانڈ اور نکلنے کی دعا لکھ کر رکھی اور ان کا پچاس لاکھ روپے کا انعام نکل آیا۔ اھرام کے اَن گنت فوائد میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ☆ اھرام گھر میں رکھنے سے خبیث ارواح جنات، آسیب کے اثرات کا خاتمہ ہوا۔ ☆ اھرام عین سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے خواب میں استخارہ جلد نصیب ہوتا ہے۔ ☆ اھرام بستر کے عین تکیہ کے نیچے رکھ کر بہ نیت پرائز بانڈز نمبرز معلوم کرنے کے لیے باوضو سونے سے خواب میں متوقع لکی نمبرز معلوم ہوتے ہیں۔ ☆ اھرام میں کوئی سکن کریم رکھ کر استعمال کرنے سے چہرے کی خوبصورتی، داغ دھبے دور ہوتے ہیں۔ ☆ اھرام میں بادام رکھ کر کھانے سے نظر اور دماغ تیز ہوتا ہے۔ ☆ اھرام میں نام بمعہ والدہ لکھ کر رکھنے سے تحفظ احساس رہتا ہے جیسے کوئی آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی حفاظت کر رہا ہے۔ ☆ اھرام میں بخورات (صندل، لوبان، ہرمل، گوگل، دال چینی) سات دن رکھ کر جلانے سے مخفی مخلوقات کی جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔

## اھرام کے روحانی کرشمات

☆ مراقبہ میں ارتکاز توجہ یکسوئی پانے کے لیے اس میں اپنی تصویر رکھ دیں یا بڑے اھرام میں بیٹھ کر مراقبہ کریں، نتائج مخفی اسرار و رموز سو فیصد ملتے ہیں۔ ☆ اھرام نیک خواہشات و خیالات کو مادی شکل بھی فراہم کرتے ہیں۔ اھرام میں ناقابل عمل خواہشات لکھ کر رکھیں، پوری ہو سکتی ہیں۔ ☆ اپنے بیڈ کے نیچے اھرام رکھیں، آپ کو پُر سکون میٹھی نیند آئے گی۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں ازدواجی مسرتیں بڑھ جائیں گی۔ ☆ اھرام میں بلیڈ رکھ دیں تو بلیڈ تیز ہو کر پھر سے کارآمد ہو جاتا ہے۔ ☆ اھرام میں موذی امراض کینسر، سرطان کی ادویات رکھیں، ادویہ میں روحانی تاثیر شفاء کی قوت بڑھ جائے گی۔ ☆ اھرام میں پھل، سبزیاں رکھ کر کھائیں، زیادہ توانائی بخش غذا بن جائے۔ ☆ اھرام میں بیج یا قلمیں رکھیں تو اُن کی افزائش حیرت انگیز طور پر بڑھتی ہے۔ ☆ اھرام میں رکھا گیا دودھ یا پانی پینے سے بڑھاپا طاری نہیں ہوتا۔ اس دودھ یا پانی سے چہرہ دھونے سے خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ اھرام میں کوئی اسم اعظم یا قرآنی نقش اپنے نام مقصد کے ساتھ لکھ کر عروج ماہ میں رکھیں، روحانی تاثیرات آپ کو حیران کر دیں گی۔

**ترکیب استعمال:** اھرام کے اندر کاغذ پر دعائیں لکھ کر رکھ سکتے ہیں، دعائیں رکھنے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کر کے اھرام کا ڈھکن اُٹھا کر سنٹر پوائنٹ پر سکوائش ٹیپ لگا کر دعائیں کر کے رکھ دیں، اھرام لیول سے سیدھا کر لیں، اھرام کے نیچے پلیٹ فارم پر چار یکساں لائنیں ہیں۔ ایک لائن کو قطب نما (Compass) سے شمال کی سمت کریں، یوں اھرام میں رکھی ہوئی دوا یا دعا میں تاثیر شروع ہو جائے گی۔ بہتر وقت رکھنے کا عروج ماہ چاند کی یکم تا 14 تواریخ ہیں۔



## اھرام بنانے کی ترتیب

اھرام گتے، لکڑی، جست، ایلومینیم، مٹی یا پتھر یا کسی بھی چیز کا بنائیں۔ AB کا ایک گرافک زاویہ 58.18 اور BC کا گرافک زاویہ 301.82 ہے۔ یہ زاویہ کمپیوٹر سے بنائیں۔ دونوں نقطے B کو ملنے چاہئیں، کمپیوٹر پرنٹر سے پرنٹ نکلوا لیں۔ یہ اھرام کی، کی Key بن جائے گی۔ اس فارمولا سے اھرام کی سائیڈ تیار ہوگی، اس طرح کی چار سائیڈز بنا کر نقطہ B کو ملاتے جائیں، درست اھرام بن جائے گا۔ درجنوں غلط اھرام بنانے کے بعد یہی آسان طریقہ ہاتھ لگا ہے۔

ہدیہ 3 انچ اھرام 1500 روپے

ہدیہ 6 انچ اھرام 3000 روپے

علاوہ محصول ڈاک

بڑے اھرام مکتبہ آئینہ قسمت، کاشانۂ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، لاھور سے ھدیتاً دستیاب ھیں

حمل ♈ ثور ♉ جوزا ♊ سرطان ♋ اسد ♌ سنبلہ ♍ میزان ♎ عقرب ♏ قوس ♐ جدی ♑ دلو ♒ حوت ♓

2015
نظراتِ سیارگان

| تاریخ | سیارگان | نظر | وقت | تاریخ | سیارگان | نظر | وقت | تاریخ | سیارگان | نظر | وقت | تاریخ | سیارگان | نظر | وقت | تاریخ | سیارگان | نظر | وقت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوری | | | | 6 | ره | له | 23/52 | 15 | خل | ع | 11/09 | 22 | رل | ع | 22/19 | 29 | رس | ش | 21/07 |
| | | | | 7 | رنس | ش | 17/09 | 15 | ری | ع | 19/28 | 23 | رن | ن | 03/26 | 30 | رو | ش | 00/35 |
| 1 | رخ | ع | 05/50 | 8 | ری | ن | 10/07 | 16 | رس | س | 04/50 | 23 | رخ | ن | 07/10 | 30 | رنس | س | 04/13 |
| 1 | ری | ع | 07/03 | 8 | رخ | له | 22/04 | 16 | رل | ن | 17/10 | 23 | سل | س | 10/23 | 30 | رخ | ع | 05/12 |
| 1 | رو | ش | 11/18 | 9 | رل | ع | 07/18 | 16 | رخ | ع | 18/49 | 23 | رٹو | س | 16/12 | 30 | ہل | ع | 13/22 |
| 1 | ره | ش | 17/18 | 9 | رن | له | 15/19 | 16 | رن | ع | 23/24 | 24 | رل | ش | 23/30 | 30 | ری | س | 14/24 |
| 1 | رل | له | 23/58 | 10 | رٹو | ش | 07/20 | 17 | رنس | ش | 11/47 | 25 | رس | س | 02/06 | 30 | خٹو | س | 18/39 |
| 2 | خی | له | 00/48 | 10 | رس | ش | 20/45 | 17 | رو | س | 16/26 | 25 | رنس | ن | 16/27 | 30 | سد | ن | 18/44 |
| 2 | رن | ع | 08/06 | 11 | رل | س | 20/45 | 17 | ره | س | 19/51 | 25 | رٹو | ع | 18/01 | 31 | ره | ش | 21/55 |
| 2 | رنس | س | 21/29 | 12 | رو | ش | 13/57 | 18 | ری | ش | 00/23 | 25 | رو | س | 20/41 | فروری | | | |
| 3 | سنس | ع | 13/39 | 12 | ره | ش | 15/10 | 19 | رخ | س | 01/24 | 26 | ری | ش | 02/52 | | | | |
| 3 | ری | س | 14/13 | 12 | رنس | له | 18/41 | 19 | رن | س | 02/50 | 26 | ره | س | 19/23 | 1 | رن | ش | 00/20 |
| 3 | رخ | ش | 16/54 | 12 | رٹو | ع | 20/17 | 19 | رنس | ع | 14/23 | 27 | رن | س | 08/28 | 1 | رنس | ع | 13/52 |
| 4 | سٹو | ن | 04/33 | 13 | ری | س | 10/23 | 19 | رٹو | ن | 15/50 | 27 | رس | ع | 09/49 | 1 | رٹو | له | 15/41 |
| 4 | رن | ش | 16/32 | 13 | رس | ع | 14/45 | 19 | ہی | له | 18/43 | 27 | رخ | س | 18/34 | 1 | رخ | ش | 18/36 |
| 4 | ہل | س | 19/14 | 14 | ہنس | س | 01/12 | 20 | خن | ن | 05/08 | 27 | رو | ع | 21/55 | 1 | ہن | ن | 22/35 |
| 5 | رنس | ع | 06/18 | 14 | رخ | ش | 07/14 | 20 | رس | ن | 18/13 | 27 | رٹو | ش | 22/36 | 2 | سنس | س | 17/29 |
| 5 | رٹو | له | 07/33 | 14 | دنس | س | 15/27 | 20 | رل | س | 22/14 | 28 | ری | ع | 07/18 | 3 | رل | ش | 05/53 |
| 5 | رس | له | 09/53 | 14 | رن | ش | 15/50 | 21 | رنس | س | 14/39 | 28 | دنس | س | 09/58 | 3 | رو | له | 10/30 |
| 6 | دل | س | 03/21 | 15 | رو | ع | 06/29 | 21 | رو | ن | 21/12 | 29 | ره | ع | 06/57 | 4 | رنس | ش | 01/18 |
| 6 | رل | ش | 18/49 | 15 | رٹو | س | 06/51 | 22 | ری | له | 01/20 | 29 | رل | له | 09/44 | 4 | رس | له | 04/08 |
| 6 | رو | له | 20/53 | 15 | ره | ع | 08/17 | 22 | ره | ن | 06/44 | 29 | رن | ع | 15/10 | 4 | ری | ن | 10/30 |

شمس ☉ قمر ☽ عطارد ☿ زہرہ ♀ مریخ ♂ مشتری ♃ زحل ♄ یورینس ♅ نیپچون ♆ پلوٹو ♇ راس ☊ ذنب ☋

اللہ نے داؤدؑ کو وحی کی میرے اخلاق کو اپنا اخلاق بناؤ اور میرے اخلاق سے صبر ہے۔ حدیث قدسی

**امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں**

وَ سُبْحٰنَهٗ مِنْ قَیُّوْمٍ مَّآ اَدْرَمَهٗ۔ اور پاک ہے وہ قائم کیا ہی صاحب دوام ہے وہ

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

26، 27، 28 مئی۔ 15، 16 جولائی اور تسدیس 24، 25، 26 نومبر بننے سے مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا نیک رہے گا۔ آپ شراکتی ایمانداری، ذمہ داری سے دوسروں کی وفا اور خلوص جیتنے میں کامیاب ہوں گے۔ عطارد مریخ تربیع 27، 28، 29، 30، 31 دسمبر بننے سے اشتراکِ عمل یا مشترکہ مفادات کے کاموں میں مشکلات، تنازعات پیدا ہوسکتے ہیں، محتاط رہیں۔ دلائل، شواہد جمع خاطر رکھیں، صدقہ دینا بہترین ردِ بلا ثابت ہو۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر کا حاکم چندرماں (قمر) سال نو کی ابتداء پر ساتویں شرف یافتہ ہونے سے 2015ء میں متعدد خوشگوار سفر پیش آئیں۔ حج و زیاراتِ مقدسہ، اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرونِ ملک یا کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت بھی متعدد سفر کیے جاسکیں گے۔ قانون کا ستارہ مشتری عزت کے گھر 11 اگست تک قیام کے دوران رہتے ہوئے اعلیٰ و قانونی مشاورت اور مقدمات میں فتح مندی کا اشارہ ہے۔ جبکہ گذشتہ دو سالوں میں شرف مشتری نے ایسے عقربی افراد کو یقیناً صاحب نصیب بنا دیا ہوگا، جنھوں نے سعد وقت میں پلاننگ کی ہوگی۔ 2015ء اب ان کی کی گئی پلاننگ اور اچھے وقت میں کیے گئے ثمرات کا سال ہے۔ ساتویں بارہویں زہرہ 8 مئی تا 5 جون سیر و سیاحت، مطالعاتی، تفریحی سفر پیش آئیں۔ ماہِ جون میں ہی 21 جون تا 23 جولائی شمس نویں سے گزرے یا پھر بیرونِ ملک امنگوں اور خواہشات بھرے سفر کرائے۔ کاروباری اغراض و مقاصد کے لیے سفر وسیلۂ ظفر ثابت ہوں۔ 24 جون تا 9 اگست آپ کا حاکم مریخ بھی نویں آکر 11، 12، 13، 14، 15، 16 جولائی شمس سے حالت قران کے ایام میں سفری پروگرام پر نظرثانی کر کے سفر کے نقصان سے بچاؤ اور فوائد بڑھانے یا حل المشکلات کی صلاحیت پیدا کی جاسکتی ہے۔ 8 تا 23 جولائی عطارد کا نویں سفر نئے پسندیدہ سفر، نئے کاروباری روابط بنیں اور آپ انہیں بہتر طریقے سے نبھانے کی جستجو کریں۔ 2015ء نصیب یاوری کے لیے پلاننگ، کوشش، بزرگوں کی دعاؤں کی ازحد ضرورت کو نظرانداز نہ کریں۔



**کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:** بیت العزت دسویں گھر کا مالک بادشاہ فلک شمس 2015ء میں وقفہ وقفہ سے آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ تو کرے گا ہی مگر بارہ سال بعد شمس کا دوست سعد اکبر ستارہ مشتری (گرو) کی آمد گذشتہ سال سے یہاں چلی آرہی ہے اور 11 اگست تک عزت، روحانیات، مذہب، قانون اور کلی طور سے دولت کا حاکم ستارہ کی یہاں نشست آپ کی جاری ساڑھ ستی کے باوجود آپ کی زندگی میں کوئی بھی مشکل ہوئی تو آسان ہوگی۔ سماجی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، مشتری آپ کو حکام بااثر لوگوں یا افسرانِ بالا کا مشیر بننے کی عزت بھی دے سکتا ہے۔ مستقبل کے مطالعہ، امن، فیملی بلکہ خاندان کے اجتماعی مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے بھی آپ عملی اقدام کریں۔ باشعور، سنجیدہ عقربی مذہبی حلقوں خصوصاً زمانہ کے نامور علماء اکرام کی صحبت سے کسب فیض روحانی حاصل کرنے سے آپ کی زندگی میں روحانی انقلابی تبدیلیاں آنے سے آپ معاشرتی تمیز کرتے ہوئے گناہوں سے دور اور متقین لوگوں کی صف میں شامل ہونا پسند کریں گے۔ دسویں کا حاکم شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ رہتے ہوئے حکام بالا سے قربت، عزت، ترقی، مراعات ملیں۔ 21 جون تا 23 جولائی شمس اوج یافتہ 23 جولائی تا 23 اگست عروج یافتہ رہنے کاروباری اغراض و مقاصد کے لیے سفر وسیلۂ ظفر، نئے نئے کاروباری معاہدے عمل میں آئیں۔ ایسے عقربی جو عملی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے۔

زندگی میں آنا چاہتے ہیں اور کاروبار کا آغاز کرنا چاہتے ہیں، انہیں بزرگوں، سینئر کی مشاورت، مالی معاونت بھی ملے، اپنے کاروباری وسائل بڑھانے یا مزید سرمایہ کاری کے لیے 2015ء کے یہ سعد ایام نوٹ فرمالیں۔ مریخ مشتری تثلیث 9، 10، 11 مارچ۔ تسدیس 4، 5، 6، 7، 8، 9، 10 جون خود اعتمادی، کامیاب لوگوں سے روابط مشاورت معاونت ملے۔ شمس مشتری تثلیث یکم، 2، 3 اپریل۔ تسدیس 10، 11، 12 نومبر اور 4، 5، 6، 7، 8 دسمبر بننے سے آپ کے بعض دلیرانہ فیصلے نئے خیالات جو آپ اجتماعی مفادات کے تحت کریں، یہ سعد جاریہ بنیں۔ 2015ء کی نحس تواریخ 2 جنوری۔ 6، 7 فروری۔ 16، 17، 18 اپریل۔ 3، 4، 5 مئی اور 13، 14، 15 دسمبر ہیں۔ ان ایام میں کوئی لین دین، کاروباری معاہدہ نہ کریں، محتاط رہیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم عطارد 2015ء میں آپ کو بے پناہ سعادتیں دے گا۔ ان خوش بختیوں کو سمیٹنے، حلقہ احباب میں مخلص دوستوں کی شمولیت اور انہیں خوش آمدید کہنے کے لیے تیار رہیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تا 31 دسمبر بارہ سال بعد گیارہویں آنے سے بارسوخ دوست احباب آپ کے حلقہ احباب میں آئیں گے۔ جائیداد کی فروخت سے نفع دولت ملے، دیرینہ ذاتی خواہشات کی تکمیل ہوسکے گی۔ 8 تا 27 اگست عطارد گیارہویں شرف یافتہ ہونے سے سال کا یہ بہترین وقت شمار ہوسکتا ہے۔ 2015ء میں عطارد رجعت (الٹا) پذیر 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون، عطارد 17 ستمبر تا 9 اکتوبر رہنے سے دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں، کام قدرے رک رک کر ہوں اور دوستوں سے بلاوجہ کی غلط فہمیاں بھی پیدا ہوسکتی ہیں۔ خصوصاً 13 تا 31 مارچ ہبوط اور 21 نومبر تا 10 دسمبر وبال میں رہے، یہ مجموعی ایام احتیاط طلب ہوں۔ عطارد مریخ تربیع 27، 28، 29، 30، 31 دسمبر رہے۔ قریبی احباب دوستوں سے تب دلائل و تنازعات سے ممکنہ بچیں۔ سعد تواریخ عطارد مریخ قران 22، 23 اپریل۔ 26، 27، 28 مئی۔ 15، 16 جولائی۔ تسدیس 24، 25، 26 نومبر بنے، تب آپ کے علم و ہنر، آپ کی مہارت، حاضر دماغی سے دوست احباب آپ کی مزید شخصیت کے معترف ہوسکیں گے۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** بیت الاعداء کا حاکم زہرہ جو ساتویں گھر کا بھی مشترکہ حاکم ہے۔ ایسے عقربی جو بیرونِ ملک حصولِ امیگریشن کے لیے اپلائی کرنا چاہ رہے ہیں، ان کے لیے 27 جنوری تا 21 فروری، 17 مارچ تا 11 اپریل، خصوصاً 8 نومبر تا 5 دسمبر کے ایام نہایت سعد ہیں۔ راس (راہو) تقریباً تمام سال 12 نومبر تک بارہویں رہنے سے 2015ء خفیہ سرگرمیوں اور آپ کے خلاف سازشوں کا سال ہے۔ یوں تو سازشیں وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں۔ تاہم جب زحل 15 جون تا 18 ستمبر طالع میں آکر ساڑھ ستی کی نحوست کو بڑھاتا ہے، تب یہ ایام پھونک پھونک کر گزاریں۔ آپ بہ آسانی نظر بد، سحر، جادو ٹونہ سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ تاہم عبادت گزار عقربی اور صدقہ و خیرات مسلسل دینے والے قدرے ہرنا گہانی آفات و بلیات سے محفوظ رہیں۔ آپ کی صحت جسمانی خصوصاً ذہنی تفکرات، نفسیاتی امراض کا بھی اندیشہ ہے۔ اپنے راز دوسروں کو نہ دیں اور نہ ہی دوسروں کی خفیہ زندگی اور ان کے راز معلوم کرنے کی کوششیں کریں۔ آپ کو کوئی کامیابی نہ ملے بلکہ الٹا نقصان، رسوائی، بدنامی پلے پڑسکتی ہے۔ 2015ء میں آمدن کے مقابلے میں اخراجات بلند رہیں، ضروری ہو تو آڑے وقت کی جمع پونجی استعمال میں لائیں، تاہم قرض مت لیں، ورنہ اس کا اُتارنا نہایت مشکل ہوجائے، پورا سال اپنا اور اپنی فیملی کا

اے موسیٰ! میں اپنے بندے کے آسمانوں تک پہنچے ہوئے گناہوں کو مومن فقراء سے محبت کی وجہ سے معاف کردوں گا۔ حدیث قدسی

...کرتے رہیں۔ تاہم روحانیات کے متلاشی عقربی افراد کو عبادت، ریاضت، چلہ کشی، سکون واطمینان کی دولت ملے گی۔ بے شک ...ہی سے ہی دل آرام پاتے ہیں، سبھی عقربی بہن بھائی **313** مرتبہ روزانہ کوئی سا درود شریف پڑھنا اور ہر تسبیح میں وقفہ کرکے دعائیں کرنا معمول بنالیں۔ اس آسان عمل کی بدولت سے آپ کی زندگی سے مشکلات دور ہوں گی۔



**عقربی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات سے سبھی واقف ہیں، اسی سبب پوری دنیا کے باشعور لوگ ان کے ناقص اثرات کے اپنے اپنے مذہب کے تحت اُپائے کرتے ہیں۔ مسلم بہن بھائیوں پر نماز آیات (گرہن) پڑھنا واجب، صدقہ وخیرات دیا جائے تو مزید نحوستوں کے دور ہونے کا یقین واطمینان کیا جاسکتا ہے۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ پانچویں چھٹے کے کسب پر لگے گا۔ صاحب اولاد عقربی اپنے بچوں کی صحت، تعلیم وتربیت کا خیال رکھیں، ملازم پیشہ عقربی اپنے فرائض کی ادائیگی میں غفلت نہ برتیں، ورنہ ان کے خلاف سازشیں، تنزلی بھی ہوسکتی ہے۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل بارہویں گھر لگنے سے آپ کے خفیہ دشمن آشکار ہوں، انہیں معاف کریں یا نہ کریں، ایسے ناعاقبت اندیش لوگوں سے دور رہیں۔ اچانک ناگہانی اخراجات بھی پیش آسکتے ہیں۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر گیارہویں لگنے سے دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں اور کسی دوست کی بے وفائی کا صدمہ بھی براشت کرنا پڑسکتا ہے۔ "گو ذرا سی بات پر برسوں کے یارانے گئے لیکن اتنا تو ہوئے کچھ لوگ پہچانے گئے"۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر چھٹے لگنے سے ملازم پیشہ عقربی افراد اپنے فرائض کی ادائیگی میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں، اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں، اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کرائیں۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ **183** پر درج ہے۔

| عقرب سعد تواریخ 2015 | عقرب نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 18، 19، 20، 29، 30، 31 جنوری | یکم، 2، 13، 15 جنوری |
| 24، 25، 26، 27 فروری | 3، 4، 5، 6، 9 فروری |
| 9، 10، 11، 12 مارچ | 17، 20، 28 مارچ |
| 11، 12، 22، 23 اپریل | 4، 13، 14، 15 اپریل |
| 27، 28، 30 مئی | 24، 25، 26 مئی |
| 4، 5، 6، 7، 9، 10، 15، 22، 29 جون | 11، 14، 16 جون |
| 7، 8، 10 جولائی | 14، 15، 16، 23، 25، 26، 29 جولائی |
| 4، 6، 7 اگست | 3، 5 اگست |
| یکم، 8، 10 ستمبر | 13، 17، 19، 24، 26، 28 ستمبر |
| 15، 17، 19، 31 اکتوبر | 5، 7 اکتوبر |
| 3، 4، 22، 24، 25، 26 نومبر | 15، 21، 28 نومبر |
| 4، 6، 8 دسمبر | 5، 7، 9، 11، 27، 29، 31 دسمبر |

23 Nov. To 21 Dec.
4
2015
ف

دن جمعرات
عدد 3
رنگ سبز
پتھر فیروزہ

SAGITTARIUS

# قوس
## مشتری
## حالات وواقعات کی روشنی میں

Rahat Fateh Ali

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل طالع میں رہے گا۔ آپ کے شمسی طالع کا حاکم ستارہ مشتری (سعد اکبر) بارہ سال بعد نصیب (بھاگیہ یوگ) کے گھر میں 11 اگست تک رہے گا۔ یوں 2015ء سعد و نحس کواکب کے اثرات کی آسمانی کونسل اور خصوصاً آپ کے شمسی زائچہ میں ستاروں کی جنگ رہے گی۔ ان دنوں آپ نحوست زحل شمسی ساڑھ ستی ½7 سالہ خراب دور سے گزر رہے ہیں، زحل طالع میں 20 دسمبر 2017ء تک پھر دوسرے خانہ مال میں آکر مزید 17 دسمبر 2020ء کو یہاں سے بھی نکل جانے پر آپ کی جاری ساڑھ ستی کا خاتمہ ہوگا۔ ساڑھ ستی کسی طور پر بھی منجمین کے نزدیک نیک ثمرات نہیں دیتی۔ ہر کام میں تاخیر، التواء، رکاوٹیں، پریشانیاں، کام بنتے بنتے رُکنے لگیں، دوسروں سے وابستہ توقعات میں اکثر ناکامی ہوتی ہے۔ طبیعت میں بوجھل پن، ذہنی دباؤ، ڈپریشن نجانے کیا ہونے والا ہے؟ خواہ کچھ بھی نہ ہو لگتا ہے کہ کہیں سے خیر کی خبر نہیں آئے گی۔ دوست دشمن اور دشمن دوست لگنے لگتے ہیں۔ روپیہ پیسہ کا نقصان، ناگہانی نقصانات، حادثات، دیا گیا سرمایہ کاروباری سرمایہ اور قرض واپس نہیں ملتا۔ بعض اوقات قرض لینے کی نوبت آجاتی ہے، الغرض بے چینی، اداسی اور نجانے کیا کیا وسوسے وقفہ وقفہ سے پریشان کرتے رہتے ہیں، طلبہ کی پڑھائی کا دیگر فضول مشاغل اختیار کر لینے سے حرج ہوتا ہے۔ اسی سبب ایک زمانہ ستارہ زحل کی نحوست سے ڈرتا ہے۔ منجمین خصوصاً انڈین پنڈت اس کے بداثرات سے سبھی کو خوب ڈراتے ہیں۔ یوں زحل دنیا کی نظر میں نحوست اور بدی کا ستارہ بنا ہوا ہے۔ منجمین نے اسے نحس اکبر ستارے کا نام دے رکھا ہے۔ میرے نزدیک ستارہ زحل ایک بزرگ معلم اور اُستاد زمانہ ستارہ بھی ہے۔ انسان خطا کا پتلا ہے، جب تک غلطیاں نہ کرے سیکھتا نہیں۔ بعض معصوم لوگ دوسروں کے تجربات سے فائدہ نہیں اُٹھاتے بلکہ خود تجربات کر کے وقت روپیہ ضائع کرتے ہیں۔ بحیثیت مسلم ہم سب کا ایمان مضبوط ہونا چاہیے کہ بے شک عالم الغیب اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے کہ ہم نے آسمان پر جو سورج، چاند، ستارے بنائے ہیں یہ کوئی کھیل تماشہ نہیں بلکہ عقل مند لوگوں کے لیے ان میں نشانیاں ہیں۔ حدیث پاک ہے کہ ہمارے اعمال کا دارومدار اپنی نیتوں پر ہے۔ فلسفہ نجوم سمجھنے کی آج اشد ضرورت ہے، دراصل آسمانی ستارے اچھے برے اثرات دیتے ہیں مگر ہمیں مجبور نہیں کرتے، خراب ایام ساڑھ ستی میں اگر کوئی شخص چوری کی نیت سے نکلے اس سے قبل چوری کرے اپنی بدنیت کے سبب راستے میں ہی پکڑا جائے اور اپنے مشن میں ناکام رہے۔ اس کے برعکس کوئی شخص گھر سے نیک عمل کرنے صدقہ و خیرات کرنے نکلے تو بخیریت واپس بھی شادمانی سے آئے اور روزمرہ نحوست پریشانیوں سے نجات، سکون و سکھ پاتا رہے۔ صاحب شریعت نبیوں کو کوئی سیٹلائٹ سسٹم، سی ڈی، ویڈیو ڈی وی ڈی نہیں ملی بلکہ مالک و خالق نے ہماری ضروریات کے مطابق ہمیں آسمانی کتب سے نوازا، ہم جتنا ان سے دور ہوں گے، ہم بے راہ روی کا شکار ہوں گے اور ہم جتنا آسمانی کتب کے نزدیک ہوں گے، ہمارا ایمان پختہ تازہ رہے گا اور ہم وہی کریں گے، جو عادل کی رضا ہوگی۔ ساڑھ ستی انسانوں اور قوموں کو بھی لگتی ہے۔ ایک مثال قرآن پاک سے ہدیہ کر کے ہم اپنے اصل موضوع 2015ء میں آسمانی کونسل کے اثرات کی طرف بڑھتے ہیں۔ سورۃ یوسف میں بادشاہ مصر کا خواب دیکھنا کہ دریائے نیل سے سات سوکھی گائے نکل کر ہٹی کٹی موٹی سات گائے کو کھا جاتی ہے اور پھر حضرت یوسفؑ کی تعبیر خواب کہ ملک میں سات سال خوشحالی اور پھر سات سال قحط سالی کے ہیں۔ یہ سات سال ساڑھی ستی کی قرآن پاک سے

جس کسی نے اپنے باطن کو فاسد کر دیا اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر کو فاسد کر دے گا۔ حدیث قدسی

بہترین مثال وراہنمائی ہے، ہمیں بھی چاہیے کہ خوشحالی کے دور میں بچت کریں تا کہ آڑے وقت میں اپنی بچت ہی اپنے کام آئے نہ کہ فاقوں قرضہ کی نوبت آئے، بھوک افلاس ہی جرائم کو جنم دیتی ہے۔ روحانی طور سے بچنے کے لیے آسان تدارک اُپائے (1) سورۂ رحمٰن میں ذکر کردہ یاقوت والمرجان یا موتی تینوں میں سے کوئی سا نگینہ لے کر اور اگر کسی منجم سے انفرادی نگینہ تحقیق کروالیں تو مزید نیک فال ہے۔ (2) جنتری ہذا میں عرض کردہ عزیمت رجعت نحوست سیارگان 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ (3) ہر پیر چاول کا ٹوٹا، منگل گوشت یا کلیجی یا پھیپھڑے کا صدقہ دیں۔ (4) دو گلاس دودھ اور 14 گلاس پانی روزانہ پئیں۔ (5) تحفظ نحوست زحل کے لیے (شرف زحل) کا نقش ادارہ سے تحفۃً منگوا کر پاس رکھیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست 2015ء شمسی زائچہ میں بھاگیہ یوگا بنائے رکھے گا۔ سعد اکبر ستارہ مشتری نویں نصیب کے گھر میں رہے تو تب تک مشکلات قدرے کم رہیں۔ کسی مرشد کامل یا پھر بزرگ روحانی سے فیض روحانی ملے۔ یوں آپ چھوٹے چھوٹے آسان اُپائے از خود بھی کر کے 2015ء کو خوشگوار سال بنانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ یاد رہے دانشمندانہ اطمینان وسکون کی دولت بازار میں نہیں ملتی صرف اور صرف ذکر الٰہی سے ہی دل آرام پاتے ہیں۔

**درس روحانیات:** قوس افراد جن کا حاکم ستارہ مشتری مذہب سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ اُن کی دلچسپیاں مذہب کی جانب جاری رہیں بلکہ جاری رکھنا چاہیے تو اس عمل سے وہ اپنے اندر اطمینان سکھ کی کیفیت محسوس کریں گے۔ دوسروں کے دکھ درد بانٹنے سے بھی یقیناً سکھ واطمینان بڑھتا ہے۔ روحانیات کے گھر میں روحانیات کا ستارہ سعد اکبر مشتری بارہ سال بعد آپ کے بھاگ جگانے آ چکا ہے۔ بشرط آپ بھی خوابِ غفلت سے جاگ جائیں، سراب اور سیراب کی پہچان کرتے ہوئے اپنی روحانیات اور مقدر جگانے کی کوششیں کریں۔ یقیناً اس عمل سے آپ صاحب نصیب بن سکتے ہیں۔ یوں بھی آپ نے سنا ہوگا کہ باادب بانصیب، بے ادب بے نصیب۔

**آپ کی شخصیت:** آپ کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری اپنے بارہ سالہ منطقۃ البروج میں 11 اگست تک اپنے فطرتی نصیب کے گھر (بھاگیہ یوگ) میں رہتے ہوئے ساڑھ ستی کے باوجود آپ کا نصیب یاوری کرائے گا۔ وہ قوسی جو نیک اعمال، صدقات وخیرات دیتے رہیں گے، ان کے لیے 2015ء اچھے طریقے سے گزر جائے گا۔ اکثر قوسی افرادی طرز زندگی میں تبدیلیاں آئیں، وہ منفی رجحانات کو چھوڑ کر روحانیات کی راہ اپنائیں اور عبادات نیکی صدقہ جاریہ کے کاموں میں سکون تلاش کریں۔ نحس اکبر ستارہ زحل آپ کے طالع میں اوج بلندی، سرفرازی پاتا ہے۔ شمسی ساڑھ ستی سے قطعہ نظر زحل آپ کی علمی ذہنی تخلیقی فنی قابلیت میں اضافہ لائے گا۔ زحل معلم زمانہ بن کر آپ میں مستقل مزاجی اور ضبط نفس، خود اعتمادی اور باعمل بنا کر تعمیر وترقی کی طرف راغب کرے گا، طبیعت میں تیزی مگر دوسروں کے لیے وفاداری رہے، اپنی روح کی تسکین کے لیے آپ صوفی ازم کی طرف مائل ہوں، خوشبویات اور اپنے ہاں لنگر جیسی ضیافت کا بندوبست کرنا پسند کریں۔ کواکب مشتری اور زحل یکساں اپنی اپنی جگہ بروجی اعتبار سے آپ کو یکساں زندگی کے حالیہ اور آنے والے تجربات سے آگاہی دیں گے جو مشکلات اور آزمائش آپ آج دیکھ لیں گے۔ آئندہ زندگی میں ان حالات کا مقابلہ بہ آسانی کر لیں گے۔ اوتاد کے حاکم مشتری عطارد کی سعد نظرات تثلیث 6،7 اپریل اور 25،26 دسمبر بنیں۔ تسدیس 3،4 جولائی۔ 13،14 نومبر جبکہ قران 6،7 اگست کو ہونے سے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے قیاس آرائی سے ہٹ کر عملی مثبت فیصلے کر سکیں گے۔ مشتری عطارد ناقص نظرات مقابلہ یکم، 2 مارچ تربیعات 20، 21 اپریل۔ 4، 5 دسمبر ب خود اعتمادی سے بڑھ کر جذباتی فیصلے نہ کریں، ورنہ معاملات الٹ ہو سکتے ہیں۔ 2015ء پورا سال بزرگوں، مخلصین اور سینئر سے مسلسل شاورت معاونت والدین خصوصاً والدہ صاحبہ سے دعائیں لینے کا سال ہے۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** خانہ مال کا حاکم زحل ہو کر تمام سال اپنے گھر سے بارہویں رہنے سے ذرائع آمدن کے لیے کچھ بڑھ کر زیادہ کوشش کرنی پڑے گی۔ ابتداء سال خانہ مال میں چار کواکب شمس، عطارد، زہرہ اور پلوٹو کا قیام بھی حصول دولت، ذرائع آمدن میں اضافہ کے لیے کئی ایک منصوبے زیر غور آئیں۔ زحل کو 14 اپریل تا 2 اگست

جس کا میرے سواہ کوئی مددگار نہ ہو اس پر ظلم کرنے پر جہنم غضبناک ہوتی ہے۔ حدیث قدسی

رجعت پذیر ہو تب یہ بارہویں خرچ کے گھر میں چلا جائے گا تو ناگہانی اخراجات، عزیز واقارب، بچوں پر یا امراض پر اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ اس غیر متوقع مالی اُتار چڑھاؤ کے لیے بھی تیار رہیں۔ فرمانِ مو' ہے کہ میانہ روی اختیار کرنے والا کبھی مفلس نہیں ہوتا، اسراف اور تکبر سے گریز کرنے والوں کا بھی مالی بھرم ہمیشہ قائم رہتا ہے۔ قرض لینے دینے سے بھی اجتناب برتیں، حسب توفیق کالی اشیاء کا ہفتہ کے دن حسب توفیق صدقہ دینا نیک ہے۔ زحل مشتری تربیع 29 جولائی یکم، 2، 3، 4، 5، 6 اگست تک قائم رہے گی۔ تب اپنے یا دوسروں کے مسائل کے سبب اپنے مسائل و وسائل سے باہر نہ نکلیں۔ لالچ دینے والے لوگوں کے دامِ فریب میں ہرگز نہ آئیں۔

**عزیز و اقارب، اندرونِ ملک سفر:** بیت الاقرباء کے گھر کا حاکم بھی زحل ہونے کے سبب یہ سال 2014ء سے قدرے ملتا جلتا سال ہے۔ 2015ء میں زحل طالع سے رجعت کرتے ہوئے 15 جون تا 18 ستمبر بارہویں نحس گھر میں چلا جائے گا۔ تب ایک بار پھر عزیز واقارب کی فرمائشوں اور ان کی خدمت کا دور ہے۔ ان کی خدمت خوشی سے کریں یا نہ کریں انہیں آپ سے خدمت لینی آتی ہے اور آپ ان کے آگے بے بس رہیں گے، تاہم جنوری تا مئی اور اکتوبر تا دسمبر کے ماہ قدرے اوج زحل ہونے کے سبب آپ کو سرفرازی عطا کریں۔ اندرونِ ملک بس ریل یا پھر ہوائی سفر کاروباری، سیاحتی یا عزیز و اقارب سے تجدید مراسم کے سلسلے میں پیش آئیں۔ اہم کام سعد ایام میں انجام دیں اور ناقص ایام قدرے محتاط انداز سے گزاریں۔ سعد ایام زحل عطارد تسدیس 5، 6 جنوری۔ 5، 6، 18، 19، 20 فروری۔ 26، 27 اگست۔ 5، 6، 7، 13، 14، 15 اکتوبر بنیں۔ تثلیث 2، 3 اپریل، قران 24، 25 نومبر مشتری عطارد تثلیث 6، 7 اپریل۔ 25، 26 دسمبر۔ تسدیس 3، 4 جولائی۔ 13، 14 نومبر جبکہ قران 6، 7 اگست کو بنے۔ یہ بھی ایام تعلقات، سفر، مواصلات، روابط بڑھانے کے لیے نیک ہیں۔ 2015ء میں ناقص نظرات زحل عطارد تربیعات 15، 16 مارچ۔ 6، 7 اگست۔ مقابلہ 2، 3 مئی مشتری عطارد مقابلہ یکم، 2 مارچ تربیعات 20، 21 اپریل۔ 4، 5 دسمبر بنیں، سب سے ناقص نظر مشتری زحل تربیع 29 جولائی تا 6 اگست بنے تب دورانِ سفر مشکلات دوسروں سے تعلقات میں بگاڑ کا اندیشہ محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ صدقات وخیرات بڑھائیں۔ بدھ کے روز جوڑا نر مادہ طوطے طلوع آفتاب کے بعد آزاد کرنا ایک بہترین صدقہ ہے۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** وتد الارض چوتھے اور طالع کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک نویں اور پھر 31 دسمبر تک دسویں آجائے گا۔ 2015ء میں مشتری کی یہ نشست ہر اعتبار سے نیک تاہم 9 دسمبر 2014ء تا 18 اپریل 2015ء مشتری رجعت پذیر رہے گا، تب خانگی خاندانی امور احتیاط طلب ہوں گے، اس کے بعد حالات میں آہستہ آہستہ ہر لحاظ سے بہتری آنے لگے گی۔ خاندانی، خانگی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ خاندانی مسائل حل کرنے کی جانب خصوصی توجہ دیں۔ اگست تا دسمبر زمین جائیداد، پراپرٹی، حسب منشاء خرید وفروخت کے متعدد مواقع ملیں۔ زراعت، باغبانی یا کسی بھی قسم کے زرعی شعبہ سے تعلق رکھنے والوں کے لیے سال کے یہ ماہ نہایت اہم ہیں، تب سائنسی زرعی اصولوں پر عمل کرتے ہوئے وہ اپنا نفع بہ آسانی بڑھا سکتے ہیں۔ خواہاں قوسی افراد حسب حیثیت نئی یا پرانی سواری خرید پائیں گے۔ 2015ء کی بہترین تواریخ اہل خاندان سے محبت والفت قائم کرنے کے لیے 6، 7 اپریل۔ 3، 4 جولائی۔ 6، 7 اگست۔ 13، 14 نومبر اور 25، 26 دسمبر ہیں۔ وہ ناقص تواریخ جب حاسدین آپ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں۔ یکم، 2 مارچ۔ 20، 21 اپریل اور 4، 5 دسمبر ریڈ مارک کرلیں۔

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد کا حاکم مریخ 20 فروری تا 31 مارچ عروج یافتہ اور 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہنے سے اولاد انعام اور جذباتی معاملات الفت و محبت ہائی لائٹس رہیں۔ صاحب اولاد قوسی اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم و تربیت اور انہیں بیرونِ ملک یا اندرونِ ملک کسی اعلیٰ

...الی نے احسان جتلانے والے، بخیل، کنجوس اور چغلخور پر جنت حرام قرار دی ہے۔ حدیث قدسی

...درسگاہ میں داخل اور ان کے تعلیمی اخراجات بہ خوشی ادا کرنے میں اولاد سے راحت پائیں۔ دوا ہم کواکب یورانس سارا سال اور ذنب ...نومبر تک پانچویں رہیں۔ عشق و محبت میں راز افشاء ہونا، محبت سچی ہو تو اس کی منتہی منگنی یا شادی پر فوراً کرلیں، ورنہ رسوائی کا اندیشہ ہے۔ ...کی پانچویں موجودگی چونکا دینے والے واقعات و آزمائش لاسکتی ہے۔ اچانک غیر متوقع حالات ہو جائیں، اس کے لیے ذہنی طور سے تیار ...۔ ایسے قوسی جو انٹرنیشنل لاٹریوں، انعامی بانڈز یا کسی سٹاک ایکسچینج سے حصولِ دولت کے خواہاں ہیں، آپ ان تواریخ میں دلچسپی لیں۔ ...4، 5 جنوری۔ 20، 21، 22، 23، 25، 26 فروری۔ 4، 5، 9، 10، 11 مارچ۔ 22، 23 اپریل۔ 4، 5، 6، 7، 8، 29 ...۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 5، 6، 9، 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 15، 16، 17، 18، 19، 24، 26، 31 اکتوبر۔ 3، 4، 12، 13، ...22، 24، 26 نومبر اور 23، 24، 26 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام لگ جائے، ایسے قوسی جو درود شریف یا ...اسم اعظم کا وِرد کرتے ہیں، اُن کا نصیب کھل جانا بہ آسانی ممکن ہے۔

**صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:** بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ 27 جنوری تا 21 فروری شرف، 11 اپریل تا 8 مئی اوج یافتہ، 17 مارچ تا 11 اپریل عروج اور 8 نومبر تا 5 دسمبر عروج یافتہ رہنے سے صحت و تندرستی کے امور توجہ طلب رہیں گے۔ ساڑھ ستی جاری ہے، ان ایام میں صحت کے مسائل کا ہو جانا بھی عام سی بات ہے۔ روزمرہ ورزش سیر کی عادت کو اپنائیں۔ اولیں فرصت یا اپنی سالگرہ کے نزدیک کسی اچھے معالج سے اپنا میڈیکل ...اَپ کرائیں، خصوصاً بلڈ پریشر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ وغیرہ۔ اپنا طرزِ زندگی بدلیں، ڈاکٹر کے مشورہ سے مناسب ادویہ اغذیہ کا استعمال ...نے سے آپ کی صحت کا تسلسل بحال رہے۔ ملازمتی فرائض ذمہ دارانہ انجام دہی سے عزت و مرتبہ، مراعات کا حصول ممکن ہو، بیروزگار ...کو قدرے کوشش کرنے سے اچھا حسب منشاء روزگار مل سکے گا۔ زہرہ مشتری تثلیث 4، 5 مارچ۔ تسدیس 22، 23 اپریل۔ 23، 24، ...دسمبر جبکہ قرانات 29 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3، 4، 5 اگست اور 24، 25، 26 اکتوبر بنیں۔ تب ترقی مراعات، بہتر ملازمت اور ...ب منشاء ٹرانسفر پوسٹنگ کے لیے نیک ایام ہیں۔ ناقص نظرات مقابلہ 19، 20 جنوری۔ 27، 28 مارچ حکام بالا کو شکایت کا موقع نہ ...، روزمرہ خوراک میں بدہضمی امراض کو بڑھا سکتی ہے۔ پرہیز علاج سے بہتر والا مقولہ یاد رکھیں۔

**تعلقات شراکتی و ازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم عطارد یوں تو سارا سال وقفہ وقفہ سے سعادتیں عطا کرے گا۔ تاہم اس کی 2015ء میں ممکنہ مکمل سعادت یکم مئی تا 8 جولائی جب یہ ساتویں عروج یافتہ اور 8 تا 27 اگست شرف یافتہ ہوگا۔ 2015ء خوش قسمت سال مشتری کے نویں دسویں ہونے سے ہے۔ تب رشتوں کے حصول کے لیے آسانی خوشگوار ازدواجی ...م، ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی ہو سکے گی، تاہم اس میں احتیاط ہوگی۔ زحل طالع میں یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر ...ے ہوئے ساتویں کو مکمل نحس ناظر رہے، اُدھر آپ کا حاکم عطارد تین مرتبہ رجعت پذیر 21 جنوری تا 11 فروری۔ 19 مئی تا 12 جون اور ...ستمبر تا 9 اکتوبر ان سبھی ایام میں شراکتی و ازدواجی تعلقات میں سست روی، شکوک و شبہات خصوصاً خواہاں قوسی لڑکے لڑکیاں جن کی منگنی یا ...ی ہونے جا رہی ہے، انہیں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس سے قبل کہ رشتہ یا شادی ہونا عاقبت اندیش لوگ ہر دو فیملیز میں شکوک و ...م پیدا کرنے کی سازشیں کریں۔ 2015ء کو خوشگوار بنانے اور سازشیں نحوست آپس کی شکر رنجیاں اختلافات سے بچنے کے لیے ایام ...ت عطارد میں سبز مونگ کی دال، سبز مٹھائی یا سبز کپڑے کا صدقہ دیں۔ شادی کے خواہاں طلوع آفتاب کے فوراً بعد نر/ مادہ طوطوں کا جوڑا ...د کریں۔ عطارد مشتری تثلیث 6، 7 اپریل۔ 25، 26 دسمبر۔ تسدیس 3، 4 جولائی۔ 13، 14 نومبر۔ قران 6، 7 اگست تعلقات میں ...ی افہام و تفہیم محبت و الفت کے معاملات خصوصاً شادی میں پیدا شدہ رکاوٹیں کوشش سے دور ہو سکتی ہیں۔ مشترکہ مفادات کے بہترین فیصلے ...جا سکیں۔ ناقص نظرات عطارد مشتری یکم، 2 مارچ۔ 20... 4، 5... دوسروں سے حدود و قیود میں رہیں، کم

جھوٹا ایمان کا دعویدار اور زانی روز قیامت میری رحمت سے محروم رہے گا۔ حدیث قدسی

## امسل روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَسُبْحٰنَهٗ مِنْ صَمَدٍ مَّآ اَمْلَكَهٗ۔ اور پاک ہے وہ بے نیاز کیا ہی مالک ہے وہ

ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا میں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

ظرف لوگوں سے تعلقات میں احتیاط برتیں، بھروسہ لین دین کسی تحریری معاہدے کے بغیر کرنا مناسب نہ ہوگا۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** بیت الخوف آٹھویں گھر کا مالک قمر ہونے سے آپ کی عدم توجگی سے تصفیہ طلب معاملات بنتے بگڑتے رہتے ہیں۔ طالع میں رہتے ہوئے زحل یکم جنوری تا 15 جون اور پھر 18 ستمبر تا 31 دسمبر اس گھر کو نحس ناظر رہے گا۔ دیرینہ پیچیدہ وراثتی امور میں آپس میں لڑائی جھگڑے سے اعتراض کریں۔ 2015ء میں نویں دسویں مشتری ہونے سے پنچایتی، قانونی، بزرگوں کی وساطت، مشاورت سے اپنے مشترکہ مفادات کے کام خصوصاً وراثتی امور حل کرنے کی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔ عدم توجگی سے بلاوجہ مسائل بڑھ سکتے ہیں۔ انشورنس، کلیم اور دیگر کاموں سے بغیر محنت کے دولت آسان نہ ہوگی۔ کام ہوں تو مگر رک رک کر ہوں۔ اپنی سبھی حل المشکلات کے لیے دعاؤں صدقات پر توجہ دیں۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر میں سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 11 اگست تک قیام پذیر رہے گا۔ نواں گھر مشتری کا فطرتی گھر بھی اور یہ مشترکہ سعادت لے کر یہاں آ جانا کسی بڑی ڈبل سعادت سے کم نہیں۔ اس عرصہ میں آپ روحانی طور سے اپنا نصیب سنوار سکتے ہیں۔ 2015ء میں خواہاں قوسی افراد کی حج وعمرہ، زیارات مقدسہ کی خواہش بہ آسانی پوری ہو۔ عقد ثانی کرنے والوں کو بھی خوشی ملے، ہونہار قوسی طلبہ جو اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک جانے کے خواہاں ہیں، انہیں اپنی من پسند یونیورسٹی یا متعلقہ تعلیمی درسگاہوں میں داخلہ مل جائے۔ اسکالرشپ یا والدین کی سرپرستی بھی مل سکتی ہے۔ 2015ء کے دیگر سعد ایام نویں کا حاکم شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ 23 جولائی تا 23 ستمبر عروج یافتہ رہے گا۔ بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد، سیاحت، مطالعاتی سفر کرنے نیک رہیں۔ تب کوئی بڑا کاروباری قانونی معاہدہ کرنا یا اس پر نظر ثانی کر کے اس کی شرائط کو مزید بہترین اور کاروباری فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ سعد نظرات شمس مشتری مثلیث یکم، 2، 3 اپریل۔ 7، 8، 9، 10 جون۔ 10، 11، 12 نومبر بنیں۔ تب کیے گئے سفر وسیلۂ ظفر ثابت ہوں، تعلیم شعور کی آگاہی سے تخلیقی علمی صلاحیتوں میں اضافہ ہو مذہبی روحانی علوم میں شعور کی آگاہی آپ کی مذہبی اخلاقی قدریں بلند ہوں۔ 2015ء تک کچھ ناقص ایام 24 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس ہبوط یافتہ ہو خصوصاً شمس مشتری مقابلہ 6، 7 فروری۔ تربیع 3، 4، 5 مئی۔ 13، 14، 15 دسمبر بنیں، تب اوور لوڈ، اخلاقی، قانونی مسائل اختلافات اس سے قبل بنیں، محتاط رہیں۔ جلد بازی میں کچھ زیادہ خود اعتمادی کا مظاہرہ مناسب نہ ہوگا، بلکہ صبر و تحمل سے اپنے معاملات کو حل کرنے میں کوشاں رہیں۔

**کیریئر، کاروبار، عزت و وقار:** آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ عطارد جسے آسمانی کونسل میں منشی فلک کا درجہ ہے۔ ان دنوں چونکہ آپ کی ساڑھ ستی بھی چل رہی ہے۔ اگرچہ کاروباری کیریئر کے معاملات بہت احتیاط و آزمائش طلب ہوں۔ تاہم زحل کو طالع میں اوج اور آپ کا حاکم مشتری نویں بھاگیہ یوگ نصیب یاوری اور پھر 11 اگست تا 31 دسمبر بارہ سال بعد بیت العزت کیریئر کے گھر میں مشتری آنے سے کاروباری حالات میں قدرے بہتری آئے، نئے مادی مالی وسائل ملیں۔ آپ اپنے کاروبار کو وسعت دے سکتے ہیں۔ پیشہ ورانہ ہنرمندی و تعلیمی قابلیت میں اضافہ یقینی رہے، افسرانِ بالا حکام آپ کو کوئی ذمہ داری دے سکتے ہیں، جس کی ادائیگی میں خصوصی دلچسپی لینے سے عزت ترقی مراعات کا حصول ممکن ہو۔ عطارد یکم مئی تا 8 جولائی عروج یافتہ۔ 8 تا 27 اگست شرف یافتہ۔ 2 تا 21 نومبر اوج یافتہ رہے۔ یہ بھی صد

...اپنی خطاء پر اس طرح گریہ کرو جس طرح عورت جوان بیٹے کی لاش پر گریہ کرتی ہے۔ حدیث قدسی

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں یا پرس میں پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاوٴں کا وقت آتا ہے

...یم کاروباری پیشہ ورانہ امور میں عزت اور بڑھاوے کے ہیں، تب کسی نئے کام کا آغاز کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنا نیک ہے۔ با اثر لوگوں، حکام بالا سے قریبی تعلقات رہیں اور ان سے مفادات کا حصول بھی یقینی ملے۔ سعد نظرات عطارد مشتری تثلیث 6،7 اپریل۔ 25،26 دسمبر تسدیس 3،4 جولائی۔ 13،14 نومبر جبکہ قران 6،7 اگست ہونے سے مستقبل کی پلاننگ سامنے دیکھ کر آپ بہترین پیشہ ورانہ فیصلے کر سکیں، تب تبدیلی کیریئر کرنا بھی نیک، اعلیٰ ظرفی سے صدقہ جاریہ کے بھی کئی ایک کام آپ کے ہاتھ سے ہوں۔ 2015ء کے کچھ محتاط ایام عطارد کو تین مرتبہ رجعت ہوگی۔ 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون اور 17 ستمبر تا 9 اکتوبر تب کام سست روی سے ہوں اور آپ کو کیریئر کے امور میں زیادہ محنت اور سینئر سے مخلصانہ مشاورت بھی لینی پڑے۔ اس کے علاوہ مخصوص ایام عطارد مشتری مقابلہ یکم،2 مارچ۔ تربیع 20،21 اپریل۔ 4،5 دسمبر جلد بازی، جذباتی، عدم خود اعتمادی کے تحت کوئی کام نہ کریں بلکہ کاموں کو مشاورت اور سوچ کر کریں یا کچھ دنوں کے لیے پینڈنگ کر دینے میں بھی مضائقہ نہیں۔ حسب توفیق ساڑھ ستی کی نحوستوں سے بچنے کے لیے کاروباری صدقہ و خیرات کو بڑھائیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم زہرہ 2015ء میں شمسی زائچہ میں اپنی سعد پوزیشن کے سبب آپ کو متعدد فوائد دلائے۔ 27 جنوری تا 21 اپریل شرف یافتہ ہونے سے آپ کی دیرینہ خواہشات از قسم جائیداد یا کاروباری فوائد یا مشترکہ طور سے دلائے۔ تب پرانے اور بزرگ دوست سے ملاقات بھی خوش بختی لائے۔ 17 مارچ تا 11 اپریل زہرہ عروج یافتہ ہونے سے بسلسلہ ملازمت دیرینہ توقعات پوری ہوں۔ 8 مئی تا 3 جون اوج یافتہ ہونے اشتراک عمل کاروباری فوائد بہ آسانی مل سکتے ہیں۔ دوستوں کے ساتھ مل کر کوئی مشترکہ کاروباری منصوبہ شروع کیا جا سکتا ہے۔ 8 نومبر تا 5 دسمبر زہرہ ایک مرتبہ پھر عروج یافتہ ہونے سے حلقہ احباب کی وساطت سے سماجی سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہو، دوسروں سے وابستہ توقعات پوری ہوں، آپ کو اپنی چھوٹی چھوٹی نیک معصوم خواہشات کے لیے لمبا انتظار نہ کرنا پڑے، شکر سے بھی نعمتوں میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ سعد نظرات سیارگان زہرہ مشتری تثلیث 4،5 مارچ۔ تسدیس 22،23 اپریل۔ 23،24،25 دسمبر اس کے علاوہ قران سعدین زہرہ مشتری 29 جون۔ یکم، 2 جولائی۔ 3،4،5 اگست۔ 24،25،26 اکتوبر بنیں۔ یہ اس سال کی بہترین و خوبصورت فلکی نظرات سیارگان ہیں۔ تب دوستوں کے ساتھ خوبصورت اجتماعات میں شرکت آرام دہ اور پرسکون سماجی حالات رہیں۔ دوستانہ ماحول میں سخاوت کا عنصر بھی غالب رہے، ناراض دوستوں سے صلح اور کچھ کو دیا گیا قرض بھی معاف کر سکتے ہیں۔ 2015ء کے محتاط ایام میں زہرہ 25 جولائی تا 6 ستمبر رجعت پذیر ہو تب حالات میں سست روی آئے۔ 8 اکتوبر تا 7 نومبر زہرہ ہبوط یافتہ ہونے سے کسی دوست کی بے وفائی سے صدمہ یا مالی نقصان ہو۔ خصوصاً یہ ایام زیادہ حساس ہیں۔ زہرہ مشتری مقابلہ 19،20 جنوری۔ تربیع 27،28 مارچ اپنی خواہشات کو محدود کریں اور کسی غیر معمولی کام کے لیے ان دنوں کوشش نہ کریں۔ نحس ایام میں صدقہ و خیرات شکر کا صدقہ حشرات الارض کو ڈالنا نیک ہے۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات، امیگریشن:** بیت الاعداء بارہویں کا حاکم مریخ تمام سال مستقیم رہنے سے زحل کے طالع اور بارہویں آنے مشتری کی نویں دسویں آنے کے سبب آپ کے حاسدین مخالفین شرمندہ اور معافی کے خواستگار ہوں، اپنے جلالی پن کی بجائے جمالی پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں معاف کر دینا ہی نیک صدقہ جاریہ ہے۔ مریخ 20 فروری تا 31 مارچ عروج یافتہ 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہے، تب بیرون ملک حصول امیگریشن کے لیے

داؤد میرے اولیاء کو دنیا کا غم کیوں؟ کیونکہ دنیا کا غم ان کے دلوں میں میری حاجات کی لذت ختم کردیتا ہے۔ حدیث قدسی

اپلائی کرنا نیک جو قوسی پہلے سے اپلائی کرچکے ہیں، انہیں اچھی خبریں ملیں۔ خصوصاً سعد تواریخ 9،10،11 مارچ۔ 4،6،8 جون۔ 15 تا 18 اکتوبر۔ زحل 15 جون تا 18 ستمبر جب بارہویں رہے تب طبیعت میں تنہائی پسندی کا عنصر نمایاں رہے۔ وہ قوسی جو عبادت و ریاضت کی طرف متوجہ ہوں وہ تو سکون وسکھ میں رہیں اور جن کو اپنے نفس پر کنٹرول نہیں وہ زمانہ کی بے راہ روی کا شکار ہو کر بہک سکتے ہیں۔ ان کی صحت خراب ہو، پریشانیوں کے سبب نظر بندی ہسپتال، ڈاکٹروں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ بہتر ہوگا کہ صدقات دیں اور ذکر الٰہی کی طرف متوجہ ہوں۔



**قوسی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات سے سبھی واقف ہیں، اسی سبب پوری دنیا کے باشعور لوگ ان کے ناقص اثرات کے سبب اپنے اپنے مذہب کے تحت اُپائے کرتے ہیں۔ مسلم بہن بھائیوں پر نماز آیات (گرہن) پڑھنا واجب، صدقہ وخیرات دیا جائے تو مزید نحوستوں کے دور ہونے کا یقین واطمینان کیا جاسکتا ہے۔ **پہلا گرہن سورج گرہن** 20 مارچ چوتھے پانچویں کے کسب پر لگنے سے خاندانی اور بچوں کے معاملات توجہ طلب ہوں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن** 4 اپریل گیارہویں لگنے سے یار مار دوستوں سے نقصان، توقعات میں ناکامی۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن** 13 ستمبر بیت العزت میں لگنے سے کاروباری نقصانات، آپ کی عزت ساکھ متاثر ہوسکتی ہے۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن** 28 ستمبر پانچویں لگنے سے محبت میں ناکامی، محبوب کی بے وفائی، صاحب اولاد بچوں کی تعلیم وتربیت، صحت سے غافل نہ رہیں۔ حسب توفیق صدقات، نمازِ آیات کے پڑھنے، دعاؤں سے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| قوس سعد تواریخ 2015 | قوس نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 5،8،13،14،28،29،30،31 جنوری | 6،15،27 جنوری |
| 4،5،6،18،19،20،21،28 فروری | 3،10،23 فروری |
| 9،10،17،18،22،23 مارچ | یکم،2،15،16،20 مارچ |
| 2،3،6،19،22،23 اپریل | 4،7،8،20،21 اپریل |
| 26،27،28،30 مئی | 2،3،8،9،10،29 مئی |
| 9،10،11 جون | 22،23 جون |
| 3،4،5،6،13،14،22،23،24 جولائی | 15،16،18،19 جولائی |
| 15،16،26،27 اگست | 6،12،13 اگست |
| 11،18،30 ستمبر | 8،9،10،13،25،28 ستمبر |
| 5،7،13،15 اکتوبر | 22،23 اکتوبر |
| 6،7،10،11،13،14،16،17 نومبر | 2،9،24،25،26 نومبر |
| یکم،2،19،20،25،26 دسمبر | 4،5،14،15،21،27،29،31 دسمبر |

22 Dec. To 20 Jan.

2015 ر د ڈ گ ن خ ج

| | |
|---|---|
| دن | ہفتہ |
| عدد | 8 |
| رنگ | خاکی، نیلا، سیاہ |
| پتھر | سیاہ عقیق، نیلم |

# CAPRICON
# جدی
## زحل
## حالات و واقعات کی روشنی میں



Pervez Khattak

## خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں

آسمانی کونسل پر سال نو معلم سال معلم ستارہ زحل جو کہ آپ کا ذاتی ستارہ ہے۔ اس کے طالع سے بارہویں آنے سے ساڑھ ستی کا آغاز ہوتا ہے، جو 24 دسمبر 2014ء سے ہو چکا ہے۔ مگر اس کے سخت ثمرات ابھی شروع نہ ہوں گے۔ 2015ء میں بھی 2014ء کا کچھ تسلسل قائم رہے گا۔ مختصر بہار سے خزاں داخلہ کا درمیانی سال کہا جاسکتا ہے۔ ایک تو شروع سال طالع میں چار کواکب شمس، عطارد، زہرہ، پلوٹو اجتماع 2015ء میں اُمید ابہام رہے، اپنے کاموں کو پینڈنگ ہرگز نہ کریں۔ آج کا کام کل پر ڈالنا 100% خسارے کا معاملہ ہے۔ ستارے امسال آپ کی پہلے جتنی مدد نہ کریں گے، حصول خوش قسمتی کے لیے آپ کو محنت کوشش پلاننگ کرنی ہوگی۔ ستارہ زحل کو رجعت 14 مارچ کو ہوگی اور یہ رجعت کرتے 15 جون برج عقرب میں چلا جائے تو جاری ساڑھ ستی عارضی طور سے ختم ہو جائے گی۔ زحل 2 اگست کو سیدھا ہوگا اور 18 ستمبر کو پھر برج قوس میں آنے سے آپ کی مستقل بنیادوں پر آئندہ 7½ سال کے لیے شمسی ساڑھ ستی شروع ہو جائے گی اور وہ مستقبل میں آپ کو کیا کیا ناقص ثمرات دے سکتی ہے۔ اس کے متوقع اثرات جاننے کے لیے برج قوس 2015ء کے پہلے صفحہ کا مطالعہ فرمالیں۔ قصص الانبیاء قرآن پاک میں قصہ کہانی نہیں اور اس میں ہم سب کے لیے راہنمائی ہے سورۃ یوسفؑ کا مطالعہ کریں، بادشاہ کا خواب اور پھر حضرت یوسفؑ کی تعبیر کہ مصر میں سات سال خوشحالی اور پھر اگلے سات سال قحط سالی کے ہیں۔ جس طرح خواب کی تعبیر کا علم حضرت یوسفؑ کو ملا اسی طرح قرآن پاک میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ آسمان پر ہم نے جو سورج، چاند، ستارے بنائے ہیں، یہ کوئی کھیل تماشا کے لیے نہیں بلکہ عقل مند لوگوں کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔ سورۃ بروج میں بھی باری تعالیٰ قسم کھاتا ہے آسمان کی جس پر اس نے بروج (بارہ منطقۃ البروج) بنائے۔ علم نجوم ایک نہایت پیارا لطیف علم ہے جو دنیا میں ہر اُس شخص کو مستقبل کی آگاہی دیتا ہے جو اپنے بارے میں جاننا چاہے۔ جس طرح حضرت یوسفؑ نے مصر میں غلہ کے گودام بنا کر اور پانی کے ڈیم بنا کر پانی کو ذخیرہ کرنے کا علم قوم مصر کو عطا کیا، اسی طرح آپ 2015ء میں اپنے آئندہ سات سالوں کی پلاننگ اس سال کرلیں۔ پلاننگ کا سب سے بہترین وقت 15 جون تا 18 ستمبر ہے، جب زحل بیت الامید گیارہویں گھر ہوگا۔ منجمین کے نزدیک گیارہویں زحل کی نشست نہایت اچھی مانی جاتی ہے۔ اس نے یقیناً 2½ سال میں بھی آپ کی دیرینہ خواہشات پوری کرائیں اور مندرجہ بالا ایام میں بھی جاتے جاتے ایک بار پھر 2015ء میں یہ آپ کی مزید کچھ نیک خواہشات کو بھی پورا کرا دے یا اس کے اسباب وسائل مہیا کرا دے گا۔ ستارہ زحل آپ کے طالع ذاتی و خانہ مال دو سعد گھروں کا مشترکہ حاکم ہے۔ لہٰذا زحل کی بارہ بروج میں نشست آپ کی زندگی کے سبھی معاملات کے لیے نہایت اہم ہوتی ہے۔ زحل کو عموماً سبھی نحس اکبر ستارہ کہتے ہیں مگر یہ آپ کے لیے ہمیشہ سعد ستارہ ہے، چونکہ یہ آپ کے برج جدی کا حاکم ہے۔ آپ کی آسانی کے لیے یوں سمجھ لیں کہ نہ سبھی (سبع کواکب) ستارے ہی اچھے ہیں اور نہ سبھی خراب ہیں۔ ستاروں کی بارہ بروج میں گردش نشست و برخاست سے ہی یہ اچھے برے ثمرات دیتے ہیں۔ ستارہ مشتری 11 اگست تک بیت الخوف وراثتی گھر میں رہتے ہوئے وراثتی اور مشترکہ مفادات کے سبھی کاموں میں مدد دے گا، حصولِ وراثت، حصولِ انشورنس، کلیم یا کوئی بڑی لاٹری بھی نکل سکتی ہے۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشترکہ نویں اپنے فطرتی گھر میں آجائے گا، مگر یہ وبال کا ہوگا۔ تاہم اس کی نشست شمسی زائچہ کے اچھے گھر میں ہونے سے یہ قانونی مشاورت

اے عیسیٰؑ! تیرے دل اور زبان کو خفیہ اور ظاہری حالت میں ایک ہونا چاہیے۔ حدیث قدسی

مقدمات میں آبرومندانہ فیصلے بیرون ملک کاروباری سیاحت سفر خصوصاً حج وعمرہ زیارات مقدسہ پر جانے والے جدوی افراد کی نیک دیرینہ خواہش پوری ہوسکے گی۔ ذنب چوتھے اور راس دسویں 12 نومبر تک رہیں، ذنب کی نشست چوتھے خاندانی خانگی آزمائشیں اور اپنے والدین خصوصاً والدہ صاحبہ کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں اور اُن کی کوئی بھی ممکن ناراضگی مول نہ لیں۔ آپ اپنے اس نیک مقصد میں کامیاب ہو گئے تو یقین جانیں پھر 2015ء میں کوئی مشکل آپ کے نزدیک نہ آئے گی۔ اپنے سماجی تعلقات اور گھریلو کشمکش یا ناگہانی مسائل و پریشانیوں سے نمٹنے کے لیے ذہنی طور سے تیار رہیں۔ راس بھی 12 نومبر تک دسویں 2015ء کو ایک مشن کی طرح گزارنے کا سال بااثر لوگوں حکام سے تعلق میں کچھ مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ ہوشیاری، غلط بیانی کی بجائے ذہانت، سادگی، سچائی اپنانے سے آپ بہت ساری پریشانیوں سے بچ سکتے ہیں۔ اعتراف کے احساس کے ساتھ بزرگوں، حکام سے تعلقات میں استحکام اور بہتری آئے۔ جوں جوں سال کے ایام آگے بڑھتے رہیں گے، دانشمندانہ طور سے از خود یا بزرگوں مخلصین کی مشاورت سے آئندہ سال 2016ء کی پلاننگ اسی سال کرلینا ہی نہایت نیک فال رہے گا۔ اس سال جو دوسروں سے تعاون و تعلقات رہیں، ممکن ہے کہ آگے جاکر ساڑھ ستی کے آزمائش طلب دور میں دوسرے آپ کی مدد کرنا بھی چاہیں تو شاید کسی سبب نہ کرسکیں۔ صدقہ وخیرات دینے کی ابھی سے عادت اپنالیں کہ آئندہ سات سال مسلسل صدقہ وخیرات دینے سے آپ ممکنہ مستقبل کی سبھی نحوستوں سے محفوظ رہیں۔

**درس روحانیات:** 2015ء میں شمسی ساڑھ ستی کا آغاز ہونے جارہا ہے، آزمائشیں بڑھ سکتی ہیں۔ ایسے میں مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے کچھ سمجھ نہیں آتی۔ آج زمانہ CD، DVD، Audio، Video، Satellite کا ہے اور ہم اس میں مگن ہیں، اسی پریشانی میں سکھ تلاش کرتے ہیں۔ مالک کائنات نے ہر صاحب شریعت نبی ﷺ کو کتاب دی۔ مولاؑ فرماتے ہیں جب میرا دل چاہتا ہے کہ میں اللہ سے بات کروں تو میں نماز پڑھتا ہوں اور جب میرا دل چاہے کہ اللہ مجھ سے باتیں کرے تو میں قرآن پڑھتا ہوں۔ سکون وسکھ کے لیے قرآن پاک کی تلاوت ترجمہ قرآن فہمی کو اپنا ذوق وشوق روحانیات بنالیں تو پھر یقین جانیں کہ سنت حضرت یوسفؑ پر چلتے ہوئے آپ کی ساڑھ ستی آسانی سے گزر جائے گی۔ بے شک ذکر الٰہی سے دل آرام پاتے ہیں۔

**آپ کی شخصیت:** آپکا حاکم ستارہ زحل طالع سے بارہویں یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر تک رہے گا۔ یہ 7½ سالہ آزمائش طلب دور ساڑھ ستی کی ابتداء جب زحل 15 جون تا 18 ستمبر گیارہویں رہے گا۔ تب اپنے مستقبل کو محفوظ درخشاں بنانے کے لیے سنت حضرت یوسفؑ کی طرح ان ایام میں پلاننگ کرلیں۔ ایسے میں معدنیات، جواہرات خصوصاً سورۃ رحمٰن میں ذکر کردہ یاقوت یا مرجان یا پھر موتی کے علاوہ در نجف نیں سے کوئی سا نگینہ چاندی میں (خواتین سونے میں بھی پہن سکتی ہیں) دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پہننا تحفظ ساڑھ ستی کا ضامن بارش میں چھتری کی طرح ہوگا۔ جواہرات یارتن ہاتھ میں پہنتے ہی موبائل سگنل کی طرح ایک ٹرانسمیٹر کی طرح کام کرتے ہوئے آپ کے ہالا نور کو تقویت دے کر زندگی میں آنے والی ناگہانی آفات وبلیات نحوست کو روکتے ہیں۔ 2015ء کی سعد نظرات زحل زہرہ تسدیسات 3، 4 جنوری۔ 23، 24، 25 فروری۔ 5، 6، 7 جون اور 12، 13، 14 نومبر۔ ان ایام میں آپ اپنی حیثیت وشخصیت کی بہتری، اپنی عزت وساکھ کو بڑھانے کے لیے اپنے وسائل حالات میں رہتے ہوئے بھی بہت کچھ کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے۔ قدامت پرستی سے ہٹ کر علم وحکمت سے روشن خیالی کی دولت آپ کی ذات کے کچھ زیادہ کام آئے گی، کچھ ناقص نظرات زحل زہرہ 29، 30 جون۔ 14، 15 اپریل۔ 12، 13، 14، 15 جولائی۔ 3، 4، 5، 6 اگست۔ 9، 10، 11 اکتوبر ہونے سے حاسدین مخالفین اجنبی افراد سے حد فاصل رکھیں، ان پر زیادہ بھروسہ کرنا بھی مناسب نہ ہوگا۔

**معاشیات، مالی ذرائع آمدن:** خانہ مال کا حاکم بھی زحل ہونے سے 2015ء میں اپنی اس سال اور ساڑھ ستی کے سبب کم از کم آئندہ سات سال کی پلاننگ کا خاکہ تیار کرلیں، مضبوط ٹھوس بنیادوں پر مالی معاشی پلاننگ کر اور اپنی محنت کی کمائی روپیہ پیسہ کو دانتوں میں دبا کر رکھیں۔ طالع اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم زحل یکم جنوری، 15 جون

جوکوئی میری رضا کیلئے شراب چھوڑے گا اسے جنت میں داخل کروں گا اور جنت کے میٹھے شربت سے سیراب کروں گا۔ حدیث قدسی

اور پھر 18 ستمبر تا 31 دسمبر بارہویں خرچ شمسی ساڑھ ستی کے گھر میں رہتے ہوئے ناگہانی اخراجات و مسائل پیش آسکتے ہیں۔ ایسے ضروری خرچے جو اہل خاندان بچوں کی تعلیم و تربیت، اُن کی شادی کے لیے ضروری ہو، ضرور کریں۔ ان میں کنجوسی سے رزق میں بے برکتی اور بڑھ سکتی ہے، تاہم زحل جن دنوں گیارہویں گھر 15 جون تا 18 ستمبر ہوگا، تب ذرائع آمدن میں اضافہ غیر متوقع ذرائع سے دولت ملے۔ بس سال کا یہی عرصہ مجموعی طور سے نیک ہے۔ اس کے علاوہ زحل زہرہ تسدیس 3،4،5 جنوری۔ 12،13،14 نومبر اور تثلیث 23،24،25 فروری۔ 5،6،7 جون بنیں، تب تب بھی آپ بہتر مالی فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہوں، مخلصین کا تعاون بھی پائیں۔ تاہم جب زحل رجعت میں 14 مارچ تا 2 اگست رہے، تب مالی امور سست روی کا شکار ہوں، نحس نظرات زحل زہرہ تربیعات 29،30 جنوری۔ 14،15 جولائی۔ 3،4،5 اگست۔ 9،10،11 اکتوبر اور مقابلہ 14،15 اپریل ہونے سے غیر بھروسہ مند لوگوں سے حد فاصل رکھیں، انہیں کاروباری و مالی راز نہ دیں، ان ایام میں صدقہ وخیرات دینا بھی نیک ہے۔

**عزیز و اقارب، اندرونِ ملک سفر:** بیت الاقرباء کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک بیت الخوف میں رہنے سے عزیز و اقارب، پڑوسیوں سے تعلقات میں سرد مہری آئے، آپس میں خواہ مخواہ کے شکوک و شبہات، بہن بھائیوں سے وراثتی و شراکتی جھگڑوں کا اندیشہ ممکن ہے۔ مجموعی طور سے اس دوران کیے گئے سفر بھی کچھ خاص خوشگوار نہ رہیں، لہٰذا جب بھی اندرونِ ملک نکلیں، صدقہ دے کر خصوصاً اپنے شہر میں روزمرہ سفر کے لیے بھی کم از کم ہفتہ میں ایک بار صدقہ ضرور دیں۔ 11 اگست تا 31 دسمبر مشتری نویں نصیب کے گھر آنے سے حالات میں خوشگواری آنے لگے، عزیزوں، اقرباء سے تجدید مراسم ہو اور ان سے خوشیوں میں شرکت کے لیے سفر بھی پیش آئیں۔ زحل مشتری تربیع 29 جولائی تا 6 اگست تک قائم رہے، تب غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں، ورنہ حادثات کا اندیشہ گھر پر ہی ان ایام میں آرام کرنا ہوگا، اگر اشد ضرورت ہو تو مرغی یا بکرا کی قربانی دے کر سفر کریں۔

**خاندان، جائیداد، سواری، زراعت:** وتد الارض کا حاکم مریخ تمام سال مستقیم رہے گا تو خاندانی خانگی امور میں دلچسپیاں بڑھیں۔ 20 فروری تا 31 مارچ مریخ چوتھے عروج یافتہ، 9 اگست تا 25 ستمبر اوج یافتہ رہے۔ 2015ء کے یہ بہترین ایام ہیں، وقفہ وقفہ سے سہولتیں ملتی رہیں۔ آپ اجتماعی طور سے خاندانی معاملات کو حل کرتے ہیں۔ ذنب 12 نومبر تک ہمراہ یورانس چوتھے رہنے امسال خانگی خاندانی معاملات میں آپ کو کچھ آزمائش تکالیف سے بھی واسطہ پڑے۔ خاندانی پینڈنگ کاموں کی طرف خصوصی توجہ دیں، بزرگوں خصوصاً والدہ صاحبہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ زمین و جائیداد کی فروخت جلد بازی میں نہ کریں، ورنہ قیمت نہایت کم ملے، البتہ مکان پلاٹ کی خریداری بہتر، سواری خریدتے وقت بھی احتیاط سے کام لیں، جدوی افراد کا عنصر خاکی زراعت سے تعلق رکھنے والے افراد کو گذشتہ سالوں سے کچھ زیادہ محنت کرنا پڑے گی، ورنہ زراعت باغبانی سے پہلے جیسا نفع نہ ہو، آمدن کے مقابلے میں زرعی اخراجات بڑھ جائیں، تبدیلی رہائش یا ہجرت امکان ان افراد کے لیے زیادہ ہے جو بسلسلہ روزگار اپنے گھر سے دور روزگار کے لیے جانا چاہتے ہیں۔ پینڈنگ مرمت، رنگ و روغن اپنی رہائش کی تزئین و آرائش پر بھی آپ جائز اخراجات کر پائیں۔ یہ اخراجات آپ کے اندازے سے بڑھ سکتے ہیں۔ 24 جون تا 9 اگست جب مریخ ہبوط یافتہ ہو تب خریداری، لین دین کرتے وقت محتاط رہیں، ورنہ دھوکہ دہی کا اندیشہ ہے۔ خصوصاً 2015ء میں ناقص نظرات مریخ زحل تربیعات 14،15،16 جنوری۔ 24،25،26،27 ستمبر مقابلہ 14،15،16 مئی اہل خاندان کے افراد کے ساتھ اپنے جذباتی پن غم و غصہ، بے چینی یا جارحانہ رویہ کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں، اختلاف رائے سے بھی بچیں۔ سعد نظراتِ سیارگان مریخ زحل تثلیث 24،25،26،27 فروری۔ 5،6،7،8 اگست جبکہ تسدیس 22،24،25،26 نومبر بنیں، تب آپ اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے خانگی، خاندانی مسائل کو بہ آسانی حل کر سکتے ہیں۔ تب ضبط و برداشت آپ میں زیادہ ہو، آپ سبھی معاملات کو کنٹرول کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے۔

اے میرے سچے بندو! دنیا میں میری عبادت کو نعمت سمجھو آخرت میں اس کے ذریعے تم نعمتیں حاصل کرو گے۔ حدیث قدسی

**اولاد، انعامات و محبت:** بیت الاولاد کا حاکم زہرہ ابتداء سال میں طالع 27 جنوری تا 21 فروری شرف یافتہ 17 مارچ تا 11 اپریل عروج یافتہ، 11 اپریل تا 8 مئی اوج یافتہ اور پھر 8 نومبر تا 5 دسمبر پھر عروج یافتہ رہے گا۔ ان سبھی سعد ایام کو نوٹ فرمالیں۔ 2015ء صاحب اولاد جدوی افراد کو اولاد سے متعدد خوشیاں ملیں، ممکنہ ان کی تعلیمی کامیابی یا جواں ہونے پر اُن کے رشتہ کی خوشی بھی آسکتی ہے۔ آرٹ، علم وادب، فنونِ لطیفہ میں دلچسپی مطالعہ کا شوق بڑھے، محبوب سے رفاقت، ازدواجی خوشیاں، سماجی حیثیت وعزت میں اضافہ، شہرت کا باعث بنے۔ آپ کی شخصیت وجاذبیت سحر انگیزی میں اضافہ ہو، جواں جدوی کی تقریبات میں پسندیدگی محبت اور اس کی جلد ہی منتہی منگنی شادی پر ہوسکتی ہے۔ 2015ء کی سعد نظرات سیارگان زہرہ زحل تثلیث 23، 24، 25 فروری۔ 5، 6، 7 جون۔ تسدیس 3، 4، 5 جنوری اور 12، 13، 14 نومبر بنیں۔ تب بچوں کے مستقبل کو درخشاں روشن بنانے استحکام دینے کے لیے اعلیٰ پلاننگ بہتر سے بہتر ایجوکیشن کی سہولت، تعلیمی انشورنس بھی لے سکیں۔ آپ کی محبت وفاداری کی کسوٹی پر پوری اترے۔ 2015ء میں کچھ ایام احتیاط طلب بھی ہوں، جب زہرہ 19 تا 31 جولائی، 18 اکتوبر تا 8 نومبر ہبوط یافتہ رہے۔ دیگر رجعت زہرہ 25 جولائی تا 6 ستمبر ہونے سے حالات میں ست روی آسکتی ہے۔ ان نحوستوں سے تحفظ کے لیے ہر روز یا ہر جمعہ حشرات الارض کو شکر کا صدقہ ڈالنا نیک رہے گا۔ خصوصاً ناقص نظرات زہرہ زحل تربیعات 29، 30 جنوری۔ 12، 13، 14، 15 جولائی۔ 3، 4، 5، 6 اگست۔ 9، 10، 11 اکتوبر بنیں، تب دوسروں سے حد فاصل، جذبات، جلد بازی سے کام نہ لیں۔ ایسے جدوی جو انٹرنیشنل لاٹریوں، انعامی بانڈز سے حصول انعام کے متلاشی رہتے ہیں، وہ 2015ء میں ان سعد ایام میں حصہ لیں۔ 3، 4، 5 جنوری۔ 20، 21، 22، 23، 24، 25، 26، 27 فروری۔ 5، 6، 7 جون۔ 5، 6، 8، 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 3، 4، 12، 13، 14، 22، 23، 24، 25، 26 نومبر تو بعید از قیاس نہیں کہ ان کا کوئی بڑا انعام نکل آئے، ہمراہ حصول دولت کوئی اسم اعظم یا ذکر الٰہی بھی اس مقصد کے لیے کرنا نیک رہے گا۔

**صحت و امراض، ملازمت کیریئر:** بیت المرض کا حاکم عطارد شروع سال طالع جبکہ آپ کا حاکم زحل بارہویں ہونے سے صحت جسمانی سے غافل رہنا دانشمندی نہ ہوگی۔ زحل 20 دسمبر 2017ء تک بارہویں (ماسوائے 15 جون تا 18 ستمبر) رہے گا۔ صحت میں پھیپھڑوں، گھٹنوں، امراض چشم خصوصاً دائیں آنکھ، ذہنی تفکرات سے بچنے کے لیے مناسب تدبیر اپنے معالج سے رابطہ میں رہیں، جو جدوی افراد روحانیات میں دلچسپی لیں اور نماز کی پابندی کریں وہ تو بہت ساری متوقع امراض سے بچے رہیں گے۔ عطارد تین مرتبہ رجعت پذیر ہو 21 جنوری تا 11 فروری، 19 مئی تا 12 جون، 17 ستمبر تا 9 اکتوبر از خود یا اپنے معالج کے مشورہ سے آپ ہلکی پھلکی ورزش، صبح کی سیر بھی بحالی صحت کی ضامن ہو، معالج کی ہدایت پر بہ نظر زندگی واغذیہ کو بدلیں اور شفاء یابی کے لیے کوئی ادویہ تجویز کی جائے تو بھی اُسے اپنی اغذیہ میں شمار کرلیں۔ صحت مند زندگی ہی آپ اور آپ کی فیملی کی خوشیوں کی ضامن ہے۔ یکم مئی تا 8 جولائی جب عطارد چھٹے ہو تب ملازم پیشہ افراد اپنے فرائض ذمہ داری سے انجام دے کر کم وقت میں ترقی اور افسرانِ بالا کی نظر میں عزت مقبولیت پاسکتے ہیں۔ اعلیٰ ملازمت تبدیلی ملازمت بسلسلہ روزگار ہر قسم کی کوششیں بارآور ثابت ہوں گی۔ ماتحت اور افسرانِ بالا کا یکساں تعاون رہے۔

**تعلقات شراکتی وازدواجی مراسم شادی:** بیت الزوج کا حاکم چاند ابتداء سال میں پانچویں محبت کے گھر میں شرف یافتہ ہونے سے اکثر جدوی لڑکے لڑکیاں جن کی 2015ء میں منگنی، شادی خانہ آبادی ہو۔ امکان ہے کہ ان کی شادی ان کی پسندیدگی محبت سے ہو۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک شراکت کے خانہ مال میں رہتے ہوئے شادی سے خوش قسمتی، مال واسباب، رزق روزی میں کشادگی ہو، مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا بھی دوررس نتائج کا حامل ثابت ہوسکتا ہے۔ آپ کا حاکم ستارہ زحل جو اُن دنوں طالع سے بارہویں گھر ہے۔ یہ یکم جنوری تا 15 جون اور 18 ستمبر تا 31 دسمبر آٹھویں نظر سے ساتویں گھر کو ناظر رہے گا، چونکہ یہ آپ کا ذاتی ستارہ ہے، یہ آپ کو غلط شریک حیات کے انتخاب سے پہلے چوکنا ضرور کرادے گا۔ 15 جون تا 18 ستمبر جب یہ گیارہویں رہتے ہوئے پانچویں یا نویں نظر سے ناظر ہوگا، تب بھی شادی سے پہلے

## امسل روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

وَ سُبۡحٰنَہٗ مِنۡ عَظِیۡمٍ مَّآ اَکۡمَلَہٗ۔ اور پاک ہے وہ صاحب عظمت کیا ہی کامل ہے وہ

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

لائف پارٹنر کی فیملی نے کوئی غلط بیانی کی ہوگی تو اس کو آشکار کردے گا۔ گو جذباتی ہونے کی بجائے فیصلہ بزرگوں پر چھوڑ دیں۔ 2015ء میں شادی شدہ جوڑوں کو طے کر لینا چاہیے کہ جیون ساتھی ہونے کے ناطے انہیں اپنی آئندہ آنے والی زندگی میں سکھ چاہیے یا دکھ جب مثبت فیصلہ کر لیں تو پھر ایک دوسرے کے لیے ایثار و قربانی دینا بھی سیکھ لیں، زوجین میں اگر محبت بڑھے گی تو جان لیں کہ مشتری 11 اگست تک آٹھویں رہتے ہوئے نتیجۃً آپ کا مال و اسباب و دولت دوگنی کردے گا اور لڑائی جھگڑا کرنے والے زوجین جان لیں کہ زحل 20 اکتوبر 2017ء جب طالع میں آئے گا، تب آپ کی ناراض ہونے کی عادت دائمی جدائی میں بھی بدل سکتی ہے۔ ابھی 2½ سال عرصہ بہترین سوچ و بچار کا قدرت آپ کو مہیا کر رہی ہے۔ کائنات میں فطرت کا نظام آدم و حوا کی محبت کے بغیر نامکمل ہے۔ 2015ء کے سعد نظرات زحل زہرہ اور مریخ زہرہ 3، 4، 5 جنوری۔ 20 تا 27۔ 5، 6، 7 جون۔ 5، 6، 8، 31 اگست۔ یکم، 2 ستمبر۔ 31 اکتوبر۔ یکم، 2، 3، 4، 12، 13، 14، 22، 24، 26 نومبر گرین مارک نوٹ فرمالیں۔ ناقص تواریخ بھی ریڈ مارک کر لیں۔ 14، 15، 16، 29، 30 جنوری۔ 14، 15 اپریل۔ 14، 15، 16 مئی۔ 12، 14، 15 جون۔ 3، 6 اگست۔ 24، 26، 27 ستمبر۔ 9، 11 اکتوبر تعلقات میں حد فاصل رکھیں، آپس کی غلط فہمیوں، شکوک و شبہات سے بچیں، حسب توفیق صدقہ و خیرات دینا ردِ بلا ثابت ہوگا۔

**وراثت، انشورنس، کلیم:** آٹھویں وراثت بیت الخوف کا حاکم شمس واحد ستارہ ہے جو سال بھر میں بارہ منطقۃ البروج میں گھومتے ہوئے تقریباً ایک ماہ کے لیے یہاں ضرور آ کر آپ کی مشترکہ شراکتی، وراثتی اور انشورنس کلیم کے مسائل حل کرتا ہے۔ 2015ء 21 مارچ تا 20 اپریل، 23 جولائی تا 23 اگست، 22 نومبر تا 22 دسمبر سعد ایام نوٹ فرمالیں۔ جدوی افراد اس لحاظ سے خوش بخت ہیں کہ سعد اکبر ستارہ مشتری 11 اگست تک آٹھویں رہتے ہوئے عجیب و غریب طریقے سے فوائد دلائے گا۔ آپ اگر مستقبل میں نیک اعمال صدقہ جاریہ کے کام کرنے کی سمت کا تعین کر لیں یا حج و عمرہ کی نیت کر لیں تو مشتری اپنی فطرت میں روحانیات، دولت کا ستارہ ہے۔ آپ کو بھی نیک امور کے لیے سرمایہ مہیا کرے، شریک حیات کی فرمائش بھی پوری کرے، تب بھی آپ کی غیر متوقع دولت بڑھ سکتی ہے۔

**مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:** بیت السفر میں بارہ سال بعد 11 اگست کو سعد اکبر ستارہ مشتری آئے، جو 9 ستمبر 2016ء تک یہاں رہے گا۔ یہ اس کا فطرتی گھر ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کے نصیب یا بھاگیہ یوگ کا گھر بھی ہے۔ مستقبل میں ابھی چند سال ساڑھ ستی کے رہیں گے۔ اس عرصہ میں عبادت و ریاضت، روحانی تدارک کے اُپائے کرنے سے آپ کے یہ مستقبل کے ایام خوب سے خوب گزر سکتے ہیں۔ حج و زیارات کی خواہش رکھنے والے دیرینہ جدوی تیاری کر لیں، اب وہ وقت دور نہیں جب آپ حجازِ مقدس یا کربلا معلیٰ کی زیارات کے لیے جانے والے ہیں۔ طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بھی بہ آسانی جاسکیں گے، کاروباری اغراض و مقاصد مستقبل کے معاہدے کرنے اس سال خوب رہیں گے۔ بیت السفر کا حاکم منشیٔ فلک ستارہ عطارد بھی یکم مئی تا 8 جولائی عروج یافتہ خصوصاً 8 تا 22 اگست، جب یہ شرف یافتہ ہوگا تب کچھ زیادہ ہی ثمرات نصیب یاوری آپ کی بند قسمت کا دروازہ کھول دے، جیسے خزاں کے بعد بہار آتی ہے تو اچھے وقت میں پھل پھول کھلتے ہیں۔ سعد ایام میں آپ مستقبل کی منصوبہ بندی کریں تو اپنی ذات نہ صرف بلکہ اجتماعی طور سے بھی دوسروں کو فوائد پہنچا سکتے ہیں۔ 2015ء کی تطہیر شدہ مزید نیک ایام جب عطارد و زحل کی آسمانی کونسل پر سعد نظرات میں تسدیس و تثلیث بنیں گی۔ 5، 6 جنوری۔ 4، 5، 6، 18، 19، 21 فروری۔ 2، 3 اپریل۔ 22، 23 جولائی۔ 26، 27

اے فرزند آدم! مجھے صبح کے وقت یاد کرو اور عصر کے بعد یاد کرو میں تیری ساری پریشانیوں کا ازالہ کر دوں گا۔ حدیث

## حصولِ خیر و برکت کیلئے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش نوروز 2015ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 21 مارچ بروز بدھ بوقت 3 بجکر 46 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاوں کا وقت آتا ہے

اگست۔ 5، 7، 13، 15 اکتوبر اور 24، 25 نومبر تک ارتکاز عقلی اور منطقی تخلیقی سوچ سے ذاتی یا اجتماعی تنظیمی کاموں کے لیے اچھا وقت ہوگا۔



**کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:** بیت العزت وتد السماء کا حاکم ابتداء سال میں طالع پر ہو سے امسال کاروباری کیریئر کے امور خاصے سرگرم رہیں گے۔ اُدھر راس 12 نومبر تک یہاں رہے گا۔ 2015ء اپنے پیشہ ورانہ جذبوں کو جگانے، ہمت وحوصلہ سے اپنے حالیہ کاروباری، مستقبل کے کاروباری فیصلوں کے لیے منصوبہ بندی یا پلاننگ ایک مشن کی طرح کرلیں، اس کی مثال قرآن پاک سے سورۃ یوسف حضرت یوسفؑ عزیز مصر سے اخذ کرلیں۔ کاروباری انشورنس یا ذاتی انشورنس پلان بھی اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے کروالیں۔ راس کی موجودگی ساڑھ ستی کے اثرات سے پہلے ایک آزمائشی دور کی ہے۔ اس اعتراف کے بعد کہ وقت کبھی ایک جیسا نہیں رہتا ہے۔ 2015ء کے بعد 2016ء اور پھر 2017ء آنے والے ہیں۔ تب آپ کو مزید مشکلات آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ مشکلات صرف وہی جدوی اٹھائیں گے جنہوں نے مشکل وقت کے لیے آج کچھ نہیں کیا۔ آج بزرگوں مخلصین، سینئر حکام، بااثر لوگوں کی آپ کو معاونت ومشاورت مل سکتی ہے۔ تب ممکن ہے کہ ایسے مخلص لوگ آپ سے دور چلے جائیں۔ 2015ء کے سخت ایام جب عطارد زحل ناقص نظرات تربیع 15، 16 مارچ۔ 6، 7 اگست۔ مقابلہ 2، 3 اگست تب کاروباری یا اہم فیصلے یا بیرونِ ملک کاروباری سفر سوچ سمجھ کر یا قدرے تاخیر سے کریں، ان ایام میں حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

**دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:** بیت الامید کا حاکم مریخ مستقیم رہتے ہوئے بیت المال 2015ء سے اپنے سفر کا آغاز کرتے ہوئے بیت العزت پر ختم کرے اور ستارہ زحل 14 مارچ رجعت کرتے ہوئے 15 جون کو بیت الامید میں آ کر 2 اگست کو مستقیم ہو کر 18 ستمبر کو یہاں سے واپس بارہویں گھر جا کر حتمی ساڑھ ستی کا آغاز کرے گا۔ یوں 15 جون تا 18 ستمبر کا عرصہ نہایت سعد منجمین زحل کو 30 سال بعد بیت الامید کی آمد پر دیرینہ خواہشات کی تکمیل کی خوش خبری کا ضامن سمجھتے ہیں۔ 2015ء خواہشات کی تکمیل کا سال ہے، خواہشات فطرت کے مطابق معصوم ہوئیں تو جلد پوری ہو جائیں گی۔ حلقہ احباب میں وسعت سنجیدہ اور بزرگ دوستوں سے مشاورت مالی مادی فوائد بھی مل سکتے ہیں۔ زمین جائیداد کی خرید فروخت بھی نفع دے۔ سعد نظرات مریخ زحل تثلیث 24، 25، 26، 27 فروری۔ 5، 6، 7، 8 اگست بنیں۔ خواہشات کی تکمیل کے لیے دوسروں سے فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔ نظم وضبط مشاورت پلاننگ سے خوش بختی مزید بڑھ سکتی ہے۔ ستارہ مریخ 24 جون تا 9 اگست ہبوط یافتہ رہے۔ اس دوران اور خصوصاً ناقص نظرات مریخ زحل اور زہرہ 14، 15، 16، 29، 30 جنوری۔ 14، 15 اپریل۔ 14، 15، 16 مئی۔ 12، 14، 15 جولائی۔ 3، 4، 5، 6 اگست۔ 24، 26، 27 ستمبر۔ 9، 10، 11 اکتوبر بنیں۔ تب دوسروں سے زیادہ توقعات وابستہ کرنا مناسب نہ ہوگا۔ اسی سے مانگیں اور لو لگائیں جو بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔

**خفیہ سرگرمیاں اور سازشیں، ماضی کے مسائل، اخراجات امیگریشن:** بارہویں بیت الاعداء میں ستارہ زحل تمام سال رہے گا۔ ماسوائے (15 جون تا 18 ستمبر) زحل کی نشست دو طرح سے اثر انداز ہوگی ایک تو ساڑھ ستی کی نحوست، دوسرا طبیعت میں تنہائی، اداسی، ذہنی تفکرات لاسکتا ہے۔ حاسدین نظر بد، جادوٹونہ کرسکتے ہیں۔ صرف روحانیات ہی منزل مقصود، ذکرالٰہی سے ہی دل آرام پاتے ہیں۔ جو جدوی عبادت وریاضت کو روزمرہ کا معمول بنائیں گے، ان کا سال سکون سے گزرے

ے داؤدؑ امتی راتوں کو سوتے نہیں بلکہ میری نمازیں پڑھتے ہیں اور پورا دن میرا ذکر کرتے ہیں۔ حدیث قدسی

آپ کے خلاف سبھی خفیہ سازشیں بے نقاب ہوں۔ معلوم نہ معلوم دشمن زیر ہوں، بڑھتے ہوئے اخراجات کو بھی منصوبہ بندی سے روکا جاسکتا ہے۔ ارہویں کا حاکم مشتری آٹھویں 11 اگست اور پھر نویں سال بھر کے لیے آجائے، حصولِ امیگریشن کے لیے تب اپلائی کرنا نیک، جو پہلے سے پلائی کر چکے ہیں انہیں اچھی خبریں ملیں۔ مشتری زحل تربیع 29 جولائی۔ یکم، 2، 3، 4، 5، 6 اگست تک قائم رہے۔ تب اچانک مشکلات آزمائشوں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ حل المشکلات اور احساس ذمہ داریاں آپ کو تھکا سکتی ہیں۔



**جدوی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات 2015:** گرہنوں کے ناقص اثرات سے سبھی واقف ہیں، اسی سبب پوری دنیا کے باشعور لوگ ان کے ناقص اثرات کے اپنے اپنے مذہب کے تحت اُپائے کرتے ہیں۔ مسلم بہن بھائیوں پر نماز آیات (گرہن) پڑھنا واجب، صدقہ وخیرات دیا جائے تو نحوستوں کے دور ہونے کا یقین واطمینان کیا جاسکتا ہے۔ **پہلا گرہن سورج گرہن 20** مارچ تیسرے چوتھے کے کسب پر لگنے سے عزیز واقارب اور خاندانی پریشانیاں پیش آسکتی ہیں، آزمائش کے لیے جمع خاطر رکھیں۔ **دوسرا گرہن چاند گرہن 4** اپریل دسویں گرہن کے بداثرات آپ کی عزت وساکھ کو متاثر کرسکتے ہیں، حکام ناراض، صحت جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔ **تیسرا گرہن سورج گرہن 13** ستمبر بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کیے گئے سفر مفید نہ رہیں، دورانِ سفر اپنے سامان کی حفاظت کریں۔ **چوتھا گرہن چاند گرہن 28** ستمبر خاندانی پریشانیاں، ٹریفک حادثات کا اندیشہ ہے۔ صدقہ وخیرات، ہر نماز گرہن پڑھ کر دعا کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کرسکتے ہیں۔

**نمازِ آیات:** نمازِ کسوف (سورج گرہن)، نمازِ خسوف (چاند گرہن) ہر مسلمان پر بوقت گرہن نماز پڑھنا واجب ہے۔ اس کی ادائیگی سے یقیناً نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ پڑھنے کی تفصیل صفحہ 183 پر درج ہے۔

| جدی سعد تواریخ 2015 | جدی نحس تواریخ 2015 |
|---|---|
| 3،4،5،6،22،23،24 جنوری | 14،15،16،29،30 جنوری |
| 4،5،6،18،19،21،26،27 فروری | 29،30 فروری |
| 25،26،27 مارچ | 15،16،20 مارچ |
| 2،3 اپریل | 4،14،15 اپریل |
| یکم،5،10،14،23،28 مئی | 2،3،15،16،22 مئی |
| 5،6،7 جون | 8،14،18،21،26 جون |
| 20،22 جولائی | 12،13،14،15،29 جولائی |
| 5،6،8،26،27 اگست | 3،7،21، اگست |
| 22،23،25 ستمبر | 13،24،26،27،28 ستمبر |
| 5،6،13،15 اکتوبر | 7،9،11 اکتوبر |
| 12،13،14،22،24،25،26 نومبر | 29،30 نومبر |
| 5،10،15،19،28 دسمبر | 23،24،30 دسمبر |

خبردار زمین میں میرے گھر مساجد ہیں جو اہل آسمان کیلئے اس طرح روشن ہیں جس طرح اہل زمین کیلئے ستارے

Malik Riaz Hussain

# AQUARIUS
# دلو
## یورانس

دن ہفتہ
عدد 4
رنگ نیلا
پتھر لاجوردنیلم

21 Jan. To 19 Feb.
2015
س ش ث ص

## حالات وواقعات کی روشنی میں

**خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2015ء (کیریئر، بزنس، ملازمت کونکال کر) ویسے ہی پڑھیں**

